۸۰۱	مرزائی پمفلٹ کیا احمدی مسلمان ہیں کا مکمل و مدلل جواب	اللہ وسایا	۱۲	۲ر رمضان سنہ ۱۳۹۰ (

فہرست باب ہفتم

(802 - 964)

۸۰۲	Islam and Ahmadism	علامہ اقبال	۵۰	---(انگلش)
۸۰۳	احمدیت اور اسلام و ختم نبوت	غلام احمد پرویز	۹۴	۱۹۵۴ (اردو)
۸۰۴	احمدیہ تحریک	ملک محمد جعفر خان	۳۸۸	۱۹۵۷ (اردو)
۸۰۵	اقبال اور قادیانی	نعیم صدیقی	۲۰۰	۱۹۷۴ (اردو)
۸۰۶	مرزائی احمدیوں کی شرمناک رسوائی	محمد عبد القدیر	۸	رجب ۱۳۳۹ (اردو)
۸۰۷	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں قادیانیت ۴۷ سے ۸۳ تک	محمد طفیل رشیدی	۱۵۰	(اردو)
۸۰۸	عجمی اسرائیل	آغا شورش کاشمیری	۴۰	۱۹۷۳ (اردو)
۸۰۹	حرف اقبال	لطیف احمد شروانی	۲۶۴	۱۹۴۵ (اردو)
۸۱۰	تاریخ محاسبہ قادیانیت	پروفیسر خالد شبیہ	۵۲۰	۱۹۸۹ (اردو)
۸۱۱	پاکستان میں مرزائیت	مرتضیٰ احمد خان میکش	۸۰	۱۹۵۰ (اردو)
۸۱۲	تحریک قادیان	سید حبیب	۲۲۵	۱۹۳۳ (اردو)
۸۱۳	تحریک ختم نبوت کا آخری باب	جانباز مرزا	۲۳۶	۱۹۸۴ (اردو)
۸۱۴	تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳	عبد الستار خان نیازی	۱۰۱	۱۹۸۸ (اردو)
۸۱۵	تحریک ختم نبوت	آغا شورش کاشمیری	۱۰۰	۱۹۸۱ (اردو)
۸۱۶	وز	جانباز مرزا	۱۰	۱۹۵۲ (اردو)
۸۱۷	Traitor to Islam	آغا شورش کاشمیری	۲۰	۱۹۷۲ (انگلش)
۸۱۸	چوہدری سر ظفر اللہ اور دوسرے	جانباز مرزا	۲۴	۱۹۵۲ (اردو)

Marfat.com

	مرزائیوں کے خطوط			
۸۱۹	دورہ یورپ و افریقہ	علامہ خالد محمود	۴۰	۱۹۷۶ (اردو)
۸۲۰	The Disciple of Dajjal	اے کاس	۱۵۵	۱۹۶۵ (انگلش)
۸۲۱	The More	عبد الحلیم صدیقی	۲۴	--(انگلش)
۸۲۲	the Ahmadiyya move..	ایچ اے والٹر	۱۸۰	--(اردو)
۸۲۳	دورہ افریقہ	خالد محمود	۲۳۲	۱۹۷۶ (اردو)
۸۲۴	رشد و ہدایت	سید محمد علی مونگیری	۲۴	--(اردو)
۸۲۵	سر ظفر اللہ خاں جواب دیں	ممتاز احمد خان	۱۶	۱۹۵۳ (اردو)
۸۲۶	سنڈیمن میں کیا ہوا	مختار حسن	۲۰	۱۹۷۳ (اردو)
۸۲۷	شاہ انگلستان اور مرزائے قادیان	ثناء اللہ امرتسری	۳۲	۱۹۲۱ (اردو)
۸۲۸	فرقہ احمدیہ کا ماضی و مستقبل	خواجہ عبد الحمید بٹ	۸۰	۱۹۵۲ (اردو)
۸۲۹	فیضان اقبال	آغا شورش کاشمیری	۴۵۶	۱۹۶۸ (اردو)
۸۳۰	فاتح ربوہ	گل محمد توحیدی	۳۲	--
۸۳۱	قادیانیت ستمبر ۱۹۷۴ کے بعد	سبطین لکھنوی	۳۲	۱۹۷۶ (اردو)
۸۳۲	قادیانی عزائم اور پاکستانی مسلمان	محمد نواز ایم اے	۵۲	--(اردو)
۸۳۳	قادیان دار الامان میں انقلاب	حبیب الرحمن خان کابلی	۶۴	۱۹۳۷ (اردو)
۸۳۴	قادیانیت پر آخری ضرب کاری	شاہ فرید الحق	۳۲	۱۹۴۴ (اردو)
۸۳۵	قادیانی مذہب اور علامہ اقبال	صوفی نذیر احمد	۲۰	۱۹۵۳ (اردو)
	کا قول فیصل			
۸۳۶	قادیانی غیر مسلم کیوں	حکیم عبد الرحیم اشرف	۱۷۰	۱۹۷۷ (اردو)
۸۳۷	قادیانیوں سے رواداری اور	خاقان بابر	۱۶	۱۹۸۶ (اردو)
	ہمارے قومی و ملی تقاضے			
۸۳۸	قادیان سے اسرائیل تک	ابو مدثرہ	۲۲۴	۱۳۹۸ (اردو)
۸۳۹	قادیانی آزادی کشمیر کے دشمن	گلزار احمد مظاہری	۱۶	--(اردو)
۸۴۰	میٹھی چھری	چوہدری افضل حق	۸	--(اردو)
۸۴۱	محاسبہ	مرتضیٰ احمد خان میکش	۵۴	۱۹۵۴ (اردو)
۸۴۲	مرزائیوں کے خطرناک ارادے	عبد الرحیم صدیقی	۲۴	--(اردو)

Marfat.com

۸۴۳	مرزائیل	آغا شورش کاشمیری	۱۹۶۸ (اردو)
۸۴۴	میں لور قادیان	سید عبد المجید شاہ	۵۰ ـــ (اردو)
۸۴۵	مرزائیوں کی یہودیوں کے لئے عظیم خدمت	غلام مجتبیٰ	۱۰ ۱۹۷۳ (اردو)
۸۴۶	مرزا غلام احمد قادیانی سرسید سرسید احمد خان کی نظر میں	سرسید احمد خان	۸ ـــ (اردو)
۸۴۷	مرزائیت سیاسی تحریک مذہبی بہروپ	ابو مدثرہ	۲۸ ـــ (اردو)
۸۴۸	مرزائیت کے زاویوں سے	محمد حنیف ندوی	۳۰۰ ـــ (اردو)
۸۴۹	کیا جنرل محمد ضیاء الحق مرزائی ہیں	محمد حنیف ندوی	۲۰۰۰ ـــ (اردو)
۸۵۰	خلافت صدیقؓ اور تحریک ختم نبوت	ارشاد احمد ولی بخاری	۱۴ ۱۹۹۵ (اردو)
۸۵۱	قادیانیت	مابد الغفور	۶۹ ۱۹۷۶ (اردو)
۸۵۲	مرزائے قادیان اور علمائے اہل حدیث	محمد حنیف یزدانی	
۸۵۳	مسلمانوں کے لئے لمحہ فکریہ		
۸۵۴			
۸۵۵			
۸۵۶			

پنجاب کے ارشادات پر تبصرہ

۸۶۶	اسلام کے خلاف بھٹو کی	آغا شورش کاشمیری	۴	۱۹۷۰ (اردو)
	گھوڑ کا پسلدار			
۸۶۷	اسلام کے غدار	آغا شورش کاشمیری	۳۲	--(اردو)
۸۶۸	مسلم پارلیمنٹیرین کنونشن کے فیصلے		۸	۱۹۵۳ (اردو)
۸۶۹	سانحہ کشمیر اور قادیانی امت	اختر کاشمیری	۱۱۴	۱۹۷۳ (اردو)
۸۷۰	تحریک ختم نبوت اور مولانا عبد الستار	انٹرویو	۲۰	۱۹۷۴ (اردو)
۸۷۱	Islam oversease ..	اسماعیل بی اے	۱۲۳	جنوری سنہ ۱۹۷۵ (
۸۷۲	تحفظ ختم نبوت اور جماعت اسلامی	محمد طفیل رشیدی	۸۸	۱۹۷۴ (اردو)
۸۷۳	قادیانی غیر مسلم بن کر رہیں یا --	محمد مالک کاندھلوی	۱۱۶	--(اردو)
۸۷۴	مقام ختم نبوت کی اہمیت --	محمد طفیل رشیدی	۴۵	--(اردو)
۸۷۵	فتنہ قادیانیت	منشی عبد الرحمن	۱۸	۱۹۷۴ (اردو)
۸۷۶	فتنہ قادیانیت اور مولانا ثناء اللہ	صفی الرحمن اعظمی	۳۱۲	۱۹۷۹ (اردو)
۸۷۷	آفتاب گولڑہ اور فتنہ مرزائیت	نواب الدین	۲۲۴	--(اردو)
۸۷۸	تحریک کیوں چلی	عابد حسین صدیقی	۸	۱۹۷۴ (اردو)
۸۷۹	درد و الم ذوالفقار علی بھٹو اور قادیانی	احمد طاہر	۱۶	۱۹۸۹ (اردو)
۸۸۰	قادیانی امت اور پاکستان	رائے محمد کمال	۸۰	فروری ۱۹۸۹ (اردو)
۸۸۱	مرزا غلام احمد قادیانی اور مسئلہ جہاد	خلیل الرحمن پانی پتی	۱۶	--(اردو)
۸۸۲	ضیائے حرم کا ختم نبوت نمبر	پیر کرم شاہ	۱۴۴	دسمبر ۱۹۷۴ (اردو)
۸۸۳	[illegible] او مرزائیت	عبد الباسط	۸۰	--(اردو)
۸۸۴	[illegible] جاوداں	زاہد منیر طاہر	۲۲۴	ستمبر ۱۹۸۹ (اردو)
۸۸۵	[illegible] فیصلہ	"	۱۰	--(اردو)
۸۸۶	[illegible] کشمیر اور مرزائی	احمد حسین کمال	۱۶	۸ر مارچ ۱۹۶۸ (
۸۸۷	اسرائیل سے ربوہ تک	گلزار احمد مظاہری	۲۴	--(اردو)
۸۸۸	حکومت کے چور	آفتاب احمد	۱۳۰	نومبر ۱۹۸۸ (اردو)
۸۸۹	قادیانی فتنہ کا علاج	میجر رٹائرڈ میر افضل	۴	--(اردو)
۸۹۰	سازش	"	۲۴	--(اردو)

Marfat.com

۸۸	آزاد کشمیر اسمبلی کی تاریخی قرار داد	بشیر احمد سالار	۵۴	۲۲ر مئی سنہ ۱۹۷۳ء (ا
۸۹	مخلص اصحاب ایمان کے لئے خوشخبری	حکیم عبد الرحیم اشرف	۸	۱۲ر اپریل ۱۹۸۱ء (اردو)
۸۹۱	انگریز کشمیر اور مرزائی	رانا گل ناصر ندیم	۱۶	جون ۱۹۷۳ (اردو)
۸۹۲	کشمیر اور مرزائیت	سید عطاء المحسن	۱۶	--- (اردو)
۸۹۳	فرنگی سیاست کے برگ وبار	عبد الحق چوہان	۱۵	--- (اردو)
۸۹۴	مذہبی اجتماع یا پولیٹیکل کانفرنس	میر ناسک	۸	۱۹۶۸ (اردو)

فہرست مطبوعات عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

۸۹۷	الانکلیز والقادیانیہ	شیخ محمد عمر	۵۰	--- (عربی)
۸۹۸	آزاد کشمیر میں مرزائیوں کے ہتھکنڈے	عتیق اللہ شاہ	۲۴	--- (اردو)
۸۹۹	بیرونی ممالک میں قادیانی تبلیغ اسلام کی حقیقت	عبد الرحیم اشعر	۳۶	۱۹۷۹ (اردو)
۹۰۰	تعارف عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت	عزیز الرحمن جالندھری	۸	۱۹۸۸ (اردو)
۹۰۱	تقریر مولانا عبد الستار خان نیازی	۵۶	۱۹۵۷	--- (اردو)
۹۰۲	ربوہ سے تل ابیب تک	محمد یوسف لدھیانوی	۴۰	۱۹۷۲ (اردو)
۹۰۳	ربوہ ثانی جو بن نہ سکا	اللہ وسایا	۸	۱۹۷۲ (اردو)
۹۰۴	سوچنے کی بات	رپورٹ برطانوی پارلیمنٹ	۸	--- (اردو)
۹۰۵	عرضداشت برائے وفاقی مجلس شوریٰ	خواجہ خان محمد	۱۶	--- (اردو)
۹۰۶	عرضداشت برائے محمود علی قصوری	لال حسین اختر	۱۲	۱۹۷۲ (اردو)
۹۰۷	علامہ اقبال کا پیغام ملت اسلامیہ کے نام	فرزند توحید	۴۴	۱۹۵۲ (اردو)
۹۰۸	جمع بیت	محمد صادق قریشی	۳۲	۱۹۸۰ (اردو)
۹۰۹	فتنہ قادیانیت	سید نفیس شاہ بخاری	۴۰	۱۹۷۰ (اردو)
۹۱۰	قادیانی عقائد و مذاہب	تاج محمود	۹۰	۱۹۸۰ (اردو)
۹۱۱	قادیانی مذہب و سیاست	[illegible]	۴	[illegible]

Marfat.com

۹۴۲	Qadianism	رہنمایان مجلس	۴۸	۱۹۷۰ (انگلش)
۹۴۳	قادیان مسئلہ	نعیم آسی	۱۴	۱۹۷۷ (اردو)
۹۴۴	قادیانیت کا سیاسی تجزیہ	صاحبزادہ طارق محمود	۵۴	۱۹۸۶ (اردو)
۹۴۵	ملت اسلامیہ کا موقف	رہنمایان مجلس	۲۰۰	۱۹۷۴ (اردو)
۹۴۶	مرزائیوں کا سیاسی کردار	محمد علی جالندھری	۶۸	۱۹۷۰ (اردو)
۹۴۷	مجلس لاہور کے کارہائے نمایاں	حکیم عبد الرحمن آزاد	۱۶	۱۴۰۱ (اردو)
۹۴۸	اسلم قریشی کیس	نعیم آسی	۸۸	۱۹۸۵ (اردو)
۹۴۹	ژوب میں تحریک ایک نظر میں	صاحبزادہ طارق محمود	۲۰	۱۹۸۰ (اردو)
۹۵۰	غدار پاکستان	محمد یوسف لدھیانوی	۳۴	۱۹۸۸ (اردو)
۹۵۱	ہمارا کام اور دفاتر	حکیم عبد الرحمن	۸	-- (اردو)
۹۵۲	حکومت پاکستان کے لئے لمحہ فکریہ	حکیم عبد الرحمن آزاد	۱۶	دسمبر ۱۹۷۳ (اردو)
۹۵۳	مرزائی عرب میں دندنا رہے ہیں	حکیم عبد الرحمن آزاد	۱۲	-- (اردو)
۹۵۴	مرزائیوں کی طرف سے فریب	محمد انور	۴	۱۹۷۳ (اردو)
۹۵۵	مرزائیوں کی کمین گاہ محکمہ تعلیم	حکیم عبد الرحمن	۴	-- (اردو)
۹۵۶	مرزا غلام احمد قادیانی علامہ انور شاہ علامہ اقبال سرسید کی نظر میں	عبد الرحیم اشعر	۱۶	طبع دوم ۱۹۶۹ (اردو)
۹۵۷	مرزائیت علامہ اقبال کی نظر میں	عبد الرحیم اشعر	۱۶	طبع دوم ۱۹۶۹ (اردو)
۹۵۸	مرزائی اور بہاول پور	محمد شریف جالندھری	۴	۱۹۷۲ (اردو)
۹۵۹	مرزائی اسرائیل فوج میں	محمد شریف جالندھری	۶	-- (اردو)
۹۶۰	مرزائیوں کے خطرناک ارادے خدارا پاکستان کو بچایئے	اللہ وسایا	۴	۱۹۷۲ (اردو)
۹۶۱	مرزائیوں کی ریشہ دوانیوں سے ماخبر رہیں	محمد اسماعیل شجاع آبادی	۸	-- (اردو)
۹۶۲	مرزائیوں کے خوفناک منصوبے	عبد الرحیم صدیقی	۸	-- (اردو)
۹۶۳	اکھنڈ بھارت اور مرزائی	محمد شریف جالندھری	۴	-- (اردو)
۹۶۴	ایک مذہبی غدار کی تلاش	-	۸	-- (اردو)

Marfat.com

۹۳۵	امت مرزائیہ حکومت برطانیہ اور اکھنڈ بھارت	--	۸	۱۹۷۳ (اردو)
۹۳۶	اسلامی نظام کی علمبردار حکومت پاکستان ختم نبوت --	محمد شریف جالندھری	۴	-- (اردو)
۹۳۷	انگلستان میں مجلس کی کامیابی	چوہدری خلیل احمد	۴	-- (اردو)
۹۳۸	آزاد کشمیر اسمبلی کی قرارداد پر مرزائیوں کے گمراہ کن پروپیگنڈے کا مسکت جواب	تاج محمود	۲۴	۱۹۷۳ (اردو)
۹۳۹	اسلام سے محبت کرنے والوں کے لئے لمحہ فکریہ	چوہدری خلیل احمد	۴	-- (اردو)
۹۴۰	بیان صادق	ماسٹر تاج دین الدین	۳۲	۱۹۵۴ (اردو)
۹۴۱	-- قادیانی سازشوں کو ناکام بنا دیا گیا --		۸	۱۹۷۹ (اردو)
۹۴۲	جداگانہ انتخابات اور قادیانی	محمد شریف جالندھری	۴	-- (اردو)
۹۴۳	خطبات چنیوٹ کانفرنس	خواجہ خان محمد	--	۱۹۷۸-۸۱ (اردو)
۹۴۴	قادیانیوں سازشوں کا نوٹس لیا جائے	تاج محمود	۱۲	۱۹۷۶ (اردو)
۹۴۵	قادیانیوں کے متعلق امت کے تقاضے	محمد شریف جالندھری	۴	-- (ار
۹۴۶	نئے تقاضے نئے منصوبے	سید محمد یوسف بنوری	۴	۱۹۷۴ (اردو)
۹۴۷	صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق کی خدمت میں مسئلہ ختم نبوت سے متعلق چند مثبت تجاویز	خواجہ خان محمد	۷	۱۹۸۰ (اردو)
۹۴۸	تعارف مجلس تحفظ ختم نبوت	محمد شریف جالندھری	۲۴	۱۹۷۵ (اردو)
۹۴۹	مقترحات مجلس تحفظ ختم نبوت		۲۴	۱۹۷۵ (عربی، انگلش)
۹۵۰	مجلس تحفظ ختم نبوت ایک عالمی تحریک	محمد یوسف لدھیانوی	۳۲	۱۹۷۵ (اردو)
۹۵۱	تخریب کار لون ملکی اخبارات کے آئینے میں	--	۶	مارچ ۱۹۸۸ (اردو)
۹۵۲	قادیانیوں کی درندگی	--	۸	رمضان ۱۴۰۵ (اردو)
۹۵۳	خطبہ استقبالیہ	قاری سید محمد شاہ	۱۶	۱۹۸۵ (اردو)
۹۵۴	دعوت مباہلہ	محمد علی جالندھری	۸	۱۹۵۴ (اردو)
۹۵۵	عشق خاتم النبیین	طاہر رزاق	۲۴	۱۹۸۹ (اردو)

Marfat.com

۹۵۶	لودھراں شہر پر مرزائیوں کی یلغار	محمد موسیٰ	۸	-- (اردو)
۹۵۷	قادیانی مملکت کی سازش آخری مراحل میں	--	۶	-- (اردو)
۹۵۸	مرزائیوں سے محتاط رہیں	چوہدری محمد خلیل	۸	۱۹۸۹ (اردو)
۹۵۹	گستاخی رسول کے دو رخ قادیانی	احمد میاں حمادی	۹	۵ر جولائی ۱۹۸۹ (اردو)
۹۶۰	ضیاء الحق کو قتل کس نے کیا	عبد الحمید رحمانی	۳۰	اکتوبر ۱۹۸۹ (اردو)
۹۶۱	پریس کانفرنس	تاج محمود	۴	۲۷ مئی ۱۹۷۳ (اردو)
۹۶۲	ربوہ اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ	راؤ عبد المنان	۸	-- (اردو)
۹۶۳	خبرنامہ ختم نبوت	عبد الرحیم اشعر	۸	مارچ اپریل ۱۹۷۲ (اردو)
۹۶۴	جملہ اہل اسلام کے لئے لمحہ فکریہ	حکیم عبد الرحمٰن آزاد	۴	نومبر ۱۹۸۲ (اردو)

فہرست باب ہشتم

(990 - 965)

۹۶۵	تاریخ محمودیت	فخر الدین ملتانی	۲۲۵	-- (اردو)
۹۶۶	باپ کی پاکیزگی سے بیٹے کا گریز	عبد الرحمٰن شفیق الرحمٰن	۳۲	-- (اردو)
۹۶۷	چند قابل غور حقائق	سبط نور	۳۲	۱۹۴۱ (اردو)
۹۶۸	خلیفہ قادیان کے ناپاک سیاسی منصوبے	چودھری غلام رسول چیمہ	۸۰	-- (اردو)
۹۶۹	خلیفہ ربوہ مرزا محمود کی بے اعتدالیاں	"	۶۴	-- (اردو)
۹۷۰	خلیفہ ربوہ کے مظالم	صدر الدین گجراتی	۶	-- (اردو)
۹۷۱	دور حاضر کا مذہبی آمر	راحت ملک	۲۴۰	-- (اردو)
۹۷۲	ربوہ کا پوپ	مظہر ملتانی	۱۴۴	-- (اردو)
۹۷۳	شہر سدوم	شفیق مرزا	۱۷۵	-- (اردو)
۹۷۴	کمالات محمودیہ	مظہر ملتانی	۱۴۴	-- (اردو)
۹۷۵	مرزا غلام احمد کی تحریر ---	حقیقت پسند پارٹی	۱۶	-- (اردو)
۹۷۶	ربوہ کا راسپوٹین یا مذہبی آمر	فرزند توحید	۳۲	۱۹۶۳ (اردو)

Marfat.com

۹۷۷	فتنہ انکار ختم نبوت	مرزا محمد حسین	۲۸۷	نومبر ۱۹۷۸ (اردو)
۹۷۸	قادیانیوں کے عریاں تصویریں	علامہ سلطان	۶۰	اکتوبر ۱۹۸۸ (اردو)
۹۷۹	مرزا اپنے شرمناک آئینے میں	محمد متین خالد	۴	۱۹۸۸ (اردو)
۹۸۰	میں نے مرزائیت کیوں چھوڑی	قاضی خلیل احمد	۸	--(اردو)
۹۸۱	مرزا محمود ہوش میں آؤ	راحت ملک	۱۲	--(اردو)
۹۸۲	مکتوبات مصری اور چند تاریخی حقائق	مظہر ملتانی	۲۰۸	--(اردو)
۹۸۳	تبلیغی سفر	عبد الرحمٰن	۴	۱۴ر فروری سنہ ۱۹۶۸ (اردو)
۹۸۴	روحانی شکار گاہ	عبد الرزاق مہتہ	۴۶	۱۴ر دسمبر ۱۹۷۹ (اردو)
۹۸۵	جماعت احمدیہ کے فہمیدہ احباب سے	ملک عزیز الرحمٰن	۱۶	۲۴ر مئی ۱۹۵۸ (اردو)
۹۸۶	فریب قادیانیت	حافظ بشیر احمد مصری	۸	--(اردو)
۹۸۷	مرزا قادیانی کے علمی عملی کارنامے	محمد یار	۸	--(اردو)
۹۸۸	ربوہ کا مذہبی آمر	راحت ملک	۲۴۸	۱۹۵۷ (اردو)
۹۸۹	ربوی راج کے محمودی منصوبے	حقیقت پسند پارٹی	۶۳	--(اردو)
۹۹۰	ربوں کی کہانی	عزیز احمد ٹھیکیدار	۱۶	۲۱ر اپریل ۱۹۵۱ (اردو)

فہرست باب نہم

(1000 - 991)

۹۹۱	نامہ حقانی در کذب مسیح قادیانی	ابو محمود محمد اسحاق	۴۸	۱۳۴۱ھ (اردو)
۹۹۲	مرزا قادیانی کی راست بیانیوں پر ایک نظر	محمد عبد اللہ معمار	۴۰	--(اردو)
۹۹۳	شناخت	محمد یوسف لدھیانوی	۲۴	۲۲ر رجب ۱۳۹۹ (اردو)
۹۹۴	قادیانیت اپنے آئینے میں	خانقاہ مونگیر	۸	--(اردو)
۹۹۵	برہان حق	محمد عبد اللہ معمار	۸	۲۹ ستمبر ۱۹۴۹ (اردو)
۹۹۶	فتوی رحمانی	عبد العزیز رحمانی	۸۰	(اردو)
۹۹۷	مصداق بشارت احمد	چوہدری محمد سرفراز خان	۱۷۰	۱۹۳۸ (اردو)

Marfat.com

۹۹۸	صحیفہ رحمانیہ نمبر ۲۴	محمد اسحاق مونگیر	۲۶	۳۰ر اگست ۱۹۴۴ء (اردو)
۹۹۹	نعم المعالی تردید عقائد قادیانی	محمد عبد الرحیم سلیم وکیل	۱۹۴	۱۳۴۲ھ (اردو)
۱۰۰۰	پاکستان میں جھوٹے نبی کا مرکز ربوہ میں	میر افضل	۴	۱۹۹۰ء (اردو)

باب دہم

مصنفین اور ان کی تصنیفات

Marfat.com

انتساب

رد قادیانیت کی کتابوں کی فہرست اور تعارف کا کام سب سے پہلے حضرت مولانا سید محمد علی مونگیری رحمہ اللہ علیہ نے کیا اور "حفاظت ایمان کی کتابیں" نامی کتاب مرتب فرمائی جس میں اسی (۸۰) کتابوں کا تعارف شامل تھا۔ بعد میں حکیم الامت حضرت اقدس شاہ محمد اشرف علی تھانوی" نے دوسری کوشش فرمائی اور اپنی تصنیف "قائد قادیان" کی آخری فصل میں ایک سو بارہ (۱۱۲) کتب رد قادیانیت کی فہرست شائع فرمائی۔ ان ہر دو بزرگان مرحومین کے بعد یہ تیسری کوشش آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس لئے اس کتاب کو ان ہر دو بزرگوں کے نام منسوب کرنے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ اس توقع پر کہ ان حضرات سے یہ نسبت مجھے دنیا و آخرت میں سرفراز کردے گی۔ اللہ رب العزت اسے اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور فقیر کے لئے سعادت دارین کا باعث بنائیں۔ آمین بحرمۃ النبی الکریم۔ والسلام۔

فقیر اللہ وسایا

دفتر ختم نبوت، ملتان

یکم محرم الحرام ۱۴۱۱ھ

۲۴/۷/۱۹۹۰ء

Marfat.com

گذارش احوال واقعی

الحمد للہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ ' اما بعد '

آج سے تقریباً ڈیڑھ دو سال قبل ایک شب صاحبزادہ طارق محمود صاحب کے ہاں فیصل آباد میں رفقاء بیٹھے تھے ' فقیر نے اپنے محب مکرم ڈاکٹر قاری محمد صولت نواز سے باتوں باتوں میں تذکرہ کیا کہ رد قادیانیت پر مشتمل کتابوں کی فہرست و تعارف کا کام ابھی ہمارے ذمہ ہے ۔ یہ سنتے ہی موصوف نے گاڑی سٹارٹ کی اور چل دئے ۔ دس پندرہ منٹ بعد واپس تشریف لائے اور آتے ہی " فہرست تالیفات اشرفیہ " کتاب میرے ہاتھوں میں تھمادی ۔ اور فرمایا کہ حال میں حضرت تھانوی رحمہ اللہ کی تصنیفات پر دار العلوم کراچی کے شعبہ نشریات نے یہ تحقیقاتی کام کیا ہے ' آپ بھی اگر اس طرز پر رد قادیانیت کی کتب پر کام کر دیں تو ختم نبوت کے کاز (cause) کی بہت بڑی خدمت ہو گی ۔

کچھ عرصہ بعد مکرم بھائی متین خالد سے ذکر ہوا ' انہوں نے قاموس الکتب بلبائے اردو مولوی عبد الحق کی تصنیف سے ختم نبوت کے باب کی فوٹو سٹیٹ کاپی بھجوا دی ۔ مکرم بھائی زاہد منیر عامر سے تذکرہ ہوا انہوں نے بھی اس کی اہمیت پر لیکچر دیا ۔

ان تینوں حضرات کی تائید پر فقیر نے کام شروع کیا ۔ سب سے پہلے دفتر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان کی لائبریری سے استفادہ شروع کیا ۔ تقریباً دو صد کتابوں کا تعارف و تفصیل لکھی جا چکی تھی ۔ ایک دن مجاہد ملت متکلم اسلام حضرت مولانا محمد علی جالندھری ؒ کے جانشین اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی ناظم اعلیٰ مولانا عزیز الرحمٰن صاحب جالندھری سے ذکر ہوا ۔ تو آپ نے فرمایا کہ اول سے آخر تک اس بات کا التزام کیا جائے کہ سب سے پہلے کتاب کا نام ' مصنف کا نام ' تعداد صفحات ' سن اشاعت اور کس زبان میں لکھی گئی اس کا تذکرہ ہو اور پھر تعارف ۔ انہوں نے ایک فارم مرتب کر کے فرمایا کہ اس کے پیڈ چھاپ لیں اور پھر کام شروع کر دیں ۔ چنانچہ ایسے ہی ہوا ۔ پہلا تمام کام کالعدم ' نئے سرے سے سفر کا آغاز ہوا ۔

اللہ رب العزت کا فضل و احسان ہے کہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی لائبریری میں رد قادیانیت پر اتنا مواد ہے کہ دنیا میں کسی بھی دینی جماعت و ادارے کے ہاں اتنی تعداد میں کتابیں اس عنوان پر نہیں ہیں ۔ اس عنوان پر عالمی مجلس کو یہ اعزاز و انفرادیت حاصل ہے ۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی واقعہ ہے کہ جس کسی کے ہاں بھی رد قادیانیت پر دس کتابیں ہیں تو ان میں دو ایسی ضرور ہوں گی جو عالمی مجلس کے ہاں نہیں ہیں ۔ اس سے یہ بات آسانی سے سمجھ میں آسکتی ہے کہ امت محمدیہ ؐ نے رد قادیانیت پر کتنا قلمی کام کیا ہے ۔ تقریباً آٹھ صد کتابیں تو مجھے اپنے دفتر کی لائبریری سے مل گئیں ۔ ان پر کام شروع کیا '

Marfat.com

بعض کتابیں ایسی دلچسپ کہ ایک ایک کتاب نے میرا گھنٹوں وقت لیا۔ اللہ رب العزت کا فضل واحسان ہے کہ بعض دفعہ پوری پوری رات جاگ کر کام کیا۔ اس دوران میں ملکی و غیر ملکی تبلیغی سفر بھی جاری رہے۔ دفتری، گھریلو اور جماعتی ذمہ داریوں کو بھی پورا کیا اور یہ کام بھی ہوتا رہا۔ اب مزید کتابوں کے حصول کے لئے اندرون ملک کے سفر شروع کئے۔ اسلامی تحقیقاتی کونسل اسلام آباد کی لائبریری، لائبریری مولانا صدر الدین رفاقی (راولپنڈی)، دیال سنگھ لائبریری، پنجاب پبلک لائبریری لاہور، سنٹرل لائبریری بہاول پور، مولانا محمد شفیع صاحب مرحوم کی لائبریری (سنکھترہ، سیالکوٹ)، انجمن ترقی اردو لائبریری، خالد اسحاق لائبریری، دارالعلوم کراچی لائبریری، ادارہ دعوت وارشاد چنیوٹ لائبریری، دارینی ہاشم ملتان میں سید کفیل احمد شاہ بخاری کی لائبریری، حزب الاحناف بھیرہ لائبریری، مولانا عزیز الرحمٰن خورشید بھیروی کی لائبریری، مولانا منظور احمد الحسینی کراچی کی لائبریری، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مسلم کالونی صدیق آباد (ربوہ) میں بخاری لائبریری سے فقیر نے خود جا کر استفادہ کیا۔ خانہ صاحب سے جناب مکرم محمد متین خالد، اور چونیاں قصور سے جناب میاں محبوب الٰہی قادری انجینئر نے اپنی کتب ڈاک سے مجھے استفادہ کے لئے ملتان دفتر بھجوادیں۔ اس کے باوجود بھی مطلوبہ تعداد پوری نہ ہوئی۔ تو ہفتہ وار ختم نبوت کراچی و ہفتہ وار لولاک فیصل آباد میں اشتہار دیئے۔ انتساب کے عنوان سے عرض کرچکا ہوں کہ اس سلسلہ میں سب سے پہلے حضرت اقدس مولانا سید محمد علی مونگیریؒ نے "حفاظت ایمان کی کتابیں" کے نام سے کتاب مرتب فرمائی تھی۔ انتہائی کوشش کے باوجود یہ "نقش اول" بھی نہ حاصل کر پایا۔ مکرم عبد الرحمٰن یعقوب بلوا ایڈیٹر ہفتہ وار ختم نبوت کراچی نے انڈیا، ڈھابیل اور دار العلوم دیوبند کی لائبریریوں سے رد قادیانیت کتب کی فہرست مہیا کی۔ خدا بخش لائبریری پٹنہ، لائبریری خانقاہ مونگیر، لائبریری تھانہ بھون، لائبریری دار العلوم دیوبند، مسلم یونیورسٹی آصفیہ لائبریری حیدر آباد دکن سے استفادہ کے لئے انڈیا کا پچھلے سال ویزا حاصل کیا مگر حضرۃ الامیر حضرت اقدس خواجہ خواجگان مولانا خواجہ خان محمد صاحب، دامت برکاتہم کے حکم پر برطانیہ کے سفر کے باعث انڈیا نہ جا سکا، اگر یہ سفر ہو جاتا تو فہرست میں کہیں زیادہ قابل قدر اضافہ ہو جاتا۔

لائبریریوں میں جا کر کہیں تو اتنی خوشی ہوئی کہ اپنے جذبات پر قابو پانا مشکل ہو گیا اور بعض جگہ اتنا صدمہ ہوا کہ جان بچانی مشکل ہو گئی۔ ایک ادارہ سے سنہ ۱۹۳۵ء میں ایک کتاب شائع کی تھی مجھے اس کے حصول کے لئے اس ادارہ میں جانا پڑا۔ دور دراز کا سفر کر کے گیا، انتہائی عمدہ لائبریری مگر ان کی اپنی شائع کردہ کتاب ان کے ہاں بھی موجود نہ پا کر جو میرے احساسات پر بیتی اس کی کہانی الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ ایک دوسری لائبریری میں جا کر کتابوں کی خستہ حالت دیکھی تو پوری رات استغفار کرتا رہا۔ کرم خوردہ، سیم زدہ، بوسیدہ اوراق شاید چھ ماہ تک مزید ان کی ورق گردانی نہ ہوتی تو بلا مبالغہ یہ ضائع ہو

Marfat.com

جاتیں یہ کتابیں ملتان دفتر لاکر فوٹو حاصل کئے اصل کتب کی عمدہ جلدیں دفتر کے خرچہ سے تیار کر کے ان کو ڈاک سے بھجوائیں ۔ غرضیکہ یوں ایک ہزار کتاب کے تعارف پر کام مکمل ہوا ہے ۔ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے رسالہ قائد قادیان میں رد قادیانیت کتب کی مجموعی تعداد ایک سو بارہ (۱۱۲) ہے ۔ مگر مجھے ان کتابوں سے صرف بلدن کتابیں میسر آئیں ۔ اس لحاظ سے گویا تقریباً ۵۰٪ کام فقیر کر پایا ہے ۔

یہ امر ملحوظ رہے کہ فقیر نے جب تک اصل کتابیں نہیں دیکھ لیں تعارف نہیں لکھا ۔ غرضیکہ تمام تر کتابیں فقیر کی نظر سے گذریں ہیں اور ان کی ورق گردانی کی فقیر نے سعادت حاصل کی ہے ۔

اس عنوان پر مزید بھی کوشش کی جائے ۔ لائبریریوں کو دیکھا جائے تو اس سے کہیں زیادہ ضخیم ایک اور کتاب تیار ہو سکتی ہے ۔ کسے توفیق ہوتی ہے ۔ قدرت کی طرف سے کس کے نام قرعہ فال نکلتا ہے ۔ یہ آنے والا وقت بتائے گا ۔

اس تعارف میں فقیر نے کئی غلطیاں کی ہوں گی ۔ بعض کتابیں دوبارہ درج ہوئی ہوں گی ۔ بعض جگہ جو لکھنا چاہئے تھا وہ نہیں لکھا گیا ہو گا ۔ یا جو نہیں لکھنا چاہئے تھا وہ لکھ دیا ہو گا ۔ کسی کتاب کے متعلق لکھا کہ قادیانی اس کا جواب نہ لکھ پائے یا نہیں لکھ سکے تو اس کا معنی یہ ہے کہ کم از کم اس کتاب کا قادیانیوں کی طرف سے جواب میری نظر سے نہیں گذرا ۔

غرضیکہ اس طرح کی کئی خامیاں ہوں گی اور یقیناً ہوں گی ۔ دلی خواہش تھی کہ اس کے مسودہ پر ایک نظر محقق دوراں فقیہ ملت حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی مدظلہ العالی ڈال لیں ۔ اس لئے کہ اس وقت پوری دنیا میں ان کا وجود رد قادیانیت پر ایک اتھارٹی مانا جاتا ہے ۔ مگر آپ کی مصروفیات اور میری بے ہمتی کے باعث ایسا نہ ہو سکا ۔ قارئین سے درخواست گذار ہوں کہ جہاں کہیں کوئی خامی نظر آئے فقیر کو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جا سکے ۔

شکر گذار ہوں مناظر اسلام حضرت مولانا عبدالرحیم اشعر دامت برکاتہ کا کہ کتابوں کے حصول کے لئے انہوں نے میری معاونت و سرپرستی فرمائی ۔ ڈیڑھ دو سال کی طویل محنت کے بعد آج ساڑھے دس بجے دن اس کام سے فارغ ہوا ہوں ۔ اللہ رب العزت فقیر کی کمزوریوں کوتاہیوں سے درگذر فرمائیں ۔ اعمال صالحہ کی اخلاص بھری توفیق مرحمت فرمائیں ۔

اللہ رب العزت کا فضل ہے کہ اس کتاب کی ترتیب کے زمانہ میں ہی استاذ محترم مناظر اسلام مولانا لال حسین اختر رحمہ اللہ کے مجموعہ تصنیفات (احتساب قادیانیت) مولانا ابو القاسم رفیق دلاوری کی " رئیس قادیان " کو شائع کر دیا گیا ۔ اس دوران میں " تذکرہ مجاہدین ختم نبوت " نامی کتاب بھی فقیر نے ترتیب دی جو کتابت ہو کر پریس جانے کے مرحلہ میں ہے ۔ اب اس کتاب کی تکمیل سے

Marfat.com

فراغت کے بعد سنہ ۱۹۷۴ اور سنہ ۱۹۸۴ کی مقدس تحریک ہائے ختم نبوت کو مرتب کرنے کا ارادہ ہے۔
احباب کی مخلصانہ دعاؤں اور اللہ رب العزت کے فضل و احسان کا طالب ہوں۔ والسلام۔

طالب دعا۔

فقیر اللہ وسایا

دفتر ختم نبوت، ملتان

یکم محرم الحرام ۱۴۱۱ھ

۲۴ / ۷ / ۱۹۹۰ء

Marfat.com

Marfat.com

باب اول

ختم نبوت

نوٹ:

اس باب میں کل ۷۹ کتابوں کا تعارف شامل ہے ۔ جس میں سے ۱۳ کتابیں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی شائع کردہ ہیں ۔ جو فہرست میں نمبر ۶۷ سے نمبر ۷۹ تک درج ہیں ۔

Marfat.com

(1)

نام انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

مصنف مولانا سعید الرحمٰن انوری

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

مصنف حضرت مولانا محمد انوری" کے صاحبزادے ہیں انہوں نے مجلس دینی فیصل آباد سے یہ رسالہ شائع کیا۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث شریف پر اس رسالہ کا نام تجویز کیا۔ اس میں احادیث نبویہ اور اجماع امت سے مسئلہ ختم نبوت کو عام فہم انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

(2)

نام اکفار الملحدین

مصنف مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری

صفحات عربی ۱۸۸۔ اردو ۲۸۸

سن اشاعت عربی ۱۳۴۳ھ اردو ۱۹۶۷

حجۃ اللہ علی الارض حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے ضروریات دین کے منکرین کے کافر ہونے کی وجوہات و اسباب بیان کر کے مرزائیت کے کفر کی قسم کو ثابت کیا ہے کہ مرزائیت کون سا کفر ہے۔ ظاہر ہے کہ ہر مرزائی اپنے کفر کو اسلام ثابت کرنے پر تلا ہوا ہے اس لئے ہر مرزائی زندیق ہے اور زندیق کی سزا بھی اسلام میں مرتد جیسی بلکہ بعض حالتوں میں اس سے بھی زیادہ سخت ہے۔

حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ کے روحانی و علمی جانشین مولانا سید محمد یوسف بنوری" نے اس پر مقدمہ لکھا جس سے کتاب کی افادیت میں کئی چند اضافہ ہوا۔ ٹائپ کے عمدہ دو سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب انتہائی اہم علمی خزانہ ہے۔ اس کا اردو میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے جو کراچی کی مجلس علمی نے شائع کیا ہے۔

اصل کتاب عربی میں ہے جس سے صرف علماء ہی فائدہ حاصل کر سکتے تھے۔ اب اردو ترجمہ ہو جانے کے بعد اردو دان طبقہ کے علمی ذوق رکھنے والے حضرات بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔ اردو ترجمہ ایسا سلیس ہے کہ ختم نبوت کے عنوان پر کام کرنے والوں کو اس کتاب کی ایک ایک بحث کو یاد کرنا چاہئے۔ حضرت شاہ صاحب کے قلب و جگر میں مستور جو علمی نکات تھے قدرت نے ہمارے ایسے تہی دستان علم کے لئے کتاب کے صفحات پر منتقل کرا دیئے ہیں۔ للہ الحمد۔

Marfat.com

(3)

نام الاعلام بمعنی الکشف والوحی والالہام
مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی
صفحات ۸
سن اشاعت ۱۳۷۳ھ (اردو)

کشف ' وحی اور الہام کسے کہتے ہیں ' اس کی ضرورت کیا تھی ' اب وہ بند ہیں یا جاری ۔ان کے خلاف عقیدہ رکھنے والے کی شرعی حیثیت کیا ہے ۔ مرزا قادیانی نے کیا ٹھوکر کھائی ۔ وہ کہاں سے گرا کہاں پہنچا اس کی تمام تر تفصیل اس میں بیان کردی ہے ۔

(4)

نام عقیدۂ ختم نبوت
مصنف محمد اقبال لودھی جالندھری
صفحات ۷۶۸
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف پولیس میں ملازم تھے ۔ انہوں نے مرزائیت کے بڑھتے ہوئے سیلاب کو حکومتی دوائر میں دیکھا تو تڑپ گئے ۔ اسی جذبہ سے یہ کتاب لکھی جس میں متعدد مباحث ہیں ۔ موصوف نے اپنی پنشن کی تمام تر رقم اس کتاب کو شائع کرنے پر صرف کردی ۔ کتاب کے آخر میں ان کی ایک اور تصنیف مرزائیت کا تجزیہ بھی ساتھ ہی شامل ہے ۔ یہ دونوں کتابیں پونے آٹھ سو صفحات پر محیط ہیں ۔ اچھی کوشش ہے ۔ اللہ تعالیٰ کام کرنے والوں کی نیت کو جانتے اور دیکھتے ہیں ۔ موصوف کی نجات و شفاعت کے لئے یہ کتاب کافی ہے ۔

(5)

نام عقیدۃ الامت فی معنی ختم النبوۃ
مصنف علامہ خالد محمود
صفحات ۱۱۲
سن اشاعت ۱۹۵۲ (اردو)

جس میں مستند دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے خاتم النبیین کے یہی معنی سمجھائے ہیں کہ آپ کے بعد اولیٰ تا آخر شریعت محمدیہ کیلئے تشریعی نبی کبھی نہ آئے گا ۔ اور امت نے اسی کو عقیدۂ ختم نبوت قرار دیا ہے جو اس میں تاویل کرے کسی امتی نبی سے پیدا

Marfat.com

ہونے کا قائل ہو وہ مسلمان نہیں ہے۔

(6)

نام عالمگیر نبوت
مصنف سید محمد ہاشم
صفحات ۳۵
سن اشاعت ۱۹۷۵ (اردو)

اس میں مختصر آیات و احادیث کے حوالوں سے نقلی و عقلی دلائل کے ساتھ مسئلہ ختم نبوت کو بیان کیا گیا ہے۔ تیرہ قرآنی دلائل بارہ احادیث ' اجماع امت سے اپنے موضوع کو خوب نبھایا ہے۔

(7)

عقیدۂ ختم نبوت
نام ابو الکلام آزاد
مصنف ۹۰
صفحات ۱۹۷۴ (اردو)

حضرت امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کی تفسیر سے بعض لوگوں نے از خود بزعم خویش یہ تراش لیا کہ آپ کے نزدیک ایمان باللہ و ایمان بالاخرت کافی ہے۔ مولانا سے لوگوں نے خطوط کے ذریعہ آگاہی چاہی۔ اس طرح آپ نے ایک خط کے جواب میں فرمایا کہ مسلمان ہونے کے لئے کسی نئے ظہور پر ایمان لانا ضروری نہیں۔ یہ مرزائیوں کے غلط عقائد اور ان کے گروہ کی تردید تھی جس سے مرزائیوں نے یہ مشہور کردیا کہ آپ نزول عیسی علیہ السلام کے قائل نہیں۔ غرضیکہ ایمان باللہ ' ایمان بالرسل ' نئے ظہور پر ایمان ' ان عنوانات پر مولانا غلام رسول مہر' حکیم سعد اللہ ' مولانا ثناء اللہ امرتسری ' اور مولانا میر ابراہیم سیالکوٹی سے آپ کی مراسلت ہوئی۔ یہ کل آپ کے سات خطوط ہیں جنہیں عقیدۂ ختم نبوت کے عنوان سے شائع کیا گیا ہے۔ مولانا کے قلم سے مرزائیت کی تردید میں بہت اہم مباحث کا اجمالی ذکر آیا ہے۔

Marfat.com

(8)

نام عقیدۂ ختم نبوت اور اسلام
مصنف ضیاء الرحمٰن فاروقی
صفحات ۴۲۰
سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

مصنف نے اس کتاب میں قرآن و حدیث، صحابہ کرام، چودہ سو سالہ ائمہ و علماء کے اقوال کی روشنی میں مسئلہ ختم نبوت کی اہمیت پر مشتمل نہایت مختصر جامع اور مستند ذخیرہ جمع کر دیا ہے۔

(9)

نام حضرات صوفیاء کرام اور مولانا محمد قاسم نانوتوی "سچو مرزائیوں کا بہتان اور
مصنف الزام
صفحات مولانا محمد ادریس کاندھلوی
سن اشاعت ۲۰
-- (اردو)

مصنف نے اس عنوان پر مرزائیوں کے دجل و فریب کا پردہ چاک کیا ہے۔ مولانا محمد قاسم نانوتوی" پر مرزائیوں کا اعتراض کہ وہ نعوذ باللہ اجرائے نبوت کے قائل تھے۔ اس اعتراض کو مرزائیوں سے کہیں زیادہ ان ناعاقبت اندیش حضرات نے اچھالا جو یہ نہ سمجھتے تھے کہ اس لغو اعتراض سے دشمن دین کیا فائدہ اٹھائیں گے۔ بہرحال مولانا کاندھلوی" نے اس عنوان پر قلم اٹھا کر مسئلہ کی حقیقت کو واضح کر دیا کہ مولانا نانوتوی" بھی جملہ امت کی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مدعی نبوت کو کافر و دائرہ اسلام سے خارج سمجھتے تھے۔

(10)

نام تضیم النبوۃ
مصنف ابوالخیر اسدی
صفحات ۴۸
سن اشاعت -- (اردو)

نبوت کیا ہے، نبی کون ہوتا ہے، منصب نبوت کی عظمت کا کیا تقاضا ہے۔ اس منصب پر کسی کو ذات باری فائز کرتی ہے یا کوئی آدمی ترقی کر کے خود بخود فائز ہو جاتا ہے۔ اس کی تمام تر تفصیل اس کتابچہ میں ہونی چاہئے تھی اس لئے کہ اس کا نام انہیں چیزوں کا متقاضی ہے۔ لیکن پورے رسالہ میں

Marfat.com

صرف ختم نبوت کے مسئلہ کو قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کیا گیا۔

(11)

نام تکمیل دین اور ختم نبوت
مصنف چوہدری افضل حق
صفحات ۸
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف کا گراں قدر علمی مضمون جس کے تعارف کے لئے مصنف کا نام ہی کافی ہے۔

(12)

نام ختم نبوت نمبر
مصنف اڈیٹر دار العلوم دیوبند
صفحات ۳۳۴
سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

دار العلوم دیوبند نے ۲۹، ۳۰، ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۸۶ کو عالمی ختم نبوت کانفرنس منعقد کی اس موقعہ پر جو مقالے پڑھے گئے ان کو کتابی شکل میں شائع کر دیا گیا۔ یہ نمبر ماہنامہ دار العلوم دیوبند جون ر جولائی اگست سنہ ۱۹۸۷ کی تین اشاعتوں پر مشتمل ہے۔ مختلف حضرات کے گراں قدر مقالہ جات سے مرزائیت کے مختلف گوشوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔

(13)

نام ختم نبوت اور نزول عیسیٰ علیہ السلام
مصنف محمد عبدالرشید
صفحات ۹۲
سن اشاعت -- (اردو)

عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت پر مصنف نے تنظیم اہل حدیث لاہور اخبار میں مضمون لکھا جس میں ضمنی طور پر نزول عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر بھی آگیا۔ مرزائی اخبار پیغام صلح لاہور نے نزول مسیح علیہ السلام پر چند اشکال کئے جس کا معقول و مدلل جواب انہوں نے پھر اپنے اخبار میں دیا۔ ان تمام مضامین کے مجموعہ پر یہ کتاب مشتمل ہے۔

Marfat.com

(14)

نام(ختم نبوت (کامل)
مصنف(مفتی محمد شفیع
صفحات(۴۰۰
سن اشاعت ۱۳۴۵ھ (اردو)

جس میں ایک سو سے زائد آیات قرآنی دو سو دس احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجماع امت اور سینکڑوں اقوال صحابہ و تابعین و ائمہ دین سے مسئلہ ختم نبوت کے ہر پہلو کو واضح کیا گیا ہے اور شبہات کے شافی جوابات دئے گئے ہیں۔ مسئلہ ختم نبوت پر مبسوط فیصلہ کن کتاب ہے۔ جس کی ایک ایک دلیل پہاڑ سے زیادہ وزنی ہے۔ آج تک مرزائی امت اس کا جواب دینے سے عاجز ہے۔ یہ مفتی اعظم پاکستان کی گراں قدر علمی معلوماتی تصنیف ہے۔ آج تک مسئلہ ختم نبوت پر اس سے بہتر تصنیف اردو میں سامنے نہیں آئی۔

(15)

نام ختم نبوت پر مستند دلیل
مصنف خلیل الرحمٰن قادری
صفحات ۸
سن اشاعت -- (اردو)

مضمون نام سے ہی واضح ہے۔

(16)

نام ختم نبوت قرآن وسنت کی روشنی میں
مصنف مولانا سرفراز خاں صفدر
صفحات ۵۰
سن اشاعت ۱۹۸۶ (اردو)

پاکستان کے نامور شیخ الحدیث اور ممتاز صاحب قلم حضرت مولانا محمد سرفراز خاں صفدر کو دار العلوم دیوبند میں ہونے والی عالمی ختم نبوت کانفرنس کے لئے ۳۰، ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۸۶ء کو دیوبند بلایا گیا۔ آپ نے اس کے لئے مقالہ تحریر کیا۔ مگر ویزا نہ ملنے کے باعث خود تشریف نہ لے جا سکے۔ بعد میں اس مقالہ کو پاکستان میں شائع کر دیا گیا۔

Marfat.com

(17)

نام ختم نبوت (مسک الختام)
مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی
صفحات ۱۰۰
سن اشاعت ۱۳۷۰ھ (اردو)

اصل نام " مسک الختام فی ختم نبوۃ سید الانام " ہے ۔ دار العلوم دیوبند اور جامعہ اشرفیہ لاہور کے سابق شیخ التفسیر مولانا کاندھلوی رحمہ اللہ نے یہ کتاب تحریر فرمائی ۔ مولانا محمد ادریس علم و عمل کی طرح تقریر و تحریر کے بھی دھنی تھے ۔ آپ نے عقلی و نقلی دلائل سے مرزائیت کو ساکت کردیا ۔ متعدد بار یہ شائع ہوئی ۔ اب دار العلوم دیوبند نے عالمی ختم نبوت کانفرنس دیوبند کے موقعہ پر ۲۹ر ۳۰ اکتوبر سنہ ۸۶ کو پھر شائع کیا ہے ۔ مولانا محمد ادریس کاندھلوی جن دنوں بہاولپور جامعہ عباسیہ کے شیخ التفسیر تھے انہی دنوں ۲۱ ر ربیع الاول سنہ ۱۳۷۰ھ کو یہ کتاب تحریر فرمائی تھی ۔

(18)

نام خاتم النبیین یعنی کلام الٰہی میں ختم نبوت فی الاسلام کی بشارت
مصنف مولانا محمد علی مونگیری
صفحات ۳۲
سن اشاعت -- (اردو)

یہ رسالہ جو صحیفہ رحمانیہ کا نمبر ۲۱ ہے ۔ اس میں میں قرآن و حدیث ' اجماع امت سے ختم نبوت کی حقیقت کو اجاگر کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی کا دعوی نبوت دراصل حضور علیہ السلام کے دین سے مکمل بغاوت کا دوسرا نام ہے ۔ قادیانی فتنہ اسلام کی بیخ کنی کے لئے سامراجی سازشوں کی ایک چال ہے ۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف انگریز کے دلوں کے بغض کو شیطان نے مرزا قادیانی جیسا ترجمان مہیا کردیا ۔ بلکہ شیطان مجسم کا دوسرا نام مرزا قادیانی ہے ۔

(19)

نام نبوت مع ایک ہزار روپیہ انعام
مصنف رفیق خان
صفحات ۶۴
سن اشاعت ۱۹۵۰ (اردو)

اس رسالہ میں ختم نبوت کے عنوان پر چالیس حدیثیں ' ان کا ترجمہ و تشریح درج کی گئی ہے ۔

Marfat.com

مصنف نے جگہ جگہ ضرورت کے مطابق مرزا قادیانی بدبخت کے حوالہ جات بھی نقل کئے ہیں۔ آخر میں انعام کا اعلان کیا ہے کہ ان حوالہ جات کو غلط ثابت کرنے والے کو ایک ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔

(20)

نام ختم نبوت
مصنف محمد دین وکیل گجراتی
صفحات ۴۳
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے اس رسالہ میں قرآنی آیات سے ثابت کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ رب العزت کے آخری نبی ہیں۔ اور ان کے بعد جماعت مومنین کے لئے آئندہ نوع انسانی کی ہدایت کے لئے کسی کتاب یا نبی یا مجدد کی ضرورت نہیں۔

کتاب کا سن اشاعت معلوم نہیں۔ بہت پرانی معلوم ہوتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مصنف احادیث پر اس طرح یقین نہیں جس طرح کہ ایک مسلمان کا ہونا چاہئے۔ منکر حدیث معلوم ہوتے ہیں۔

(21)

نام خاتم النبیین
مصنف شہاب الدین
صفحات ۳۶۴
سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

اس کے دو حصے کئے ہیں۔ پہلا حصہ ۲۲۴ صفحات اور دوسرا حصہ ۱۴۰ صفحات۔ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وصف خاص و طرہ امتیاز عقیدہ ختم نبوت نے تمام پہلوؤں پر بڑے اچھوتے انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں مرزا قادیانی کا دعوی نبوت اس کے متعلقات مرزائے عقائد باطلہ غرضیکہ تمام پہلو اس کتاب میں آگئے ہیں۔

Marfat.com

(22)

نام ختم نبوت از روئے آیات قرآنی احادیث رسول حقانی و اقوال مرزا قادیانی
مصنف نور محمد گھرجاکی
صفحات ۴۸
سن اشاعت ۱۹۳۲ (اردو)

اس میں چالیس آیات قرآنی، انچاس احادیث رسول حقانی صلی اللہ علیہ وسلم اور ۳۳ اقوال مرزا قادیانی سے ثابت کیا گیا ہے کہ نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر ختم اور بند ہے۔ آخر میں اجماع امت کے گیارہ حوالہ جات لکھے ہیں۔ ٹائیٹل کے آخری صفحہ پر پنجابی میں نظم ہے۔ اس رسالہ کا مقصد یہ ہے کہ مسئلہ ختم نبوت قرآن و حدیث سے ثابت ہے۔ خود مرزا قادیانی بھی اپنے دعوی نبوت سے قبل ختم نبوت کا قائل تھا۔ بعد میں مرتد ہو کر مدعی نبوت ہوا۔ لہٰذا وہ اور اس کے ماننے والے کافر و مرتد ہیں۔

(23)

نام ختم النبوۃ
مصنف محمد ایوب دہلوی
صفحات ۷۰
سن اشاعت ... (عربی)

مصنف قلم و قرطاس کے بادشاہ تھے۔ بات کو عام فہم اور اچھوتے انداز میں سمجھانے کا قدرت نے انہیں عجیب ملکہ دیا تھا۔ متعدد کتب و رسائل کے مصنف ہیں۔ ختم نبوت پر ان کے کتابچہ کا یہ زیر ایڈیشن ستر صفحات پر مشتمل ہے سوال و جواب کے طرز پر لکھا گیا ہے۔ پہلے ہندوستان اب کراچی سے شائع ہوا ہے۔

(24)

نام دو نبی، یعنی نبی صادق و نبی کاذب
مصنف محمد بشیر اللہ مظاہری
صفحات ۱۹۳
سن اشاعت ۱۹۵۷ (اردو)

پہلے حصہ میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مختصر حالات کے ساتھ آپ کی عالمگیر نبوت اور ختم نبوت کے دلائل پوری تفصیل سے پیش کئے گئے ہیں۔

Marfat.com

دوسرے حصے میں قادیان کے خود ساختہ نبی کے حالات کے ساتھ ان کی خانہ ساز وحی اور جھوٹی پیشینگوئیوں کی مدلل طور پر تردید کی گئی ہے۔ رنگون سے شائع ہوئی۔

(25)

نام　　شرائط نبوت
مصنف　　مولانا محمد ادریس کاندھلوی
صفحات　　۳۲
سن اشاعت　　۔۔ (اردو)

سچے نبی کے لئے ضروری ہے کہ اس کی عقل کامل ہو' حفظ کامل ہو' علم کامل ہو' عصمت کامل ہو' صداقت تامہ ہو' عدم توریث ہو' زہد کامل ہو' اعلیٰ حسب ونسب ہو' مرد ہو' اخلاق کامل ہو' یہ دس شرائط لکھیں اور قرآن و حدیث سے ثابت کیا کہ منجملہ دیگر اوصاف کے ان اوصاف کا ہونا ایک سچے نبی کے لئے ضروری ہے۔

اور ساتھ ہی مرزا قادیانی کی کتب سے ثابت کیا کہ ان اوصاف میں سے مرزا قادیانی میں ایک بھی نہیں پائی جاتی تھی۔ یہ رسالہ اپنے عنوان پر حرف آخر کا درجہ رکھتا ہے۔

(26)

نام　　فلسفہ ختم نبوت
مصنف　　مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی
صفحات　　۲۴
سن اشاعت　　۔۔ (اردو)

مصنف ایک بلند پایہ ادیب اور شعلہ نوا خطیب تھے۔ ان کے علم وادب [illegible] نہیں جا سکتے۔ ان کا قلم حق کا ترجمان اور کفر کے لئے تلوار تھا۔ [illegible] نے اپنی ملیہ ناز کتاب کی چوتھی جلد کے دوسرے ایڈیشن میں مایہ ناز مقالہ ایزاد کیا۔ [illegible] کتابی شکل میں متعدد اداروں نے شائع کیا۔

Marfat.com

(27)

نام　　لانبی بعدی
مصنف　　قاری عبد الحئ عابد
صفحات　　۴۰
سن اشاعت　　۱۳۸۸ھ (اردو)

اس رسالہ میں قرآن و حدیث سے مسئلہ ختم نبوت کی اہمیت کو اچھوتے انداز میں بیان کیا ہے۔ رسالہ کے آخر میں حیات عیسیٰ علیہ السلام پر ضمنی بحث ہے کہ ان کی تشریف آوری رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ رب العزت کے وہ نبی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے منصب نبوت سے سرفراز کیا تھا۔ اور یہ کہ ان کے تشریف لانے سے انبیاء علیہم السلام کی تعداد و گنتی میں اضافہ نہ ہو گا۔ اور یہ کہ وہ بحیثیت رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی کے تشریف لائیں گے نہ کہ بحیثیت نبی کے۔

(28)

نام　　مسئلہ ختم نبوت علم و عقل کی روشنی میں
مصنف　　مولانا محمد اسحاق سندیلوی
صفحات　　۱۹۰
سن اشاعت　　۱۳۸۷ھ (اردو)

اس میں مسئلہ ختم نبوت کو علم و عقل کی روشنی میں خوب سے خوب تر نفیس ترین انداز میں پیش کیا ہے۔ ایک منصف مزاج پڑھے لکھے عقل مند انسان کو سمجھانے کے لئے یہ مختصر کتاب کافی و شافی ہے۔

(29)

نام　　مسئلہ ختم نبوت اور مرزائیت
مصنف　　ڈاکٹر عبد اللہ اختر
صفحات　　۱۶
سن اشاعت　　-- (اردو)

ختم نبوت کا اثبات اور اس مسئلہ سے مرزائیت کا انحراف، تاویل، و زندقہ کی تفصیل لکھی گئی ہے۔

Marfat.com

(30)

نام مسئلہ ختم نبوت اور سلف صالحین
مصنف مولانا محمد نافع
صفحات ۴۴
سن اشاعت ستمبر ۱۹۵۲ (اردو)

روزنامہ الفضل ربوہ نے ایک خاتم النبیین نمبر شائع کیا جس میں اپنے عقیدۂ اجرائے نبوت کو ہی عقیدۂ ختم نبوت قرار دیا اور ثابت کرنا چاہا کہ تمام اکابرین وسلف اسی عقیدۂ کے ہم نوا تھے۔ مرزائیوں کے اس دجل و فریب کا پردہ چاک کرنے کے لئے اللہ رب العزت نے مصنف کو توفیق بخشی۔ انہوں نے اس رسالہ میں مرزائیوں کی سازش کو ناکام بنا دیا۔

(31)

نام نبوت ختم
مصنف محمد اقبال لودھی
صفحات ۲۶
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے اس رسالہ میں مرزائیوں کے اعتراضات کے جوابات کے سلسلہ میں معقول بحث کی ہے۔ حکومت پاکستان نے ان دنوں آغا شورش کاشمیری پر پابندی عائد کر رکھی تھی کہ وہ "چٹان" میں مرزائیت پر کچھ نہ لکھیں۔ انہوں نے حکومت پاکستان کی اطلاع کے لئے لکھا کہ وہ غیر متبدل اور بنیادی حقائق جو قدرت کاملہ نے ہر قسم کی نبوت ختم کر دیے جانے کے بارے میں وحی الٰہی کی زبان میں قرآن کریم میں محفوظ کر رکھے ہیں وہ پیش خدمت کر رہے ہیں۔

(32)

نام ختم نبوت اور تحریک احمدیت
مصنف غلام احمد پرویز
صفحات ۲۳۶
سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

معروف منکر حدیث مصنف نے اپنے اچھوتے اور منفرد انداز میں اپنے مکتبہ نظر سے مضمون کو خوب نبھایا ہے۔ پڑھے لکھے طبقہ اور خود قادیانیوں کے مطالعہ کے لئے مفید ہے۔ ایک غلام احمد قادیانی اور دوسرا غلام احمد پرویز۔ دوسرے نے پہلے کی خوب درگت بنائی ہے۔

Marfat.com

(33)

نام ختم نبوت کا قرآنی مفہوم
مصنف سعید بن وحید علیگ
صفحات ۱۳۶
سن اشاعت ۱۹۷۶ (اردو)

انجمن دیندار جن کے متعلق خیال ہے کہ اس کا بانی بھی مدعی نبوت تھا۔ اس لحاظ سے دیندار انجمن مرزائیت کی جڑواں بہن ہے۔ ان کی ماں بے دینی ہے اور باپ انگریز ہے۔ مرزا ناصر نے خطبہ جمعہ میں ختم نبوت سے متعلق بحث چھیڑی تو انجمن دیندار کے سعید بن وحید علیگ نے اس پر قلم اٹھایا اخبارات کے حوالہ جات کافی جمع کر دیئے ہیں جو ایک منفرد کام ہے۔ باقی مضمون کے متعلق آپ کہہ سکتے ہیں کہ جیسی روح ویسی فرشتے جیسے مرزا ناصر ویسے ہی انجمن دیندار۔

(34)

نام ختم نبوت
مصنف ابوالاعلیٰ مودودی
صفحات ۶۴
سن اشاعت مارچ ۱۹۶۲ (اردو)

مسئلہ ختم نبوت پر موصوف کا گراں قدر تحقیقی مقالہ ہے۔

(35)

نام ختم نبوت (تقریر)
مصنف سید عطاء اللہ شاہ بخاری
صفحات ۲۸
سن اشاعت ۱۰ر اپریل سنہ ۱۹۵۱ (اردو)

جامعہ خیر المدارس ملتان میں آپ کی تقریر کو قلم بند کر دیا گیا ہے۔

Marfat.com

(36)

نام ختم نبوت

مصنف غلام محمد شوخ

صفحات ۶۴

سن اشاعت -- (اردو)

مرزائیوں نے کھلے بندوں ڈھٹائی سے تحریری اعلان کیا کہ وہ ختم نبوت کے قائل ہیں۔ خاتم النبیین اپنے پرچہ کا نمبر شائع کیا۔ مصنف نے مرزائیوں کو ان کی کتابوں سے اس کتاب میں آئینہ دکھایا کہ محض لوگوں کے احتساب سے ڈر کر اپنا موقف کیوں تبدیل کرتے ہو۔ تمہاری کتابیں تمہارے کذب پر شاہد و ناطق ہیں۔

(37)

نام فص خاتم النبوۃ بعموم الدعوۃ وجامعۃ الشریعۃ

مصنف میر ابراہیم سیالکوٹی

صفحات صفحات

سن اشاعت ۳۲

-- (اردو)

مصنف ایک شہرۂ آفاق مناظر و محقق تھے۔ ان کی تصنیفات مضامین کی گہرائی کے اعتبار سے سمندر علم کا درجہ رکھتی ہیں۔ جو ان کی گہرائی کو پالے وہ موتیوں ہیرے اور جواہرات کا آڑھتی بن سکتا ہے۔ آپ نے اس رسالہ کے پہلے سولہ صفحات میں ختم نبوت کے ۳ قرآنی دلائل بیان فرمائے اور دوسرے ۱۶ صفحات میں ۵ قادیانی اعتراضات کا جواب دیا ہے۔ مختصر مگر جامع مانع رسالہ ہے۔ [illegible] کس درد و جذبہ سے مصنف نے لکھا ان کے اپنے الفاظ میں اس کو دیکھا جا سکتا ہے "خدا کی قسم کھاتا ہوں جس کے قبضہ میں میری جان ہے کہ میں نے اس کتاب کو خداداد بصیرت سے قرآن و حدیث کے نصوص بینہ سے بغیر کسی کھینچ تان کے خدا تعالیٰ کے ہاں اپنی ذمہ داری اور جواب دہی کو سامنے رکھ کر تبلیغ حق کی خالص نیت سے لوگوں کی ہدایت کے لئے لکھا ہے"

Marfat.com

(38)

نام ختم نبوت اور اظہار الحق
مصنف ڈاکٹر نظیر صوفی
صفحات ۸
سن اشاعت جون سنہ ۱۹۷۲ (اردو)

منکرین ختم نبوت کے لئے سرمہ بصیرت ہے۔

(39)

نام ختم نبوت کے جواز میں چند مستند حدیثیں
مصنف محمد لطیف
صفحات ۴
سن اشاعت -- (اردو)

ختم نبوت کی گیارہ مستند احادیث بمع ترجمہ پیش کی گئیں ہیں۔

(40)

نام ختم نبوت
مصنف غلام مرشد
صفحات ۱۶
سن اشاعت ۱۹ر اپریل سنہ ۱۹۳۵ (اردو)

اس موضوع پر موصوف کا انجمن حمایت الاسلام لاہور کے پچاسویں سالانہ اجلاس میں بصیرت افروز مقالہ جو خود انہوں نے پڑھ کر سنایا۔

(41)

نام قادیانی دجل کا جواب
مصنف قاضی مظہر حسین صاحب
صفحات ۲۶
سن اشاعت ۲۶ر دسمبر ۱۹۵۷ (اردو)

مکمل نام ہے قادیانی دجل کا جواب اور آیت خاتم النبیین کا صحیح مفہوم

Marfat.com

(42)

نام فتنہ مرزائیت اور مسئلہ ختم نبوت
مصنف مولانا محمد اکرم زاہد
صفحات ۳۲
سن اشاعت -- (اردو)

ملک عزیز الرحمٰن قادیانی کی ایک پریس کانفرنس کو موضوع بحث بنایا گیا ہے ۔

(43)

نام رسالہ ماہانہ بلاغ امرتسر کا ختم نبوت نمبر
مصنف حکیم شہاب الدین امرتسری
صفحات ۶۰
سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۲۶ (اردو)

مختلف حضرات کے مضامین پر مشتمل ہے ۔

(44)

نام ختم رسالت
مصنف مسلم بی اے
صفحات ۱۴۸
سن اشاعت -- (اردو)

محمد دین گجراتی لاہور میں قیام پذیر تھے ۔ ان سے مرزائی گفتگو کے لئے آتے جس میں مسلم بی اے بھی شریک ہوتے ۔ چند ایک مباحث میں حصہ لیا ۔ ان کو تحلیلی شکل میں مرتب کر دیا ۔ مرزائی طور پر فقیر نے دیکھا کوئی رائے قائم کرنا مشکل ہے ۔

(45)

نام خاتم
مصنف مشرف بریلوی
صفحات ۲۰
سن اشاعت -- (اردو)

مسئلہ ختم نبوت کو عمدہ پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے ۔

Marfat.com

(46)

نام دافع الاوحام فی اثبات نبوت خیر الانام
مصنف محمد عمر خان
صفحات ۱۸
سن اشاعت ۱۸۸۸ (اردو)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر قادیانیوں کے چند معروف شبہات کا اچھے انداز میں جواب دیا ہے۔

(47)

نام خاتم الانبیاء
مصنف سیف الاسلام
صفحات ۲۶۴
سن اشاعت -- (اردو)

عقلی و نقلی دلائل سے ثابت کیا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی شخص کے لئے نبی بننا ممکن نہیں۔

(48)

نام ختم نبوت
مصنف شہید مرتضیٰ مطہری
صفحات ۸۰
سن اشاعت محرم سنہ ۱۴۰۴ھ (اردو)

انقلاب ایران کی پانچویں سالگرہ پر ایران حکومت کی طرف سے یہ شائع کی گئی۔

(49)

نام فتنہ انکار ختم نبوت
مصنف پیر کرم شاہ صاحب
صفحات ۶۴
سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۸۴ (اردو)

Marfat.com

۲ر ۳ اپریل سنہ ۸۴ کو دعوت اسلامیہ کے زیر اہتمام چنیوٹ میں تاجدار ختم نبوت کے زیر اہتمام ختم نبوت کانفرنس تھی اس موقعہ پر ادار ضیاء القرآن نے پیر صاحب کا یہ اداریہ جو ماہنامہ ضیاء القرآن میں پہلے شائع ہو چکا تھا۔ شائع کیا جو مرزائی پمفلٹ ۱۔ مقام محمدت کی تفسیر ۲۔ آزاد کشمیر اسمبلی کی ایک قرار داد پر تبصرہ کا جواب ہے۔

(50)

نام المبین ختم النبیین
مصنف مولانا احمد رضا خان

صفحات ۲۵

سن اشاعت ۱۳۲۶ھ (اردو)

مولانا ابو الطاہر نبی بخش نے بہار سے ایک سوال درباره ختم نبوت تحریر کیا جس کا جواب یہ رسالہ ہے۔ مجموعہ رسائل رد مرزائیت از قلم مولانا احمد رضا خان کے آخر میں یہ رسالہ شریک اشاعت ہے اس کے آخری صفحہ ۲۵ پر عبارت کا تسلسل بتاتا ہے کہ مضمون جاری ہے اور ناشر نے بھی (نامکمل دستیاب ہوا) کا نوٹ لگایا ہوا ہے۔ نہ معلوم کہ اصل رسالہ کے کتنے صفحات ہیں۔

(51)

نام جزاء اللہ عدوہ بلباۂ ختم نبوت
مصنف مولانا احمد رضا خان

صفحات ۱۱۱

سن اشاعت ۱۳۱۷ (اردو)

دشمن خدا کے ختم نبوت کا انکار کرنے پر خدائی سزا اس کے نام کا ترجمہ ہے۔ ختم نبوت عنوان پر مفید بحث ہے۔ مرزائیت کے خوب بخیئے ادھیڑے گئے ہیں۔ آخر میں مختلف علماء کرام کے فتوی جات شامل اشاعت ہیں۔

(52)

نام عقیدۂ ختم نبوت
مصنف راؤ شمشیر علی خان

صفحات ۳۳۱

سن اشاعت اکتوبر سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت بیان کر کے مرزائیت کے خد و خال اور عقائد و افکار کو بیان کیا

Marfat.com

(53)

نام خاتم النبیین
مصنف محمد شریف خالد رضوی
صفحات ۴۲
سن اشاعت --- (اردو)

قرآن وحدیث سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے ثبوت اور مرزائی امت کی ہفوات کا شافی و کافی جواب دیا گیا ہے۔

(54)

نام مولانا محمد قاسم نانوتوی" کا عقیدۂ ختم نبوت
مصنف امجد القادری
صفحات ۴۸
سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۸۳ (اردو)

حضرت نانوتوی کی ایک ناتمام عبارت پیش کر کے مرزائی اور چند نافہم قسم کے لوگ استدلال کرتے ہیں کہ مولانا موصوف اجرائے نبوت کے قائل تھے۔ اور براہو تعصب و غلط بر آری کا کہ تین عبارتیں مختلف مقامات کی ملا کر اس سے یہ غلط استدلال قائم کیا جاتا ہے۔ حالانکہ مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی نے متذکرہ عبارت کی اپنے زمانہ میں خود ہی تشریح کر کے کہا تھا کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی بھی قسم کے مدعی نبوت کو میں کافر سمجھتا ہوں۔ یہ تمام تر تفصیلات مناظرہ عجیبہ میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ زیر نظر رسالہ میں بھی اسی مضمون پر خامہ فرسائی کر کے حضرت نانوتوی" کے عقیدہ دربارہ ختم نبوت کو ان کی تحریرات کی روشنی میں واضح کیا گیا ہے۔

(55)

نام ختم نبوت
مصنف ملک محمد اکبر خان ساقی
صفحات ۱۶
سن اشاعت ۳۰ر نومبر سنہ ۱۹۶۸ (اردو)

نہایت سادہ اور عام فہم طریقہ سے قرآن وحدیث اور اقوال علماء سے مسئلہ ختم نبوت کی حقیقت کو بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

Marfat.com

(56)

نام اتمام الحجۃ عقیدۃ الختم النبوۃ
مصنف ضیاء البخاری
صفحات ۷۲
سن اشاعت -- (اردو)

مرزائیوں کے مشق ستم اسلاف امت پر قادیانی افترا پردازی اور نام نہاد جماعت احمدیہ کے دجل و تلبیس کا علمی محاسبہ ۔

(57)

نام حجت بر ختم نبوت
مصنف اخوند زادہ محمد حسین خان
صفحات ۱۶ سن اشاعت -- (اردو)

قرآن وحدیث اجماع امت سے مسئلہ ختم نبوت پر مختصر مگر جامع دلائل جمع کرکے مرزائیت کو نہایت اچھے انداز میں تردید کی گئی ہے ۔

(58)

نام خاتم النبیین
مصنف امام الدین واعظ بخاری
صفحات ۴۰
سن اشاعت -- (پنجابی)

مرزا قادیانی نے ان تمام بنیادی عقائد کی جو اسلام کے خلاف تھے منظوم پنجابی زبان میں تردید کی گئی ہے ۔

(59)

نام خاتم النبیین
مصنف سید محمد رفیع الدین
صفحات ۱۱۲
سن اشاعت ۱۹۳۱ (اردو)

صاحب ختم نبوت کے فضائل و برکات ضمنی طور پر رد قادیانیت کے بھی مفید مطالب و مباحث آگئے ہیں ۔

Marfat.com

(60)

نام مسئلہ ختم نبوت کا ایک تقابلی مقالہ
مصنف ریحانہ فردوس
صفحات ۱۸۷
سن اشاعت مئی سنہ ۱۹۷۵ (اردو)

عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت بیان کر کے یہودیت و مسیحیت سے اسلام کے اس عقیدہ کا تقابل پیش کیا گیا ہے۔ جگہ جگہ قادیانیت کی تردید بھی اس میں آگئی ہے۔

(61)

نام خاتم النبیین
مصنف محمد مخدوم
صفحات ۵۶
سن اشاعت --- (پنجابی)

موصوف کی کتاب ہدی للمتقین کا ضمیمہ جس کا نام خاتم النبیین ہے جو صفحہ ۲۸۴ سے شروع ہو کر ۳۳۸ پر ختم ہوتا ہے۔ پنجابی زبان میں گراں قدر مواد جمع کر دیا گیا ہے۔

(62)

نام ضرب اکبر خاتم النبیین
مصنف چوہدری محمد اکبر علی فاضل
صفحات ۸
سن اشاعت --- (اردو)

عقیدہ ختم نبوت کی اہمیت پر مشتمل ہے۔

(63)

نام تحمیر الالوۃ لتجبیر ختم النبوۃ
مصنف عنایت اللہ اثری
صفحات ۴۲
سن اشاعت --- (اردو)

اس کتاب میں ختم نبوت و رسالت پر ۸ آیتوں، ۴۲ حدیثوں اور ۳ آثار کو پیش کیا گیا ہے اور یہودیوں پادریوں کے بیانات اس کے علاوہ ہیں۔ جھوٹے مدعیان نبوت کو دجال کذاب اور خارج از

Marfat.com

اسلام بتلایا گیا ہے۔

(64)

نام عقیدہ ختم نبوت بالنبوۃ المحمدیہ
مصنف احمد بن سعد بن حمدان الغامدی
صفحات ۳۳۴
سن اشاعت ۱۳۹۸ھ (عربی)

اس کتاب کے کل پانچ ابواب ہیں۔ باب اول کی چار فصلیں ہیں۔
فصل اول۔ ختم نبوت کی لغوی و شرعی تعریف۔
فصل دوم۔ کتاب و سنت آثار صحابہ اور آج تک امت کے اجماع کی تفصیل
فصل سوم۔ ختم نبوت کا عقیدہ سابقہ کتب کی روشنی میں۔
فصل چہارم۔ خصائص امت محمدیہ اور عقیدۂ ختم نبوت
خاتمہ باب اول۔ عقیدۂ ختم نبوت پر ائمہ احناف کے جوابات۔
باب ثانی۔ میں شیعہ امامیہ کی عقیدہ ختم نبوت سے متعلق کچھ تاویلات کے جوابات۔
باب ثالث۔ میں عباسی و اموی دور میں مدعیان نبوت کے تعاقب کی تفصیل۔
باب رابع۔ بابیت۔ بہائیت۔ قادیانیت کی اس عقیدہ کے خلاف تحریکات۔ ان کے [illegible] جوابات۔

باب خامس۔ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے امت محمدیہ کی ذمہ داریاں۔
خاتمۃ الکتاب۔ تمام مباحث کے نتائج پر یہ کتاب مشتمل ہے مصنف نے بڑی [illegible] موضوعات کو اجاگر کیا ہے۔

(65)

نام ختم نبوت
مصنف یوسف سلیم چشتی
صفحات ۴۴
سن اشاعت --- (اردو)

ختم نبوت کی اہمیت اور مرزا قادیانی کے انکار و انحراف کی داستان کو بیان کیا گیا ہے۔ [illegible] درج ہیں تاہم سنہ ۱۹۳۱ء سے سنہ ۱۹۴۹ء تک کے زمانہ کا علم ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

(66)

نام ختم نبوت پر ایک نظر

مصنف پروفیسر ایم جے آغا خان

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۵ جولائی سنہ ۱۹۶۰ (اردو)

نام سے ہی مضمون واضح ہے۔

(67)

نام آخری نبی

مصنف مولانا محمد اسحاق

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۳۹۹ھ (اردو)

عقلی و نقلی دلائل سے مولانا موصوف نے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کو عمدہ پیرایہ میں ثابت کر کے مرزائیوں کو خیر خواہانہ مشورہ دیا کہ وہ مرزا قادیانی کی اطاعت کا طوق لعنت گردن سے اتار پھینکیں۔

(68)

نام خاتم النبیین

مصنف مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری۔ مترجم۔ مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات فارسی اردو ۳۲۵

سن اشاعت ۱۳۹۹ھ (فارسی و اردو)

حجت الاسلام مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ کی زندگی کی آخری تصنیف بزبان فارسی جو ایک سو صفحات پر مشتمل تھی۔ یہ صرف آیت کریمہ خاتم النبیین کی تفسیر و تشریح پر مشتمل ہے۔ اس آیت کے سلسلہ میں مرزائیوں کے الحاد۔ زندقہ کفر و ارتداد آمیز مغالطوں کا جواب دیا گیا ہے۔

اس کا اردو ترجمہ شیخ الاسلام مولانا محمد یوسف بنوریؒ کی خواہش و حکم پر مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے کیا ہے جسے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی شعبہ نشر و اشاعت ملتان، پاکستان نے شائع کیا ہے۔ متن و ترجمہ سمیت سوا تین سو صفحات پر محیط ہے۔

(69)

نام ختم نبوت اور بزرگان امت

Marfat.com

مصنف مولانا لال حسین اختر

صفحات ۳۲

سن اشاعت ط ہشتم ۱۹۸۳ (اردو)

عرصہ ہوا مرزائیوں نے ایک پمفلٹ شائع کیا تھا جس میں اکابرین امت حضرت عائشہؓ ۔ شیخ اکبر محی الدینؒ، شیخ جلال الدین رومیؒ، سید عبد الکریم جیلیؒ، علامہ شعرانیؒ، الشیخ الطاہرؒ، شاہ ولی اللہ دہلویؒ، حضرت مجدد الف ثانیؒ، مولانا عبد الحی لکھنویؒ، نواب صدیق حسن خانؒ، مولانا محمد قاسم نانوتویؒ حضرت ملا علی قاریؒ ایسے حضرات کے متعلق ثابت کیا کہ نعوذ باللہ یہ سب حضرات اجرائے نبوت کے قائل تھے ۔ مصنف نے یہ رسالہ ان کے رد میں تحریر کیا۔ اور ثابت کیا کہ پوری امت میں سے ایک فرد ایسا ثابت نہیں کیا جا سکتا جو ختم نبوت کا قائل نہ ہو ۔ چودہ سو سال سے پوری امت ختم نبوت کے مسئلہ پر متفق و متحد چلی آ رہی ہے ۔ بد بخت انسان مرزا قادیانی جس کا سلسلہ نسب مسیلمہ کذاب سے ملتا ہے وہ اور اس کی ذریت لاکھ کوشش کرے وہ امت کے ایک فرد کو اجرائے نبوت کا قائل ثابت نہیں کر سکتے ۔ ان بزرگان سے متعلق مرزائیوں کے تمام تر سوالات کا کافی شافی ۔ دندان شکن ۔ کفر توڑ جواب موجود ہے ۔

آٹھویں بار ۱۹۸۳ میں شائع ہوئی بلا مبالغہ آج تک لاکھوں کی تعداد میں شائع کر کے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے اسے تقسیم کیا۔

(70)

نام مقالہ اسلام میں عقیدۂ ختم نبوت

مصنف مولانا فضل حق پشاوری

صفحات ۸

سن اشاعت ۶ ر جون ۱۹۸۱ (اردو)

مصنف نے دور روزہ صوبائی علماء کنونشن پشاور میں ۶ ر جون سنہ ۱۹۸۱ کو یہ مقالہ پڑھا جسے پمفلٹ کی شکل میں مجلس تحفظ ختم نبوت پشاور نے شائع کر دیا۔

(71)

نام ہدیہ المہدین فی آیہ خاتم النبیین

مصنف مولانا مفتی محمد شفیع

صفحات ۴۰

سن اشاعت ط ۱، ۱۳۴۲ھ ط ۲، ۱۹۷۶ء (عربی)

Marfat.com

عربی زبان میں آیات قرآنی ' احادیث نبویہ ' اجماع امت سے مسئلہ ختم نبوت کو واضح کیا گیا ہے۔ اس کے تین حصے ہیں ۔ ختم نبوت فی القرآن اس میں ۳۳ آیات قرآنی کی تفسیر و توضیح اور اس پر مرزائی اعتراضات کے جواب ہیں ۔ ختم نبوت فی الحدیث ۔ اس میں ۱۴۲ احادیث کی توضیح و تشریح کی گئی ہے ۔ ختم نبوت بالاجماع اس میں اکابرین صحابہ کرامؓ سلف صالحین کے اقوال درج کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ چودہ سو سال سے امت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ جو شخص رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعوی کرے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے ۔

(72)

نام الاربعین

مصنف مفتی محمد شفیع

صفحات ۳۲

سن اشاعت --- (اردو)

مجلس کوئٹہ سکھر نے چالیس احادیث کا متن و ترجمہ درباره ختم نبوت پمفلٹ کی شکل میں شائع کیا۔

(73)

نام حضور علیہ السلام کے بعد نبوت ختم ہے ۔ تشریعی ہو خواہ غیر تشریعی

مصنف مجلس کوئٹہ

صفحات ۸

سن اشاعت --- (اردو)

مضمون واضح ہے ۔

(74)

نام ختم نبوت

مصنف مجلس کوئٹہ

صفحات ۴

سن اشاعت --- (اردو)

ختم نبوت پر جامع مانع مختصر بحث کی گئی ہے ۔

(75)

نام خاتم النبیین (ہدیہ بخدمت حضرت ابوبکر صدیقؓ)

Marfat.com

مصنف --

صفحات ۴

سن اشاعت -- (اردو)

مجلس کوئٹہ نے شائع کی ہے ۔

(76)

نام عالمگیر نبوت

مصنف مولانا شمس الحق افغانی

صفحات ۳۲

سن اشاعت -- (اردو)

مصنف" علوم انوری کے وارث تھے ۔ آپ حکومت کے متعدد عہدوں پر فائز رہے ۔ جامعہ اسلامیہ بہلول پور کے شیخ التفسیر تھے اس زمانہ میں آپ کی ایک تقریر کو مرتب کر کے عالمی مجلس احمد پور شرقیہ نے شائع کیا جس میں ثابت کیا گیا کہ عالمگیر مذہب اسلام ہے جو حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کی واضح اور بین دلیل ہے ۔

(77)

نام ہم تحفظ ختم نبوت کا کام کیسے کریں

مصنف طاہر رزاق

صفحات ۳۲

سن اشاعت جون سنہ ۱۹۹۰ (اردو)

نیا خون بہرحال گرم بھی ہوتا ہے اور مستعد بھی ۔ ہمارے بزرگ اکابر جس کام کی ضرورت سمجھتے اس پر لگ جاتے ۔ جو ضرورت درپیش ہوتی اسے پورا کرنے کے لئے سب کچھ داؤ پر لگا دیتے ۔

اب نوجوان خون منصوبہ بندی کا خواہش مند اور خواہاں ہے اور واقعتاً ان حالات میں [illegible] ضرورت بھی ہے ۔ م ص ن ف پڑھے لکھے جدید تعلیم یافتہ اور نوجوان ہیں ۔ نوجوان خون کی [illegible] احترام کرتے ہوئے عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے منصوبہ بندی سے جن گوشوں میں کام کرنے کی ضرورت تھی اس پر یہ کتابچہ تحریر کر کے ایک ضرورت کو پورا کر دیا ہے ۔ اب اس محاذ پر کام کرنے والے رفقاء کا فرض ہے کہ وہ اسے پڑھیں اور اس کے مندرجات پر عمل کریں ۔ اصل کام تو عمل ہے اللہ رب العزت توفیق بخشیں ۔

Marfat.com

(78)

نام آفتاب نبوت در رد مرزائیت
مصنف چوہدری محمد سرفراز خاں امیر مجلس کالرہ کلاں
صفحات ۲۸۸
سن اشاعت سنہ ۱۹۵۹ (اردو)

ایک سو دلائل سے مسئلہ ختم نبوت کو قرآن و حدیث اور اقوال مرزا صاحب سے واضح اور ثابت کیا گیا ہے۔

(79)

نام عقیدہ ختم نبوت
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۳۲
سن اشاعت اکتوبر سنہ ۱۹۸۹ (اردو)

۷ ر ۸ اکتوبر سنہ ۸۹ کو امریکہ میں ختم نبوت کانفرنس تھی۔ جس میں پڑھنے کے لئے مصنف نے یہ مقالہ تحریر فرمایا۔ پورا نام ہے " عقیدۂ ختم نبوت کتاب وسنت واجماع کی روشنی میں "اس میں آیت کی مختصر توضیح و تشریح کے بعد کے دس احادیث متواترہ ' علماء امت کی تصریحات ' فقہائے ملت کے فتوی جات ' نقل کر کے عقیدۂ ختم نبوت کی اہمیت کو واضح کیا گیا ہے۔

Marfat.com

باب دوم

حیات عیسیٰ علیہ السلام

نوٹ

اس باب میں نمبر شمار ۸۰ سے ۱۵۸ تک کل ۷۹ کتابوں کا تعارف شامل ہے حسن اتفاق کہ باب اول و باب دوم میں شامل تعارف کتابوں کی تعداد یکساں ہے - یعنی ۷۹ - ۷۹

اس باب میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعات کی تعداد ۷ ہے جو نمبر ۱۵۲ سے ۱۵۸ تک درج ہیں -

Marfat.com

(80)

نام الحق الصریح فی حیات المسیح
مصنف ماسٹر محمد ابراہیم
صفحات ۱۴۰
سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

حیات عیسیٰ علیہ السلام پر علمی مفید بحث کی گئی ہے۔ مرزائی وساوس کا خوب ازالہ کیا گیا ہے۔

(81)

نام الخطاب المليح فی تحقیق المهدی والمسیح
مصنف مولانا اشرف علی تھانوی
صفحات ۳۲
سن اشاعت -- (اردو)

قادیانی چند شبہات کا عالمانہ و حکیمانہ جواب تحریر فرمایا ہے۔

(82)

نام ابن مریم زندہ ہیں حق کی قسم
مصنف ماسٹر محمد ابراہیم
صفحات ۳۲
سن اشاعت ۱۹۶۳ (اردو)

مرزائیت کسی عقیدہ یا مذہب کا نام نہیں بلکہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین متین سے مکمل بغاوت کا دوسرا نام ہے۔ مرزا قادیانی نے آپؐ کی ہر بات میں مخالفت و مخاصمت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ نے قسم اٹھا کر ارشاد فرمایا والذی نفس محمد بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم۔ مرزا قادیانی نے حضور علیہ السلام کی قسم کے مقابلہ میں قسم اٹھا کر کہا "حق کی قسم مرگیا ابن مریم" مرزا قادیانی کی اس بکواس کا جواب یہ کتابچہ ہے۔

Marfat.com

(83)

نام الکتاب والحکمۃ
مصنف سلطان احمد خاں
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

دھرم کوٹ رندھاوا ضلع گورداسپور کے اس مصنف نے " الکتاب والحکمۃ " سے حیات عیسی علیہ السلام پر زبردست دلیل قائم کی ہے ۔

(84)

نام الکلام الفصیح فی تحقیق حیات المسیح
مصنف السید محمد عرب مکی حنفی قادری
صفحات ۷۰
سن اشاعت ۱۹۳۰ (اردو)

حیات حضرت عیسی علیہ السلام اور ان کے رفع جسمانی کو قرآن کریم سے ثابت کیا ہے اور قادیان کے مدعی نبوت مرزا غلام قادیانی کے کذب و افترا کے ثبوت میں نہایت روشن دلائل اور محققانہ مباحث درج کئے ہیں ۔ تاریخی نام ابواب تردید غلام احمد قادیانی ہے جس سے سن اشاعت سنہ ۱۹۳۰ء نکلتا ہے ۔ ۔

(85)

نام القول المحکم فی نزول ابن مریم
مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی
صفحات ۴۰
سن اشاعت ۱۳۷۳ھ (اردو)

مصنف کے قلم مبارک سے نزول عیسی علیہ السلام پر اس کتاب میں ایسے علمی مباحث شاندار ' آسان ' عام فہم ' اور سادہ زبان میں آگئے ہیں کہ اسے پڑھ کر شاید ہی کوئی محروم القسمت انسان ہو جسے یہ مسئلہ سمجھ میں نہ آئے ۔ ورنہ مولانا نے سمجھانے کا حق ادا کردیا ہے ۔ اس میں مرزائی اعتراضات کے جوابات بھی ہیں ۔

Marfat.com

(86)

نام — افادۃ الافہام (۲ جلد)

مصنف — مولانا محمد انوار اللہ خاں

صفحات — ۳۷۷

سن اشاعت — ۱۳۲۵ھ (اردو)

مرزا قادیانی کی ایک کتاب کا نام ازالہ اوہام ہے لیکن حقیقت میں اوہام باطلہ کا بدترین مرقع و خزانہ ہے۔ امت محمدیہ ؐ کے متعدد حضرات نے اس کا جواب لکھا۔ قاضی سلیمان منصور پوری نے غایۃ المرام و تائید الاسلام ' قاضی فضل احمد نے کلمہ فضل رحمانی اور مولانا محمد انور اللہ خان نے افادہ الافہام لکھی۔

افادۃ الافہام کی بڑے سائز کی دو جلدیں ہیں۔ پہلی جلد ۳۷۶ صفحات اور دوسری جلد ۳۶۰ صفحات پر مشتمل ہیں۔ جلد دوم کے آخر میں سن تصنیف اس شعر سے لیا گیا ہے۔

اہل حق کو ہے مژدہ جان بخش
قادیانی کا رد خوش اسلوب
ہے معلی یہ اس کا سال طبع
ہوئی تردید اہل باطل خوب
(۱۳۲۵)
ھ

رد قادیانیت پر کام کرنے والے حضرات دونوں جلدوں کے صرف انڈکس ہی پڑھ لیں تو پھڑک اٹھیں گے کہ شاید ہی مرزائیت کا پھیلایا ہوا کوئی ایسا "وہم" ہو جس کا اس کتاب میں جواب موجود نہ ہو۔ مرزا قادیانی کے اوہام باطلہ کا قران و حدیث کی روشنی میں جواب دیا گیا ہے۔ جگہ جگہ مرزا قادیانی کو اس کی اپنی تحریروں کی زنجیر میں جکڑا گیا ہے۔ تحریر میں کہیں تلخی نام کی کوئی چیز آپ کو نہ ملے گی۔

دلائل گرم ' الفاظ نرم کا حسین و جمیل مرقع ہے۔ اللہ رب العزت کی کروڑوں رحمتیں ہوں مصنف مرحوم پر جنہوں نے مرزا قادیانی کو چاروں شانوں چت کیا ہے۔ مصنف موصوف صوبہ جات دکن کے مذہبی امور کے صدر الصدور (چیف جسٹس) جہاندیدہ عالم دین ' دینی ' دنیوی علوم کے حامل تھے۔ مرزا قادیانی کی تردید میں قدرت کا عطیہ تھے کتاب کو لکھے ہوئے ایک صدی بیتنے کو ہے اس کے بعد اس عنوان پر کئی کتابیں لکھی گئیں۔ مگر یہ حرف آخر کا درجہ رکھتی ہے۔

Marfat.com

(87)

نام الخبر الصحیح عن قبر المسیح
مصنف مولانا ابراہیم سیالکوٹی
صفحات ۲۴
سن اشاعت ۱۳۲۵ (اردو)

حضرت عیسی علیہ السلام کی قبر ثابت کرنے کے لئے مرزا قادیانی کو کیا کچھ فراڈ کرنے پڑے ان سب اوہام کا جواب اس رسالہ میں ہے۔

(88)

نام عقیدۃ الاسلام فی حیات عیسی علیہ السلام
مصنف سید محمد انور شاہ کشمیری
صفحات ۲۲۰
سن اشاعت -- (عربی)

حضرت شاہ صاحب کی حیات عیسی علیہ السلام پر معرکہ الاراء تصنیف ہے۔ پہلے دار العلوم دیوبند اور بعد میں کراچی سے شائع ہوئی۔

اس کا تا حال اردو ترجمہ نہیں ہوا۔ اگر ہو جائے تو امت کے لئے گراں قدر علمی خزانہ ہو گا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان ملتان کے شعبہ نشر و اشاعت کے ناظم مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے آمادگی ظاہر کی ہے۔ خدا کرے کہ ایسا ہو جائے۔

(89)

نام علامات قیامت اور نزول مسیح علیہ السلام
مصنف مترجم مفتی محمد رفیع عثمانی
صفحات ۱۷۵
سن اشاعت ۱۳۹۹ھ (اردو)

حضرت مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ نے "التصریح بما تواتر فی نزول المسیح" عربی میں ایک کتاب ترتیب دی۔ جس کی تبویب مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم نے اور تخریج شام کے عالم دین پروفیسر ابو غدہ نے کی۔ جسے عالمی مجلس نے شائع کیا۔

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی نے اردو ترجمہ کر کے "علامات قیامت اور نزول مسیح" کے نام سے اسے شائع کیا۔ جس میں نزول عیسی علیہ السلام کی ایک سو سولہ احادیث نبویہ کا نادر مجموعہ اور

Marfat.com

بیشتر علامات قیامت کی ایمان افروز تفصیلات ہیں ۔ ترجمہ اور تشریح کر کے اسے ایک مستقل کتاب بنادیا گیا ہے ۔

اس کے تین حصے ہیں ۔ پہلے حصہ میں احادیث نزول کا ترجمہ و تشریح ہے ۔

دوسرے حصہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی علامات کا مقابلہ مرزا قادیانی کے حالات سے کیا گیا ہے ۔ جو مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم کا ایک مستقل رسالہ ہے " مسیح موعود کی پہچان " اسے اس کتاب کا حصہ بنایا گیا ہے ۔ تیسرا حصہ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی کا تالیف کردہ ہے جس میں تمام علامات قیامت ایک خاص انداز پر مرتب کی گئی ہیں ۔

(90)

نام حیات عیسیٰ علیہ السلام

مصنف مولانا محمد صمرالدین

صفحات ۱۳۵

سن اشاعت -- (اردو)

قرآن و حدیث ' اجماع امت ' تفسیر ' لغت اور دیگر علوم متداولہ ائمہ و محدثین اور فقہاء وغیرہ کے حوالہ جات سے حیات عیسیٰ علیہ السلام پر سیر حاصل بحث کی ہے ۔ اور ساتھ ہی تاریخ مرزائیت پر بھی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے ۔ اپنی نوعیت کی خوب سے خوب تر کتاب ہے ۔

(91)

نام حضرت عیسیٰ کا رفع اور آمد ثانی

مصنف حبیب اللہ کلرک

صفحات ۲۰

سن اشاعت نومبر سنہ ۱۹۳۴ (اردو)

مرزا قادیانی اور اس کے مریدوں نے حافظ ابن تیمیہ " ' حافظ ابن قیم " ' شیخ محی الدین ابن عربی " ' ابن حزم ظاہری " وغیرہم اکابر کے متعلق لکھا کہ وہ بھی حیات عیسیٰ علیہ السلام کے منکر تھے ۔ اس رسالہ میں ان حضرات کی کتابوں کے حوالہ جات سے مرزا قادیانی کے کذب و افترا کا پردہ چاک کیا گیا ہے ۔

Marfat.com

(92)

نام حقیقت المسیح
مصنف حضرت مونگیری
صفحات ۶۴
سن اشاعت -- (اردو)

مسیح علیہ السلام کی علامات و نشانیوں کو دلائل و براہین سے واضح کرکے مسیح کاذب (مرزا قادیانی) کی حالت کو ان پر منطبق کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی جعلی مسیح تھا۔ اس کا حقیقی مسیح سے قطعا کوئی واسطہ نہیں ۔ نیز یہ کہ مسیح علیہ السلام کی ایک علامت بھی مرزا قادیانی میں نہیں پائی جاتی تھی ۔

(93)

نام حیات عیسیٰ علیہ السلام
مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی
صفحات ۱۴۴
سن اشاعت -- (اردو)

مکمل نام کلمۃ اللہ فی حیات روح اللہ **ملقب** ۔ حیات عیسیٰ علیہ السلام ہے ۔ اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا جسم عنصری کے ساتھ آسمان پر زندہ اٹھایا جانا اور اس وقت تک آسمان میں زندہ رہنا اور آخر زمانے میں آسمان سے نازل ہونا قرآن مجید ' احادیث نبویہ اور اجماع امت کے دلائل سے ثابت کیا گیا ہے ۔

دیباچہ میں " امکان رفع الی السماء " پر متعدد دلائل و شواہد پیش کر کے ثابت کیا ہے کہ آسمان پر جانا اور آسمانوں سے نزول ' ممکنات میں سے ہے ۔

اس رسالہ پر محدث عصر مولانا محمد انور شاہ کشمیری ' مولانا شبیر احمد نے تقاریظ لکھی ہیں ۔

(94)

نام حلیہ مسیح
مصنف حبیب اللہ کلرک
صفحات ۲۴
سن اشاعت ۱۹۳۴ (اردو)

حلیہ مسیح ' ایک غلطی کا ازالہ ' حضرت مسیح کا رفع و آمد ثانی ۔
ان تین عنوانات پر مشتمل یہ ایک رسالہ ہے ۔

Marfat.com

" حلیہ مسیح " قرآن وحدیث سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حلیہ و اوصاف کی تفصیلات بیان کر کے مرزا قادیانی کا بطلان اور ان کے اعتراضات کو لغو ثابت کیا ہے۔

" ایک غلطی کا ازالہ " اس عنوان کے تحت لوکان موسیٰ و عیسیٰ حیان کی تحقیق کر کے مرزائی اعتراض کا جواب دیا ہے۔

" حضرت مسیح کا رفع اور آمد ثانی " اس عنوان کے تحت حضرت امام عبدالوھاب شعرانی کی تحریرات سے ثابت کیا ہے کہ وہ بھی پوری امت کی طرح حیات عیسیٰ علیہ السلام کے قائل تھے۔ مرزا قادیانی اور اس کے مریدوں نے بے پر کی اڑائی ہے۔

نام	حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا حج کرنا اور مرزا قادیانی کا بغیر حج کے مرنا
مصنف	حبیب اللہ کلرک
صفحات	۲۴
سن اشاعت	۱۹۳۴ (اردو)

اس میں احادیث نبویہ سے ثابت کیا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد حج کریں گے ' جبکہ مرزا قادیانی نے حج نہیں کیا۔ یہ اس کے جھوٹے ہونے کی دلیل ہے۔

" خادم غلام احمد قدنی اور عاشق حضرت احمد مدنی " کا عنوان قائم کر کے سوالاً جواباً مرزائی اعتراضات کے جوابات دیے گئے ہیں۔

علامہ قاضی سلمان منصور پوری رحمہ اللہ مصنف رحمت للعالمین کی کتاب تائید اسلام حصہ دوم صفحہ ۱۳۴ کے حوالہ سے قاضی سلمان منصور پوری کی یہ پیشینگوئی نقل کی ہے۔

" میں نہایت جزم کے ساتھ بلآواز بلند کہتا ہوں کہ حج بیت اللہ مرزا صاحب کے نصیب میں نہیں۔ میری اس پیشینگوئی کو سب صاحب یاد رکھیں "

۲۶ر مئی سنہ ۱۹۰۸ء بمرض ہیضہ مرزا قادیانی کی بغیر حج موت نے قاضی سلیمان منصور پوری کی پیشینگوئی کو حرف بحرف سچا ثابت کردیا۔

Marfat.com

(96)

نام حضرت مسیح کی قبر کشمیر میں نہیں
مصنف مولانا حبیب اللہ کلرک
صفحات ۶۴
سن اشاعت فروری ۱۹۳۳ (اردو)

مرزا غلام احمد قادیانی کے جھوٹوں میں سے ایک جھوٹ یہ ہے کہ اس نے کہا کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر کشمیر میں ہے۔

اس رسالہ میں ثابت کیا گیا ہے کہ شہر سرینگر کشمیر کے محلہ خانیار میں جو قبر ہے وہ شہزادہ یوز آسف کی ہے نہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی۔

مرزا قادیانی کی امت ہزار جتن کرے وہ اس قبر کو قبر مسیح ثابت نہیں کر سکتی۔

(97)

نام حالات عیسیٰ رسول ربانی و تردید اوہام قادیانی
مصنف عبد اللہ چکڑالوی
صفحات ۱۶۴
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف معروف منکر حدیث تھے۔ جو اپنے آپ کو اہل قرآن کہتے ہیں۔ انہوں نے قرآن مجید سے اپنی دانست کے مطابق حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کے حالات و واقعات کو جمع کر دیا ہے۔ مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ذات اقدس آپؑ کے معجزات، آپؑ کے خاندان، حالات و واقعات کے متعلق جو واہیات اعتراضات و شبہات پیش کئے تھے ان تمام کا اس میں قرآن مجید کی رو سے انہوں نے جواب دیا ہے۔ مرزا قادیانی کے اوہام باطلہ کو اپنے نقطہ نظر سے خوب تار تار کیا ہے۔

(98)

نام حیات عیسیٰ علیہ السلام اور مرزا قادیانی کا اقرار و انکار
مصنف ڈاکٹر عبد اللہ
صفحات ۸
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی کی تضاد بیانی درباره حیات عیسیٰ علیہ السلام کو بیان کیا گیا ہے۔

Marfat.com

(99)

نام حیات مسیح اور بزرگان دین

مصنف مولانا منظور احمد چنیوٹی

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۳۹۸ھ (اردو)

منیر الدین شمس قادیانی نے " اللمحۃ الفکریہ " کے نام سے ایک رسالہ لکھا جس کا جواب " الحقائق الاصلیۃ فی جواب اللمحۃ الفکریہ " المعروف " حیات مسیح اور بزرگان دین " کے نام سے لکھا گیا ہے۔

(100)

نام تائید الاسلام

مصنف قاضی سلمان منصور پوری

صفحات ۱۵۰

سن اشاعت ۱۸۹۸ (اردو)

اس میں قاضی صاحب نے مرزا قادیانی کی کتاب ازالہ اوہام کے تمام ضروری مباحث کا خوبصورت عقلی و نقلی انداز میں رد کیا ہے۔ تائید اسلام در اصل قاضی صاحب کی کتاب غایت المرام کا دوسرا حصہ ہے۔ جس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔

مرزا قادیانی نے اپنے زعم باطل میں اعلان کیا کہ قرآن مجید کی تیس آیات سے وفات مسیح ثابت ہے۔ قاضی صاحب نے ان تمام آیات کا صحیح مفہوم بیان کر کے مرزا قادیانی کے باطل خیال کا طلسم توڑا ہے۔ قاضی صاحب نے ان آیات کا صحیح مفہوم بیان کرنے میں قرآن، حدیث، تفاسیر و سلف صالحین کی آراء کو اپنی تائید میں پیش کر کے ثابت کیا کہ مرزا نے ان آیات کی تشریح کرنے میں سخت بددیانتی و تحریف کا بدترین مظاہرہ کیا ہے۔

دیگر مباحث کے علاوہ آخر میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضرت مہدی کی علامات کا بیان ہے۔ بہت ہی نفیس اور عمدہ کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی قبر پر اپنی رحمتوں کی بارش نازل فرمائیں۔

Marfat.com

(101)

نام تحیۃ الاسلام فی حیات عیسیٰ علیہ السلام
مصنف سید انور شاہ کشمیری
صفحات ۱۵۰
سن اشاعت ۱۳۵۱ھ (عربی)

مصنف جن دنوں جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کے شیخ الحدیث تھے ان دنوں آپ نے عربی میں یہ کتاب حیات عیسیٰ علیہ السلام پر تحریر فرمائی ۔ اس میں خصوصیات عیسیٰ علیہ السلام ' رفع و نزول کی بحث ' مرزائی اعتراضات کے علمی جوابات دیے گئے ہیں ۔ مدینہ پریس بجنور ' یوپی سے شائع ہوئی ۔

اس کے آخر میں ایک مقالہ " انیاس باتیان الیاس " کے نام سے بھی شامل اشاعت ہے ۔ یہ بھی حضرت اقدس حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ علیہ کا ہے ۔ '

(102)

نام تردید قبر مسیح در کشمیر
مصنف بابو پیر بخش
صفحات
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا غلام احمد قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات ثابت کرنے کے لئے نئی پینترے بدلے ۔ بہتیرے ہاتھ پاؤں مارے ۔ انہیں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قبر کشمیر میں ہے ۔ مرزا قادیانی کے دعوی کو خاک میں ملا کر دلائل و حقائق کی دنیا میں ثابت کیا گیا ہے کہ یہ بات بھی مرزا قادیانی کی دیگر باتوں کی طرح جھوٹی اور ناقابل اعتبار ہے ۔

تعداد صفحات اور سن اشاعت معلوم نہ ہو سکا کیونکہ دفتر مرکزیہ کی لائبریری میں جو نسخہ ہے اس کا ٹائیٹل اور آخری صفحات نہیں ہیں ۔

(103)

نام گوسالہ سامری اور بنس القرین
مصنف عنایت اللہ اثری
صفحات ۴۴
سن اشاعت ۱۹۳۷ء (اردو)

مرزا قادیانی نے اپنی کتابوں میں لکھ دیا ہے کہ اگر توفی باب تفعل ہو ' فاعل اللہ تعالیٰ ہو اور مفعول

Marfat.com

ذی روح ہو تو اس کا معنی بجز موت کے اور کوئی نہیں ہو سکتا ۔ جو اس قاعدہ کو توڑ دے میں اسے ایک ہزار انعام دوں گا ۔ امت محمدیہ ؐ کے متعدد حضرات نے مرزا قادیانی کے اس چیلنج کو قبول کیا ۔ مرزا قادیانی نے ان حضرات کے چیلنج کو قبول کرنے کی سکت نہ پاکر مختلف حیلے ' بہانے ' آئیں بائیں شائیں کر کے ایسے غائب ہوئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ ۔

لیکن مرزائی ہیں کہ آج تک مرزا قادیانی کی ایک گمراہی کی رٹ لگاتے اور اسے پھیلاتے چلے جارہے ہیں ۔ جنوری سنہ ۱۹۳۴ کے اواخر میں مولانا عنایت اللہ اثری وزیر آبادی نے درس کے دوران لفظ توفی پر جامع بحث کی تو ایک مرزائی بول اٹھا ۔ مرزا کا چیلنج دہرایا ۔ مولانا نے نہ صرف چیلنج قبول کیا بلکہ مرزا بشیر الدین جو اس وقت قادیانی جماعت کا سربراہ تھا کو خط لکھا کہ آپ فریقین کے نزدیک مسلمہ منصف کے پاس ایک ہزار جمع کرائیں میں مرزا قادیانی کے چیلنج کو جھوٹا ثابت کرتا ہوں ۔

مرزا بشیر الدین اور اس وقت لاہوری پارٹی کے سربراہ محمد علی ایم اے کے نام جو خطوط رجسٹری کئے دیگر مضامین جو اس سلسلہ میں طرفین کی طرف سے شائع ہوئے تھے ۔ انہیں حسب ترتیب معہ محاکمہ علمائے عرب اس رسالہ میں جمع کر دیا گیا ہے تاکہ آئندہ آنے والی نسلیں اس سے فائدہ حاصل کریں ۔ عرب ممالک میں جو چٹھیاں بھیج کر ان سے فیصلہ طلب کیا تھا ۔ اس کی تلخیص بھی اس میں شامل ہے ۔ یہ مجموعہ دسمبر سنہ ۱۹۳۷ میں شائع کر کے مرزا بشیر الدین کو رجسٹری کیا گیا مگر وہ بھی باپ کی سنت پر عمل کر کے ایسے چپ ہوئے کہ گویا سانپ سونگھ گیا ہے ۔ بڑی دلچسپ بحث ہے ۔

(104)

نام	غایت المرام (۲ جلد)
مصنف	قاضی سلمان منصور پوری
صفحات	۲۹۴
سن اشاعت	۱۸۹۱ (اردو)

مرزا قادیانی نے فتح اسلام و توضیح المرام دو رسائل لکھے ۔ معروف سیرت نگار بزرگ قاضی محمد سلمان منصور پوری نے ان دونوں رسائل کے رد میں غایۃ المرام نامی کتاب لکھی جو دو جلدوں پر مشتمل ہے جلد اول کے ۱۴۴ صفحات ہیں اور جلد ثانی ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ہے ۔ قاضی صاحب مرحوم نے علامات مسیح از قرآن و حدیث و کتب سابقہ ' استعارہ مجاز ' رفع عیسیٰ علیہ السلام ' نزول عیسیٰ علیہ السلام اور قانون قدرت ' حیات ونزول قرآن و حدیث کی روشنی میں ' زمانہ نزول ' عیسیٰ ابن مریم ' مرزا قادیانی بن چراغ بی بی ۔

محدث ' وجود ملائکہ ' خروج دجال ' ظہور مہدی ' مرزا کی پیشینگوئی ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی

Marfat.com

پندرہ پیشین گوئیاں ' جیسی بے شمار عمدہ مباحث پر خامہ فرسائی کی ہے ۔ اللہ رب العزت ان کو جزائے خیر دیں کہ پوری امت کی طرف سے فرض کفایہ ادا کردیا ۔

مرزا قادیانی کے ازالہ اوہام میں ایک فارسی قصیدہ ہے ' قصیدہ کیا ہے ' بیہودہ بے تکے پن کو دیکھ کر صاحب ذوق آدمی کو بے اختیار متلی آجائے ۔

اس کے جواب میں قاضی صاحب مرحوم نے غایت المرام کے آخر میں فارسی قصیدہ تحریر فرمایا جو ایک سو چار اشعار پر مشتمل ہے جو ان کے اعلیٰ ذوق کا مظہر اتم ہے ۔

مولانا محی الدین عبد الرحمٰن لکھوکے مرحوم کے آٹھ اشعار عربی میں بھی مرزائیت کے رد میں شامل اشاعت ہیں ۔

قاضی صاحب مرحوم کا اخلاص ملاحظہ ہو فرماتے ہیں ۔ یہ مضامین میں نے فتح الاسلام ' توضیح مرام کے بعد لکھا اور نیاز نامہ کے ذریعہ سے مرزا غلام احمد صاحب سکنہ قادیان کی خدمت میں بھجوانا چاہتا تھا ۔ میرے ایک دوست اور مرزا صاحب کے مرید نے مجھے نیک صلاح دی کہ ازالہ اوہام کے شائع ہونے تک میں ان مضامین کو اپنے پاس رہنے دوں ۔ ازالہ چھپ گیا ۔ اور میں نے نہایت شوق کے ساتھ ایسا دل لے کر جس میں حب و بغض کا نام ونشان نہ تھا ' اس کا پڑھنا شروع کیا میں بسا اوقات تنہا بیٹھ کر اس کے مضامین پر غور کرتا اور پلنگ پر لیٹ کر اپنے خیالات کے ساتھ مجادلہ کرتا ۔ میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں گڑگڑاتا ۔ سچے دل سے اس کی جناب میں ہاتھ پھیلاتا ۔ جس قدر زیادہ میری دعاؤں کو طول ہوتا یا جتنا زیادہ میرا فکر سلیم اور دقیق ہوتا اسی قدر زیادہ مجھ پر مرزا کے رسالوں کے مضامین کی خامی معلوم ہوتی گئی ۔ اس لئے مجھ کو اپنے لکھے مضامین کے شائع کرنے کی جرات پیدا ہوئی ۔ صفحہ ۲ ۔ ۳

(105)

نام	چراغ کی روشنی
مصنف	مولانا سرفراز خان صفدر
صفحات	۸۰
سن اشاعت	۲۲ ر دسمبر ۱۹۵۹ (اردو)

مرزا قادیانی نے "معراج جسمانی" کا انکار کیا ۔ محض اس لئے کہ کہیں اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا آسمانوں پر آنا جانا ثابت ہو گیا تو پھر عیسیٰ علیہ السلام کی آمد کا راستہ نہ کھل جائے ۔ اس لئے کہ اگر عیسیٰ علیہ اسلام آگئے تو پھر اس جعلی مسیح کی خیر نہیں ۔

مصنف نے "ضوء السراج فی تحقیق المعراج" (عربی) "چراغ کی روشنی" (اردو) نام کا یہ رسالہ تحریر فرمایا جس میں معراج جسمانی سے مرزا قادیانی اور اس جیسے ملحدین کے اعتراضات کا جواب ہے ۔

Marfat.com

(106)

نام سیف چشتیائی
مصنف پیر مہر علی شاہ گولڑوی
صفحات ۳۷۵
سن اشاعت ۱۹۰۰ (اردو)

برصغیر کے معروف روحانی بزرگ اور صاحب دل حضرت مولانا پیر مہر علی شاہ گولڑوی" جن کا وجود مرزائیت کے بانی مرزا قادیانی کے لئے درہ عمرؓ کی حیثیت رکھتا تھا۔ مرزا قادیانی آپ کے سائے سے بھی اسی طرح بھاگتا تھا جس طرح حضرت عمرؓ کے نام سے شیطان بھاگتا ہے۔ انہوں نے ایک کتاب حیات مسیح علیہ السلام پر شمس الہدایت تحریر کی۔ جو در اصل مرزا قادیانی کی لکھی ہوئی سورہ فاتحہ کی تفسیر اعجاز المسیح کا جواب تھی۔ مولانا پیر مہر علی شاہ گولڑوی کی کتاب شمس الہدایت کا جواب مرزا قادیانی نے محمد احسن امروہی قادیانی سے بنام "شمس بازغہ" لکھوایا۔

اس شمس بازغہ کا جواب پیر مہر علی شاہ رحمہ اللہ نے "سیف چشتیائی" کے نام سے تحریر کیا۔ خالص علمی و معلوماتی خزانہ ہے۔ جس سے صرف اہل علم ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اسی "سیف چشتیائی" میں ابن عساکر کی حدیث نزول عیسی ابن مریم درج کر کے آپ نے پیش گوئی کی تھی کہ "مرزا قادیانی کو مدینہ طیبہ و مکہ مکرمہ جانے کی کبھی توفیق نہ ہو گی"۔ اس قسم کی پیشینگوئی مولانا قاضی سلمان منصور پوری نے بھی کی تھی۔ قدرت کا کرشمہ کہ ان حضرات کی پیشینگوئی سچی ثابت ہوئی اور مرزا قادیانی کو حرمین جانے کی توفیق نہ ہو سکی۔ اس کتاب کا سنہ اشاعت سنہ ۱۹۰۰ ہے اس کے بعد قادیانی ۸ ر سال زندہ رہا مگر جواب دینے کی توفیق نہ ہوئی۔

(107)

نام شہادات مرزا
مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری
صفحات ۴۸
سن اشاعت ۱۹۲۳ (اردو)

حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری نے دس شہادتوں (بموجب احادیث نبویہ والہامات مرزا) سے مرزا قادیانی کے دعوی مسیحیت کی تردید کی اور اس کا چھ ماہ میں جواب لکھنے والے کے لئے انعامی رقم مبلغ

Marfat.com

ایک ہزار روپیہ امپیریل بنک امرتسر میں جمع کرادی مگر آج تک کسی مرزائی کو ہمت جواب نہ ہو سکی۔

(108)

نام شہادت آسمانی

مصنف مولانا محمد علی مونگیریؒ

صفحات ۴۴

سن اشاعت -- (اردو)

اس میں ان دو گہنوں کے اجتماع کا ذکر ہے جس کو مرزا قادیانی نے اپنے لئے شہادت آسمانی قرار دیا اور اس حدیث کی شرح ہے جس میں خاص گہنوں کے اجتماع کو امام مہدی کی علامت کہا گیا ہے اور حالات و واقعات علم و عقل کی روشنی میں مرزا قادیانی کے اس استدلال کو ہباء منثورا کیا گیا ہے۔ اس کے بعد دوسری کتاب لکھی تھی جس کا نام دوسری شہادت آسمانی ہے۔

(109)

نام شمس الہدایہ فی اثبات حیات المسیح

مصنف پیر مہر علی شاہ صاحبؒ

صفحات ۶۶

سن اشاعت ۱۸۹۹ (اردو)

متعدد قرآنی آیات، احادیث صحیحہ، عقلی، نقلی دلائل سے ثابت کیا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہ قتل ہوئے نہ پھانسی پر لٹکائے گئے بلکہ جسمانی طور پر زندہ آسمانوں پر اٹھا لئے گئے۔ قیامت سے پہلے جب خروج دجال ہوگا اور حضرت مہدی علیہ الرضوان اس کے خلاف جہاد میں مصروف ہوں گے تو ان کی امداد و اعانت کے لئے اس وقت عیسیٰ علیہ السلام دمشق میں آسمان سے نزول فرما کر دجال کو قتل کریں گے۔ حج کریں گے، عمرہ کریں گے، شادی ہوگی، اولاد ہوگی، پھر مدینہ طیبہ میں وفات پا کر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روضہ طیبہ میں مدفون ہوں گے۔ اور قیامت کے دن آپؐ کے ساتھ اٹھائے جائیں گے۔ اس کتاب کو پڑھ کر کئی قادیانی مسلمان ہوئے۔

جناب مولانا حبیب اللہ کلرک خود بھی اس کتاب کو پڑھ کر مرزائیت سے متنفر ہوئے اور دوسروں کو بھی مرزائیت سے متاثر تھے۔ بعد میں انہوں نے خود رد قادیانیت پر کئی کتابیں تحریر کیں۔ اس کتاب کا جواب مرزائیوں نے شمس بازغہ نامی کتاب سے دیا جس کا جواب پیر مہر علی شاہ گولڑوی نے سیف چشتیائی لکھ کر دیا۔ جس کا جواب آج تک قادیانی امت کے ذمہ ہے۔

وان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقو النار

Marfat.com

(110)

نام ضربت عیسوی یعنی ابطال مرزا
مصنف مسٹر اکبر مسیح
صفحات ۲۰۸
سن اشاعت ۱۹۵۷ (اردو)

مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق جتنی بد زبانی کی ہے ان سب کا مصنف نے مسیحی نقطہ نظر سے جواب دیا ہے۔ محلہ خانیار سرینگر کشمیر سے متعلق مرزا قادیانی کی کذب بیانی کا خوب رد کیا ہے۔

(111)

نام لطائف الحکم فی اسرار نزول عیسیٰ بن مریم
مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

حیات عیسیٰ علیہ السلام کی حکمتیں، راز، قرآن وسنت، علم وفہم، عقل و دانش کی رو سے ایسے طور پر لکھ دیے ہیں کہ اسے پڑھتے ہی انسان جھوم اٹھے۔

(112)

نام لا مہدی الا عیسیٰ
مصنف انجمن تائید الاسلام
صفحات ۱۶
سن اشاعت - (اردو)

مرزائیوں کا ہر ماہ ہینڈ بل شائع ہوتا تھا جس کے جواب میں انجمن تائید الاسلام لاہور کے جناب بابو پیر بخش صاحب اپنا ہینڈ بل شائع کرتے تھے۔ سولہ صفحات کا یہ رسالہ نمبر ۸ ہے جس میں "لا مہدی الا عیسیٰ" پر بحث کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ رسالہ نمبر ۹ ہے جو مرزائیوں کے ہینڈ بل نمبر ۱۳ کا جواب ہے اس میں علامات دجال وغیرہ پر بحث کی گئی ہے۔

Marfat.com

(113)

نام — مہدی مسیح کی صدی

مصنف — غازی منجم

صفحات — ۲۰۰

سن اشاعت — -- (اردو)

علم نجوم پر اعتقاد رکھنا ایسے ہے جیسے ریت کا گھر بنانا۔ اوٹ پٹانگ، تک بندی، اندازے، تخمینے، اپنے خیالات کی ملمع سازی کی آج کل کمی نہیں۔ جناب غازی منجم صدر پاکستان نجوم سوسائٹی راولپنڈی نے اس کتاب میں اوٹ پٹانگ پیشینگوئیاں کی ہیں، تاہم علم نجوم کے رو سے مرزا قادیانی کو جھوٹا بھی قرار دیا ہے۔

(114)

نام — مرزا قادیانی مثیل مسیح نہیں

مصنف — مولانا حبیب اللہ کلرک

صفحات — ۲۵

سن اشاعت — ۱۹۳۴ (اردو)

اس رسالہ میں ۲۴ دلیلوں سے ثابت کیا گیا ہے کہ فرقہ مرزائیہ کا بانی مرزا غلام احمد قادیانی مثیل ابن مریم کے دعویٰ میں جھوٹا ہے، نیز حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جائے نزول کے متعلق دلچسپ بحث کرتے ہوئے مرزائی اعتراضات کا جواب احسن پیرایہ میں دیا گیا ہے۔ ثنائی برقی پریس امرتسر سے شائع ہوا۔

(115)

نام — مرزا اور یسوع

مصنف — مولانا محمد صادق بہاولپوری

صفحات — ۵۶

سن اشاعت — ۱۹۲۱ (اردو)

مصنف نے انجمن رد مرزائیت اور تائید الحق سلسلہ صادقہ کی بنیاد رکھی۔ حضرت مولانا ابو العباس محمد صادق نعمانی بہاولپوری مرحوم و مغفور نے ۱۹۲۱ سے سنہ ۱۹۴۰ تک رد قادیانیت کے سلسلہ میں متعدد رسائل و پمفلٹ شائع کئے۔ یہ اس کا پہلا رسالہ ہے۔

Marfat.com

حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی عظمت و جلال ' آپ کے خاندان و کردار کے متعلق مرزا قادیانی کی تمام یاوہ گوئیوں اور بکواسات کا اس میں تنقیدی جائزہ لے کر ثابت کیا گیا ہے کہ اللہ رب العزت کے نبی و رسول کی ادنیٰ توہین کرنے سے انسان چونکہ کافر ہو جاتا ہے۔ مرزا قادیانی نے اللہ رب العزت کے جلیل القدر نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کی ہے اس لئے وہ اور اس کے ماننے والے کافر ہیں۔

(116)

نام — مجدد کی شناخت
مصنف — پروفیسر سلیم چشتی
صفحات —
سن اشاعت — ۳۶ ، ۱۹۳۵ (اردو)

جناب پروفیسر یوسف سلیم چشتی کا ایک مضمون " مجدد کی شناخت " کے نام سے ماہوار رسالہ " حقیقت اسلام " لاہور کی اشاعت دسمبر ۱۹۳۵ ' جنوری ' فروری سنہ ۱۹۳۶ میں شائع ہوا۔ اس میں انہوں نے مجدد کے لئے دس اوصاف بیان کر کے اس پر مرزا قادیانی کو پرکھا۔ اور ثابت کیا کہ مرزا قادیانی ان تمام اوصاف سے یکسر عاری محض تھا۔ مجددیت کے اوصاف تو درکنار یہ تو شرافت کے معیار پر بھی پورا نہیں اترتا۔ افسوس کہ ہمیں اس کی دو آخری قسطیں حاصل ہوئیں۔ پہلی قسط نہ مل سکی۔ مل جائے تو یہ شائع کرنے کے لائق ہے۔

(117)

نام — نظرہ عابرہ
مصنف — زاہد الکوثری
صفحات — ۱۸۶
سن اشاعت — ۶ ر جولائی ۱۹۸۷ (عربی)

مصر کے ایک شخص شلتوت نے افتراء کیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہو گئے ہیں۔ مصنف نے عربی کی یہ گراں قدر تصنیف اس کے رد میں تحریر کی۔ مصر سے شائع ہوئی۔ اے کاش اس کا اردو ترجمہ ہو جائے تو اس کے مضامین جو کوثر و تسنیم سے دھلے ہوئے ہیں ان سے اردو دان طبقہ بھی فائدہ حاصل کر سکے۔ (عربی کے فاضل استاد جناب عابد محمود قریشی نے اس کے ترجمہ کی ذمہ داری قبول کی ہے)۔

Marfat.com

(118)

نام نزول مسیح (حصہ اول)
مصنف حبیب اللہ کلرک
صفحات ۴۸
سن اشاعت فروری ۱۹۳۴ (اردو)

اس رسالہ میں "وانہ لعلم للساعۃ" آیت کریمہ کی تفسیر میں احادیث مبارکہ ' صحابہؓ ' تابعینؒ ' مفسرین و محدثینؒ کے اقوال سے ثابت کیا گیا ہے کہ اس آیت سے مسیح علیہ السلام کا نزول ثابت ہوتا ہے ۔ اس سلسلہ میں مرزائی اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں اچھا خاصا علمی مواد اور نفیس بحثیں آگئی ہیں ۔

(119)

نام نزول عیسیٰ علیہ السلام
مصنف مولانا محمد بدر عالم میرٹھی
صفحات ۱۴۰
سن اشاعت -- (اردو)

حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیریؒ کے شاگردوں کی ایک جماعت رد قادیانیت کے لئے وقف تھی ۔ ان میں سے ایک مصنف بھی تھے ۔ آپ نے نزول عیسیٰ علیہ اسلام پر مشتمل یہ رسالہ لکھ کر علم کے سمندر کو کوزہ میں بند کردیا ہے ۔ ایسے ایسے عمدہ مضامین ہیں کہ اگر انسان نظر انصاف سے دیکھے تو پکار اٹھے کہ حق یہی ہے ۔

(120)

نام الویل فالویل لمن یکتل الکیل
مصنف حافظ عنایت اللہ اثری
صفحات ۴۰
سن اشاعت ۱۹۶۳ (اردو)

قاضی نذیر مرزائی کے رسالہ کے جواب میں ۔

Marfat.com

(121)

نام البرہان الجلی فی عقیدۃ نزول عیسیٰ و ظہور المہدی
مصنف سید مسعود علی
صفحات ۲۸۰
سن اشاعت جولائی ۱۹۸۸ (اردو)

شیعہ مکتب فکر کے ممتاز رہنما جناب مولانا سید مسعود علی الحسنی جیلانی نے حیات و نزول عیسیٰ علیہ السلام و ظہور مہدی ' خروج دجال ' و دعوی مہدی و مسیحیت مرزائے قادیان پر یہ مبسوط کتاب تحریر کی ہے ۔ اپنے طور پر اس مسئلہ کی خوب وضاحت کی سعی کی ہے ۔ شیعہ حضرات کی طرف سے رد قادیانیت کے لٹریچر میں مفید اضافہ ہے ۔

(122)

نام قیامت کب آئے گی
مصنف اشتیاق احمد
صفحات ۹۳
سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

مرزائی لٹریچر قیامت کی قطعاً نفی کرتا ہے ۔ اس پہلو کو ذہن میں رکھ کر یہ کتاب ترتیب پائی ۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ کی روشنی میں علامات قیامت کا بیان کیا گیا ہے ۔ اور یہ بات واضح کر دی گئی ہے کہ مرزا غلام قادیانی کا وجود قیامت کی نشانی تھا ۔ کیونکہ وہ ان جھوٹے مکار و عیار دجالوں میں سے ایک تھا جن کے متعلق رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ میری امت میں تیس جھوٹے دجال قیامت سے پہلے پیدا ہوں گے جو نبوت کا دعوی کریں گے ۔ مرزا قادیانی بھی انہی دجالوں میں سے ایک ہے ۔

(123)

نام اسلام کی فتح اور مرزائیت کی تازہ شکست
مصنف بابو پیر بخش
صفحات ۴۰
سن اشاعت ۱۹۱۹ (اردو)

انجمن تائید الاسلام لاہور کے ماہوار رسالہ اگست و ' ستمبر سنہ ۱۹۱۹ کی اشاعتوں میں حیات عیسیٰ علیہ السلام پر امت کے ہزار سالہ تسلسل کو ثابت کیا گیا ہے ۔ تقریب اس کی یہ ہوئی کہ حکیم محمد حسین لاہوری

Marfat.com

مرزائی نے بابو پیر بخش صاحب کو خط لکھا کہ اگر آپ ایک ضعیف حدیث سے بھی ثابت کردیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا رفع بجسدہ العنصری آسمان پر ہوا ہے تو میں مان لوں گا۔ پیر بخش صاحب نے قرآن وحدیث' اقوال صحابہ واہل بیت اور امت کے مفسرین کے ۱۸۷ اسماء' ان کی کتابوں کے صفحات سے ثابت کردیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمانوں پر اٹھائے گئے۔ اور قرب قیامت میں ان کا نزول ہو گا۔ گراں قدر مواد اس میں جمع کردیا گیا ہے۔

(124)

نام الجواب الصحیح فی حیات المسیح

مصنف غلام رسول فیروزی

صفحات ۲۶

سن اشاعت -- (اردو)

حیات مسیح علیہ اسلام سے متعلق سات سوالات کے جامع جوابات پر مشتمل یہ پمفلٹ ہے۔

(125)

نام ختم نبوت مسیح موعود و عقیدۂ ظہور مہدی کی حقیقت

مصنف محترمہ جمال النساء بنت رافع

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

قرآن وحدیث کی رو سے ختم نبوت' مسیح موعود اور عقیدہ ظہور مہدی کی حقیقت کو واضح کیا گیا ہے۔

(126)

نام مہدی اور مسیح موعود دو جدا جدا فرد ہیں

مصنف حشمت اللہ قریشی

صفحات ۳۲

سن اشاعت دسمبر ۱۹۶۳ (اردو)

مرزا قادیانی ملعون نے یہ نظریہ پیش کیا کہ مہدی و مسیح ایک شخصیت ہے اور وہ میں ہوں۔ اس پر متعدد حضرات نے قلم اٹھایا اور مرزا قادیانی ملعون کے نظریہ کو باطل ثابت کیا۔ اس رسالہ میں بھی مرزا قادیانی کے اس نظریہ کا رد کیا گیا ہے۔

Marfat.com

(127)

نام دس ہزار کا نقد انعام

مصنف حافظ عبد الرحمٰن

صفحات ۸

سن اشاعت --- (اردو)

مرزا قادیانی کا یہ کہنا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوگئے ہیں اور یہ کہ کشمیر کے محلہ خانیار میں ان کی قبر ہے اس کے اس نظریہ پر محاکمہ کیا ہے اور مرزائیوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ان ہر دو امور کو قرآن و سنت اور تاریخ سے ثابت کردیں تو میں دس ہزار روپے کا نقد انعام دینے کے لئے تیار ہوں۔ لیکن مرزائیوں کو سامنے آنے کی جرات نہ ہوئی۔

(128)

نام الاستدلال الصحیح فی حیات المسیح

مصنف بابو پیر بخش

صفحات ۳۵۲

سن اشاعت ۱۹۳۱ (اردو)

حیات عیسیٰ علیہ السلام کے مسئلہ پر بڑی تفصیل کے ساتھ عمدہ بحث کی گئی ہے۔ گراں قدر مواد اس میں شامل ہے۔ مرزائیوں کے تمام تر شبہات کا کافی و شافی جواب دیا گیا ہے۔

(129)

نام الدفع التلبیسات الملحدین

مصنف مولانا رحمت اللہ میراں بخش لدھیانوی

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۳۱ (اردو)

مرزائیوں کے حیات مسیح علیہ السلام پر اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔

Marfat.com

(130)

نام دوسری شہادت آسمانی
مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری
صفحات ۱۰۰
سن اشاعت مارچ سنہ ۱۹۲۸ (اردو)

جس میں نہایت محققانہ طور پر ثابت کیا گیا ہے کہ رمضان میں معمولی گہنوں کا اجتماع جیسا کہ سنہ ۱۳۱۲ میں ہوا تھا امام مہدی کی علامت نہیں ہے۔ صرف مرزا نے اپنی بناوٹ اور فریب سے اس کو اپنے لئے نشان آسمانی قرار دیا ہے۔

(131)

نام بالالہام الصحیح فی اثبات حیاۃ المسیح
مصنف مولانا غلام رسول
صفحات ۱۱۶
سن اشاعت ۱۳۱۱ھ (عربی، اردو)

متن عربی ہے جو مولانا غلام رسول صاحب نے لکھا ہے۔ اس کا ترجمہ آفتاب صداقت کے نام سے پیر غلام مصطفیٰ صاحب نے کیا ہے۔ متن اور ترجمہ ایک ساتھ شائع کیا گیا ہے۔ خالص علمی انداز کی کتاب ہے۔

(132)

نام الجرز الدیانی علی المرتد القادیانی
مصنف مولانا احمد رضا خان
صفحات ۲۵
سن اشاعت ۳، محرم ۱۳۴۰ھ (اردو)

"قادیانی مرتد پر خدائی خنجر" اس کے نام کا ترجمہ ہے۔ ۳، محرم سنہ ۱۳۴۰ کو حیات عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق شاہ میر خان قادری نے ایک سوال بھیجا جس کے جواب میں مصنف نے یہ رسالہ تحریر کیا۔ ۲۵، صفر سنہ ۱۳۴۰ھ کو مصنف کا انتقال ہوا۔ اس لحاظ سے مصنف کی یہ آخری تصنیف ہے۔ اس میں حیات عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق ضروری مفید بحث آگئی ہے۔

Marfat.com

(133)

نام بحر قلزم یا المسیح عیسیٰ ابن مریم
مصنف عنایت اللہ اثری
صفحات ۴۴۰
سن اشاعت ۱۹۶۶ (اردو)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں مرزا قادیانی ' نور الدین ' بشیر الدین ' مرزا ناصر وغیرہ کی بکواسات کا قرآن و حدیث ' تفسیر ' تاریخ و عقل کی روشنی میں جواب دینے کی کوشش کی گئی ہے۔

(134)

نام ابن مریم
مصنف رحیم بخش بی۔ اے سیشن جج
صفحات ۱۶۸
سن اشاعت ۱۳۵۶ھ (اردو)

معجزات و مقام مسیح علیہ السلام کے متعلق عیسائیوں و مرزائیوں کے شبہات کا تورات و انجیل اور قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب لکھا ہے۔

(135)

نام خیالی مسیح اور اس کے فرضی حواری سے گفتگو
مصنف مولانا محمد حسین بٹالوی
صفحات ۳۵
سن اشاعت ۳۱ جنوری سنہ ۱۸۹۱ (اردو)

مکمل نام " رسالہ فتح اسلام اور اس کے حواشی توضیح المرام اور ازالہ اوہام پر ریویو اور ان کے مولف خیالی مسیح اور اس کے ایک فرضی حواری سے گفتگو "۔

یہ دراصل اشاعۃ السنہ نمبر ۱۲ ' جلد ۱۲ کا شمارہ ہے جس میں مرزا قادیانی کے ایک خیالی مرید سے مولف کی مکمل مراسلت شائع کی گئی ہے۔

Marfat.com

(136)

نام(المسیح الدجال و اسرار الساعۃ

مصنف(علامہ سفارینی

صفحات(۱۳۵

سن اشاعت -- (عربی)

علامات قیامت ' خروج دجال ' نزول عیسی علیہ اسلام پر قرآن و حدیث کی روشنی میں بڑے عالمانہ انداز میں بحث کی گئی ہے۔ ہرچند کہ یہ کتاب مرزا قادیانی کے زمانہ سے پہلے لکھی گئی مگر اس کا ایک ایک حرف مرزائی عقائد پر ضرب کاری کا کام دے سکتا ہے۔

(137)

نام موازنۃ الحقائق

مصنف قاضی محمد اکبر قاضی خیل پشاور

صفحات ۲۲۲

سن اشاعت ۱۹۰۳ (فارسی)

حیات مسیح علیہ اسلام کے دلائل قرآن و حدیث عقلی و نقلی بیان کر کے مرزائیوں کے شبہات کا بہت عمدہ پیرایہ میں رد کیا گیا ہے۔

(138)

نام سلم الوصول فی اسراء الرسول و نزول الملائکہ

مصنف مولانا میر ابراہیم سیالکوٹی

صفحات ۴۸

سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۰۵ (اردو)

بدبخت مرزا قادیانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج جسمانی و نزول ملائکہ کا منکر ہے۔ مصنف نے مرزا قادیانی کے ان ہر دو عقائد کی تردید میں یہ رسائل تحریر فرمائے۔ سلم الوصول ۴۸

Marfat.com

صفحات ' نزول الملائکہ ۲۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

(139)

نام الجواب الفصیح لمنکر حیات المسیح
مصنف مولانا بدر عالم میرٹھی
صفحات ۴۰
سن اشاعت' ۱۳۴۳ھ (اردو)

حیات عیسیٰ علیہ السلام پر مرزائیت کے تمام اوہام کا عالمانہ رد کیا گیا ہے۔

(140)

نام معیار المسیح
مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری
صفحات ۳۶
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی نے مسیح ہونے کا دعوی کیا۔ مولانا نے یہ رسالہ لکھ کر مسیح علیہ السلام کی عظمت کو بیان کر کے ثابت کیا کہ مرزا قادیانی اس معیار پر بھی پورا نہیں اترتا۔

(141)

نام الکیل الموفی لمن یکتال علیہ معنی التوفی
مصنف عنایت اللہ اثری
صفحات ۸۰
سن اشاعت ۱۳۷۰ھ (اردو)

مرزائی لفظ توفی کا معنی قبض روح کرتے ہیں حالانکہ اس کا معنی کسی شی کو پورا پورا اپنے قبضے میں لینا ہے۔ مصنف نے اس کتاب میں مرزائیوں کے تمام مکر و فریب کو ایسا تار تار کیا ہے کہ کمال کر دیا ہے۔

(142)

نام تفسیر آیۃ رفع عیسیٰ علیہ السلام
مصنف مولانا سید محمد حسین نیلوی
صفحات ۳۲
سن اشاعت ۵ر جنوری سنہ ۱۹۸۴ (اردو)

ایک مرزائی نے حیات عیسی علیہ السلام کے سلسلہ میں چند شبہات پیش کئے جس کا مصنف

Marfat.com

نے ان صفحات میں جامع مانع عالمانہ فاضلانہ جواب دیا ہے۔

(143)

نام اعلاء الحق الصریح بتکذیب المثیل المسیح
مصنف مولانا محمد اسماعیل صاحب
صفحات ۴۴
سن اشاعت ۱۳۰۹ھ (اردو)

مرزا قادیانی نے اپنے آپ کو مثیل مسیح بھی کہا۔ مصنف نے بڑے فاضلانہ انداز میں یہ رسالہ لکھ کر قرآن وحدیث، عقل و نقل سے مرزا قادیانی کے اس دعوی کو بھی دیگر دعاوی کی طرح غلط ثابت کیا۔

(144)

نام کیا مسیح علیہ السلام کی قبر سرینگر میں ہے
مصنف جناب ارسطو
صفحات ۱۶
سن اشاعت سنہ ۱۹۷۸ (اردو)

مرزا قادیانی نے کہانی گھڑی تھی کہ حضرت مسیح علیہ اسلام کی قبر کشمیر میں ہے۔ اس کا مصنف نے یہ جواب تحریر کیا جو مختلف رسائل میں شائع ہوا۔ مولانا سید عطاء المحسن شاہ بخاری نے اپنے مقدمہ کے ساتھ اسے رسالہ کی شکل میں شائع کر دیا۔

(145)

نام شفاء للناس
مصنف مولانا محمد عبد اللہ شاہجہانپوری
صفحات ۱۰۰
سن اشاعت ۱۳۰۹ھ (اردو)

حیات و نزول عیسیٰ علیہ اسلام، خروج دجال کا ذکر کرکے جگہ جگہ مرزائیت کے حوالہ جات سے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزائیوں کا دجال کی حقیقت سے انکار کرنا یا حیات و نزول عیسیٰ علیہ اسلام کا انکار کرنا یہ محض ان کی بد دیانتی و بد نیتی اور کافرانہ چال ہے ورنہ یہ ایسے مسائل ہیں جو کبھی بھی امت میں ما بہ النزاع نہیں رہے۔

Marfat.com

(146)

نام الفتح الربانی فی الرد علی القادیانی
مصنف شیخ حسین بن محسن انصاری یمانی
صفحات ۲۰
سن اشاعت ۱۳۴۱ھ (عربی ر اردو)

حیات عیسیٰ علیہ السلام کے سلسلہ میں مرزا قادیانی کے اوہام و شبہات باطلہ کا رد کیا گیا ہے۔

(147)

نام الحق الصریح فی حیات المسیح
مصنف محمد بشیر سہوانی
صفحات ۱۳۴
سن اشاعت ۱۳۰۹ھ (اردو)

مصنف کا مرزا قادیانی کے ساتھ دہلی میں چھ روز تک تحریری مناظرہ ہوا۔ آخری پرچہ لکھ کر مرزا قادیانی نے اپنے خسر کی بیماری کا بہانہ بنایا اور گفتگو کو منقطع کر کے چلتے بنے۔ یہ کتاب اسی مناظرۂ دہلی کی مکمل روئیداد پر مشتمل ہے۔ اصل پرچے شائع کردئے گئے ہیں۔

(148)

نام السیف القتال علی عنق المسیح الدجال
مصنف سید محی الدین
صفحات ۸۵
سن اشاعت -- (اردو)

یہ مرزا کے زمانہ کی تحریر معلوم ہوتی ہے۔ مدراس کے مرزائیوں کا ایک رسالہ سراج الحق کا یہ جواب ہے۔ جس کے چار حصے ہیں۔ حصہ اول مرزائی طومار کی خبر گیری۔ حصہ دوم مرزائی اعتراضات کے جوابات۔ حصہ سوم حیات مسیح علیہ السلام کا ثبوت۔ حصہ چہارم دوستانہ گذارش۔
آخر میں وفات مسیح ثابت کرنے والے کے لئے دو سو روپیہ انعام کا اعلان ہے۔

Marfat.com

(149)

نام قبر مسیح
مصنف مولوی محمد عظیم واعظ
صفحات ۳۲
سن اشاعت -- (اردو)

سوال و جواب کے طرز پر مناظرانہ انداز میں عام فہم کتابچہ ہے۔

(150)

نام منارۃ البیضا
مصنف مسٹر اکبر مسیح
صفحات ۴۴
سن اشاعت -- (اردو)

مسیحی مصنف نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع و نزول کے بارے میں مسیحی اور محمدی علماء کے نقطہ نظر کا ناقدانہ تجزیہ و تقابل کیا ہے۔ مرزا قادیانی کے نظریہ کی سخت سے سخت الفاظ میں تردید کی ہے۔ ایسے سخت الفاظ کہ توبہ ہی بھلی۔ مثلاً قادیان کی تعریف میں کسی کا یہ جملہ نقل کیا ہے "ہر گندی روح کی چوکی اور ہر ناپاک اور مکروہ پرندے کا بسیرا" اس پر مجھے تعجب ہوا کہ آخر ایسی زبان کے استعمال کی ضرورت کیا تھی۔ معلوم ہوا کہ یہ جملہ چراغ دین جمونی کا ہے۔ جن کو مرزا قادیانی نے مرتے دم تک اپنا طعن کا نشانہ بنایا تھا جس کے جواب میں اسے بھی لب کشائی کرنی پڑی۔ مسٹر اکبر مسیح نے اس کتابچہ میں بعض مقامات پر اسلامی نظریہ پر بھی تنقید کی ہے مگر اس درشت زبانی اور تنقید کا اصل باعث مرزا قادیانی کی بکواسات ہیں۔ اس کے اول فول بکنے سے دوسروں کو بھی غرانے کا موقعہ مل جاتا تھا۔

(151)

نام حضرت عیسیٰ کی آمد ثانی مرزا قادیانی کی زبانی
مصنف قاضی محمد ادریس
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی کی کتب سے باحوالہ ثابت کیا گیا ہے کہ ابتدا میں وہ بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد ثانی اور نزول کا قائل تھا۔ بعد میں جب خود اسے مسیح بننے کا شوق چرایا تو عیسیٰ علیہ السلام کی آمد ثانی کا انکار کر دیا۔ اس کا یہ انکار محض خود غرضی پر مبنی تھا نہ کہ دلائل کی رو سے۔

Marfat.com

(152)

نام التصریح بما تواتر فی نزول المسیح

مصنف مولانا سید انور شاہ کشمیریؒ

صفحات ۳۵۰

سن اشاعت ۱۳۸۵ھ (عربی)

حجۃ اللہ علی الارض شیخ الاسلام مولانا سید محمد انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کی گراں مایہ عربی تصنیف جو حیات عیسی علیہ السلام جیسے مقدس عنوان پر ہے۔ اس میں قرآنی آیات اور احادیث نبویہؐ سے حضرت عیسی علیہ السلام کے رفع و نزول کے مسئلہ کو ثابت کیا گیا ہے۔

اس کی ترتیب مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم نے دی تھی۔ اس میں قرآنی آیات کے علاوہ ۷۳ احادیث اور ۲۷ آثار صحابہؓ ہیں۔ سب سے پہلے یہ دار الاشاعت دار العلوم دیوبند سے درمیانے سائز کے ۴۴ صفحات پر مشتمل تھی۔ بعد میں اسے مجلس تحفظ ختم نبوت کوئٹہ بلوچستان نے شائع کرکے عرب ممالک میں تقسیم کردیا۔

عرب دنیا کے معروف عالم دین جناب پروفیسر ابو غدہ عبد الفتاح جو آج کل ریاض یونیورسٹی سعودیہ میں حدیث کے استاذ ہیں انہوں نے عربی میں ہی تخریج کی۔ مشکل الفاظ کا حل پیش کیا۔ آخر میں مفتی محمد شفیع صاحب مرحوم کا رسالہ مسیح موعود کی پہچان عربی میں منتقل کرکے ۷۰ اعلامات مسیحؑ و مہدیؑ اور خروج دجال کی نشانیاں بیان کیں۔ اب یہ ساڑھے تین سو صفحات پر مشتمل عظیم سرمایہ اور علمی خزانہ کی شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ اسے پروفیسر عبد الفتاح ابو غدہ نے بیروت سے شائع کیا۔

اب عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی شعبہ نشر و اشاعت ملتان نے سنہ ۱۳۸۵ھ میں اس کے فوٹو لے کر خوبصورت طباعت و عمدہ جلد سے شائع کیا ہے ہر دینی ذوق رکھنے والے کے پاس اس کا ہونا ضروری اور ہر کتب خانہ کو اس سے مزین کرنا انتہائی اہم ہے۔

(153)

نام المہدی والمسیح

مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۴۰۰ (اردو)

پرویز عابد ملتان نے مولانا محمد یوسف لدھیانوی کی خدمت میں پانچ سوال کئے۔ (۱) حضرت مہدی کی نشانیاں کیا ہیں۔ (۲) حضرت مہدی کو پاکستانی کیسے مانیں گے کہ پاکستان میں تو مہدی ماننے پر پابندی

Marfat.com

ہے۔ (۳) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات۔ (۴) کلمہ گو کافر کیوں؟۔ (۵) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے ختم نبوت پر حرف آئے گا۔

مولانا نے ان تمام سوالات کا تفصیلی جواب تحریر فرمایا جو ۲۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں حضرت مہدی کی علامات، حضرت عیسیٰ کی حیات، ختم نبوت کی حقیقت سے متعلق تمام شبہات کا جواب آگیا ہے۔

(154)

نام — شہادۃ القرآن

مصنف — مولانا میر ابراہیم سیالکوٹی

صفحات — ۳۷۵

سن اشاعت — ط ۳، ۱۹۸۸ (اردو)

مصنف نے مرزا قادیانی کو للکارا۔ تحریر و تقریر کے ذریعہ پوری امت کی طرف سے فرض کفایہ ادا کیا۔ شہادۃ القرآن دو جلد تحریر کی۔ پیر مہر علی شاہ گولڑوی، مولانا سید انور شاہ کشمیری، مولانا اشرف علی تھانوی نے کتاب کو قابل فخر کارنامہ قرار دیا اور امت کو اس کے پڑھنے کی تلقین کی۔

کتاب نایاب ہو گئی۔ حضرت مولانا شاہ عبد القادر رائے پوری کے حکم سے مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھری نے جماعت کی طرف سے اس کو شائع کیا۔ لیکن آج پھر نایاب تھی۔ اس کو تلاش کرنا اور اس کے علوم و معارف سے فائدہ اٹھانا ایک مشکل مسئلہ ہو گیا تھا۔ یہ وہ کتاب ہے جس کا مرزائی آج تک صحیح جواب نہ لکھ پائے۔ حالانکہ یہ کتاب مرزا کی زندگی میں شائع ہوئی مگر وہ اس کا جواب دینے کی جرات نہ کر سکا۔ حیات عیسیٰ علیہ السلام پر اس سے بہتر علمی کتاب ہوئی نہیں۔ مرزا قادیانی کی کتاب ازالہ اوہام کا مکمل جواب اس میں آگیا ہے۔ عالمی مجلس نے دوبارہ سنہ ۱۹۸۸ میں اسے شائع کیا۔

(155)

نام — قادیانی کیوں مسلمان نہیں

مصنف — مولانا محمد منظور نعمانی

صفحات — ۱۰۴

سن اشاعت — ۱۹۷۹ (اردو)

مصنف نے ختم نبوت اور حیات عیسیٰ علیہ السلام پر ایسے عام فہم انداز میں قلم اٹھایا ہے کہ متوسط ذہن کے آدمی کو بھی ان کے سمجھنے میں کوئی الجھن نہ رہے۔ اس رسالہ کو شائع کرتے وقت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے شعبہ نشر و اشاعت کے سربراہ مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے فرمایا تھا کہ۔

Marfat.com

ہم انصاف پسند قادیانیوں کو بھی دعوت دیتے ہیں کہ وہ اپنی غلطی کی اصلاح کریں او اس نور سے روشنی حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

قادیانیوں کے غیر مسلم اقلیت قرار پانے کے بعد ان کو دعوت اسلام دینے کے لئے عالمی مجلس نے جو کوششیں کیں ان میں سے ایک اس کتاب کی اشاعت بھی ہے۔ یہ در اصل مولانا کے مضامین ہیں۔ پہلا مضمون " اسلام اور قادیانیت " اگست سنہ ۷۴ میں الفرقان میں بطور اداریہ کے تحریر کیا گیا تھا۔ دوسرا مضمون " قادیانی کیوں مسلمان نہیں " پاکستان کی قومی اسمبلی نے سنہ ۱۹۷۴ میں جب مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا اس موقعہ پر یہ لکھا گیا۔ تیسرا مضمون قادیانی اور ایک دانشور طبقہ " یہ مضمون دراصل شبستان دہلی سے شائع ہونے والے ایک مضمون کا جواب ہے۔ آخری مضمون نزول مسیح سے متعلق ہے۔ اب ان مضامین کے مجموعہ پر یہ کتاب مشتمل ہے۔

(156)

نام — مسیح موعود کی پہچان
مصنف — مولانا مفتی محمد شفیعؒ
صفحات — ۳۲
سن اشاعت — ۱۳۴۵ھ (اردو)

مصنف نے ۱۷۷ علامات مسیح و مہدی اور خروج دجال کی نشانیاں احادیث نبویہ سے مرتب کی ہیں۔ شعبان سنہ ۱۳۴۵ میں جب اس کا ایڈیشن شائع ہوا تو آپ نے آٹھ صفحات کا تعارفی مقدمہ بھی تحریر کیا۔ عربی والے ایڈیشن میں حضرت مسیح علیہ السلام و مہدی علیہ الرضوان کی علامات بیان کرکے ہر نشانی کے سامنے مرزا قادیانی کی حالت لکھ کر ثابت کیا کہ اس میں ایک نشانی بھی نہیں پائی جاتی تھی۔ اردو کے اس زیر تبصرہ رسالہ میں صرف علامات اور آگے قرآن و حدیث و آثار صحابہ سے اس کا حوالہ درج کیا ہے۔ مرزا قادیانی سے تقابل نہیں کیا۔ بارہا شائع ہوا۔ اب حال ہی میں دار العلوم دیوبند سے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت دیوبند نے شائع کیا ہے۔

(157)

نام — نزول عیسیٰ علیہ السلام ' چند شبہات کا جواب
مصنف — مولانا محمد یوسف لدھیانوی '
صفحات — ۵۰
سن اشاعت — ۱۳۹۹ھ (اردو)

مصنف سے ایک سائل نے نزول عیسیٰ علیہ السلام پر چند شبہات پیش کئے۔ انہوں نے ان

Marfat.com

شبہات کا تسلی بخش جواب لکھنا شروع کیا جو پچاس صفحات میں جا کر مکمل ہوا۔ عالمی مجلس نے اس کو مستقل رسالہ کی شکل میں سنہ ۱۳۹۹ھ میں پہلی بار شائع کیا۔ بعد میں اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوئے۔ مختصر جامع مانع قادیانی شبہات کا عام فہم انداز میں جواب دیا گیا ہے۔

(158)

نام نزول مسیح پر عقلی دلائل
مصنف مجلس کوئٹہ
صفحات ۸
سن اشاعت --- (اردو)

عنوان سے ہی مضمون واضح ہے۔

(158, A)

نام توضیح الکلام فی اثبات حیات عیسیٰ علیہ السلام
مصنف ابو عبیدہ نظام الدین
صفحات ۳۵۸
سن اشاعت مارچ سنہ ۱۹۳۶ (اردو)

قرآن وسنت، آثار صحابہؓ، اقوال بزرگان دین، تصریحات سلف صالحین سے ثابت کیا گیا کہ حیات عیسیٰ علیہ اسلام کا عقیدہ امت کا ایک اجماعی عقیدہ ہے اس کا منکر دین اسلام کے بنیادی عقیدہ کا منکر ہونے کے باعث ناقابل اعتبار ہے۔ حیات عیسیٰ علیہ السلام کے عنوان پر انتہائی قابل قدر تصنیف ہے۔ اس کے آخر پر جلد ثانی کے شائع کرنے کا اعلان کیا گیا۔ معلوم کہ وہ شائع ہوئی یا نہ۔

Marfat.com

Marfat.com

باب سوم

کذب قادیانی

نوٹ

اس باب میں نمبر ۱۵۹ سے ۶۶۶ تک کل ۵۰۸ کتابوں کا تعارف شامل ہے۔

اس باب میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعات کی تعداد ۱۰۵ ہے جو نمبر ۵۶۲ سے ۶۶۶ تک درج ہیں۔

Marfat.com

(159)

نام اخلاق مرزا و اعمال مرزا

مصنف مولانا نور محمد خاں مبلغ مظاہر العلوم سہارن پور

صفحات ۲۶۸

سن اشاعت -- (اردو)

ان کتابوں میں مرزا قادیانی کی رنگین مرصع اعجازی و کراماتی معجزاتی گالیاں جمع کر دی گئی ہیں جس سے مرزا قادیانی کی نبوت کا معیار بخوبی سمجھ آسکتا ہے ۔ اس سے مرزا کی اخلاقی تصویر ایسی برہنہ و بے نقاب ہو گئی ہے جس سے بے حیائی و بے غیرتی بھی شرمندہ ہے ۔ آخر میں مرزا کی معجزانہ گالیوں کو ردیف وار لکھ کر مرزا کے اخلاق و دیگر دعاوی کو بے نقاب کر دیا گیا ہے ۔

(160)

نام اسلام اور مرزائیت

مصنف صلاح الدین ٹیکسلا

صفحات ۸

سن اشاعت ستمبر ۱۹۷۳ (اردو)

اس میں مرزائیت کے عقائد بیان کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ اسکا اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں ۔

(161)

نام مخططات الاستعمار یہ لمکافحۃ الاسلام

مصنف محمد محمود الصواف

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۶۵ (عربی)

موصوف معروف عرب سکالر ہیں جنہوں نے مکہ مکرمہ و مدینہ طیبہ میں شیخ عبد العزیز بن باز کی دعوت پر خطبات ارشاد فرمائے ۔ اس کے صفحہ ۳۴۲ سے صفحہ ۳۵۲ تک مرزائیت کی تردید پر اہم مقالہ شامل اشاعت ہے ۔

(162)

نام الصارم الخارق فی الرد علی غلام مرزا الفاسق

مصنف علامہ شیخ عبد اللہ بن عبد الظفار

Marfat.com

سن اشاعت ۱۳۲۷ھ (عربی)

اس میں مرزا قادیانی کے عقائد کی سنہری الفاظ میں تردید کی گئی ہے۔

(163)

نام اک حرف محرمانہ بجواب اک حرف ناصحانہ

مصنف مولانا محمد ازہر

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۹۸۴ (اردو)

سنہ ۱۹۸۴ء میں تحریک ختم نبوت جب زوروں پر تھی اور مطالبہ کیا جارہا تھا کہ مرزائیوں کو اسلامی اصطلاحات کے استعمال سے قانوناً باز رکھا جائے تو مرزائیوں نے اک حرف ناصحانہ نامی پمفلٹ لکھ کر ملک بھر میں ان مطالبات کے خلاف شورش قائم کرنا چاہی۔ جس کا مختلف حضرات نے جواب تحریر کیا۔ یہ مقالہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے ماہنامہ "الخیر" ملتان میں شائع ہوا۔

(164)

نام المنبر ڈائجسٹ ایڈیشن

مصنف حکیم مولانا عبد الرحیم اشرف

صفحات ۱۴

سن اشاعت ۱۷ مارچ سنہ ۱۹۷۶ (اردو)

ہفت وار المنبر فیصل آباد سے شائع ہوتا ہے۔ جلد نمبر ۲۱ شمارہ نمبر ۱۱ انہوں نے ڈائجسٹ کی طرز پر شائع کیا۔ قادیانی غیر مسلم کیوں۔ میں نے قادیانیت کیوں چھوڑی۔ مسلمانوں نے دعوی کا قادیانی کی جانب سے جواب کا جواب وغیرہ مختلف مضامین شامل اشاعت ہیں۔

(165)

نام البیانات الکافیہ فی خطا وضلال الاحمدیۃ القادیانیہ

مصنف الشیخ محمد بن یوسف الکافی دمشقی

صفحات ۲۸۸

سن اشاعت ۱۳۵۱ھ (عربی)

Marfat.com

رد قادیانیت کے تمام مباحث بالخصوص حیات عیسیٰ علیہ السلام و کذب مرزا پر خوب بحث کی گئی ہے۔

(166)

نام النحلۃ الاحمدیہ و خطرھا علی الاسلام

مصنف علامہ محمود المحلاج

صفحات ۹۶

سن اشاعت ۱۹۵۵ (عربی)

بغداد سے شائع ہوئی۔ عربی زبان میں رد قادیانیت پر عمدہ علمی دستاویز ہے۔

(167)

نام المسیح الدجال

مصنف ڈاکٹر عبد الحکیم خان

صفحات ۵۰

سن اشاعت --(اردو)۔

مصنف پہلے خود مرزائی تھے۔ مرزا کو قریب سے دیکھا تو یہ حقیقت آشکارا ہو گئی کہ یہ مسیح موعود نہیں بلکہ مسیح دجال ہے۔ اس کی تمام تر تفصیل اس رسالہ میں قلم بند کردی ہے۔

(168)

نام آئینہ مرزائیت

مصنف ملک محمد صادق

صفحات ۱۶

سن اشاعت --(اردو)۔

موصوف پہلے خود قادیانی تھے۔ قدرت نے توفیق بخشی مسلمان ہوئے۔ اس رسالہ میں مرزائیوں کے عقائد کے ڈھول کا پول کھولا ہے۔ تمہید میں مرزائیت کو چھوڑنے کے واقعہ کو بیان کیا ہے۔

(169)

نام الذکر الحکیم نمبر ۴

مصنف ڈاکٹر عبد الحکیم خان

صفحات ۶۸

سن اشاعت ۲۴ر مئی سنہ ۱۹۰۶ (اردو)

Marfat.com

موصوف پہلے خود مرزائی تھے ۔ مرزا قادیانی کے جوں جوں قریب ہوتے گئے توں توں مرزا قادیانی کی صداقت ان پر مشتبہ ہوتی گئی ۔ انہوں نے مرزا سے خط و کتابت شروع کی ۔ مرزا کو لینے کے دینے پڑ گئے ۔ حسب عادت دشنام طرازی پر اتر آئے ۔ ڈاکٹر عبد الحکیم خان مصنف کو مرزا نے مرتد قرار دے کر جماعت سے نکال دیا ۔ موصوف نے تمام خط و کتابت و تبصرہ الذکرا لحکیم نمبر ۴ میں شائع کردیا " مرزا قادیانی مجھ سے کیوں بگڑ بیٹھے ؟ " اس کی تفصیل پر یہ رسالہ مشتمل ہے ۔

(170)

نام الحرکات الہدامۃ القادیانیہ

مصنف ابو الحسن علی ندوی

ابو الاعلیٰ مودودی

الشیخ محمد الخضر الحسین

صفحات ۱۳۲

سن اشاعت -- (عربی)۔

رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ نے تینوں حضرات کے رد قادیانیت پر مقالہ جات کو عربی زبان میں (ترجمہ) کر کے یکجا شائع کردیا ۔ اور لاکھوں کی تعداد میں دنیا بھر میں تقسیم کیا ۔

(171)

نام آئینہ مرزائیت

مصنف سید برکت علی شاہ المعروف گوشہ نشین

صفحات ۸۴

سن اشاعت ۱۹۲۶ (اردو)

مصنف وزیر آباد کے شیعہ رہنما تھے ۔ مرزائیت کی تردید پر عمدہ کتاب لکھی ہے ۔ معروف شیعہ رہنما جو مرزا قادیانی کے ہم عصر تھے اور جن پر مرزا قادیانی نے اپنے سب و شتم کی بوچھاڑ کی تھی ۔ جن کا نام مولانا علی الحائری ہے ۔ انہوں نے اس کتاب پر تقریظ لکھی ہے ۔

(172)

نام الجواب الصحیح لرد الموقف القبیح

مصنف مولانا محمد اقبال رنگونی مانچسٹر

صفحات ۵۰

سن اشاعت -- (اردو)

Marfat.com

لندن سے قادیانی رسالہ "ہمارا موقف" شائع ہوا۔ جس کا خوبصورت مدلل جواب یہ رسالہ ہے۔ مصنف کی آہنی مضبوط گرفت سے مرزائیت پھڑپھڑا اٹھی۔

(173)

نام ایمان و کفر قرآن کی روشنی میں

مصنف مولانا مفتی محمد شفیعؒ مفتی اعظم پاکستان

صفحات ۴۸

سن اشاعت ۱۹۵۴ (اردو)

سنہ ۱۹۵۳ء کی تحریک ختم نبوت میں پنجاب کی تحقیقاتی کمیشن میں کفر و ایمان، اسلام اور مسلمان کی تعریف اور اس سے متعلقہ مباحث پر مشتمل سوالات بار بار عدالت کی طرف سے اٹھائے جاتے تھے۔ حضرت مفتی صاحب مرحوم بھی عدالت میں اپنا بیان ریکارڈ کرانے کے لئے پیش ہوئے تھے۔ آپ نے تمام متعلقہ مباحث کو قرآن و حدیث، اقوال ائمہؒ سے نہایت وضاحت و تفصیل کے ساتھ مرتب کر کے شائع کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کی کروڑ رحمتیں ہوں مصنفؒ کی تربت پر بہت ہی قلیل قدر علمی مواد جمع کر کے آنے والی نسلوں پر احسان کیا ہے۔

(174)

نام القادیانی و معتقداتہ

مصنف مولانا منظور احمد

صفحات ۵۲

سن اشاعت ۱۳۹۴ (عربی)

قادیانی عقائد نامی پمفلٹ کا عربی ایڈیشن ہے۔

(175)

نام آئینہ قادیانی

مصنف مولانا عبد اللطیف مسعود

صفحات ۲۰۰ سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے ۹۸ مختلف عنوانات قائم کر کے مرزا قادیانی کے کریکٹر و کردار، مذہب و سیاست کو اس کی اپنی کتابوں سے ثابت کیا۔ مصنف ایک مخلص عالم دین ہیں۔ مرزائیت کے لٹریچر کو کھنگال کر جتنی [illegible] کا جواب دیا۔ ہدایت کا سرچشمہ تو اللہ رب العزت کی ذات گرامی ہے مگر مرزائیت [illegible] کافی ہے۔

Marfat.com

(176)

نام الاسس القادیانیۃ للحرکۃ القادیانیہ
مصنف سید عباسی
صفحات ۳۲
سن اشاعت ۱۹۵۷ (عربی)

جنوبی افریقہ دربن سے اس کو شائع کر کے عرب دنیا و افریقی ممالک میں مفت تقسیم کیا گیا۔

(177)

نام اطلاع رحمانی بر اغلاط قادیانی
مصنف ابو یحییٰ محمد اسحاق رحمانی
صفحات ۸۴
سن اشاعت -- (اردو)

اس کتاب میں شمالی امریکہ کے جزیرہ ٹرینی ڈاڈ کے مسلمانوں کے ان نو سوالوں کے جوابات ہیں جو انہوں نے مرزائیت کے گمراہ کن وسوسوں سے متعلق خانقاہ رحمانی مونگیر میں بھیجے تھے۔ کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں ان کے صحیح جوابات دئے جائیں۔ اور اسلام کی صحیح نمائندگی کی جائے۔ ان سوالات کے جوابات اس رسالہ میں بڑے واضح اور فیصلہ کن انداز میں دئے گئے ہیں۔ ابتدا میں مرزا قادیانی کے ہلپاک عقائد اور خواجہ کمال الدین مرزائی کی عیاریوں کا پردہ چاک کیا گیا جو ان دنوں ٹرینی ڈاڈ میں مرزائیت کا پرچار کر رہا تھا۔ اس کتاب سے علاقہ ٹرینی ڈاڈ کے مسلمانوں کا ایمان محفوظ ہوا۔ اور وہ مرزائیت کی گمراہیوں سے آگاہ ہوئے۔

(178)

نام القادیانیۃ ثورۃ علی النبوۃ المحمدیۃ والاسلام
مصنف ابو الحسن علی ندوی
صفحات ۳۰
سن اشاعت -- (عربی)

اس مقالہ کے ذریعہ عرب دنیا کو مرزائیت کی گمراہیوں سے آگاہ کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ عرب دنیا کو مرزائیت کے عقائد فاسدہ و عزائم باطلہ سمجھانے کے لئے امت محمدیہ کی طرف سے جن حضرات نے فرض کفایہ ادا کیا ہے ان میں سے ایک مصنف ہذا ہیں۔ یہ مقالہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

Marfat.com

(179)

نام الاحمدیۃ اللاہوریہ من ہم

مصنف مولانا عبد الحق پاکستانی

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۔۔ (عربی)

لاہوری مرزائی افریقی ممالک میں یہ تاثر قائم کرتے تھے کہ ہمارا قادیانیوں سے کوئی تعلق نہیں اور یہ کہ ہم مسلمان ہیں ۔ جس سے وہاں کے مسلمانوں میں لاہوری مرزائیوں سے متعلق صحیح صورت حال واضح نہیں ہوتی تھی ۔ جس کے باعث وہ کسی بڑی غلطی کے مرتکب ہو سکتے تھے ۔ اس کتاب میں ثابت کیا گیا ہے کہ لاہوری مرزائی بھی مرزا غلام قادیانی کے پیروکار ہیں جو عقائد قادیانی جماعت کے ہیں وہی لاہوری پارٹی کے ہیں ۔ ان میں اختلاف عقائد کا نہیں بلکہ اقتدار و مسند نشینی کا ہے جیسے قادیانی غیر مسلم ہیں ایسے ہی لاہوری بھی غیر مسلم ہیں ۔ افریقہ و عرب ممالک میں یہ کتاب تقسیم کی گئی اور مسلمانوں کو ایک خطرناک فتنہ سے بچایا گیا۔

(180)

نام ایمان کے ڈاکو

مصنف ابو القاسم محمد رفیق دلاوری

صفحات ۱۵۱

سن اشاعت ۶ ر جولائی سنہ ۱۹۵۶ (اردو)

اس میں دو مدعیان خدائی ' پندرہ مدعیان نبوت ' چار مدعیان مسیحیت ' چار مدعیان مہدویت ' ایک مدعی امامت اور ایک مدعیہ مظہر فاطمہ الزہراء کے حالات و واقعات بیان کئے گئے ہیں ۔ مال و زر کے ڈاکوؤں کے حالات تو آپ روزمرہ پڑھتے ہیں ۔ ایمان کے ان ڈاکوؤں کی حکایات بھی مطالعہ کے لائق ہیں تاکہ ان فتنہ گروں سے بچ سکیں ۔ مدعیان نبوت و مسیحیت دو قسم کے لوگ گذرے ہیں ۔ ایک تو وہ جنہوں نے دعوی نبوت و مسیحیت کیا اور اسلامی ریاست نے ان کو جلد یا بدیر اپنی گرفت میں لے کیفر کردار تک پہنچادیا ۔

دوسرے وہ جنہوں نے ایسی سرزمین میں اپنے دجل کا جال پھیلایا جو اسلامی فرمانرواؤں کی دسترس سے باہر تھی ۔ مرزا قادیانی اس دوسرے گروپ سے تعلق رکھتا ہے ۔ اس لئے اس کتاب میں اس کے حالات نہیں ہیں ۔ البتہ اس کے تمام آباء و اجداد مسیلمہ کذاب سے لے کر بہاء اللہ ایرانی تک کے تمام حالات اس میں درج ہیں ۔ مرزا قادیانی کے حالات کے لئے مصنف نے دوسری کتاب تحریر کی

Marfat.com

جس کا نام رئیس قادیان ہے ۔ اللہ رب العزت کی مصنف پر کروڑ رحمتیں ہوں ۔

(181)

نام الہامات مرزا (مع جواب آئینہ حق نما)

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۱۳۲

سن اشاعت طبع ششم جولائی سنہ ۱۹۳۸ (اردو)

مصنف ان خوش بخت انسانوں میں سے تھے جنہوں نے متنبی قادیان مرزا قادیانی کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کلمہ حق بلند کیا ۔ مرزا قادیانی کو وہ ناک چنے چبوائے کہ اس کی نام نہاد نبوت کی پٹاری سے تمام شعبدہ بازیاں ختم ہوگئیں ۔ مرزا نے تنگ آکر پیشین گوئی کردی کہ میرے اور مولانا ثناء اللہ میں سے جو حق پر ہے اس کی زندگی میں جھوٹا مر جائے گا ۔ قدرت کا کرشمہ ملاحظہ ہو کہ مرزا قادیانی اپنے کذب میں سچا تھا کہ پہلے مر گیا ۔ ۲۶ر مئی سنہ ۱۹۰۸ کو بحالت ہیضہ لاہور میں مرزا کی وفات نے مرزا کے کذب پر مہر لگادی ۔ مولانا ثناء اللہ مرحوم پاکستان بننے کے بعد سرگودھا میں آکر آباد ہوئے ۔ اب بھی سرگودھا کے قبرستان میں محو استراحت ہیں ۔ مولانا ثناء اللہ نے رد قادیانیت پر بے شمار کتابیں لکھیں ۔ انہیں میں سے ایک یہ کتاب ہے ۔ اس میں مرزا قادیانی ملعون کی دس پیشین گوئیوں پر فاضلانہ بحث کر کے ان کا غلط ہونا ثابت کیا گیا ہے ۔ عبد اللہ آتھم ' لیکھرام ' محمدی بیگم ' نکاح و وفات مولانا محمد حسین بٹالوی ' نشان آسمانی ' طاعون پنجاب ' خلافت قادیان ' عمر مرزا ' آخری فیصلہ ۔ ان پیشین گوئیوں کا مکمل تجزیہ اس کتاب میں کیا گیا ہے ۔ طبع ششم اس وقت زیر نظر ہے ۔ یہ کتاب تین دفعہ مرزا قادیانی کے زمانہ حیات میں شائع ہوئی ۔ مگر مرزا سمیت تمام مرزائیوں کو سانپ سونگھ گیا کسی کو جواب دینے کی جرات نہ ہوئی ۔ مرزا کی وفات کے بعد حکیم یعقوب علی قادیانی نے " آئینہ حق نما " کے نام سے اس کا جواب لکھا ۔ طبع ششم زیر نظر ایڈیشن میں اضافہ کر کے جگہ جگہ آئینہ حق نما کے جواب کا قرض بھی ساتھ ہی مصنف مرحوم نے چکا دیا ہے ۔

(182)

نام اسلام اور مرزائیت کا اصولی اختلاف

مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۳۷۱ھ (اردو)

مرزائیت اور اسلام آپس میں ایک دوسرے کی ضد ہیں ۔ جس طرح دن و رات ' حق و باطل ' کفر

Marfat.com

واسلام ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے اسی طرح مرزائیت اور اسلام بھی ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔ اس لئے کہ مرزائیت کا رشتہ شیطان سے اور اسلام کا رشتہ رحمٰن سے ملتا ہے۔

(183)

نام القادیانیۃ

مصنف علامہ احسان الٰہی ظہیر

صفحات ۳۲۰

سن اشاعت ۱۹۶۷ (عربی)

اس کتاب کے انگریزی و اردو ایڈیشن بھی شائع ہو چکے ہیں۔ محاذ ختم نبوت پر مصنف کی گراں قدر خدمات کا ایک باب یہ کتاب بھی ہے جس سے عرب دنیا میں بہت ہی زیادہ فائدہ ہوا۔

(184)

نام السوء العقاب علی المسیح الکذاب

مصنف مولانا احمد رضا خان بریلوی

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۳۲۰ھ (اردو)

یہ کتابچہ در اصل ایک فتوی ہے جس میں روشن دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی دعوی نبوت و رسالت ' انبیاء علیہم السلام کی توہین کے ارتکاب کے باعث ' ضروریات دین کے انکار کے بموجب مرتد تھا۔ وہ اور اس کے ماننے والے سب دائرہ اسلام سے خارج 'کافر و مرتد ہیں۔ ان سے نکاح ' شادی ' میل جول کے تمام وہی احکام ہیں جو مرتد کے ہوتے ہیں۔

(185)

نام ابا طیل مرزا

مصنف مولانا محمد اسحاق امرتسری

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۳۵۳ (اردو)

اس میں مرزا قادیانی کے ۳۳ جھوٹ قلم بند کئے گئے ہیں۔

(186)

نام اغلاط ماجدیہ

مصنف مولانا عبد اللطیف رحمانی

Marfat.com

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۱۹۱۶ (اردو)

عبد الماجد قادیانی کے رسالہ القاء کے ایک ورق میں ۳۲ غلطیاں ثابت کی گئی ہیں اور خدا کی قدرت کا نمونہ ظاہر کیا گیا ہے ۔ جو قادیانی صوبہ بہار میں قادیانی جماعت کا بزرجمہر تھا اس نے مدت کی جانکاہ محنت سے رسالہ لکھا جس میں اپنے طور پر مسلمانوں کو قائل کرنا چاہا۔ لیکن اللہ رب العزت کی شان بے نیازی کہ اس کے ایک ورق میں ۳۲ غلطیاں ہیں ۔ مصنف نے جہاں ایک صفحہ سے ۳۲ غلطیاں نکال کر مرزائی عبد الماجد کی بتیسی توڑی ہے وہاں اس کے رسالہ القاء کے تمام شبہات کو واضح طور پر دور کیا ہے ۔

(187)

نام اسلامیہ تبلیغی انسائیکلو پیڈیا

مصنف منشی محمد شفیع امرتسری

صفحات ۲۰۰

سن اشاعت طبع سوم ، اگست سنہ ۱۹۵۲ (اردو)

اس کتاب میں ہندو ، سکھ ، یہودی ، عیسائی ، آریہ وغیرہ لوگوں کے معروف اعتراضات کو سامنے رکھ کر ان کے جوابات دئے گئے ہیں تاکہ ہر مسلمان اسے پڑھ کر اتنی دینی معلومات حاصل کر لے کہ غیر مسلم اس کے سامنے ٹھہرنے نہ پائے ۔ باب نہم جو صفحہ ۱۱۱ سے شروع ہو کر صفحہ ۲۰۸ پر اختتام پذیر ہوتا ہے ۔ اس میں مرزائیت کے عقائد و عزائم مذہبی و سیاسی چالبازیوں پر بحث کی گئی ہے ۔ قادیانیوں کی سازشی سرگرمیوں اور خطرناک عقائد کا ایسے طور پر پردہ چاک کیا گیا ہے کہ قادیانیت کی روح تڑپ اٹھی ہو گی ۔ اس کتاب کا یہ حصہ ضرب " ید الٰہی " ہے ۔

(188)

نام آئینہ قادیانی

مصنف حاجی سید محمد عبد الرحمٰن

صفحات ۲۰

سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی کی اصل کتب کے آئینہ سے مرزائیت کے اصل کو دکھانے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے ۔ خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا ۔

(189)

Marfat.com

نام　　اسلامیہ پاکٹ بک
مصنف　　الحاج محمد مسلم بن برکت اللہ
صفحات　　۲۳۴
سن اشاعت　　۱۳۹۵ھ (اردو)

صحیح معنی میں رد قادیانیت کا ایسا کشکول ہے جس میں رد مرزائیت سے متعلق ہر مسئلہ کا خلاصہ مواد آپ کو میسر آئے گا۔ قادیانی جماعت کی حقیقت کو واضح کرنے کے لئے یہ کتاب بہت حد تک کافی ہے۔

(190)

نام　　آئینہ تلبیس
مصنف　　مولانا ابو القاسم سیف دلاوری
صفحات　　۵۵۰
سن اشاعت　　۱۹۴۷ (اردو)

مصنف برصغیر پاک و ہند کے نامور صاحب قلم تھے۔ قدرت نے آپ کو ژرف دھلے ہوئے قلم کی نعمت سے آپ کو نوازا تھا۔ اس کتاب میں مسیلمہ کذاب سے لے کر مرزا قادیانی تک کے مرزا قادیانی کے روحانی آباء و اجداد مدعیان نبوت باطلہ کے حالات و واقعات تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ ختم نبوت کا سب سے پہلا معرکہ حضرت صدیق کبرؓ نے سر کیا تھا۔ اس لئے جو لوگ قیامت تک ختم نبوت کا کام کریں گے ان کا روحانی سلسلہ نسب حضرت صدیق اکبرؓ سے وابستہ ہو گا۔ اسی طرح سب سے پہلا مدعی نبوت کاذب مسیلمہ کذاب تھا۔ اس لئے قیامت تک جو لوگ نبوت کا دعوی کریں گے ان کا سلسلہ نسب مسیلمہ کذاب سے وابستہ ہو گا۔ کیونکہ ان مدعیان نبوت باطلہ کا جد اعلیٰ مسیلمہ کذاب تھا۔ ان مدعیان نبوت باطلہ کے حالات و واقعات ایسے اچھوتے انداز میں تحریر کئے ہیں کہ [illegible] شروع کریں تو پڑھتے ہی چلے جائیں۔ آخر میں ایک سو بیس صفحات ان مدعیان نبوت باطلہ [illegible] فرزند اکبر ابن الشیطان مرزا قادیان کے حالات و واقعات کے متعلق ہیں لیکن مرزا قادیانی کے تفصیلی حالات رئیس قادیان میں بیان کئے گئے ہیں، وہ بھی انہی مصنف مرحوم کے رشحات قلم کا شاہکار ہے۔

(191)

نام　　آئینہ قادیانیت
مصنف　　عبد العلیم الیاسی ایم اے

Marfat.com

صفحات ۸۰

سن اشاعت ۱۹۶۳ (اردو)

حیدر آباد انڈیا سے شائع ہونے والی اس کتاب میں عجیب و غریب انکشافات ' اعتقادات ' اجتہادات ' اختراعات پر بحث کی ہے۔ مرزا قادیانی کی جسمانی ' دماغی صحت ' مرزا کے معاملات ' دینی الفاظ میں تحریف ' مرزا کی سیاست ' عشق و مستی کی داستان ' ہیضہ سے خاتمہ تک کی تمام تر کہانی اس میں جستہ جستہ بیان کی گئی ہے۔

(192)

نام اکاذیب مرزا

مصنف مولانا عبد العزیز ملتانی

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۳۴۹ھ (اردو)

اس صدی کا سب سے بڑا کذاب مرزا غلام احمد قادیانی تھا۔ اس کی ہر بات کذب و افترا [illegible] اس کذاب اعظم کی کذب بیانی و دروغ گوئی پر مشتمل بے شمار کتابیں شائع ہوئیں۔ اس رسالہ میں کذاب اعظم کے پچاس جھوٹ اس کی تحریروں سے ثابت کئے گئے ہیں۔

(193)

نام ابطال اعجاز مرزا

مصنف مولانا حکیم شاہ غنیمت حسین اشرفی

صفحات ۱۰۰

سن اشاعت --(اردو عربی)

مرزا قادیانی نے عربی میں ایک قصیدہ اعجازیہ لکھ کر دعویٰ کیا کہ اس کا جواب دینے سے لوگ عاجز ہیں۔

مصنف مرحوم ساکن چک مخدوم مونگیر نے یہ کتاب تحریر کی [illegible] جلد میں مرزا قادیانی کے قصیدہ کی صرفی و نحوی غلطیوں کو بیان کیا گیا۔

دوسرا حصہ جو اس وقت زیر نظر ہے اس میں ایک فصیح و بلیغ قصیدہ [illegible] عربی [illegible] لیا گیا ہے جسے پڑھ کر اہل علم جھوم اٹھے۔ مرزا قادیانی کے اعجاز کا بھرم کھل گیا ہے۔

تمہید میں مرزا قادیانی کے موٹے موٹے سیاہ جھوٹ دکھائے گئے ہیں جسے دیکھ کر مرزا قادیانی کی کذب بیانی کا پھریرا بلند ہوتا نظر آتا ہے۔ جس طرح شیطان دجال اعظم ہے اسی طرح مرزا قادیانی

Marfat.com

کذاب اعظم تھا۔ آخر میں ان وجوہات کو بیان کیا گیا ہے جن کی بنا پر یہ قصیدہ مرزا قادیانی کے قصیدہ پر فائق ہے۔

مرزا قادیانی کے قصیدہ کا جواب اورینٹیل کالج لاہور کے پروفیسر قاضی ظفر الدین مرحوم نے بھی قصیدہ رائیہ بجواب قصیدہ مرزائیہ کے نام سے تحریر کیا تھا جس کا مولانا ثناء اللہ امرتسری نے اپنی کتاب الہامات مرزا کے صفحہ ۱۰۳ پر ذکر کیا ہے۔ مگر افسوس کہ وہ ان سطور کے تحریر کرتے وقت تک دستیاب نہیں ہو سکا۔

(194)

نام اسلامی درہ (المعروف کذبات مرزا)
مصنف مولانا احمد صدیق ولد مولانا محمد ابراہیم سونڈوی
صفحات ۳۲
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے اس رسالہ میں ثابت کیا ہے کہ ولایت میں کوئی مشین کتنی تیز چلنے والی کیوں نہ ہو وہ اتنی تیزی سے کپڑا تیار نہیں کر سکتی جتنا قادیانی مشین میں جھوٹ تیزی سے تیار کیا جاتا ہے۔ پھر اس پر مزعومہ دلائل کا رنگ چڑھا کر مرزائی مبلغین کے دجل و فریب و کہہ مکرنی کی بھٹی میں استری کر کے مسلمان قوم کے ایمان کے جنازہ کے کفن کے لئے اسے تیار کرتے ہیں۔ مرزائیت مکر و افتراء 'کذب و فریب کا ایک پلندہ ہے۔ مرزا قادیانی جھوٹوں کا عالمی چمپئن تھا۔ اس کی کوئی بات سچی نہ تھی۔ وہ بھول کر بھی سچ نہ بولتا تھا۔ جھوٹ اس کی زبان پر جاری ہو گیا تھا اس کے دماغ و زبان کی مہار شیطان نے تھام رکھی تھی۔ اور مرزا کو منہ زور گھوڑے کی طرح جھوٹ کی وادیوں سے دوڑاتا تھا۔ ہر قدم پر جھوٹ تیار کرنا اور پھر سب سے پہلے اس کا خود بے دریغ استعمال کرنا اس کا وطیرہ تھا۔ یہ رسالہ اسی موضوع سے متعلق ہے واقعی یہ مرزائیت کے منہ زور بے لگام گھوڑے کے لئے اسلامی درہ ہے۔ پڑھئے اور سر دھنئے۔

(195)

نام آئینہ کمالات مرزا
مصنف --
صفحات ۶۴
سن اشاعت -- (اردو)

خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا۔ اپنے اخلاص کی بنیاد پر مصنف نے اپنا نام تک تحریر نہیں کیا۔ غالبا

Marfat.com

حضرت مولانا سید محمد علی مونگیری رحمہ اللہ علیہ کا تحریر کردہ ہے۔ اس میں مرزا قادیانی کے الہامات و پیشین گوئیوں کا جھوٹا ہونا' مرزا کے دل کا انبیاء کی عظمت سے خالی ہونا' اور اس کے کلام میں وعدہ خلافی کا ہونا ثابت کیا گیا ہے۔ مرزا قادیانی کے عالم برزخ کی حالت کے بارے میں آٹھ واقعات (رویائے صالحہ) بیان کئے گئے ہیں جو ایک مسلمان کے لئے ایمان پرور و حقائق افروز اور قادیانیوں کے لئے عبرت آمیز ہیں۔

(196)

نام عقائد مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۲۸ (اردو)۔

مصنف نے زندگی بھر مرزائیت کا تعاقب کیا۔ مناظروں و مباحثوں میں ان کو زچ کیا۔ جلسے و جلوسوں کے آدمی تھے۔ لوگوں کو ہر جگہ مرزائیت کے عقائد سے باخبر کرتے۔ لوگوں کے فائدہ کے لئے ان کے اصرار پر یہ رسالہ تحریر کیا جس میں مرزا کے عقائد باطلہ کو بیان کیا گیا ہے۔

(197)

نام علم کلام مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۱۰۰

سن اشاعت ۱۹۳۲ (اردو)

اس میں مرزا کو بحیثیت متکلم و مصنف کے جانچا' تولا اور پرکھا گیا ہے اور ان کی اسلامی خدمات (بقول خود) کا صحیح جائزہ لیا گیا ہے۔ ابتدا میں تمام مکاتب فکر کے علماء کی تقاریظ ہیں۔

(198)

نام علمی جائزہ

مصنف فضل الرحمٰن اہل حدیث

صفحات ۴۰

سن اشاعت -- (اردو)

مکمل نام قادیانی' لاہوری' مرزائی دائرہ اسلام سے خارج کیوں ہیں۔ علمی جائزہ۔ قابل قدر علمی مواد ہے سن اشاعت درج نہیں تاہم سنہ ۱۹۸۴ کے بعد کی تحریر معلوم ہوتی ہے۔

Marfat.com

(199)

نام عجائبات مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۱۶

سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۳۳ (اردو)

مصنف نے "علم کلام مرزا" نامی کتاب تحریر کی۔ "عجائبات مرزا" اس کا دوسرا حصہ ہے، جس میں مرزا قادیانی، مرزا محمود آنجہانی کی تحریرات بابت عمر مرزا، پیدائش مرزا کی حقیقت آشکارا کی گئی ہے۔ مولانا ابراہیم سیالکوٹی، مولانا غلام محمد رئیس جامعہ اسلامیہ بہاولپور، مولانا احمد اللہ رحمانی، قاری محمد طیب دیوبندی، مولانا محمد عالم آسی مولف الکاویہ، مولانا مفتی غلام مصطفیٰ امرتسری، مولانا احمد علی لاہوری، کی اس پر تقاریظ ہیں۔ اللہ رب العزت ان تمام حضرات کے مزارات پر اپنی رحمت نازل فرمائیں۔ آمین۔

(200)

نام عصائے موسیٰ

مصنف منشی الٰہی بخش لاہوری

صفحات ۳۶۰

سن اشاعت ۱۸۹۹ (اردو)

مصنف مرزا قادیانی کے مرید تھے۔ مرزا نے نبوت و الہام کا دعویٰ کیا تو یہ بھی اس کی تردید میں اٹھ گئے، مرزا نے کہا کہ میں عیسیٰ ہوں تو منشی الٰہی بخش نے کہا کہ میں موسیٰ ہوں۔ جس طرح عیسیٰ علیہ السلام شریعت موسوی کے علمبردار تھے، اسی طرح مرزا کو بھی میری علمبرداری کے نیچے آنا چاہیے۔ چنانچہ کتاب کا نام اسی لئے عصائے موسیٰ رکھا۔ خوب سے خوب تر مرزا کو رسوا کیا۔ خوب رطب و یابس اس میں جمع ہیں۔ مرزا قادیانی کے زمانہ حیات میں یہ کتاب شائع ہوئی مگر مرزا قادیانی سوائے گالیوں کے اس کا جواب نہ لکھ پایا

(201)

نام عبرت ناک موت

مصنف فرزند توحید

صفحات ۱۶

سن اشاعت -- (اردو)

Marfat.com

مصنف نے اس کتاب میں مرزائی کتب سے باحوالہ ثابت کیا کہ مرزا کی موت عبرت ناک موت تھی اسے قے اور اسہال نے ہیضہ کی شکل میں آگھیرا تھا۔ اور یوں اس صدی کا سب سے بڑا متنبی قادیان اپنے شرمناک انجام کو پہنچا۔ اس کے ٹائیٹل پر ایک فوٹو دیا گیا ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ مرزا قادیانی غلاظت میں لت پت پڑا ہے۔ منہ اور نیچے کے راستے قے اور دست جاری ہیں اس کی گھر والی نصرت بیگم و دیگر افراد خانہ سرہانے کی طرف نوحہ کناں ہیں جبکہ پاؤں کی جانب مرزا بشیر الدین غلاظت نکلنے کا نظارہ دیکھ رہا ہے۔ جس کا مرتے ہوئے یہ حشر تھا اس کا مرکر کیا حشر ہوگا۔ کسی ساتھی نے مجھے ایک بزرگ کا کشف سنایا کہ وہ مرزا کی قبر پر مراقب ہوئے تو مرزا کو دیکھا کہ وہ باؤلے کتے کی طرح چاروں طرف بھونکتے ہوئے چکر کاٹ رہا ہے اور بار بار اپنی دم کو دانت مارتا ہے۔

(202)

نام حقیقت مرزا

مصنف ماسٹر سید محمد ادریس

صفحات ۱۶

سن اشاعت دسمبر سنہ ۱۹۳۱ (اردو)

انجمن اصلاح المسلمین دہلی نے یہ کتاب شائع کی۔ اس میں مسلمانوں کے خلاف [illegible] اللہ علیہ وسلم کے خلاف، حرمین شریفین کے خلاف، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خلاف [illegible] امام حسینؓ کے خلاف مرزائیوں کی افترا پردازی [illegible] سے بچنے کی تلقین کی گئی۔ آخر میں مرزا کی درد [illegible] پیش کئے گئے ہیں۔

(203)

نام حقیقت مرزائیت

مصنف مولانا علم الدین

صفحات ۱۶۰

سن اشاعت ۲۱ شعبان سنہ ۱۳۴۷ (اردو)

کتاب کا مکمل نام "حقیقت مرزائیت" مع ختم نبوت بجواب "اجرائے نبوت" [illegible] مصنف خاص قادیان کے باسی تھے۔ کچھ عرصہ اٹک (کیمل پور) میں خطیب بھی رہے۔ ان کے قیام اٹک کے دوران ایک قادیانی ابراہیم نامی نے چار ورقہ پمفلٹ "اجرائے نبوت" شائع کیا جس کا جواب یہ کتاب ہے۔ موصوف چونکہ قادیان کے رہنے والے تھے اس لئے انہوں نے مرزائیت کے اتار چڑھاؤ کو اپنی آنکھوں سے دیکھا، ناپا، تولا، پرکھا، جانچا اور پھر یہ رسالہ ترتیب دیا۔ اس میں مرزا قادیانی

Marfat.com

کے کفریہ دعاوی اور اس کی منحوس و ذلیل تحریروں کو پیش کر کے اس کا اصل روپ عوام کو دکھایا گیا ہے۔ اس کی پیشین گوئیوں کے پرخچے اڑائے گئے ہیں اور آخر میں چار ورقی مرزائی پمفلٹ "اجرائے نبوت" کے ایک ایک اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے۔

(204)

نام حقیقت مرزا

مصنف --

صفحات ۲۴

سن اشاعت -- (اردو)

اس میں مرزا قادیانی کی حقیقت ناواقف مسلمانوں کی اطلاع کے لئے بیان کی گئی ہے کہ مرزا کو محض صاحب شریعت نبی ہونے کا دعوی نہیں تھا۔ بلکہ نعوذ باللہ اس کو خدا کا بیٹا اور اس سے بھی بڑھ کر خود خدا ہونے کا دعوی تھا۔

آخر میں مرزا کے قصیدہ اعجازیہ کی صرفی و نحوی غلطیوں کو بیان کیا گیا ہے خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا۔ مصنف کے اخلاص کا یہ عالم ہے کہ اپنا نام تک نہیں لکھا۔

(205)

نام حقیقت مرزائیت

مصنف مولانا عبد الکریم مباہلہ

صفحات ۱۵۰

سن اشاعت --(اردو)

مرزائیوں کی تمام چالبازیوں، عیاریوں، مکاریوں کی تفصیل اور ان کا توڑ پیش کیا گیا ہے۔ مصنف پہلے نہ صرف قادیانی تھا بلکہ قادیان کا رہائشی بھی تھا۔ دور کے ڈھول سہانے ہوتے ہیں۔ قریب سے مرزائیت کے اعمال و کرتوت دیکھے تو متنفر ہو گیا۔ جس کا مظہر یہ کتاب ہے۔

(206)

نام حرف محرمانہ

مصنف ڈاکٹر غلام جیلانی برق،

صفحات ۴۵۰

سن اشاعت ۱۹۵۴ (اردو)

مصنف ملک عزیز پاکستان کے نامور ادیب تھے متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ جو دین اسلام

Marfat.com

کے خلاف بھی ہیں اور حق میں بھی ۔ خلاف ان کے زمانہ جوانی کی شوخیوں کی آئینہ دار ہیں اور اسلام کے حق میں ان کی بزرگی و ہدایت کی مظہر ہیں ۔ انہوں نے غیر جانبدارانہ طور پر مرزائیت کے لٹریچر کو براہ راست پڑھ کر یہ کتاب مرتب کی ہے ۔ قلم و بیان کی عمدگی طرز استدلال کی مضبوطی کے ساتھ ساتھ تلاش حق کے لئے بے تاب قادیانیوں کی خاطر بڑے درد و جذبہ سے لکھی ہے ۔ اس کے بعض مباحث سے ہمیں اختلاف ہے کہ ضرورت سے زیادہ انہوں نے نرمی کی ہے کفار کسی وقت نرمی کے مستحق ہو سکتے ہیں مگر رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و ناموس کے دشمنوں سے بعض اوقات رعایت انسان کو اتھاہ گہرائیوں میں لیجا کر ہلاک کر دیتی ہے تاہم کتاب نے مجموعی طور پر مجھے بہت متاثر کیا ہے ۔

(207)

نام حجۃ قطعیہ علی رد مرزائیہ ' مرزا کی کہانی مرزا کی زبانی

مصنف مولانا غلام سبحانی ہزاروی

صفحات ۱۲۸

سن اشاعت -- (اردو) '

نام سے موضوع ظاہر ہے ۔

(208)

نام حقیقت قادیانیت

مصنف اختر احسن

صفحات ۱۲۸

سن اشاعت ۱۹۷۵ (اردو)

اس کتاب میں قادیانیت کا پس منظر ' مرزا کی پیشگوئیاں ' قادیانی عقائد ' قرآن میں غلامانی تحریف ' قادیانی ایک علیحدہ امت ' قادیانی اور پاکستان جیسے عنوانات پر خامہ فرسائی کی گئی ہے ۔ اصل میں یہ کتاب انگلش میں تھی جس کا اردو ترجمہ اس نام سے شائع کیا گیا ہے ۔

(209)

نام تازیانہ عبرت ' مرزا کی آسمانی شہادت کی بیخ کنی

مصنف شبان اہل حدیث '

صفحات ۹

سن اشاعت ۱۹۶۶ (اردو)

Marfat.com

۱۹ر نومبر سنہ ۱۹۶۶ کو لاہور میں محمدی بیگم کا انتقال ہوا جن کے متعلق مرزا قادیانی نے پیشینگوئی کی تھی کہ وہ میرے نکاح میں آئے گی۔ مرزا قادیانی ایڑیاں رگڑتا رگڑتا ۲۶ر مئی سنہ ۱۹۰۸ء کو بمرض ہیضہ مرگیا لیکن محمدی بیگم اس کے مرنے کے بعد اٹھاون سال تک زندہ رہی۔ مرحومہ مرزا قادیانی کے کذب پر چلتی پھرتی خدائی تلوار تھی۔ مرزا کی یہ پیشینگوئی بھی پوری نہ ہوئی۔ محمدی بیگم کے انتقال پر یہ رسالہ لکھ کر شبان اہل حدیث نے مرزائیوں کو دعوت دی کہ وہ مرزا کے جھوٹے ہونے پر خدائی نشان کو دیکھیں۔

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

(210)

نام تاریخ مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات [illegible]

سن اشاعت ۱۹۱۹ (اردو)

مرزا قادیانی کے ابتدائی سٹیج سے لے کر آخری مراحل تک کی جستہ جستہ تاریخ قلمبند کردی گئی ہے۔ مرزا قادیانی نے مصنف کو چیلنج دیا کہ وہ قادیان آئیں اور اگر میرا نشان غلط ثابت ہو تو فی نشان ایک سو روپیہ انعام حاصل کریں۔ مصنف قادیان پہنچ گئے۔ مرزا قادیانی نے ملاقات سے انکار کردیا۔ ان دنوں مرزا قادیانی و مصنف کے درمیان جو خط و کتابت ہوئی وہ اس رسالہ میں شائع کردی گئی ہے۔ اسی طرح مرزا قادیانی نے مصنف کے متعلق کہا کہ ہم سے جو جھوٹا ہوگا وہ پہلے مرجائے گا۔ مرزا قادیانی سنہ [illegible] میں مرکر اپنے جھوٹے ہونے کا نشان چھوڑ گیا جبکہ مصنف سنہ ۱۹۴۸ تک زندہ رہے۔ اس کی تفصیل بھی اس رسالہ میں موجود ہے۔

(211)

نام تنبیہہ قادیانی

مصنف حاجی ابو المجد محمد عبدالرحمن

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۹۱۳ (اردو)

مرزائی اخبار ۱۹ر ستمبر ۱۹۱۳ کے ایک مضمون کا جواب ہے۔ خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا۔

(212)

نام تائید الاسلام ماہانہ رسالہ

Marfat.com

مصنف بابو پیر بخش

صفحات ۲۴

سن اشاعت جون سنہ ۱۹۳۲ (اردو)

بابو پیر بخش ریٹائرڈ پوسٹ ماسٹر نے یہ رسالہ لاہور سے شائع کیا اور مدت العمر اس رسالہ کے ذریعہ مرزا قادیانی کی تردید کرتے رہے۔ مصنف کی وفات کے بعد میاں قمرالدین رئیس اٹھرہ اس رسالہ کو مقدور بھر چلاتے رہے۔ سنہ ۱۹۳۲ میں مولانا لال حسین اختر نے اس رسالہ کی ایڈیٹری سنبھالی۔ جلد نمبر ۱' شمارہ نمبر ۱' جون سنہ ۱۹۳۲ کا رسالہ زیر نظر ہے جس کے چوبیس صفحات ہیں اس کے ساتھ جولائی سنہ ۱۹۳۲ کا شمارہ نمبر ۲ ہے اس کے بھی اتنے ہی صفحے ہیں خوب سے خوب تر مضامین ہیں۔ اس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو سکا کہ جاری رہا یا بند ہو گیا۔ تاہم بابو پیر بخش مولانا لال حسن اختر میاں قمرالدین کی رد قادیانیت پر خدمات کا ایک زمانہ معترف ہے اور یہ رسالہ اس کا واضح ثبوت ہے۔

(213)

نام تعبیر رویائے حقانی۔ ہفوات قادیانی

مصنف مولانا محمد علی مونگیری

صفحات --

سن اشاعت -- (اردو)

حجۃ اللہ علی الارض حضرت مولانا محمد علی مونگیری رحمہ اللہ کا وجود رد قادیانیت کے سلسلہ میں اللہ رب العزت کا وہ خصوصی انعام تھا جس کا پوری امت کو شکر گذار ہونا چاہئے۔ آپ نے فیصلہ آسمانی' دوسری شہادت آسمانی' کتابیں تحریر کیں جس کا جواب ایک قادیانی نے دو زبانی اور گالیوں پر مشتمل ایک پوسٹ تحریر سے دیا جس کا نام اس نے اسرار نمائی رکھا۔ اس کا جواب یہ رسالہ ہے جو خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا۔ افسوس کہ دفتر مرکزیہ میں نامکمل نسخہ ہے اور کہیں سے دستیاب نہ ہو سکا۔۔

(214)

نام تفریق درمیان اولیائے امت

مصنف بابو پیر بخش

صفحات ۶۸

سن اشاعت جون سنہ ۱۹۳۶ (اردو)

مرزا قادیانی کے ایک مرید سید مدثر شاہ نے شوخلات اولیائے امت نام کا ایک رسالہ تحریر جس کا جواب یہ رسالہ ہے۔

Marfat.com

(215)

نام تحفہ محمدیہ برائے فرقہ غلمدیہ

مصنف مولانا حکیم عبد الشکور حنفی مرزا پوری

صفحات ۸۴

سن اشاعت یکم نومبر سنہ ۱۹۳۰ (اردو)

مدت ہوئی کسی مرزائی نے ایک رسالہ "مسلمانوں کا اس زمانہ میں امام کون ہے" تحریر کیا۔ جناب مولوی عبد الحکیم کانپوری نے سنہ ۱۹۲۶ میں اس کا جواب "راہ حق متعلقہ رد قادیان" تحریر کیا۔ اشاعت سے قبل حکیم الامت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی نے "حرفا حرفا اس کو دیکھا اور بہت ارفع پایا"۔ یہ تقریظ لکھی۔

راہ حق کا جواب نور ہدایت کے نام سے عبد المجید مرزائی کوہ منصوری نے لکھا۔ اس مرزائی کے نور ہدایت کا جولب تحفہ محمدیہ برائے فرقہ غلمدیہ ہے۔ خوب دلچسپ چیز ہے۔ پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

(216)

نام تنظیم اہل سنت مرزا غلام احمد نمبر

مصنف سید نور الحسن شاہ بخاری

صفحات ۱۷۸

سن اشاعت ۱۳۶۸ (اردو)

سرمایہ اہل سنت سید نور الحسن شاہ بخاری رحمہ اللہ کی ادارت میں ہفتہ وار تنظیم اہل سنت لاہور سے شائع ہوا کرتا تھا۔ ۱۳۶۸ھ میں اس کا مرزا غلام احمد نمبر شائع کیا گیا جس میں ملک عزیز کے نامور اہل قلم نے حصہ لیا۔ قادیانیت کے متعلق محققانہ مضامین شائع ہوئے جس کا پورے ملک میں خیر مقدم کیا گیا۔ یہ نمبر قادیانیت کے کفر والحاد کے خرمن پر حق و صداقت کی بجلیوں کا کام دے گیا۔ علامہ اقبال۔ مولانا ظفر علی خان۔ شیخ فیض محمد سپیکر اسمبلی۔ مولانا سید داؤد غزنوی۔ جناب محمد اکبر خان ڈسٹرکٹ جج بہاول پور۔ مولانا لال حسین اختر۔ مولانا محمد اسماعیل گوجرانوالہ جیسے ماہرین رد قادیانیت کے اس نمبر میں مضامین شامل ہیں۔

(217)

نام تصویر مرزا

مصنف ایم۔ ایس۔ خالد وزیر آبادی

Marfat.com

صفحات ۲۵۰

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

اس کتاب میں جہاں قرآن وحدیث کے معارف بیان کئے گئے ہیں وہاں مرزا قادیانی کی کتابوں سے حوالہ جات لکھ کر ایسے دلنشیں انداز میں تبصرہ کیا گیا ہے کہ ہر پڑھنے والا یہ سمجھنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ مرزا قادیانی ایک لچر اور فضول یاوہ گو شخص تھا۔ نبی تو درکنار ایک شریف انسان بھی نہ تھا۔ کتاب کا ایک ایک حرف قاری کے دل میں اترتا جاتا ہے کتاب شروع کریں تو ختم کئے بغیر چین نہ آئے۔ رد قادیانیت پر بہت عمدہ کتاب ہے۔

(218)

نام تذکرہ حضرت یونس علیہ السلام

مصنف مولانا عبد اللطیف رحمانی

صفحات ۵۰

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

مرزا قادیانی کی تمام پیشینگوئیاں غلط ثابت ہوئیں۔ اسلامی مناظر جب مرزائیوں کے احتساب کا دائرہ تنگ کرتا ہے تو مرزائی فوراً کہہ دیتے ہیں کہ انبیاء علیہم اسلام کی پیشینگوئیاں بھی غلط ثابت ہوئیں۔ حالانکہ ایسا کہنا ان کا صریح کفر ہے حقائق کا منہ چڑانے کے مترادف ہے اس لئے کہ ساری کائنات کا نظام بدل سکتا ہے اللہ رب العزت کے نبی کی بات جھوٹی نہیں ہو سکتی۔ مگر مرزائی اتنے ڈھیٹ واقع ہوئے ہیں کہ وہ مرزا قادیانی کی خانہ ساز نبوت کو بچانے کے لئے دیگر انبیاء علیہم السلام پر الزام سے باز نہیں آتے۔ قادیانی بد بخت سب سے زیادہ الزام حضرت سیدنا یونس علیہ وعلی نبینا السلام پر دیتے ہیں جس کا جواب یہ رسالہ ہے کہ حضرت یونس علیہ السلام نے کوئی ایسی پیشگوئی نہیں کی جو پوری نہ ہوئی ہو۔ گراں قدر علمی تحفہ ہے۔

(219)

نام تحفۃ الایمان لاہل القادیان

مصنف جناب عبد الرزاق سلیم خانی

صفحات ۵۰

سن اشاعت رجب سنہ ۱۳۵۴ھ (اردو)

مصنف دار المبلغین لکھنؤ کے مناظر تھے۔ مرزا قادیانی کے اقوال وافعال کریکٹر و کردار کو ایسے اچھوتے انداز میں تحریر کیا کہ اسے پڑھ کر کسی طالب حق کو چون وچرا کی گنجائش باقی نہ رہے۔

Marfat.com

(220)

نام تحقیق لاثانی
مصنف مولانا محمد یعقوب پٹیالوی
صفحات ۲۰۰
سن اشاعت اکتوبر سنہ ۱۹۲ (اردو)

مرزا قادیانی نے محمدی بیگم سے اپنے نکاح کی پیشینگوئی کرتے ہوئے یہ بانگی کہ اس سے میرا آسمانوں پر نکاح ہو چکا ہے۔ اب صرف زمین پر عمل درآمد باقی ہے۔ تقرری ہو گئی ہے صرف چارج لینا ہے۔ مرزا قادیانی کی دیگر پیشینگوئیوں کی طرح یہ بھی غلط ثابت ہوئی جو مرزا قادیانی کے دل کی طرح پوری مرزائیت کے چہرہ کو سیاہ کرنے کا باعث بنی۔۔

مرزا قادیانی نے اس پیشینگوئی کو پورا کرنے کے لئے کیا کیا بھیس بدلے۔ کیا کیا جتن کئے۔ کیا کیا پاپڑ بیلے اس کی تمام تر تفصیل اس کتاب میں دیکھی جا سکتی ہے۔ مرزا قادیانی کی اس پیشینگوئی کی ایک ایک جزئی کی تفصیل اس کتاب میں بیان کردی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کروڑ رحمتیں فرمائیں امت کے ان افراد پر کہ انہوں نے جانگسل محنت کر کے مرزائیت کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے آگے بند باندھ دیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ان حضرات کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

(221)

نام تقاریر و تجاویز علماء کنونشن
مصنف مولانا منظور احمد چنیوٹی
صفحات ۱۶
سن اشاعت ۲۱ ر ۲۲ اگست سنہ ۱۹۸۰ (اردو)

۲۱ تاریخ کو جنرل محمد ضیاء الحق کی زیر صدارت اسلام آباد میں علماء کنونشن منعقد ہوئی جس میں مولانا چنیوٹی نے مرزائیت کے متعلق یہ تقریر کی۔

(222)

نام تائید آسمانی در نشان اسمانی
مصنف مولانا محمد جعفر تھانیسری
صفحات ۳۰
سن اشاعت ۲۳ ر جولائی سنہ ۱۸۹۳ (اردو)

شاہ نعمت اللہ کا قصیدہ جو آنے والے حالات و واقعات کے متعلق ہے ہمیشہ سے لوگوں نے اس

Marfat.com

میں حالات و واقعات کو دیکھ کر رد و بدل کیا ہے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ مرزا قادیانی نے بھی اپنی خانہ ساز نبوت و مسیحیت کے لئے اس کے اشعار کو بگاڑ کر ترمیم و اضافہ، کتر و بیونت کر کے مطلب برآری کی کوشش کی اور اسے نشان آسمانی قرار دیا۔

مصنف کتاب ہذا جو برصغیر پاک و ہند میں جرات و بہادری۔ ایثار و قربانی کا نشان تھے انہوں نے اس کا رد یہ رسالہ تحریر کر کے مرزا قادیانی کی بولتی بند کر دی۔

(223)

نام	تعلیمات مرزا
مصنف	مولانا ثناء اللہ امرتسری
صفحات	۸۰
سن اشاعت	مئی سنہ ۱۹۳۲ (اردو)

اس کے پانچ باب ہیں۔ صفات مرزا۔ اخلاقیات مرزا۔ کذبات مرزا۔ نشانات مرزا۔ اعلانات مرزا۔ نام تو ہے مرزا قادیانی کی کتابوں کے ہیں۔ مصنف نے ان پر ایک جاندار انتقاد کر کے مرزائیت کی بال نکال دی ہے۔

(224)

نام	بنا چنی بیٹی اور اسکے صحابہ کا ہنی چلن
مصنف	فرزند تونسہ
صفحات	۱۶
سن اشاعت	۔۔ (اردو)

مرزا قادیانی کے شراب و شباب۔ درون خانہ کی خانہ خرابیوں۔ شیخ الدین کی بیٹی کریمن اور کفر اللہ خان مرتد اعظم کی دمشق میں حشق زیوں کی حیرت انگیز شرم ناک کہانی بیان کی گئی ہے۔

(225)

نام	براہین از افترائے پیغام
مصنف	قاضی زاہد الحسینی
صفحات	۸ سن اشاعت
	۱۳۶۷ھ (اردو)

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری سے کون نہیں واقف ہے۔ ملکانہ والا واقعہ بھی ان کی [illegible] آپ نے [illegible]

Marfat.com

ایک دفعہ سکھوں نے مرزا قادیانی کی قبر پر چڑھائی کردی۔ اندر سے جہنم کے فرشتوں کا گرز اور اوپر سے سکھوں کی کرپان نے مرزا قادیانی کی خانہ ساز نبوت کی ایسی درگت بنائی کہ پوری مرزائی امت بوکھلا اٹھی۔ لاہوری جماعت کے اخبار "پیغام صلح" لاہور کے ایڈیٹر سے اس کے متعلق سوال کیا گیا تو اس بدبخت نے جواب میں کہا کہ امام ابوحنیفہ کی قبر سے بھی تو یہ ہوا تھا۔ اور حوالہ میں الہلال اور مجالس المومنین کا نام لے دیا۔

مصنف نے ایڈیٹر "پیغام صلح" کو متواتر خطوط لکھے اور الہلال و مجالس المومنین کا حوالہ طلب کیا۔ مگر اسے سانپ سونگھ گیا جواب دینے سے کنی کترائی۔ قاضی صاحب نے الہلال کے ایڈیٹر امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کو خط لکھا انہوں نے جواب دیا کہ اخبار "پیغام صلح" میں الہلال کا حوالہ غلط ہے۔ قاضی صاحب نے شیعہ رہنما مولانا محمد بشیر کوٹلی والوں کو خط لکھا۔ انہوں نے مجالس المومنین کے حوالہ سے متعلق کہا کہ اس کتاب میں حوالہ نہیں ہے۔

غرضیکہ اس سلسلہ میں تمام تحقیق کر کے یہ رسالہ شائع کیا گیا۔ اور یوں جھوٹے کی ماں کو اس گھر تک پہنچایا گیا آج تک مرزائی اس کا جواب نہ دے پائے۔

(226)

نام	براۃ حضرت تھانوی
مصنف	مولانا علامہ خالد محمود
صفحات	۵۴
سن اشاعت	ستمبر سنہ ۱۹۸۴ (اردو)

مرزائیوں نے کملات اشرفیہ نامی ایک کتابچہ تحریر کیا اور ثابت کیا کہ مولانا اشرف علی تھانوی نے نعوذ باللہ مرزا قادیانی کی کتابوں سے مضامین چوری کئے ہیں۔ اس پر علمی دنیا میں ایک تہلکہ مچ گیا۔ اللہ رب العزت نے علامہ خالد محمود کو توفیق دی انہوں نے ثابت کیا کہ حضرت تھانوی" نے اسرار شریعت نامی کتاب سے حوالہ جات لئے ہیں اور ان کو اپنی کتاب "احکام اسلام عقل کی روشنی میں" درج کر کے وضاحت کردی ہے۔ مرزا نے بھی اسی کتاب سے مضامین لئے ہیں مگر ان کو اپنا مضمون ثابت کیا اس لئے حضرت تھانوی نہیں بلکہ مرزا قادیانی چور تھا۔

(227)

نام	بناسپتی نبوت
مصنف	نیاز لدھیانوی
صفحات	۱۶

Marfat.com

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

قادیانی خود ساختہ جعلی نبوت کے ڈھول کا پول۔

(228)

نام بخاری داڈنڈا

مصنف میر عبد الکریم احراری وزیر آبادی

صفحات ۸

سن اشاعت ۔۔(پنجابی نظم)

۱۔ کھچنواں نبی ۲۔ بشیر پتر ۳۔ بخاری داڈنڈا۔ پنجابی نظمیں ہیں۔ مرزا قادیانی کی خانہ ساز نبوت کے خوب پھڑکے اتارے گئے ہیں

(229)

نام برق آسمانی بر فرق قادیانی الموسومہ کذبات مرزا حصہ اول

مصنف ابو عبیدہ نظام الدین بی۔ اے

صفحات ۷۲

سن اشاعت ۲۰ر مارچ سنہ ۱۹۳۴ (اردو)

مرزا قادیانی کے صرف دو سو جھوٹ بمع حوالہ جات و تردیدی وضاحت کے ساتھ اس میں شامل کئے ہیں۔ اس کتاب کے آخر میں اعلان کیا گیا ہے کہ مصنف نے مرزا قادیانی کے بہ سے جھوٹ جمع کئے ہیں پہلی قسط دو صد دوسری قسط اور تیسری قسط دو دو صد جھوٹوں پر مشتمل بعد میں شائع ہوں گی۔ غالباً شائع نہ ہو سکیں۔ اس میں یہ بھی اعلان کیا گیا کہ مرزا قادیانی کے ان جھوٹوں کو اگر کوئی مرزائی [illegible] کرے تو فی جھوٹ اسے پانچ روپے یعنی کل کتاب کی تردید پر تین ہزار انعام ملے گا۔ مگر [illegible] کی جرات نہ ہو سکی۔ ہوتی بھی کیسے۔ واقعہ یہ ہے کہ مرزا قادیانی بدترین قسم کا کذاب تھا۔ پنجابی زبان کا ایک محاورہ ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ بعض لوگ جھوٹ بولتے اور بعض لوگ [illegible] حرام کاری کرتے ہیں۔ مرزا قادیانی دوسری قسم میں سے تھا۔

(230)

نام برطانوی مچھر

مصنف راؤ شمشیر علی خان

صفحات ۷۲

سن اشاعت ۱۹۷۱ (اردو)

Marfat.com

برطانیہ سے یہ رسالہ شائع ہوا۔ مرزا قادیانی برطانیہ کا خود کاشتہ پودا تھا۔ اور برطانیہ کا مجسر تھا۔ جو برطانوی آقاؤں کے اشاروں پر برطانیہ کے مخالفین کو ڈنگ مارتا تھا

(231)

نام بہاء اللہ اور مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۸۰

سن اشاعت ستمبر سنہ ۱۹۴۳ (اردو)

اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی در اصل بہاء اللہ ایرانی کا بروز تھا۔ وہ گرو یہ چیلہ۔ پہلے باب میں دونوں کے دعاوی۔ دوسرے میں دونوں کے دلائل کی ہم آہنگی جسے دیکھ کر ہر شخص یہ سمجھنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ یہ ایک درخت کی دو شاخیں ہیں تیسرے باب میں خاص بہائی تعلیم پر بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب میں دونوں کی رام کہانی بیان کی گئی ہے۔

(232)

نام طائفۃ القادیانیہ

مصنف علامہ محمد الخضر حسین پروفیسر جامعہ ازہر مصر

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۱۳۵۱ھ (عربی)

عربی زبان میں رد قادیانیت پر تالیف کی گئی ہے۔ مرزا قادیانی کی ولادت سے وفات تک کے جستہ جستہ حالات و واقعات عقائد و نظریات پر بحث کی گئی ہے۔

(233)

نام چیستان مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۴۷ (اردو)

مرزا قادیانی کے الہامات واقوال میں تخالف و تضاد دکھا کر مرزائیوں سے جواب طلب کیا گیا اور اس کے لئے انعامی رقم تین صد روپے کا اعلان کیا گیا۔ آج تک کسی مرزائی کو جواب دینے اور انعام لینے کی جرات نہ ہو سکی۔

(234)

Marfat.com

نام چیلنج محمدیہ و صولت فاروقیہ

مصنف خانقاہ عالیہ مونگیر

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۹۱۹ (اردو)

صحیفہ رحمانیہ کا نمبر ۱۸ یہ رسالہ ہے طبع دوم میں مرزا قادیانی کی ایک کتاب انجام آتھم کی ایک عبارت سے مرزا قادیانی کے چون (۵۴) جھوٹ ثابت کئے گئے ہیں۔ اصل کتاب کا موضوع مرزا قادیانی کی پیشینگوئی کا تجزیہ ہے۔ اپنے موضوع کو ایسے عمدہ پیرایہ میں بیان کیا گیا کہ آج تک مرزائی اس کا جواب نہ دے پائے حالانکہ کتاب شائع ہوتے ہی اس کی پہلی کاپی قادیان رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجی گئی۔

(235)

نام چشمہ ہدایت

مصنف منشی محمد یعقوب

صفحات ۶۶

سن اشاعت ۱۳۳۷ (اردو)

مرزا قادیانی کو اسے اپنے اقراروں سے جھوٹا ثابت کر کے اس پر اقراری ڈگری کی گئی ہے۔ بڑی دلچسپ کتاب ہے۔

(236)

نام چٹان ۶ر مئی سنہ ۱۹۷۴

مصنف آغا شورش کاشمیری

صفحات --

سن اشاعت ۶ر مئی سنہ ۱۹۷۴ (اردو)

آغا شورش کاشمیری کا وجود رد قادیانیت کے لئے اللہ رب العزت کا ایک انعام تھا۔ آغا مرحوم ہفتہ وار "چٹان" لاہور رد قادیانیت کے لئے تیغ براں کا کام دیتا تھا۔ اس کے ہر ایک شمارہ میں قادیانیت کا پوسٹ مارٹم ہوتا تھا۔ اس ایک شمارہ میں مرزا قادیانی برطانوی اغراض کا روحانی بیٹا۔ مرزا نامہ۔ رابطہ عالم اسلامی کا فیصلہ۔ افریقہ میں قادیانیت کا عالم نزع۔ حیفا میں قادیانی مشن۔ مرزا ناصر قادیانی راولپنڈی میں یہ مضمونات ہیں۔ اس ایک شمارہ سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کس طرح چٹان نے قادیانیت کے خلاف پاکستان میں تحریری جہاد کیا

Marfat.com

(237)

نام جواب حقانی مطلب بہ آئینہ صداقت
مصنف قاضی اشرف حسین
صفحات ۵۰
سن اشاعت ۱۳۳۱ھ اردو)

مصنف خانقاہ مونگیر کے تربیت یافتہ ڈسٹرکٹ اور لوکل بورڈ کے ممبر تھے ۔ انہوں نے ایک قادیانی محمد محسن کو ایک خط لکھا ۔ ذاتی نوعیت کا خط ہے جس میں ایک قادیانی کے ذہن کو صاف کرنے کی بھرپور کوشش و کاوش کی گئی ہے ۔ دلائل و براہین کا انبار لگا دیا گیا ہے ۔ مگر ہدایت تو میرے اللہ کے قبضہ قدرت میں ہے جسے چاہے اس سے بہرہ ور کرے جسے چاہے محروم کردے

(238)

نام خدمات مرزا
مصنف --
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی کی امت غیر اللہ کی دہلیز پر کس طرح سجدہ ریز ہو کر اپنے لئے ذلت و رسوائی کا سامان پیدا کرتی ہے اس میں اس کی تفصیل ہے ۔

(239)

نام خطرناک بیماریاں
مصنف ڈاکٹر محمد عبد اللہ خان اختر جتوئی
صفحات ۸
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی کی خطرناک بیماریوں اور عبرت ناک موت پر قادیانی کتب کے حوالہ جات سے بحث کی گئی ہے ۔

(240)

نام دعاوی مرزا
مصنف مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم
صفحات ۱۶

Marfat.com

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

مرزا قادیانی کی صبح و شام کی لن ترانیاں۔ بیہودہ دعاوی' شیطان کی آنت کی طرح اتنے الجھے ہوئے ہیں کہ اس کے اپنے مریدوں سے بھی نہیں سلجھ سکے۔ یہی وجہ ہے کہ مرزائیوں کا ایک طبقہ اسے نبی مانتا ہے تو دوسرا اس سے انکاری ہے۔ اس رسالہ میں مصنف نے مرزا کی کتابوں سے اس کے ۴۴ دعاوی نقل کئے ہیں۔

(241)

نام دعاوی مرزا

مصنف مولانا محمد ادریس کاندھلوی

صفحات ۴۸

سن اشاعت ۱۳۸۶ھ اردو)

مصنف نے مرزا قادیانی کے پچاس دعاوی کا ذکر کیا ہے تاکہ اسے پڑھ کر ناظرین اس حقیقت کا اندازہ کر سکیں کہ مسیلمہ قادیان تیرہ صدی کے مدعیان نبوت کاذبہ سے کس طرح کفر و دجل مکر و فریب میں گوئے سبقت لے گیا ہے۔ تاکہ مسلمان اپنے ایمان کی حفاظت کریں۔ یہ مسیلمہ ثانی کفر و دجل میں لاثانی ہے

(242)

نام رفع الحجاب عن وجہ الکذاب

مصنف مولانا شہاب الدین خطیب چوہدری لاہور

صفحات ۱۲۸

سن اشاعت ۸ر ستمبر سنہ ۱۹۵۲ (اردو)

کذب مرزا۔ حیات مسیح اور ختم نبوت کے عنوانات پر خامہ فرسائی کی گئی ہے اور مرزائیت کا خوب سے خوب رد کیا گیا ہے

(243)

نام راہ حق متعلق رد قادیان

مصنف مولانا عبد الحکیم کانپوری

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۶ (اردو)

رد قادیانیت پر انتہائی جامع مانع یہ رسالہ ہے۔ چودہویں حقیقت۔ چودہویں علامات اور یہ کہ وہ علامات

Marfat.com

مرزا قادیانی میں مفقود تھیں بلکہ وہ شخص ایک کذاب و مفتری اور بے دین شخص تھا ایسے عنوانات پر اس میں بحث کی گئی ہے۔ حضرت تھانویؒ نے اس حرفا حرفا دیکھ کر "ارفع بلیا" سے تصویب فرمائی۔

(244)

نام ماہنامہ الفرید

مصنف خواجہ نور احمد نازکی

صفحات ۶

سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۳۳ (اردو)

اشارات فریدی کے مولف مولوی رکن دین تھے۔ انہوں نے بہاول پور کے معروف درویش خواجہ غلام فرید کے حوالہ سے مرزا قادیانی کو "من عباد اللہ الصالحین" لکھا جسے بہاولپور کی عدالت میں ایک مقدمہ کے سلسلہ میں مرزائیوں نے اپنی تائید میں پیش کیا۔ خواجہ نور احمد نازکی اس وقت خواجہ غلام فرید کے جانشین تھے۔ ان سے علماء نے مراجعت کی۔ انہوں نے اس کی تفصیل سے ان کو آگاہ کیا کہ کس طرح مرزائی دجل و تلبیس، سازش و شرارت سے اس کتاب میں یہ ناروا بات خواجہ صاحب مرحوم کی طرف منسوب ہو گئی ہے۔ اس سلسلہ کی تمام تفصیل چھ صفحات کے مضمون میں بیان کی گئی ہے جو اس ماہنامہ کی اس اشاعت میں شائع ہوئی۔

(245)

نام ستیارتھ پرکاش اور مرزا غلام احمد قادیانی

مصنف مولانا مظہر علی اظہر

صفحات ۲۰۰

سن اشاعت جون سنہ ۱۹۳۵ (اردو)

سوامی دیانند نے ہندو مذہب کی حمایت و اعانت میں ستیارتھ پرکاش لکھی۔ ان دنوں مرزا قادیانی بھی ہندوؤں کے خلاف منہ مار رہا تھا۔ مرزا قادیانی کے گستاخ قلم نے جہاں اللہ رب العزت۔ رسول اکریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین و تنقیص کی۔ وہاں اس نے ہندوؤں کو بھی بے نقط سنا کر ان کو مشتعل کر دیا۔ چنانچہ جب دوبارہ ستیارتھ پرکاش چھپی تو اس میں چودھویں باب کا اضافہ کیا گیا جس میں بانی اسلام، پیغمبر حق حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق دلخراش و جگر پاش باتیں لکھی گئیں۔

مولانا مظہر علی اظہر نے مرزا قادیانی اور دوسرے مرزائیوں کی کتابوں سے اس کتاب میں ثابت کیا ہے کہ ستیارتھ پرکاش کے چودھویں باب کا سوامی دیانند سے لکھوانے کا اصل محرک مرزا قادیانی ہے۔

Marfat.com

مصنف اچھے خطیب ' ماہر قانون دان ' صاحب طرز ادیب تھے انہوں نے مضبوط دلائل سے اپنے موضوع کو خوب نبھایا ہے ۔ لڑاؤ اور حکومت کرو کی انگریز پالیسی کو پروان چڑھانے میں مرزا قادیانی کے طرز عمل کا بڑا حصہ تھا جس کے حوالے زیر نظر کتاب میں آپ کو ملیں گے ۔

(246)

نام سودائے مرزا

مصنف حکیم حاجی محمد علی امرتسری

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۹۳۱ (اردو)

مرزائی لٹریچر سے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی کو مالیخولیا (مراق) کی بیماری تھی ۔ مرض ہسٹیریا کا دورہ پڑتا تھا ۔ درد سر ' تشنج قلب ' کمی خواب ' کثرت پیشاب ' ذیابیطس ' اسہال ' سوء ہضم کا مریض تھا ۔ اور یہ تمام امراض سودائی (مراقی) ہونے پر دلالت کرتے ہیں ۔

طبی کتب کے حوالہ جات سے بدلائل ثابت کیا ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کا دعویٰ ہے ۔ ورسالت مسیحیت و مہدویت دعوی خدائی یہ سب اس مراقی کے کرشمے ہیں ۔ ایک حکیم و طبیب ماہر امراض خبیثہ ہونے کے ناطے یہ گواہی دینا کہ مرزا " مراقی " کا مریض تھا اور پھر لطف یہ کہ مرزا کی کتابوں سے اسے مراقی ثابت کرنا پوری مرزائیت کی عمارت و اعزام سے گرانے کے لئے کافی ہے ۔

(247)

نام سنۃ اللہ کے معنی ر واقعات نادرہ

مصنف حبیب اللہ کلرک

صفحات ۱۶

سن اشاعت ستمبر سنہ ۱۹۳۴ (اردو)

مرزا قادیانی اور اس کے ہمنواؤں کا رفع و نزول عیسیٰ علیہ السلام پر ایک یہ اعتراض ہے کہ ان کا آسمانوں پر جانا سنت اللہ کے خلاف ہے ۔

مصنف نے اس کتاب میں سنت اللہ کے معنی ' اسکی توضیح و تشریح کر کے مرزائیت کے لٹریچر سے ثابت کیا کہ ۔

۱ ۔ مرزا کا بیٹا ماں کے پیٹ میں باتیں کرتا تھا

۲ ۔ بکرے نے دودھ دیا

۳ ۔ ایک مرد نے دودھ دیا

Marfat.com

۴۔ پاؤں کی ایڑھی سے پاخانہ اترا

۵۔ روئی درختوں کو لگتی ہے۔

۶۔ داڑھی والی عورت۔

۷۔ داڑھی والا بچہ۔

۸۔ تین ٹانگوں والا بچہ۔

۹۔ دانتوں والی مرغی۔

۱۰۔ مرد کے پیٹ سے بچہ پیدا ہوا

۱۱۔ مرد کے پیٹ سے توام (جڑواں) بچے پیدا ہوئے۔

۱۲۔ ساری عمر نہ دانت نہ بال۔

۱۳۔ بچہ پیدائشی بوڑھا۔

وغیرہ نادر واقعات مرزائیوں کے نزدیک رونما ہوئے ہیں اور مرزائی لٹریچر میں ان واقعات کو پیش کیا گیا ہے۔ مصنف نے ثابت کیا کہ جیسے مرزائیوں کے نزدیک یہ نادر واقعات مسلم ہیں تو رفع و نزول کا معجزہ کیوں ناقابل تسلیم ہے۔ مصنف نے بڑے درد سے کہا کہ مرزائیوں کا مقدر کہ مرزائی ماننے پہ آئیں تو عیسائیوں کے نادر واقعات کو مان لیں۔ نہ مانیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے پیغمبر کو عنایت کردہ معجزہ کو نہ مانیں۔

(248)

نام سیف الجبار

مصنف سید عبد الجبار

صفحات ۱۲

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

قادیانیوں کے ایک رسالہ حجۃ اللہ کا جواب دیا گیا ہے۔

(249)

نام صاعقہ اسمانی برفتنہ قادیانی

مصنف محمد یعسوب

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۱۳۴۰ھ (اردو)

مرزائی اللہ دتہ نے ایک رسالہ "خاتم مسیح آسمانی" تحریر کیا۔ یہ رسالہ اس کا جواب ہے۔ مرزائی

Marfat.com

نے ۲۷ سوالات کئے تھے ان کا جواب لکھ کر مرزائی سے ۲۷ سوالات کئے گئے ہیں۔ اس کو ایسا رسوا کیا کہ آخری عمر تک وہ اس صدمہ کے زخم چاٹتا رہا۔ خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا۔

(250)

نام صحیفہ تقدیر
مصنف ایم۔ ایس خالد وزیر آبادی
صفحات ۵۷۴
سن اشاعت ۱۹۲۷ (اردو)

شاید ہی رد قادیانیت سے متعلق کوئی موضوع ہو جس پر اس کتاب میں قلم نہ اٹھایا گیا ہو۔ فاضلانہ تبصرہ و تجزیہ اور مصنف کی گراں قدر خدمات کا واضح ثبوت یہ کتاب ہے۔ اس پر ان کو جتنا خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔ زبان و بیان قابل فخر ہے۔ مرزائیت کا پوسٹ مارٹم کرنے والے حضرات کی معلومات ناقص ہوں گی جب تک اس کتاب کو مکمل طور حرفا حرفا پڑھ نہ لیں۔ اس میں رد قادیانیت بھی ہے۔ معلومات کا خزانہ بھی اور علم و حکمت کی موسلادھار بارش بھی۔

(251)

نام صحیفہ رحمانیہ نمبر ۱۵
مصنف محمد یعسوب
صفحات ۴۰
سن اشاعت --- (اردو)

ختم نبوت پر دلائل امت محمدیہ کے فضائل اور مرزا قادیانی کے رذائل کا بیان کیا گیا ہے۔ ختم نبوت کے مفہوم و معنی کو ایسے انداز میں بیان کیا گیا ہے جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان رفعت اور امت محمدیہ کی عظمت ظاہر ہوتی ہے۔ خانقاہ مونگیر سے شائع ہوا۔

(252)

نام صحیفہ رحمانیہ ۱۹
مصنف سید محمد اسحاق رحمانی
صفحات ۱۶
سن اشاعت طبع دوم ۱۳۵۲ھ (اردو)

Marfat.com

اس میں چشمہ ہدایت نامی کتاب کی صداقت اور مسیح قادیان کی مختصر اور جامع طریقہ سے واقعی حالت دکھائی گئی ہے۔

(253)

نام صحیفہ رحمانیہ ۱۳

مصنف غلام الثقلین

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۳۴۶ھ (اردو)

نبوت کی عظمت و رفعت' بلندی شان' کمال تقدس کو بیان کرکے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی میں نبوت تو درکنار اس میں شرافت بھی نہ تھی۔ مسلمانوں کو مرزا کی ذات سے سوائے نقصان کے اور کچھ حاصل نہ ہوا

(254)

نام ضیاء الاسلام ماہنامہ

مصنف --

صفحات ---

سن اشاعت جنوری ر فروری سنہ ۱۹۴۱ (اردو)

یہ ماہوار رسالہ امرتسر سے شائع ہوتا تھا۔ اس کا مقصد وحید عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ تھا۔ مکمل فائل نہ مل سکی۔ ان دو شماروں سے اندازہ ہوتا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور رد قادیانیت کے لئے اس رسالہ نے بھی گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔

(255)

نام فاتح قادیان

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۷۰

سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۴۲ (اردو)

مصنف کا زندگی بھر مرزا قادیانی سے جو مقابلہ رہا وہ کسی سے مخفی نہیں۔ مرزا قادیانی نے آخری فیصلہ کے عنوان سے ایک اشتہار میں اعلان کیا کہ جھوٹا سچے کی زندگی میں مر جائے گا۔ مرزا قادیانی مولانا ثناء اللہ امرتسری کی زندگی میں ۲۶ر مئی سنہ ۱۹۰۸ کو بمرض ہیضہ بحالت اخراج دست و قے واصل جہنم ہوا۔ جبکہ مولانا ثناء اللہ امرتسری ۱۵ر نومبر سنہ ۱۹۴۹ کو سرگودھا میں واصل بحق ہوئے۔ راقم کو ان کے

Marfat.com

مزار پر جانے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ مرزا قادیانی کی وفات کے بعد لدھیانہ میں مرزائیوں اور مولانا ثناء اللہ امرتسری کے درمیان اس عنوان پر مناظرہ ہوا۔ منصفین نے مولانا ثناء اللہ امرتسری کے حق میں فیصلہ دیا اور تین صد روپے مناظرہ ہارنے کا جرمانہ مرزائیوں نے ادا کیا۔ اس مناظرہ کی روئیداد فاتح قادیان کے نام سے مولانا نے مرتب کر کے مرزائیوں سے جرمانہ کی وصول شدہ رقم سے اولاً اس رسالہ کو شائع کیا۔ یہ مباحثہ ۱۵ر اپریل سنہ ۱۹۱۲ کو لدھیانہ میں ہوا تھا۔

(256)

نام فیصلہ آسمانی حصہ اول

مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری

صفحات ۱۱۲

سن اشاعت طبع سوم سنہ ۱۹۳۹ (اردو)

مرزا قادیانی نے محمدی بیگم سے نکاح کی پیشینگوئی کی، جو پوری نہ ہوئی۔ اس پر مرزائیوں نے تاویلات کا جال بننا شروع کیا۔ مصنف نے اصل کہانی اور مرزائی تاویلات کا اس رسالہ میں جواب دیا ہے۔ مولانا کے قلم ترجمان حق کے ایک جھونکے نے مرزائیوں کی تاویلات کو تار عنکبوت کی طرح ہوا میں اڑا دیا۔ مرزائیوں کو دم مارنے کی مجال نہ رہی۔ ان کے گرو کا بالیقین جھوٹا ہونا ثابت ہو گیا۔

(257)

نام فیصلہ آسمانی حصہ دوم

مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری

صفحات ۸۴

سن اشاعت -- (اردو)

اس میں ثابت کیا گیا کہ ایک طرف مرزا قادیانی کا اپنے آپ کو جامع صفات کمالیہ سمجھنا اور نبوت کا دعوی کرنا اور پھر اپنی تحریرات سے جھوٹا ثابت ہونا یہ محض قدرت خداوندی کا فضل ہے کہ اس نے جتنے بلند بانگ دعاوی کئے ان سے کہیں زیادہ بلند بانگ حقائق سے جھوٹا ثابت ہوا۔

(258)

نام فیصلہ آسمانی حصہ سوم

مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری

صفحات ۱۴۰

سن اشاعت ۱۳۳۲ھ (اردو)

Marfat.com

حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جھوٹے مدعیان نبوت کا دعوی کرنا۔ ان کے جھوٹے استدلالات کے سچے جوابات مرزا قادیانی کی پیشینگوئیوں کا بطلان ایسے مباحث شامل ہیں۔ ان مباحث پر یہ کتاب حرف آخر کا درجہ رکھتی ہے۔

(259)

نام تتمہ فیصلہ آسمانی

مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۳۳۲ھ (اردو)

مرزا قادیانی کی فرضی مسیحیت کا حقیقی پوسٹ مارٹم کیا گیا ہے۔

(260)

نام فیصلہ مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۳۲

سن اشاعت ــــ (اردو)

مرزا قادیانی کی دعا اور الہام کے مطابق اس کا آخری فیصلہ کہ جھوٹا سچے کی زندگی میں مرجائے گا پر بحث کر کے مرزا قادیانی کو "اقراری جھوٹا" ثابت کیا گیا ہے۔

(261)

نام فتنہ مرزائیت

مصنف مولانا امیر الزمان کشمیری

صفحات ۱۷۵

سن اشاعت رمضان المبارک سنہ ۱۳۷۱ (اردو)

فتنہ مرزائیت کے عقائد خبیثہ کا احسن انداز میں رد کیا گیا ہے۔ ان کے سیاسی و مذہبی عزائم کا صحیح تجزیہ کر کے امت کو ان کے شر سے محفوظ رہنے کی تدابیر بتائی گئی ہیں۔ قادیانی عقیدہ اجرائے نبوت کی مختلف پیرایوں سے عالمانہ تردید کی اور اسلام کی صحیح ترجمانی کر کے ختم نبوت کے عقیدہ کی بہترین وضاحت کی گئی ہے۔

(262)

نام فسانہ قادیان

Marfat.com

مصنف مولانا محمد ابراہیم کیرپوری

صفحات ۱۹۰

سن اشاعت --- (اردو)

مرزا قادیانی کے افسوسناک بچپن سے شرمناک جوانی اور اندوہناک موت تک کے تمام جستہ جستہ واقعات ۔ حادثات رنگین و سنگین سانحات کا تذکرہ اس کتاب میں موجود ہے ۔

(263)

نام قہر الدیان علی مرتد بقادیان

مصنف مولانا محمد حسین رضا خان برکاتی

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۳۲۳ھ (اردو)

ستر حوالہ جات قادیانی کتب سے نقل کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی برخود ایک غلط آدمی تھا۔ یہ رسالہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالف کے لئے قہر الٰہی ہے ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دشمن کے لئے عذاب خداوندی ہے ۔ مرزا قادیانی اور اس کی ذریت کے الہام و وحی شیطانی کو بیخ و بن سے اکھیڑنے والا اور فتح محمدی کے پھریرے لہرانے والا رسالہ ہے ۔

(264)

نام قادیانیت ۔ اسلام اور نبوت محمدی کے خلاف ایک بغاوت

مصنف مولانا ابو الحسن علی ندوی

صفحات ۳۲

سن اشاعت --- (اردو)

موصوف کی کتاب " قادیانیت " کا ایک باب جسے علیحدہ پمفلٹ کی شکل میں کراچی سے سید رشید الحسن نے شائع کیا ۔

(265)

نام قادیانی پیشگوئی متعلقہ منکوحہ آسمانی

مصنف ابو عبیدہ نظام الدین بی اے

صفحات ۴۰

سن اشاعت --- (اردو)

محمدی بیگم والی مرزا کی پیشگوئی پر بھرپور فاضلانہ تبصرہ و تجزیہ کیا گیا ہے

Marfat.com

(266)

نام　　قادیانی مسئلہ اور اس کے مذہبی سیاسی و معاشرتی پہلو

مصنف　　سید ابو الاعلیٰ مودودی

صفحات　　۴۲۰

سن اشاعت　　طبع دوم ۱۹۶۳ (اردو)

جناب مولانا مودودی صاحب نے رد قادیانیت پر " قادیانی مسئلہ " نامی پچاس صفحاتی رسالہ تحریر کیا جو فوج میں خصوصیت سے تقسیم ہوا۔ سنہ ۱۹۵۳ میں اسی کتابچہ کی بنیاد پر ان کو سزائے موت ہوئی۔ یہ غلط ہے کہ ان کو تحریک ختم نبوت میں سزائے موت ہوئی کیونکہ اسی کتاب کے حصہ دوم کے صفحہ نمبر ۱۵۷ پر ان کا بیان موجود ہے کہ

" ۱۹ر فروری کو میری ہدایات کے مطابق جماعت اسلامی کے سیکرٹری نے اعلان کیا کہ مجلس عمل پنجاب کی طرف سے ڈائرکٹ ایکشن کے لئے جن حلف ناموں پر دستخط لئے جارہے ہیں ان پر جماعت اسلامی کا کوئی رکن دستخط نہ کرے۔۔ اس نئی مجلس عمل میں نہ میں شامل تھا اور نہ جماعت اسلامی کا کوئی اور شخص ۔۔۔ صفحہ ۱۵۸ پر ہے اس پوری مدت میں (تحریک ختم نبوت سنہ ۱۹۵۳) میرے یا جماعت اسلامی کے کسی قول یا فعل سے یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ ان اضطرابات (تحریک ختم نبوت) کی ذمہ داریوں میں ہمارا کوئی ادنیٰ سا حصہ بھی ہے۔ اس کے باوجود جس طرح مجھے اور جماعت کے بہت سے ارکان کو خوامخواہ اس کی ذمہ داری میں گھسیٹ لیا گیا ہے اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ جیسے ایک شخص سڑک سے ہٹ کر کھیتوں میں جا کھڑا ہوا اور دوسرا شخص وہاں موٹر لے جا کر اس کو ٹکرا دے۔۔ الخ۔ جو لوگ جناب مودودی صاحب کو اس تحریک کا ہیرو بنا کر پیش کرتے ہیں وہ دیکھیں کہ موصوف کس طرح تحریک کی سڑک سے ہٹ کر علیحدہ کھیتوں میں اپنی عافیت تلاش کرتے ہیں۔

اس کتاب کے باب دوم میں مولانا مودودی کے مقدمہ کی تفصیلات باب سوم میں تحقیقاتی عدالت میں بیانات باب چہارم میں بھی دوسرا بیان باب پنجم میں تیسرا بیان۔ آخر میں ضمیمہ جات نمبرا سے ۷ تک درج ہیں۔ آخر میں اور ضمیمہ جات ہیں جن کی تعداد ۴ ہے۔

قادیانی مسئلہ سمیت اب یہ درمیانے سائز کی کتاب ٹائیٹل کے علاوہ ۴۲۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ اسلامک پبلیکیشنز شاہ عالمی لاہور نے شائع کی ہے۔ دوسرے ایڈیشن کی تاریخ اشاعت مئی سنہ ۱۹۶۳ ہے۔ مرزائیت پر جو کچھ مودودی صاحب نے کہا وہ ۴۲۰ صفحات میں سمو دیا گیا ہے۔۔

(267)

نام　　قادیانی قول و فعل

Marfat.com

مصنف پروفیسر محمد الیاس برنی
صفحات ۳۰۰
سن اشاعت ــ (اردو)

اس کتاب میں تین باب ہیں۔ پہلے باب کی آٹھ فصلیں ہیں۔ دوسرے باب کی بارہ فصلیں ہیں۔ تیسرے باب کی چودہ فصلیں ہیں۔ مختلف عنوانات قائم کر کے مرزائی لٹریچر کے چیدہ چیدہ اقتباسات شامل کردئے ہیں۔

(268)

نام قادیانی فتنہ
مصنف مولانا عتیق الرحمٰن چنیوٹی
صفحات ۱۰۰
سن اشاعت ستمبر سنہ ۱۹۵۲ (اردو)

موصوف عرصہ تک قادیانی رہے بعد میں قدرت خداوندی نے دستگیری کی اور مسلمان ہو گئے۔ بڑی عرق ریزی سے قادیانی عقائد کا خوبصورت انداز میں تجزیہ کیا ہے۔

(269)

نام قادیانی عقائد منظوم
مصنف مشتاق احمد چہ تھاوی
صفحات ۸
سن اشاعت ــ (اردو نظم)

موصوف درس نظامی میں شامل کئی کتابوں کے مصنف و مترجم ہیں۔ انہوں نے قادیانی عقائد اردو نظم میں تحریر کئے۔ قادیانی عقائد کا خوب تجزیہ کیا گیا ہے۔ دار العلوم دیوبند سے یہ شائع ہوئی تھی۔ اب نایاب ہے۔ دفتر ملکن میں اس کا ایک فوٹو سٹیٹ ہے جو چانگام سے ایک دوست کے ذریعہ دستیاب ہوا۔ بہرحال قدرت نے توفیق دی تو اسے شائع کریں گے۔

(270)

نام قادیانی نبوت
مصنف عتیق الرحمٰن چنیوٹی
صفحات ۶۶
سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۵۸ (اردو)

Marfat.com

مرزا بشیر الدین نے پیغام احمدیت نامی ایک رسالہ کے ذریعہ قادیانیت کو اسلام ثابت کرنے کی کوشش کی جس کا جواب یہ رسالہ ہے۔ مصنف نے اس میں ثابت کیا ہے کہ مرزائیت کو اسلام ثابت کرنا اس سے بھی بدتر کہ کوئی یہودیت کو اسلام ثابت کرے۔ بدتر اس لئے کہ یہودیت پھر بھی اپنے زمانہ میں آسمانی دین تھا جبکہ مرزائیت تو روز اول سے شیطانی اوہام و پروگرام منصوبہ و سازش ہے۔

(271)

نام قادیانی ہم مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں

مصنف گلزار احمد مظاہری

صفحات ۳۰

سن اشاعت مئی ۱۹۸۴ (اردو)

اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ مرزائی جملہ کے نزدیک تمام مسلمان کافر، جہنمی، دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ اس لئے مرزائی مسلمانوں سے نماز، نماز جنازہ، رشتہ، ناطہ وغیرہ کا تعلق رکھنا حرام سمجھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے گرو مرتد اعظم چودھری ظفر اللہ نے قائد اعظم محمد علی جناح مرحوم کا جنازہ نہ پڑھا تھا۔

(272)

نام قادیانیت

مصنف مولانا ابو الحسن علی ندوی

صفحات ۲۰۰

سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۵۸ (اردو)

مفکر اسلام مولانا ابو الحسن علی ندوی عالم اسلام کے وہ فرزند جلیل ہیں جن کی گراں قدر خدمات سے ایک زمانہ فائدہ حاصل کر رہا ہے۔ آپ قطب الارشاد حضرت عبد القادر رائے پوری کے مرید خاص ہیں۔ آپ نے اپنے شیخ کے حکم پر عربی میں یہ کتاب تصنیف کی۔ بعد میں اس کا اردو ترجمہ "قادیانیت" کے نام سے شائع کیا۔ اس کے چار باب ہیں۔ باب اول میں تین فصل ہیں۔ فصل اول انیسویں صدی عیسوی کا ہندوستان۔ فصل دوم۔ مرزا غلام احمد قادیانی۔ فصل سوم۔ حکیم نور الدین بھیروی۔ باب دوم کی تین فصلیں ہیں۔ فصل اول مرزا قادیانی مصنف و مبلغ کی حیثیت سے۔ فصل دوم مسیح موعود کا دعوی۔ فصل سوم۔ مسیح موعود کے دعوی سے نبوت تک۔ باب سوم۔ مرزا کی سیرت و زندگی پر ایک نظر۔ اس کی چار فصلیں ہیں۔ باب چہارم تحریک قادیانیت کا تنقیدی جائزہ اسکی بھی چار فصلیں ہیں۔ آخر میں کتاب کے ماخذ کا بیان ہے۔ کتاب کے متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ہر

Marfat.com

قادیانی اسے پڑھ کر سکتا ہے۔ اس کی زبان و بیان بہت زیادہ نرم ہے۔ البتہ دلائل گرم ہیں۔ جگہ جگہ مرزا قادیانی کو صاحب لکھا گیا ہے۔ حالانکہ جیسے شیطان کو صاحب نہیں لکھا جاتا اسی طرح مرزا کو بھی صاحب نہیں لکھنا چاہئے۔ کیونکہ شیطان صرف شیطان تھا۔ مرزا قادیانی سپر شیطان تھا۔ جب چھوٹے شیطان کو صاحب نہیں کہہ سکتے۔ تو بڑے شیطان کو کیسے صاحب کہا جا سکتا ہے۔

(273)

نام — قادیانی اور مسلمان
مصنف — حکیم عبد الرحیم اشرف
صفحات — ۱۶
سن اشاعت — اکتوبر سنہ ۱۹۶۸ (اردو)

قادیانی عقائد لکھ کر ثابت کیا کہ مرزائیوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔

(274)

نام — ایک غلطی کا ازالہ کی ضبطی
مصنف — حکیم عبد الرحیم اشرف
صفحات — ۳۲
سن اشاعت — ۱۹۶۴ (اردو)

جون سنہ ۱۹۶۴ میں نواب آف کالا باغ گورنر مغربی پاکستان نے مرزا قادیانی کا یہ رسالہ "ایک غلطی کا ازالہ" ضبط کیا۔ پوری قادیانیت سراپا اشتعال بن گئی۔ مولانا مفتی محمود مرحوم کی روایت کے مطابق نواب کالا باغ نے ان سے فرمایا کہ اس رسالہ کو ضبط کرنے سے مجھ پر قادیانیوں کی طاقت کا راز کھل گیا کہ کچھ عرصہ بعد یہ رسالہ واگذار کرنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ نواب کالا باغ مرحوم کی حسنات سے درگذر فرمائے۔ اگر آج وہ زندہ ہوتے تو اپنے نظریہ پر نظر ثانی کرتے کہ باطل چاہے جتنی ترقی کر لے آخر زائل ہونے والی اس کا مقدر ہے۔ آج جگہ جگہ قادیانیت کی رسوائی ہمارے اس دعوی کی دلیل ہے۔

جب یہ رسالہ ضبط ہوا تو مصنف نے یہ پمفلٹ لکھا اور مسلمانوں کو ان کی ذمہ داری کی طرف توجہ دلائی۔

(275)

نام — قادیانی مذہب کا علمی محاسبہ
مصنف — پروفیسر محمد الیاس برنی
صفحات — ۱۰۰۰

Marfat.com

سن اشاعت رجب سنہ ۱۳۵۲ (اردو)

مصنف سابق صدر شعبہ معاشیات جامعہ عثمانیہ حیدر آباد دکن نے امت محمدیہ پر عظیم احسان کیا اور اپنے لئے شفاعت محمدیہ کی سند حاصل کی۔ مرزائیت کی اصل کتب کے کم و بیش تیس ہزار حوالہ جات نقل کئے گئے ہیں۔

آج تک قادیانی گروہ اس کا جواب دینے سے عاجز ہے۔ کیونکہ اس کتاب میں سوائے خوبصورت و دلچسپ سرخیوں کے باقی تمام تر مواد مرزائیت کی کتب سے ماخوذ ہے البتہ کہیں کہیں پر بین القوسین ایک آدھ فقرہ تبصرہ کے طور پر اپنی طرف سے لکھ کر مصنف نے حوالہ کے آہنی زنجیر کو آہنی تالا لگا دیا ہے۔ لطف یہ کہ تبصرہ پوند کاری نہیں بلکہ ضرب کاری محسوس ہوتا ہے۔

بلاشبہ آج تک رد قادیانیت پر لکھی جانے والی کتابوں میں اپنی بعض خوبیوں کے باعث ممتاز ہے۔ اسے رد قادیانیت پر انسائیکلوپیڈیا کہا جا سکتا ہے۔

اس کی دس فصلیں ہیں۔ پہلی فصل مرزا قادیانی کے ذاتی حالات۔ دوسری فصل نبوت کی تمہید۔ تیسری فصل نبوت کی تحصیل۔ چوتھی فصل نبوت کی تکمیل۔ پانچویں فصل فضیلت کی تفضیل۔ چھٹی فصل انکشافات۔ ساتویں فصل ارشادات۔ آٹھویں فصل تعلقات۔ نویں فصل معاملات۔ دسویں فصل قادیانی صاحبان اور مسلمان دین و ملت پر مشتمل ہیں۔

اس کتاب پر نصف صدی بیت چکی ہے۔ لیکن پروفیسر الیاس برنی کے قلم سے مرزائیت کو جو چرکا لگا تھا آج تک مرزائیت اس کی ٹیس سے کراہ رہی ہے۔ موجودہ مرزائیت کے لئے دنیا میں یہ کتاب سیہان روح ہے تو قبر میں مرزا قادیانی کے لئے عذاب خداوندی۔ یہ کتاب لکھ کر مصنف نے قادیانی امت پر اتمام حجت کر دیا

اللہ رب العزت جزائے خیر دیں مولانا محمد یوسف لدھیانوی شعبہ نشریات عالی مجلس تحفظ ختم نبوت کو کہ انہوں نے انگریزی میں اس کے ترجمہ کا کام شروع کرا دیا ہے۔ خدا کرے ترجمہ جلد مکمل ہو تاکہ جہد فی مرزائیت اپنے انجام کو پہنچے۔ آمین۔

(276)

نام قادیانیت اور اس کے مقتداء

مصنف پروفیسر نجم الدین اور ۔۔۔ کالج لاہور

صفحات ۴۸

سن اشاعت ۔۔۔ (اردو)

قادیانیت کی تاریخی و واقعاتی صورت حال ایک پروفیسر کے قلم سے پڑھنے کے لائق ہے۔

Marfat.com

(277)

نام قادیانی نبوت کا خاتمہ

مصنف مولانا مفتی محمد نعیم لدھیانوی

صفحات ۱۸

سن اشاعت ۱۴ر نومبر سنہ ۱۹۳۳ (اردو)

سرزمین لدھیانہ کو یہ شرف حاصل ہے کہ سب سے پہلے لدھیانہ کے علماء نے مرزا غلام احمد قادیانی کے خلاف کفر کا فتویٰ دیا۔ اس رسالہ کے مصنف بھی لدھیانہ سے تعلق رکھتے تھے انہوں نے اس رسالہ میں مرزائیوں پر ایسے فیصلہ کن سوالات کیے ہیں جنکا رہتی دنیا تک دنیائے مرزائیت جواب دینے سے عاجز ہے۔

(278)

نام Qadiani movement

مصنف پروفیسر محمد الیاس برنی

صفحات ۱۰۰

سن اشاعت اکتوبر سنہ ۱۹۵۵ (انگلش)

مصنف کی معروف تصنیف قادیانی مذہب کے بعض حصے انگلش میں جنوبی افریقہ ڈربن سے شائع ہوئے۔ اس کے ٹائیٹل پر مرزا کا فوٹو ہے جس کے ہاتھ میں برطانیہ کا جھنڈا ہے۔ جس سے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ برطانوی مفادات کے تحفظ کا برصغیر میں علمبردار اور ایجنٹ مرزا قادیانی ہے۔

(279)

نام قادیانیوں کا اصل حقیقت سے فرار

مصنف عبد القیوم پراچہ

صفحات ۱۶

سن اشاعت -- (اردو)

قادیانی رسالہ احمدی مسلمان کس غیر احمدی کے پیچھے نماز پڑھیں کا جواب۔

(280)

نام قومی ڈائجسٹ کا قادیانیت نمبر

مصنف مجیب الرحمٰن شامی

صفحات ۲۸۵

Marfat.com

سن اشاعت سنہ ۱۹۸۴ (اردو)

جناب مجیب الرحمٰن شامی ہماری ملک عزیز کے نامور کہنہ مشق صحافی ہیں، جنہیں قدرت نے قلم کا دھنی بنا دیا ہے۔ ۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۸۴ کو صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے امتناع قادیانیت آرڈیننس جاری کیا جس پر ملک میں ایک بار پھر مرزائیت کا موضوع بڑی شدومد سے زیر بحث آیا۔ جناب شامی صاحب نے اپنے ماہانہ جریدہ قومی ڈائجسٹ کی ایک اشاعت قادیانیت کے لئے خاص کردی جس میں مرزا قادیانی کا بچپن بھولپن، جوانی دیوانی، بڑھاپا سیاپا کا عنوان قائم کرکے ۸۲ ذیلی عنوانات پر پروفیسر الیاس برنی کا مرتب شدہ مواد شائع کیا ہے۔ زمین کی حسرت، زر کی محبت، زن کی قیامت کا عنوان قائم کرکے ۶۳ ذیلی عنوانات پر مواد جمع کیا ہے جو ۳۳ صفحات پر مشتمل ہے۔

تعلقات کا عنوان قائم کرکے محبتیں، نفرتیں، منتیں، خوشامدیں، دھمکیاں، پیشینگوئیاں کے عنوانات سے اٹھارہ صفحات کی بحث کی ہے۔

سیاست کے عنوان کے تحت انگریز سے وفاداری، ملت سے غداری، مسلمانوں سے بیزاری کے عنوانات پر ۵۲ صفحات کی بحث ہے۔ کفریات مرزا کا عنوان قائم کرکے ۸۷ ذیلی عنوانات کے تحت مرزائیت کی کتب کے حوالہ جات ایسی خوبصورتی سے ۲۴ صفحات پر جمع کردئے ہیں جس سے مرزائیت کے صحیح خدوخال آشکارا ہو گئے ہیں۔

ناپاک جسارت کے عنوان سے تحریف معنوی و لفظی پر متعدد مضامین شامل کردئے گئے ہیں۔ آخری ستر صفحات مرزائیت کی سیاسی اپج کو سمجھانے کے لئے وقف کردئے گئے ہیں۔

شامی صاحب نے لائبریری ایڈیشن کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ یہ نمبر اتنا تقسیم ہوا کہ جس کی کوئی مثال کم از کم اس جریدے کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ اس نمبر کی اشاعت کے بعد شامی صاحب کو حج کے لئے بلاوا آگیا۔ جو اپنے لئے وہ اس نمبر کی مقبولیت کا نشان قرار دیتے ہیں۔ اللہ رب العزت شامی صاحب کو جزائے خیر دیں کہ واقعی انہوں نے کمال کا نمبر ترتیب دیا ہے۔'

(281)

نام قرآن مجید اور مرزا قادیانی

مصنف انجمن شبان اسلام ٹیکسلا

صفحات ۸

سن اشاعت دسمبر سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

نام سے مضمون واضح ہے۔

Marfat.com

(282)

نام قذف بالحق علی الباطل
مصنف پروفیسر محمد اسماعیل پرنسپل گورنمنٹ کالج اٹک
صفحات ۱۱۸
سن اشاعت ۱۹۷۹ء (اردو)

حضرت مناظر اسلام مولانا لال حسین اختر رحمہ اللہ نے "حضرت مسیح علیہ السلام مرزا قادیانی کی نظر میں" ایک رسالہ ترتیب دیا' جس کا جناب آفتاب احمد صاحب نے کینیڈا سے انگریزی میں ترجمہ (Jews) کے نام سے شائع کیا بعد میں عالمی مجلس نے ملتان دفتر مرکزیہ سے ہزاروں کی تعداد میں شائع کر کے بیرون ملک تقسیم کیا۔ آخر میں عبد الرحمٰن بلوا کا چار صفحاتی پمفلٹ "فیصلہ آپ کریں" کا انگریزی ایڈیشن بھی ساتھ ہی شائع کر دیا گیا ہے۔

(580)

نام چودھری ظفر اللہ کو دعوت اسلام

مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۱۳۹۹ (اردو)

چودھری ظفر اللہ خان نے اخبار جنگ لندن میں مرزا قادیانی کی صفائی میں ایک مضمون لکھا جس کا جواب مصنف نے تحریر کیا۔ جس میں انہوں نے فرمایا کہ اس رسالہ کو خالی الذہن ہو کر پڑھیں مرزا قادیانی کی صریح اور صاف عبارتوں کی جو وہ تاویلیں کیا کرتے ہیں انہیں ٹھنڈے دل سے سوچنا چاہئے کہ کیا وہ خداوند کریم کی بارگاہ میں کام دیں گی؟ مولانا نے بڑے ہی اخلاص و درد سے یہ رسالہ تحریر کیا۔ ظفر اللہ قادیانی کو بھجوایا گیا۔ اخبار جنگ لندن میں شائع ہوا۔ ظفر اللہ خان کو نہ تو جواب کی توفیق ہوئی اور نہ ہی ایمان کی۔ سچ ہے

من یضلل اللہ فلا ھادی لہ

عالمی مجلس نے شائع کر کے ہزاروں کی تعداد میں مفت تقسیم کیا۔

(581)

نام چہرۂ قادیانیت

Marfat.com

مصنف ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔

قادیانی کے لئے اپنے دل میں نرم گوشہ رکھتے تھے ۔ مصنف نے اس رسالہ میں مرزائیوں کے اس فریب کا پردہ چاک کیا ہے ۔ عالمی مجلس کی شاخ بہاول پور نے شائع کیا۔

(584)

نام رئیس قادیان

مصنف مولانا ابو القاسم رفیق دلاوری

صفحات ۴۱۷

سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے دو جلدوں میں رئیس قادیان تحریر کی ۔ مصنف صاحب طرز ادیب و خطیب تھے ۔ ان کی تمام تصنیفات میں ادبی رنگ نمایاں ہے ۔ اس کتاب میں آنجہانی مرزا قادیانی کے مستند حالات بیان کئے گئے ہیں ۔ گذشتہ صدی میں فتنہ مرزائیت کے خلاف ہزاروں لاکھوں کتابیں شائع ہوئیں لیکن کسی مصنف نے خود دائی مذہب کے حالات لکھ کر قادیانی لن ترانیوں کا طلسم نہیں توڑا اور اس طرح قادیانی تقدس کی دبیز کاریاں پردہ اخفا میں رہیں حالانکہ اگر قادیانی دوکان آرائی کے صحیح واقعات منظر عام پر آجاتے تو پھر کسی اختلافی مسئلہ پر بحث کی ضرورت ہی باقی نہ رہتی ۔ اللہ رب العزت نے مولانا دلاوری کو اس طرف متوجہ کیا ساڑھے بارہ جلدوں کے ۲۰۹ صفحات ' جلد ثانی کے ۲۲۴ صفحات ہیں ۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی نشر و اشاعت کے شعبہ نے اب اسے شائع کیا ہے ۔

(585)

نام سالنامہ ختم نبوت رنگون

مصنف عبد الرحمن یعقوب باوا

صفحات ۵۰

سن اشاعت ۸۲ ر ۱۳۸۱ (اردو)

ہفت وار ختم نبوت کراچی کے ایڈیٹر جناب باوا صاحب پہلے رنگون برما سے ختم نبوت رسالہ شائع کرتے تھے ۔ سنہ ۸۲ ۔ ۱۳۸۱ھ میں اس رسالہ کا سالنامہ شائع کیا جس میں گرامی قدر اور قابل فخر حضرات اہل علم کے مضامین شامل اشاعت ہیں ۔

(586)

نام شبان ختم نبوت ' ایک تعارف

مصنف شبان ختم نبوت سرگودھا

صفحات ۶

Marfat.com

سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

سرگودھا شاہینوں کا شہر ہے اور ختم نبوت کے شاہین شبان ختم نبوت ہیں جن کی گراں قدر خدمات پر جتنا خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے اس پمفلٹ میں ان کا تعارف ہے۔

(587)

نام صحیفہ الحق

مصنف مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوری

صفحات ۸

سن اشاعت طبع اول ۱۳۳۸ھ، طبع دوم ۱۹۷۶ء (اردو)

قادیانیوں کے ایک چیلنج کے جواب میں مصنف نے صحیفہ الحق یعنی قادیانی چیلنج کی حقیقت اور دندان شکن جواب" کے عنوان سے آٹھ صفحات کے اس رسالہ میں اسکا جواب دیا۔ مرزائی جماعت پر اوس پڑ گئی۔ وہ ایسے زندہ درگور ہوئے کہ اس کا جواب دینے کی ان میں جرات باقی نہ رہی گویا ان کو سانپ سونگھ گیا۔ اسے اب سنہ ۱۹۷۶ میں دوبارہ عالمی مجلس نے شائع کرنے کی توفیق پائی۔

(588)

نام عاشقان مصطفیٰ کہاں ہیں

مصنف طاہر رزاق

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۸۸ (انگریزی)

زیر نظر کتابچہ کا انگریزی ایڈیشن ہے۔ اس میں مرزائی عقائد بتلا کر مسلمانوں سے عشق رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے تقاضوں کو پورا کرنے کی اپیل کی گئی ہے۔

(589)

نام عالم الاسلام والقادیانیۃ

مصنف مولانا مفتی محمد شفیعؒ

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۸ر اپریل سنہ ۱۹۵۳ (عربی)

اس میں قادیانیوں کی عالم اسلام بالخصوص عرب ممالک کے ساتھ دشمنی کو واضح کیا گیا ہے۔ عالمی مجلس کی کوئٹہ شاخ نے اسے شائع کر کے عرب دنیا میں تقسیم کرایا۔

(590)

Marfat.com

نام قادیانیوں اور دوسرے کافروں میں فرق
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۲۴
سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بزرگ رہنما حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے دبئی، عرب امارات کی مسجد شیوخ میں ۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۸۵ کو ایک معرکۃ الارا تقریر کی، قادیانیوں اور دوسرے کافروں کے درمیان فرق کو واضح کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ مرکزی دفتر عالمی مجلس نے متعدد بار شائع کیا۔ ٹنڈو آدم، ننکانہ صاحب کی جماعتوں نے بھی اسے شائع کیا۔

(591)

نام قادیانیوں کی ناپاک جسارت، قرآن مجید میں رد و بدل
مصنف طاہر رزاق
صفحات ۱۰
سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

مصنف نے انھو مسلمانو قادیانی قرآن بدل رہے ہیں کا عنوان قائم کر کے قادیانیوں کی ناپاک جسارت سے مسلمانوں کو باخبر کیا۔ عالمی مجلس نے بارہا ہزاروں کی تعداد میں اسے شائع کیا۔

(592)

نام قادیانیت پر غور کرنے کا سیدھا راستہ
مصنف مولانا محمد منظور نعمانی
صفحات ۵۰
سن اشاعت ۱۴۰۷ (اردو)

ہندوستان کے معروف عالم دین حضرت مولانا محمد منظور نعمانی سے ایک بار مرزائیوں کا مناظرہ طے پایا۔ مرزائی مناظر نہ آیا۔ آپ نے ان سے مناظرہ کے چار اصول ذہن میں تیار کر رکھے تھے۔

۱۔ ہر نبی اپنے سے پہلے نبیوں کا احترام کرتا ہے اور ان کے احترام کی تعلیم دیتا ہے، مگر مرزا غلام احمد نے حضرت مسیح علیہ السلام کی توہین کی۔

۲۔ کوئی نبی جھوٹ نہیں بولتا مگر کذب بیانی کا دوسرا نام مرزا غلام احمد قادیانی ہے۔

۳۔ اللہ رب العزت کے کسی نبی کی پیشینگوئی جھوٹی نہیں ہوئی، مگر مرزا قادیانی کی کوئی سچی نہیں ہوئی۔

Marfat.com

۴۔ کوئی نبی کسی کافر حکومت کی کاسہ لیسی نہیں کرتا، مگر مرزا قادیانی انگریز کا کاسہ لیس تھا۔
مناظرہ تو نہ ہو سکا مگر مولانا نے ان عنوانات پر مشتمل یہ پمفلٹ شائع کردیا۔ پاکستان و ہندوستان کے متعدد اداروں نے بارہا اسے شائع کیا۔ اب عالمی مجلس ہندوستان نے اسے شائع کیا ہے۔

(593)

نام Qadianis ddebase hte kalima.
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۲۴
سن اشاعت ۱۹۸۷ (انگلش)

مصنف نے "کلمہ طیبہ کی توہین" کے عنوان سے ایک اردو رسالہ ترتیب دیا تھا جس کا انگلش یہ ہے۔ اس میں قادیانیوں کی طرف سے کلمہ طیبہ کا بیج لگا کر مسلمانوں کو دھوکہ دینے کی سازش کو بے نقاب کیا گیا ہے۔

لاکھوں کی تعداد میں شائع کر کے عالمی مجلس نے اندرون و بیرون ملک مفت تقسیم کیا۔

(594)

نام قادیانی عقائد پر ایک نظر
مصنف مولانا عزیز الرحمن جالندھری
صفحات ۶۴
سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

اس میں مرزائیت کے تمام کفریہ عقائد کو ان کی کتابوں سے واضح کیا گیا ہے۔ گو اس قدر سی چند ہے جسے مرزائیت کے سمجھنے میں آپ کافی و شافی پائیں گے۔

(595)

نام قادیانیوں کو دعوت اسلام
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۵۲
سن اشاعت ۱۳۹۶ھ (اردو)

۷ ستمبر ۱۹۷۴ کو جب مرزائی غیر مسلم اقلیت قرار پائے تو شیخ الاسلام مولانا محمد یوسف بنوری نے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے شعبہ نشرواشاعت کو حکم دیا کہ اب مرزائیوں کو اسلام میں واپس لانے کے لئے جدوجہد کی جائے۔ چنانچہ جماعت کے ناظم نشریات حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے

Marfat.com

یہ رسالہ مرتب کیا۔ اس کے پانچ فصل ہیں ۔ فصل اول میں مرزائی حوالہ جات سے ثابت کیا گیا کہ مرزا قادیانی کے نزدیک محمد رسول اللہ سے مراد خود وہ مرزا قادیانی ہے۔ دوسری فصل میں ثابت کیا گیا کہ مرزا قادیانی کو نبی مان لینے سے دین اسلام میں کیا مفاسد پیدا ہوتے ہیں۔

فصل سوم میں ثابت کیا گیا ہے کہ نبوت کے لئے کونسی خصوصیات کا ہونا ضروری ہے اور یہ کہ وہ ایک بھی مرزا قادیانی میں نہ تھی۔ اس کے علی الرغم جو کچھ مرزا قادیانی نے کہا وہ عقیدہ نمبر ۱ سے نمبر ۱۹ تک متعدد حوالہ جات سے لکھ کر مرزائیوں سے اپیل کی گئی کہ وہ اس پر سوچیں۔ فصل چہارم میں کل بحث پر قادیانی بحث کی فضیلت۔ اس میں مرزا قادیانی کے ۱۹ عقیدے لکھے گئے اور اپیل کی گئی کہ مرزائی سوچیں کہ آیا ان عقائد والا شخص مسلمان ہو سکتا ہے۔ فصل پنجم میں دعوت غور و فکر دی گئی۔

مجلس کی انتھک کوششوں کے نتیجہ میں کئی خوش بخت لوگ مرزائیت سے تائب ہو کر مسلمان ہوئے جس کی تفصیل کا یہ محل نہیں۔ بہرحال یہ رسالہ استدلال و زبان اور حوالہ جات کی پختگی اور نتائج کی حقیقتوں کا مرقع ہے جس میں مصنف کی دلسوزی ایک ایک فقرہ سے جھلکتی ہے۔ پڑھ کر دل پکار اٹھتا ہے کہ مصنف نے بڑے اخلاص سے مرزائیوں کو اسلام کی دعوت دی ہے۔

(596)

نام	فتنہ مرزائیت
مصنف	واجد علی خان
صفحات	۵۰
سن اشاعت	-- (اردو)

مصنف نے اس رسالہ میں مرزائیوں کی سیاسی و مذہبی حیثیت پر بحث کی ہے۔ زیادہ تر رنگ سیاسی ہے۔

(597)

نام	فتنہ قادیانیت اور پیام اقبال
مصنف	مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات	۲۰
سن اشاعت	۱۳۹۱ (اردو)

علامہ اقبال کی تحریروں کے اقتباسات با حوالہ نقل کئے اور ثابت کیا کہ علامہ مرحوم کے نزدیک مرزائیت اسلام دشمن تحریک ہے جو یہودیت کا چربہ ہے۔ محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کی بغاوت کا دوسرا نام ہے جس کا کوئی عقلمند مسلمان تصور بھی نہیں کر سکتا۔

Marfat.com

(598)

نام فتح مبین (نظم)
مصنف مولانا قاضی عبد الصمد
صفحات ۳۲
سن اشاعت ۱۹۷۴ (فارسی)

مولانا قاضی عبد الصمد سربازی ممبر مجلس شوریٰ و قاضی القضاۃ بلوچستان نے اس رسالہ میں فارسی زبان کی نظم میں مرزائیت کی تردید اور اس سلسلہ میں حضرات علماء کرام کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ مجلس ختم نبوت قلات نے شائع کیا۔

(599)

نام کلمہ طیبہ کی توہین
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۲۵
سن اشاعت ۱۹۸۴ (سندھی)

مصنف کے اس رسالہ کا سندھی زبان میں مولانا احمد میاں حمادی مجاہد ختم نبوت نے ترجمہ شائع کیا۔

(600)

نام قادیانی مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں
مصنف مجلس سرگودھا
صفحات ۶
سن اشاعت ۱۹۸۶ (اردو)

مرزائیوں کے لٹریچر میں مسلمانوں کے خلاف جو غلیظ اور گھٹیا زبان استعمال کی گئی ہے۔ مرزائیت کی کفر ساز مشین نے عالم اسلام کے مسلمانوں کو کافر گردانے کا جو کام سرانجام دیا اس کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

Marfat.com

(601)

نام کشف الستار عن القادیانیۃ مطبعۃ الاستعمار

مصنف مولانا محمد عمر ملتانی

صفحات ۷۷

سن اشاعت ۱۳۷۷ھ ' ۱۹۵۷ء (عربی)

مصنف نے جو مجلس تحفظ ختم نبوت کے رکن رکین تھے یہ کتاب عربی زبان میں تحریر کی ۔ دمشق سے شائع ہو کر عرب ممالک میں تقسیم ہوئی ۔ ابتداء میں قادیانی عقائد اور دین اسلام کا بالمقابل کالموں میں تعارف کرایا ہے ۔ جس کے لئے دین القادیانی اور مقابلہ پر دوسرے کالم میں دین الاسلام کا عنوان قائم کر کے ثابت کیا ہے کہ قادیانیت دین اسلام سے علیحدہ ہے ۔ مرزائیوں کا قبلہ اور حرمین شریفین سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔ قادیانیوں کا کلمہ کا تصور مسلمانوں سے علیحدہ ہے ۔ قادیانی بیرون دنیا میں اسلام کا نام لے کر مرزائیت کو پیش کر کے اسلام کو بدنام کر رہے ہیں ۔ قادیانی استعماری طاقتوں کے آلہ کار ہیں ۔ یہ اس کتاب کے موضوع ہیں ۔ عرب دنیا میں اس کتاب نے قادیانیت کے چہرہ سے پردہ ہٹا کر قادیانیت کے اصلی روپ کو ظاہر کرنے میں بڑا موثر کردار ادا کیا ہے ۔

(602)

نام کفریات مرزا

مصنف مولانا نور محمد خان

صفحات ۵۲

سن اشاعت رمضان سنہ ۱۳۵۱ (اردو)

" دین مرزا کفر خالص " اس عنوان پر مصنف نے قلم اٹھایا ۔ مسیلمہ پنجاب ' اسود زمانہ ' مرزا قادیانی کے عقائد کفریہ بیان کر کے اس کے دعوی نبوت کو زندہ در گور کر دیا گیا ہے ۔ سب سے پہلے یہ النجم لکھنؤ کے شمارہ نمبر ۸ ' ۹ ' جلد ۱۰ میں شائع ہوا ۔ بعد میں کتابی شکل میں شائع کیا گیا ۔ اب اسے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان ملتان نے شائع کیا ہے ۔

(603)

نام کلمہ فضل رحمانی بجواب اوہام قادیانی

مصنف قاضی فضل احمد

صفحات ۱۷۵

سن اشاعت طبع اول ۱۳۱۴ ' طبع دوم ۱۹۸۸ (اردو)

Marfat.com

یہ کتاب آج سے ٹھیک چھیانوے سال پہلے لکھی گئی تھی۔ ایک صدی بیت جانے کے باوجود اس کے مضامین کی خوبصورتی و حسن استدلال جوں کا توں قائم ہے۔ اب یہ اتنی نایاب تھی کہ دفتر ملتان میں اس کا نسخہ موجود نہ تھا۔ روزنامہ جنگ لاہور اور دیگر رسائل میں اشتہار دیا گیا۔ صرف ایک مکمل نسخہ ملا جس کی فلم لیکر اعلیٰ خوبصورت ' دیدہ زیب طباعت ' آفسٹ پیپر پر انتہائی خوبصورت ٹائیٹل سے اسے عالمی مجلس نے سنہ ۱۹۸۸ء میں شائع کیا۔ مرزا قادیانی بھی گورداسپور کا تھا اور اس کتاب کے مصنف بھی گورداسپور کے تھے۔ لوہا لوہے کو کاٹتا ہے کی صحیح تصویر اس کتاب میں دیکھی جا سکتی ہے۔ یہ مرزا کی زندگی میں شائع ہوئی مگر اس کو جواب کی توفیق نہ ہو سکی۔ اس کتاب کے مصنف پولیس انسپکٹر تھے۔ اس لئے انہوں نے مرزا قادیانی کی ذات ' جماعت ' عقائد ' عزائم ' علم و عمل کی خوب سے خوب تر تفتیش کی ہے۔ یہ کتاب مرزا قادیانی کی کتاب " انجام آتھم " کا مکمل جواب ہے۔

(604)

نام مغلظات مرزا

مصنف مولانا نور محمد خان

صفحات ۷۰

سن اشاعت طبع اول ۱۹۳۵ ' طبع ثانی فروری سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

اللہ رب العزت کی رحمتوں کی موسلا دھار بارش ہو مصنف کی قبر پر۔ انہوں نے مرزا قادیانی کے بدزبان ' بدکلام ' دریدہ دہن ' شترِ بے مہار کی یاوہ گوئیوں ' مغلظات کو اس کی کتابوں سے جمع کیا مولانا کی اخلاص بھری محنت سے مرزا قادیانی کی پیغمبرانہ زبان کی حقیقت لوگوں کے سامنے واضح ہو گئی کہ وہ واقعی زبان دراز تھا۔

یہ کتاب حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے نام منسوب ہے۔ محدث بیہ مولانا عبد الرحمٰن کامل پوری ' مولانا اسعد اللہ کی اس پر تقاریظ ہیں۔

(605)

نام مرزائی تعلیمات میں محمد و احمد بمعنی غلام احمد قادیانی

مصنف مولانا محمد شریف جالندھری

صفحات ۲۰

سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

۱۰ ر دسمبر سنہ ۱۹۷۳ کے شمارہ " چٹان " لاہور میں آغا شورش کاشمیری مرحوم نے افریقہ سپیکس قادیانی کتاب سے ایک صفحہ کا فوٹو شائع کر کے مرزائیوں پر الزام لگایا کہ مرزائیوں نے افریقہ

Marfat.com

میں اپنی عبادت گاہ پر لا الہ الا اللہ احمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے ۔ اس پر الفضل نے فوٹو شائع کیا کہ چٹان میں تحریف کی گئی ہے ۔

اس کے جواب میں مولانا محمد شریف جالندھری بانی رکن و ناظم اعلیٰ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے اس کتابچہ میں ایک صفحہ پر الفضل کا فوٹو اور دوسرے صفحہ پر چٹان کا فوٹو شائع کرکے قارئین سے سوال کیا کہ وہ بتائیں کہ ان دونوں میں کیا فرق ہے ۔ دونوں ایک ہی ہیں ۔ پھر کیا تھا مرزائی امت پر یہ رسالہ آفت ناگہانی بن کر گرا ۔ مرزائی ایسے خاموش ہوئے کہ گویا ان کو سانپ سونگھ گیا ہے ۔ مولانا نے قادیانی کتب سے مزید حوالہ جات لکھ کر ثابت کیا کہ مرزائی تعلیمات میں محمد مصطفیٰ ' احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا جہاں کہیں نام آیا ہے وہاں ان کے نزدیک محمدؐ اور احمدؐ سے مراد مرزا غلام احمد ہے ۔ لہٰذا جو مرزائی محمد رسول اللہ کہتے ہیں تو ان کی مراد اس سے مرزا غلام احمد ہوتی ہے ۔ اس کا آج تک مرزائی جواب نہ دے پائے ۔

(606)

نام مرزائیت کی حقیقت

مصنف مولانا حبیب اللہ فاضل رشیدی

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۵۳ (اردو)

مصنف نے اس پمفلٹ میں مرزائیت کے مذہبی عقائد و سیاسی عزائم سے متعلق مرزائی لٹریچر کے حوالہ جات جمع کرکے سمندر کو کوزہ میں بند کردیا ہے ۔

(607, 617)

نام مجموعہ رسائل (گیارہ عدد رسائل)

مصنف مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوری

صفحات ۱۵۰

سن اشاعت طبع اول ۱۳۴۳ھ ' طبع دوم ۱۳۹۶ھ (اردو)

مصنف کے رد قادیانیت پر (۱۱) رسائل کا یہ مجموعہ ہے جو یہ ہیں ۔

۱ ۔ فتح قادیان کا مکمل نقشہ جنگ ۔

۲ ۔ مرزائیوں کو چیلنج ۔

۳ ۔ مرزائیت کا خاتمہ ۔

۴ ۔ مرزائیت کا جنازہ بے گور و کفن ۔

Marfat.com

۵۔ مرزائیوں سے خدائی مباہلہ ۔
۶۔ مرزا اور مرزائیوں کو دربار نبوت سے چیلنج ۔
۷۔ قادیان میں قیامت خیز زلزلہ ۔
۸۔ ابطال استدلال الدجال ۔
۹۔ مرزائیوں کے گلے میں لعنت کا طوق ۔
۱۰۔ تعلیم الجبیرنی حدیث ابن کثیر۔
۱۱۔ صاعقہ آسمانی بر قادیانی ۔

نمبر ۱ سے نمبر ۶ تک رسائل کے کل صفحات تیس ہیں ۔ نمبر ۷ کے دس صفحات ہیں ۔ نمبر ۸ ، ۹ کے ۶۸ صفحات ہیں ۔ نمبر ۱۰ کے ۱۲ صفحات ہیں ۔ نمبر ۱۱ کے ۴۴ صفحات ہیں ۔ یہ رسائل سنہ ۱۳۴۳ ہجری میں شائع ہوئے اب سنہ ۱۳۹۶ میں عالمی مجلس نے ان کے مجموعہ کو ایک خوبصورت جلد میں ایک ساتھ شائع کر دیا ۔ ان کے آخر میں ۴ ر صفحات قادیانی عقائد کے ہیں جو مولانا محمد یوسف لدھیانوی کا مرتبہ ہے ۔ یوں یہ ڈیڑھ سو صفحات کی کتاب تیار ہو گئی ۔

(618)

نام — محمد اسد کی مذہبی حیثیت
مصنف — مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات — ۲۶
سن اشاعت — ۔۔ (اردو)

جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم کے دستوری کمیشن کے رکن لیوپولڈ محمد اسد کی مذہبی حیثیت : The message of the quran ۔ کے آئینہ میں ۔ حکومت توجہ کرے ۔ مصنف نے محمد اسد کے ترجمہ قرآن پر قلم اٹھایا اور اس کی غلط اور تحریفانہ روش کو طشت ازبام کر دیا ۔

(619)

نام — مرزا غلام احمد کی آسمان پہچان
مصنف — مولانا عبد الرحیم اشعر
صفحات — ۱۶
سن اشاعت — طبع پنجم سنہ ۱۴۰۹ (اردو)

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بزرگ رہنما مولانا عبد الرحیم اشعر نے اس پمفلٹ میں مرزا قادیانی کی تین پیشگوئیوں پر بحث کی ہے ۔ ۱۔ آسمانی مکلوحہ ۲۔ عبد اللہ آتھم ۳۔ مکہ میں مریں گے یا

Marfat.com

مدینہ میں ۔ اور ثابت کیا ہے کہ مرزا کی ان پیشینگوئیوں کو دیکھنے سے ہی ثابت ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی ایک کذاب و دجال ' مکار و عیار ' فریبی و دھوکہ باز شخص تھا ۔ کئی بار عالمی مجلس نے سے شائع کیا ۔ اشاعت اول سنہ ھ ' دوسری اشاعت سنہ ۱۳۸۸ ' تیسری اشاعت ۱۳۰۷ ' چوتھی سنہ ۱۴۰۸ ' پانچویں اشاعت ۱۴۰۹ میں ہوئی ہے ۔

(620)

نام مرزا قادیانی کا پوسٹ مارٹم

مصنف محمد سلیم ساقی ایم اے

صفحات ۶۴

سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

مصنف عالمی مجلس لاہور کے نامور رہنما اور صاحب قلم ادیب ہیں ۔ انہوں نے اس رسالہ میں مرزا قادیانی کا پوسٹ مارٹم کرتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ مرزا قادیانی ایک کاذب ' کافر ' مشرک ' منافق ' مرتد ' زندیق ' گستاخ ' پاگل ' نجس شخص تھا ۔ خوب سے خوب تر انداز میں سمجھایا گیا کہ بدطینت و بدفطرت سے بچنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے ۔

(621)

نام مرزا کا اسماں میں وصال

مصنف مولانا لال حسین اختر

صفحات ۱۲

سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

مصنف نے اس رسالہ میں ثابت کیا ہے کہ مرزا قادیانی کی بحالت قے و دست لیٹرین میں موت واقع ہوئی ۔ مرزائیوں کے اصل حوالہ جات نقل کر کے ان کے منہ پر زناٹے دار تھپڑ رسید کیا ۔ آج تک مرزائی اس کا جواب نہ لکھ پائے ۔

(622)

نام مبشرات صالحہ

مصنف اللہ وسایا

صفحات ۲۰

سن اشاعت ۱۹۸۳ (اردو)

بارہا مختلف عالمی مجلس کی شاخوں نے اسے شائع کر کے مفت تقسیم کیا اس کا جدید ایڈیشن " ایمان

Marfat.com

پرور یادیں " ہے ۔ اس میں ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والوں کو حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب کے ذریعہ اپنے جن انعامات و زیارت سے مشرف فرمایا ۔ اس کی تفصیل ہے ۔

(623)

نام موقف الامۃ الاسلامیہ من القادیانیۃ
مصنف شیخ الاسلام مولانا محمد یوسف بنوری"
صفحات ۲۰۰
سن اشاعت ۱۹۷۴ (عربی)

پاکستان کی نیشنل اسمبلی میں جب مرزائیت کا کیس پیش ہوا تو لاہوری و قادیانی مرزائیوں کے محضر ناموں کے جواب میں اہل اسلام کی طرف سے عالمی مجلس نے محضر نامہ پیش کیا جس کا بعد میں عربی ترجمہ کر کے حضرت بنوری رحمہ اللہ نے عرب ممالک میں تقسیم کرایا ۔

(624)

نام مرزائیت سے اسلام تک
مصنف اللہ وسایا ڈیروی
صفحات ۱۶
سن اشاعت ـــ (اردو)

مسمی اللہ وسایا ڈیرہ غازی قادیانی تھے ۔ انہوں نے مرزائیت کے منحوس طوق کو اپنی گردن سے اتارنے کی سعادت حاصل کی ۔ اس رسالہ میں قادیانیوں کے عقائد و کریکٹر کو خوبصورت و دلنشیں انداز میں مرتب کیا ہے ۔

(625)

نام مرزائی نامہ
مصنف مولانا مرتضیٰ احمد خان میکش
صفحات ۲۴۶
سن اشاعت طبع اول ' ۱۹۳۸ (اردو)

البرز شکن گرز عرف مرزائی نامہ ۔ مصنف کے ان مستقل سلسلہ مضامین کا مجموعہ ہے جو زمیندار اور احسان میں شائع ہوتے رہے ۔ ان مضامین کے لکھنے کی تقریب یہ پیدا ہوئی کہ مولانا نے احسان روزنامہ میں اعلان کیا کہ اگر مرزائیوں کو دین اسلام کی حقیقت سمجھنے میں کوئی دشواری ہو تو وہ اشکالات لکھ کر بھیج دیں جن کے میں جواب دوں گا ۔ اس سلسلہ میں مرزائی استفسارات موصول

Marfat.com

ہوئے ان کو سامنے رکھ کر ان مضامین کا سلسلہ شروع کیا گیا۔

یہ کتاب نایاب ہو گئی تھی اب اسے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان ملتان کے شعبہ نشرو اشاعت نے دوبارہ شائع کیا ہے۔

(626)

نام ہدایۃ الممتری عن غوایۃ المفتری اسلام اور قادیانیت ایک تقابلی مطالعہ

مصنف مولانا عبد الغنی پٹیالوی

صفحات ۲۳۸

سن اشاعت طبع اول ۱۹۲۷ء، طبع دوم ۱۹۷۸ء، طبع سوم ۱۹۸۸ (اردو)

رد قادیانیت پر آج تک جتنی کتابیں لکھی گئیں ان سب سے یہ کتاب اس لحاظ سے منفرد ہے کہ اس میں اسلام اور قادیانیت کا تقابلی مطالعہ کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ قادیانیت نے کن کن امور میں اسلام سے خروج و انحراف کا راستہ اختیار کیا ہے۔ اسلامی عقائد بالخصوص عقیدۂ ختم نبوت و حیات عیسیٰ علیہ السلام کو تو ایسے قطعی دلائل سے آراستہ کیا کہ ایک سلیم الفطرت انسان کو اسلامی عقائد کی حقانیت میں ذرہ برابر شبہ نہیں رہتا۔ احمدیہ پاکٹ بک اور دوسری مرزائی کتب میں پائے جانے والے مرزائیوں کے شبہات کا اس میں آپ کو جواب ملے گا۔ سنہ ۱۹۲۷ء میں پہلی بار شائع ہوئی۔ یہ نایاب ہو گئی تھی۔ عالمی مجلس کے شعبہ نشرواشاعت نے اسے سنہ ۱۹۷۸ء میں دوبارہ سنہ ۱۹۸۸ء میں سہ بارہ شائع کیا

(627)

نام حمل مرزا

مصنف مولانا لال حسین اختر

صفحات ۸

سن اشاعت -- (اردو)

مصنف کا ایک مضمون جس میں مرزا قادیانی کی اپنی کتابوں سے حیض و نفاس حمل اور ولادت وغیرہ کا قبیح ذکر ہے ان کو جمع کر کے مرزائیوں پر حجت قائم کی گئی کہ ان حوالہ جات کی رو سے مرزائی بتائیں کہ مرزا قادیانی مرد تھا یا عورت تھی۔

(628)

نام مرزا غلام احمد قادیانی مراقی نبی

مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی

Marfat.com

صفحات ۸

سن اشاعت --- (اردو)

مرزا قادیانی کی کتب سے ثابت کیا گیا کہ مرزا نے خود اقرار کیا ہے کہ میں مراق کا مریض ہوں۔ جو مرزائی (پاگل) ہو وہ نبی ہو سکتا ہے؟ مرزائی اس کا جواب نہ دے پائے۔

(629)

نام مرزائیوں کے نام

مصنف حافظ عبد الرحمٰن

صفحات ۸

سن اشاعت --- (اردو)

مرزائیوں نے ایک رسالہ لکھا جس کا نام "امام حسین کا مقام" رکھا۔ مصنف نے اس کے جواب میں یہ کتابچہ تحریر کیا جس میں ثابت کیا یزیدی فوجوں نے میدان کربلا میں حضرت حسینؓ پر اتنے تلوار کے وار نہ کئے ہوں گے جتنے مرزا قادیانی نے قلم کے ظالمانہ وار حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذات اقدس پر کئے۔ اب مرزائی کس منہ سے امام حسین کا مقام بیان کرتے ہیں یہ ان کا محض دعویٰ ہے۔ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور والی بات ہے۔ مجلس کوئٹہ نے شائع کیا۔

(630)

نام میں خدا کی طرف سے نہیں' مرزا قادیانی کا اقرار

مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۳۹۶ھ (اردو)

مرزا قادیانی کی کتابوں سے مرزا کے اقراری بیان شامل کر کے ثابت کیا گیا کہ مرزا شیطان کا نمائندہ تھا نہ کہ رحمان کا۔

(631)

نام مرزائیوں سے خیر خواہانہ گذارش' مسیح قادیان کی حالت کا بیان

مصنف مولانا محمد علی موتگیری

صفحات ۱۲

سن اشاعت --- (اردو)

مرزائی کتب سے مرزا قادیانی و جماعت کے حالات بیان کر کے مرزائیوں کو اس بدبخت و مردود ازلی

Marfat.com

سے بچنے کی خیر خواہانہ گذارش کی گئی ہے۔ ابتدا میں رسالہ مونگیر سے شائع ہوا اب عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت سندھ نے شائع کیا ہے۔

(632)

نام مرزا قادیانی کی پیشینگوئیاں اور خدائی فیصلے
مصنف عالمی مجلس
صفحات ۱۶
سن اشاعت --- (اردو)

نام سے ہی مضمون و موضوع واضح ہے۔

(633)

نام لندنی نبی
مصنف مولانا عبد الرحمٰن میانوی
صفحات ۸
سن اشاعت --- (اردو)

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بزرگ رہنما پاکستان کے نامور مقرر مولانا عبد الرحمٰن میانوی جن کی ساری زندگی ریل اور جیل میں گذری۔ عالمی مجلس ڈیرہ غازی خاں کی درخواست پر انہوں نے مرزائیوں کے لٹریچر کے حوالہ جات جمع کر کے ثابت کیا کہ مرزا قادیانی برطانیہ کی سیاسی شطرنج کا ایک مہرہ تھا۔

(634)

نام انگریزی نبی کی تصویر کے دو رخ
مصنف مولانا منظور احمد
صفحات ۱۶
سن اشاعت --- (اردو)

مرزا قادیانی کی تہذیب و شائستگی کے بلند نمونے، مرصع گالیاں، غیر محرم عورتوں سے اختلاط، دروغ و تضاد بیانیاں، بد دیانتی اور مرزا کی حقیقت مرزا کے قلم سے واضح کی گئی ہے۔ عالمی مجلس کی متعدد شاخوں نے اسے شائع کیا۔ اس وقت کوئٹہ مجلس کا مطبوعہ نسخہ سامنے ہے۔

(635)

نام پنجابی نبی کے کارنامے

Marfat.com

مصنف مجلس گوجرانوالہ
صفحات ۴
سن اشاعت --- (اردو)

مرزا قادیانی کی اوٹ پٹانگ حماقتوں اور رذالتوں کو جمع کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ نبوت تو درکنار وہ تو ایک عام انسان بھی نہ تھا۔

(636)

نام فرقہ غلام احمدی کی حقیقت
مصنف مولانا محمد موسیٰ
صفحات ۸
سن اشاعت --- (اردو)

مصنف نے چیلنج کیا کہ اگر اس میں ایک حوالہ غلط ہو تو فی حوالہ یک صد روپیہ انعام دینے کے لئے تیار ہیں۔ مرزائیوں کو چیلنج قبول کرنے کی جرات نہ ہو سکی۔ مجلس لودھراں نے شائع کیا۔

(637)

نام قادیانی عقائد
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۴
سن اشاعت ۱۳۹۶ (اردو)

۲۷ عقائد قادیانی کتب سے ثابت کر کے مصنف نے مرزائیوں پر حجت قائم کی کہ ان عقائد کا حامل شخص یا افراد مسلمان ہو سکتے ہیں؟

(638)

نام مرزا کی گالی کس کو
مصنف عبد الحمید فاروقی
صفحات ۱۶
سن اشاعت دسمبر سنہ ۱۹۸۰ (اردو)

اولاً یہ رسالہ دسمبر سنہ ۱۹۸۰ میں لاہور سے شائع ہوا تھا۔ اب اسے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے شائع کیا ہے۔

Marfat.com

(639)

نام مسلمانوں کی نسبت مرزائیوں کا عقیدہ
مصنف مولانا لال حسین اختر
صفحات ۴
سن اشاعت -- (اردو)

عالمی مجلس کے بانی رکن مولانا لال حسین نے اس پمفلٹ میں عنوان بالا کے تحت مرزائی کتب کے ۱۴ حوالہ جات نقل کئے ہیں۔ آخر میں مجلس کا تعارف ایک صفحہ پر عالمی مجلس لائل پور نے شائع کیا۔

(640)

نام عیسائیوں سے دس سوالات
مصنف مولانا غلام مصطفیٰ
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی نے جعلی مسیحیت کا ڈھونگ رچایا۔ موجودہ عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات کو بگاڑا۔ جعلی مسیحی مرزائی عیسیٰ علیہ السلام کی ذات کے دشمن اور موجودہ مسیحی آپ کی تعلیمات کے دشمن ہیں۔ ان سے دس سوالات مصنف نے مرتب کئے۔ عالمی مجلس بہاولپور نے شائع کیا۔

(641)

نام عادات مرزا
مصنف مولانا محمد اکرم طوفانی
صفحات ۴
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا قادیانی کی مکروہ عادات، منحوس کردار پر مرزائی لٹریچر کے حوالہ جات پر مشتمل یہ رسالہ ہے۔

(642)

نام تحریف قرآنی بزبان قادیانی
مصنف مولانا محمد صادق
صفحات ۸

Marfat.com

سن اشاعت -- (اردو)

اس میں ثابت کیا گیا ہے کہ مرزا قادیانی کا قرآن پر ایمان نہیں کیونکہ وہ اسے نامکمل قرار دیتا ہے اور اس کی کتابوں میں تحریف معنوی کے علاوہ تحریف لفظی بھی ہے۔ اسے عامی مجلس احمد پور شرقیہ نے شائع کیا۔

(643)

نام فرنگی نبی کی نیا ۔ چھیمنیں

مصنف مولانا محمد صادق

صفحات ۶

سن اشاعت -- (اردو)

اس پمفلٹ میں مرزا قادیانی کے [illegible] باہوا [illegible] الہامی گرگٹ ہے مجلس احمد پور شرقیہ نے شائع کیا۔

(644)

نام مقام محمدیت اور اجل مرزائیت

مصنف مولانا محمد موسیٰ

صفحات [illegible]

سن اشاعت -- (اردو)

مرزائیوں نے ایک رسالہ "مقام محمدیت" شائع کیا [illegible] حضرت محمد عربی کو قادیانی بھی مانتے ہیں۔ مصنف نے اپنے [illegible] سامنے مرزائیوں کے حلیہ پمفلٹ سے [illegible] شائع کیں ان کی کتابوں سے نقل [illegible]

(645)

نام مرزائیوں کی طرف سے [illegible]

مصنف مولانا غلام مصطفیٰ

صفحات ۴

سن اشاعت ۳ اپریل سنہ ۱۹۶۴ (اردو)

قادیانی جماعت نے "جماعت احمدیہ کے عقائد" نامی پمفلٹ شائع کیے [illegible] ہمارے عقیدے بھی مسلمانوں والے ہیں۔ مصنف نے اس کا جواب [illegible]

Marfat.com

(646)

نام مرزا غلام احمد کی پہچان اس کی اپنی تحریروں کی روشنی میں
مصنف مولانا نذیر حسین
صفحات ۸
سن اشاعت --- (سندھی)

مرزائی عقائد جاننے کے لئے سندھی زبان میں مفید عام مختصر مگر جامع مانع رسالہ ہے۔

(647)

نام قادیانی عقیدہ
مصنف مجلس ٹنڈو آدم
صفحات ۸
سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۸۸ (سندھی)

سندھی زبان میں مرزائی عقائد کی مکمل تصویر۔

(648)

نام Qadianism A critical study
مصنف مولانا محمد سلیم دھورات
صفحات ۱۲
سن اشاعت --- (اردو)

مولانا محمد سلیم دھورات مدرسہ دار العلوم ہولکمب بری انگلینڈ نے انگریزی زبان پاکٹ سائز ۱۲ صفحات کا یہ رسالہ تحریر کیا جسے نوجواناں ختم نبوت برطانیہ نے شائع کیا۔

(649)

نام نوجواناں فیصل آباد کے نام کھلا خط
مصنف مجلس فیصل آباد
صفحات ۴
سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

اسے عالمی مجلس نے ختم نبوت یوتھ فورس فیصل آباد میں قائم کرنے کی غرض سے شائع کر کے نوجوانوں میں تقسیم کیا۔ مرزائیت کے گندے عقائد ' برے عزائم لکھ کر مسلمانوں کو اپنی ذمہ داری پوری کرنے کی طرف متوجہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

(650)

نام دشمن رسول سے دوستی کیوں ؟

مصنف طاہر رزاق

صفحات ۴

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

قادیانی ملک و ملت کے غدار ہیں ۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے بدترین گستاخ ہیں ان سے مسلمانوں کی دوستی خطرہ ایمان کا باعث ہے اس عنوان پر مجلس گوجرانوالہ نے یہ رسالہ شائع کیا ۔

(651)

نام آستین کے سانپ

مصنف طاہر رزاق

صفحات ۱۰

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

اس کے ٹائیٹل پر متعدد سانپ دکھائے گئے ہیں جو زبان نکالے ڈنک مارنے کے لئے تلملا رہے ہیں ۔ ثابت کیا گیا کہ قادیانی سانپ جنہوں نے قصر نبوت کی دیوار میں ارتداد کا ڈنک مار کر قادیانی نبوت چلانے کی ناپاک جسارت کی ۔

قادیانی سانپ جنہوں نے پاکستان کی بنیادوں میں علیحدگی کا ڈنک مارا اور وطن عزیز دولخت ہو گیا ۔

قادیانی سانپ جو ملت اسلامیہ کی رگوں میں فرقہ پرستی کا زہر گھول کر انتشار و خلفشار کی فضا پیدا کر رہے ہیں ۔

قادیانی سانپ اسی دھرتی کا دودھ پیتے ہیں اسی میں بلیں بنا کر رہتے ہیں اور ہر بل کا کنکشن اسرائیل سے جا ملتا ہے ۔ ارض وطن ان زہرناکیوں اور سفاکیوں کی وجہ سے زخمی زخمی [illegible] تڑپ تڑپ کر محبان وطن کو پکار رہی ہے کہ ان قادیانی سانپوں کا سر کچل دو ۔ [illegible] دلائل گرم کے انداز میں یہ منفرد رسالہ ترتیب دیا جو قابل قدر ہے بارہا ہزاروں کی تعداد میں [illegible] مقامی جماعتوں نے شائع کیا ۔

(652)

نام Qadiani Movement (a critical study)

مصنف محمد سعید واڑا

Marfat.com

صفحات ۳۴

سن اشاعت ۱۹۷۹ (انگلش)

قادیانیوں کے کفریہ عقائد کو طشت از بام کیا گیا ہے۔ پہلے کلکتہ سے شائع ہوا۔ اب عالمی مجلس کے مرکزی دفتر نے شائع کیا ہے۔

(653)

نام مرزائیوں کے کفریہ عقائد اور مرزائی اسرائیلی گٹھ جوڑ کا منہ بولتا ثبوت

مصنف مجلس گوجرانوالہ

صفحات ۱۰

سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

مرزائیوں کے کفریہ عقائد اور سیاسی عزائم کو باحوالہ ثابت کیا گیا ہے کہ یہ اسرائیل کے ایجنٹ اور ملت اسلامیہ کے ازلی و ابدی غدار ہیں۔

(654)

نام حقیقت مرزائیت

مصنف ادارہ ضیاء مشتاق احمد

صفحات ۹

سن اشاعت -- (اردو)

مرزائی کفریہ عقائد پر بحث کے عالمی مجلس ختم نبوت شاخ علی پور نے شائع کیا۔

(655)

نام جھوٹ کا پول

مصنف محمد عبد القدیر صمدانی

صفحات ۹

سن اشاعت -- (اردو)

مرزائی عقائد کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔ مجلس اکوڑہ خٹک نے شائع کیا۔

(656)

نام توہین انبیاء علیہم السلام مرزائیت کے لٹریچر میں

مصنف عالمی مجلس ٹیکسلا

صفحات ۸

Marfat.com

سن اشاعت　　اکتوبر سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

شیطان نے حضرات انبیاء علیہم السلام کی اتنی توہین و تنقیص نہ کی ہوگی جتنی مرزا قادیانی بدبخت نے کی۔ یہ اس رسالہ کا خلاصہ ہے۔

(657)

نام　　تحفظ ختم نبوت کانفرنس کا خطبہ صدارت

مصنف　　صاحبزادہ سید فیض الحسن شاہ

صفحات　　۸

سن اشاعت　　منعقدہ ۶ر دسمبر سنہ ۱۹۵۱ (اردو)

مجلس تحفظ ختم نبوت احمد پور شرقیہ ریاست بہاول پور کے زیر اہتمام یہ کانفرنس منعقد ہوئی جس میں موصوف نے یہ صدارتی خطبہ پڑھا۔ اس میں ریاست بہاول پور کے حکام سے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا مطالبہ کیا گیا۔

(658)

نام　　قادیانیت کی زہر افشانیاں

مصنف　　راؤ جمشید علی خاں

صفحات　　۲

سن اشاعت　　-- (اردو)

مجلس لاہور نے شائع کیا مرزائیوں کے لٹریچر سے اس کے زہریلے عقائد [illegible]

(659)

نام　　مرزا غلام احمد قادیانی کے انمول موتی

مصنف　　حافظ عبد الرحمن

صفحات　　۲۴

سن اشاعت　　-- (اردو)

مرزا قادیانی کی ہذلیات اور گالیوں کو جمع کر کے اس کے اخلاق کا [illegible] شریف انسان بھی نہ تھا۔

(660)

نام　　مرزائی عقائد

مصنف　　مجلس حیدر آباد

Marfat.com

صفحات ۸

سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۵۲ (اردو)

مجلس تحفظ ختم نبوت حیدر آباد سندھ کے زیر اہتمام ۱۸ر ۱۹ فروری سنہ ۱۹۵۲ کو ختم نبوت کانفرنس تھی جس میں مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ ' مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادیؒ ' مولانا محمد علی جالندھریؒ ' مولانا لال حسین اخترؒ نے خطاب کرنا تھا۔ اس موقعہ پر یہ پمفلٹ شائع کر کے مرزائی کفریہ عقائد سے لوگوں کو باخبر کر کے آخری صفحہ پر کانفرنس کا اشتہار شائع کیا گیا اور کانفرنس میں لوگوں کو شرکت کی دعوت دی گئی۔

(661)

نام مرزا غلام احمد قادیانی کے کفریہ عقائد

مصنف مجلس کیمل پور

صفحات ۴

سن اشاعت --- (اردو)

۴ر ورقی پمفلٹ مجلس کیمل پور (اٹک) نے تحریک ختم نبوت سنہ ۷۴ سے قبل شائع کیا۔

(662)

نام احتساب قادیانیت

مصنف مولانا لال حسین اختر

صفحات ۲۰۸

سن اشاعت دسمبر سنہ ۱۹۸۹ (اردو)

مصنف مرحوم نے اپنی زندگی میں رد قادیانیت پر جو مختلف رسائل تحریر فرمائے ان کو یکجا اس کتاب میں شائع کر دیا گیا۔ ۱۴ رسائل کے اس مجموعہ میں ۱۔ ترک مرزائیت ۲۔ ختم نبوت اور بزرگان امت ۳۔ حضرت خواجہ غلام فرید اور مرزا قادیانی ۴۔ مرکز اسلام مکہ مکرمہ میں قادیانیوں کی ریشہ دوانیاں ۵۔ سیرت مرزا ۶۔ عجائبات مرزا ۷۔ حمل مرزا ۸۔ آخری فیصلہ ۹۔ بکرو ثیب ۱۰۔ سقوط مشرقی پاکستان حمود الرحمن کمیشن میں تحریری بیان ۱۱۔ مسلمانوں کی نسبت قادیانیوں کا عقیدہ ۱۲۔ حضرت مسیح علیہ السلام مرزا قادیانی کی نظر میں ۱۳۔ وفاقی وزیر قانون کی خدمت میں عرضداشت ۱۴۔ انگلستان میں مجلس تحفظ ختم نبوت کی کامیابی۔ شامل ہیں۔

(663)

نام ہر چہ گویم حق گویم

Marfat.com

مصنف سید محمد امین گیلانی
صفحات ۶۴
سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۹۰ (اردو)

مصنف ملک عزیز کے نامور شاعر اور مجاہد فی سبیل اللہ ہیں ۔ حضرت امیر شریعت کی رفاقت نے آپ کو عقیدۂ ختم نبوت کا حدی خواں بنا دیا ۔ اس وقت اگر حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلاموں کی فہرست تیار کی جائے تو گیلانی صاحب کا نام اس میں سرفہرست آئے گا ۔ آپ نے زندگی بھر عقیدۂ ختم نبوت کی حمایت اور قادیانیت کی تردید میں جو کچھ نظم میں ارشاد فرمایا اس کتابچہ میں آپ کو یکجا ملے گا ۔ بلاشبہ اسے شائع کرنا بہت بڑی خدمت ہے جو عالمی مجلس نے سرانجام دی ہے ۔

(664)

نام قادیانیت انگریز کا خود کاشتہ پودا
مصنف طاہر رزاق
صفحات ۴۴
سن اشاعت جون سنہ ۱۹۹۰ (اردو)

برادر عزیز طاہر رزاق خطیب اور بلند پایہ ادیب ہیں ۔ اللہ رب العزت سے محبت ختم نبوت پر کام کرنے والے رفقاء کو اچھا بہادر و مجاہد محافظ نام سے رسالت ساتھی سے نوازا ہے ۔ انہوں نے اس کتابچہ میں مرزا قادیانی کے انگریز کے ضمیر سے جنم لینے کا پس منظر ۔ پیش منظر اور پیش منظر سب کچھ بیان کر دیا ہے کتابچہ صاحب کی مجلس نے شائع کیا ہے ۔

(665)

نام شیزان کا بائیکاٹ ۔ مسلمانوں کے ضمیر پر ایک دستک
مصنف جناب طاہر رزاق صاحب
صفحات ۸
سن اشاعت جون سنہ ۱۹۹۰ (اردو)

شیزان مرتد زمانہ شاہنواز قادیانی کی فیکٹری ہے جس کی آمد کا معتد بہ حصہ قادیانیت کی نشر و اشاعت پر صرف ہوتا ہے ۔ مسلمان شیزان کی مصنوعات استعمال کرتے ہوئے غیر ارادی طور پر قادیانیوں کی مرتدانہ مساعی میں شریک ہو جاتا ہے ۔ مصنف نے مسلمانوں کے قلب و جگر کو اس حقیقت کی دنیا سے قائل کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے کہ قادیانی مصنوعات کے استعمال سے مسلمانوں کو کیا کیا نقصانات ہیں ۔

Marfat.com

(666)

نام مجرم اسلام

مصنف طاہر رزاق

صفحات ۱۶

سن اشاعت سنہ ۱۹۹۰ (اردو)

ایک ایسے انسان کی شرمناک داستان حیات جسے انسان کہتے ہوئے انسانیت کی پیشانی عرق آلود ہو جاتی ہے۔

جس کا تذکرہ بد لکھتے ہوئے قلم کے قدم رک رک جاتے ہیں اور سینہ قرطاس سے چیخیں بلند ہوتی ہیں۔

اس عالم ہست و بود میں کسی ماں نے ایسا کستاخ رسول جنم نہ دیا، چشم فلک نے ایسا منحوس چہرہ نہ دیکھا، گوش زمین نے ایسی ہرزہ سرائی نہ سنی۔

وہ بد طینت شخص جس نے محسن انسانیت جناب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اقدس سے تاج ختم نبوت نوچنے کی ناپاک جسارت کی۔

خاک قادیان کے گندے خمیر سے اٹھنے والے مدعی نبوت ڈاکو ناموس رسالت مرزا قادیانی جہنم مکانی کی یہ تعفن زندگی کا مختصر خاکہ۔

Marfat.com

باب چہارم

قادیانیت کے خلاف فتوی جات

نوٹ:

اس باب میں نمبر ۶۶۷ سے ۷۱۰ تک کل ۴۴ کتابوں کا تعارف شامل ہے۔

اس باب میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعات کی تعداد ۱۱ ہے جو نمبر ۷۰۰ سے ۷۱۰ تک درج ہیں

Marfat.com

(667)

نام الشہاب لرجم الخاطف المرتاب

مصنف علامہ شبیر احمد عثمانی

صفحات ۶۰

سن اشاعت ۱۳۴۳ (اردو)

مصنف نے نہایت سلیس ' معقول منصفانہ طریقہ سے مرزائیوں کے ارتداد کا ثبوت قتل مرتد کے شرعی دلائل اور اس کا عقلی فلسفہ جہاد بالسیف کی حکمت اور حدود ' افغانستان کے فیصلہ دربارہ تعزیز مرتد کی تحسین و تصویب اور ان تمام شبہات کا ازالہ کیا ہے جو اس سلسلہ میں کئے گئے تھے۔ مرزائیوں نے اس کا جواب لکھنے کی بجائے اس پر پابندی میں عافیت سمجھی۔

(668)

نام اشاعۃ السنہ

مصنف مولانا محمد حسین بٹالوی

صفحات ۱۰۰۰

سن اشاعت --- (اردو)

مولانا محمد حسین بٹالوی معروف اہل حدیث رہنما ابتدا میں مرزا قادیانی کے متعلق خوش فہمی کا شکار تھے۔ جوں جوں مرزا قادیانی کی عیاریاں ' مکاریاں کفران پر واضح ہوتا گیا یہ اس کے مخالف ہوتے گئے مرزا قادیانی نے بھی ان کے متعلق جس دریدہ دہنی کا مظاہرہ کیا اس پر مرزا قادیانی کی کتب گواہ ہیں۔ مولانا بٹالوی کا پندرہ روزہ رسالہ اشاعۃ السنہ شائع ہوتا تھا۔ انہوں نے اس رسالہ کو مرزا قادیانی کی تردید کے لئے وقف کردیا اس کی چند جلدیں اس وقت زیر نظر ہیں۔

جلد نمبر ۱۳ میں فتوے علماء پنجاب و ہندوستان دربارہ مرزا قادیانی ہے۔ اس کے چھ نمبر ۴' ۵' ۶' ۷ اور ۱۲ میں [illegible] شائع ہوا جو ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ہے۔

جلد نمبر ۱۴ میں مباحثہ لدھیانہ کا ذکر ہے جو کئی سو صفحات پر مشتمل ہے۔

جلد نمبر ۱۵ کے عنوانات یہ ہیں۔ قادیانی کی گیدڑ بھبھکی ' اعاذہ رحمانی اور وساوس قادیانی درخواست مباہلہ ' اعتراض دشنام دہی کا جواب۔ قادیانی کی تازہ دروغ گوئی۔ تبدیلی ناگہانی۔ یہ جلد ۳۲۸ صفحات پر مشتمل ہے۔

جلد نمبر ۱۶ پر قادیانی فتحیابی اشاعۃ السنہ کا شکرانہ ' لعنۃ اللہ علی الکاذبین ' تکملہ مضمون لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ حرامزادہ کے متعلق ایک سوال اور اس کا جواب۔ فرضی زوجہ قادیانی عیسائیوں کی باہمی

Marfat.com

جنگ مقدس پر اسلامی رائے (جنگ مقدس مرزا کی کتاب ہے اس پر یہ تبصرہ ہے)۔ ایسے عنوانات پر مشتمل اس جلد کے ۳۸۴ صفحات ہیں۔

اشاعۃ السنہ کی صرف یہ جلدیں مجھے میسر آئیں۔ جلد ۱ سے جلد نمبر ۱۲ اور جلد نمبر ۱۶ کے بعد کی تفصیل معلوم نہ ہو سکی۔

(669)

نام علماء اسلام کا متفقہ فیصلہ

مصنف مختلف حضرات مفتیان کرام

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

مسجد وکنگ انگلینڈ جس کی بانی بیگم شاہ جہاں والی ریاست بھوپال تھیں اس پر لاہوری گروپ کے مرزائیوں نے اپنی عیاری و چالاکی سے قبضہ کر لیا۔ بعد میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مخلصانہ مساعی اور مولانا لال حسین اختر کی یلغار حق سے وہ مسجد اہل اسلام کو واپس نصیب ہوئی۔ جو اس وقت تک مسلمانوں کے پاس ہے۔

اس وقت لاہوری مرزائیوں کے متعلق بحث شروع ہوئی کہ آیا یہ بھی قادیانیوں کی طرح کافر ہیں تو اس وقت یہ کتابچہ جس پر مولانا قاضی مظہر حسین، مولانا سرفراز خان صفدر، مولانا مفتی جمیل احمد تھانوی، مولانا محمد الیاس، مفتی محمد حسین نعیمی، مولانا صمیع افق جیسے حضرات نے فتوی دیا۔ لاہوری مرزائی بھی قادیانیوں بلکہ ان سے بھی بدتر اور خطرناک ہیں۔

(670)

نام حافظ ایمان من فتنۃ القادیان

مصنف بابو پیر بخش

صفحات ۴۴

سن اشاعت ۱۳۴۴ (عربی)

مصنف نے عربی زبان میں مرزائی عقائد پر بحث کی اور اپنے طور پر مرزائیت کے عقائد باطلہ عربی زبان میں سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ اس کے آخر میں علماء کا فتوی بھی شامل ہے۔

(671)

نام درہ زاہدیہ بر فرقہ احمدیہ

Marfat.com

مصنف قاضی زاہد الحسینی

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۳۶۱ھ (اردو)

دوالمیال ضلع جہلم میں ایک شخص مسعود احمد کا سنی لڑکی سے نکاح ہوا۔ اس شخص نے محض ملازمت کی غرض سے مرزائیوں کو عہد نامہ لکھ دیا کہ "میں جب ملازم ہوگیا تو احمدی ہو جاؤں گا۔ اور سسرال کا رشتہ توڑ دوں گا اور قادیان شریف سے شادی کرلوں گا۔ اگر میں احمدی نہ ہوا تو کافر' کافر' کافر اسی وقت سے ہو جاؤں گا۔"

اتفاق سے یہ عہد نامہ اس کی بیوی کو مل گیا۔ اس نے بھائی نور الٰہی کو دکھایا جس پر انہوں نے دیوبند علماء سرحد' جہلم' کیمل پور سے فتوے حاصل کیا۔ تمام علماء نے فتوی دیا کہ کفر قبول کرنے کا ارادہ ظاہر کرنا بھی کفر ہے لہٰذا نکاح باطل ہوگیا جس کے نتیجہ میں عدالت نے بھی فسخ نکاح کا فیصلہ دے دیا۔ مگر مرزائی نے ایک مرزائی نواز ماسٹر سے جو اپنے آپ کو مولوی کہلاتا تھا اور منڈی بہاء الدین ضلع گجرات رہتا تھا۔ اس سے لکھوا لیا کہ نکاح نہیں ٹوٹا۔ اب دونوں طرف سے علماء کی گفتگو قرار پائی۔ چنانچہ مولانا قاضی زاہد الحسینی وہاں تشریف لے گئے اس مولوی ماسٹر سے گفتگو ہوئی۔ اس کی تمام کہانی اس رسالہ میں شائع کردی گئی ہے۔

(672)

نام فتوی تکفیر قادیان

مصنف مختلف مفتیان کرام

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۳۳۶ (اردو)

سنہ ۱۳۳۶ میں دار العلوم دیوبند' تھانہ بھون' رائے پور' سہارن پور' دہلی' کلکتہ' بنارس' لکھنؤ' آگرہ' مراد آباد' لاہور' امرتسر' لدھیانہ' پشاور' راولپنڈی' ملتان' ہوشیار پور' جہلم' سیالکوٹ' گجرات' گوجرانولہ' حیدر آباد دکن' ریاست بھوپال' رامپور کے بیسیوں علماء نے مرزائیت کے خلاف فتوی دیا جو بہت ہی اہمت کا حامل ہے سنہ ۱۹۷۴ کی تحریک ختم نبوت میں اہل اسلام کی طرف سے جو مواد قومی اسمبلی کے اراکین کو مہیا کیا گیا اس میں یہ رسالہ بھی تھا۔ اس میں تمام مکاتب فکر کے جید علماء کرام کے تصدیقی و توثیقی دستخط ہیں۔ جن میں مولانا مفتی عزیز الرحمٰن' مولانا رسول خان' مولانا اصغر حسین' مولانا اعزاز علی' مولانا محمد ادریس' مولانا خلیل احمد سہارنپوری' بدر عالم میرٹھی' مولانا شاہ اشرف علی تھانوی' مولانا شاہ عبد الرحیم' شاہ عبد القادر رائے پوری' مفتی کفایت اللہ' محمد دیدار علی رضوی' محمد

Marfat.com

حسین غزنوی ' ایسے بیسیوں اکابر کے اس پر دستخط نے رسالہ کی اہمیت کو دوچند کر دیا ہے۔

(673)

نام فسخ نکاح مرزائیاں

مصنف مختلف مفتیان کرام

صفحات ۲۴

سن اشاعت رجب سنہ ۱۳۳۶ (اردو)

مرزائیوں سے ترک موالات کے سلسلہ میں حسب فتاوی علماء اسلام (سنی و شیعہ) مرزائیوں سے میل جول ' شادی غمی میں شریک ہونا منع ہے ' اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ چونکہ مرزائی جماعت کے عقائد اہل اسلام کے خلاف ہیں اس لئے مسلمان عورت کا نکاح کسی مرزائی کے ساتھ جائز نہیں۔ ہو چکا تو قابل فسخ ہے۔ اس فتوی پر بھوپال ' رام پور ' حیدر آباد ' سہارنپور ' بنارس ' تھانہ بھون ' مظاہر العلوم ' دیوبند ' رائے پور ' بدایون ' مراد آباد ' سنبھل ' الور ' آگرہ ' بلند شہر ' لکھنؤ ' ہوشیار پور ' دہلی ' ملتان ' راولپنڈی ' سیالکوٹ ' جہلم ' پشاور ' گورداسپور ' ہوشیار پور ' امرتسر ' گجرات ' گوجرانوالہ وغیرہ کے سینکڑوں علماء کے دستخط ہیں کہ مرزائیوں سے شادی بیاہ جائز نہیں۔

(674)

نام مرزائی کا جنازہ اور مسلمان

مصنف مفتی احمد سعید

صفحات ۵۰

سن اشاعت اگست ۱۹۶۶ (اردو)

گوجرانوالہ کے محلہ باغبانپورہ میں ایک مرزائی کے جنازہ میں چند [illegible] مسلمان بھی شریک ہوئے۔ اس پر مصنف [illegible] رسالہ مرتب کیا [illegible] سے فتوی حاصل کیا [illegible] ان کے جنازہ میں مسلمان شریک ہوا [illegible] تجدید اسلام و تجدید [illegible] اور آئندہ اس [illegible] کا یقین دلائیں ورنہ ان کا بھی [illegible] انہیں [illegible] خوبصورت اور اچھوتے انداز میں مرتب کیا گیا ہے۔

(675)

نام مجموعہ فتاوی

مصنف مولانا عبد الحی لکھنوی

صفحات ۵ سن اشاعت ۱۳۱۴ (اردو)

Marfat.com

سنہ ۱۳۱۴ھ میں حضرت مولانا عبد الحئ لکھنوی کے قلم سے یہ فتوی شائع ہوا۔ اس کے صفحہ نمبر ۱۴۱ سے صفحہ ۱۴۵ تک مرزائیت کے خلاف آپ کے قیمتی دو فتوے درج ہیں۔

(676)

نام مرزا قادیانی اور مرزائیوں کے بارہ میں چند سوالات
مصنف محمد حسین بٹالوی
صفحات ۱۶
سن اشاعت ۱۸۹۰ (اردو)

حضرت مولانا محمد حسین بٹالوی نے سوالات لکھے جن کا جواب حضرت مولانا صوفی محی الدین عبدالرحمن لکھوی نے تحریر فرمایا۔

(677)

نام لاہوری و قادیانی مرزائی دونوں کافر ہیں
مصنف مفتی ولی حسن
صفحات ۲۴
سن اشاعت ۱۳۹۵ (اردو)

۱۔ کیا مرزا قادیانی صرف مجدد تھا؟ ۲۔ کیا مرزا کو مجدد ماننے والے بھی کافر ہیں؟ ۳۔ کیا مرزا کی صداقت معلوم کرنے کے لئے استخارہ جائز ہے؟ ان تین سوالات پر فتوی مولانا مفتی ولی حسن نے تحریر کیا۔

(678)

نام سوشل بائیکاٹ کی شرعی حیثیت
مصنف مفتی محمد امین رضوی
صفحات ۳۲
سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

تحریک ختم نبوت سنہ ۱۹۷۴ میں قادیانیوں کا سوشل بائیکاٹ کیا گیا۔ اس کی شرعی حیثیت پر مفتی صاحب نے یہ فتوی مرتب کر کے تحریک کے مخالفین کو چپ کرا دیا۔

(679)

نام التحفۃ القادریہ عن اسئلۃ المرزائیہ
مصنف مفتی عبد القادر

Marfat.com

صفحات ۱۶

سن اشاعت یکم جمادی الاولی سنہ ۱۳۳۶ (اردو)

مرزائیوں کے اٹھارہ سوالات کا جواب ہے۔

(680)

نام مسلمانوں کے قبرستان میں قادیانیوں کو دفن کرنا جائز نہیں

مصنف مولانا محمد عبد اللہ کلام

صفحات ۱۵

سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۸۶ (اردو)

یہ ایک فتویٰ ہے جو جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی کے دار الافتاء کے مولانا محمد عبد اللہ کلام نے تحریر کیا۔

(681)

نام استفسارات حول الطائفۃ القادیانیہ

مصنف مجمع فقہ الاسلامی جدہ

صفحات ۲۱

سن اشاعت ۱۴۰۶ھ (عربی)

موتمر عالم اسلامی جدہ کی مجمع الفقہ الاسلامی کمیٹی سے جنوبی افریقہ کی جوہانسبرگ [illegible] جناب شیخ محمد نظیم نے استفسارات کئے جس کا انہوں نے ۱۶ ربیع الثانی سنہ ۱۴۰۶ھ کو اپنے اجلاس میں نہ صرف جواب دیا بلکہ اس کمیٹی نے جس میں مختلف ممالک کے جید علماء کرام شریک تھے قادیانیوں کے خلاف ایک قرارداد پاس کی۔ اس کا مقدمہ پاکستان کے معروف عالم دین وفاقی شرعی عدالت کی سپریم کورٹ کے جج مولانا محمد تقی عثمانی نے تحریر کیا جو ۳ صفحات پر مشتمل ہے۔ آگے جناب محمد نظیم صاحب کا استفسار ہے وہ بھی تین صفحات پر مشتمل ہے۔ ۳ صفحات پر مشتمل [illegible] استفساء کا ایک ضمیمہ ہے جس میں مرزائیوں کے کفریہ عقائد بیان کئے گئے ہیں۔ [illegible] مشتمل اس استفتاء کا جواب ہے قرارداد نمبر ۴ جو قادیانیوں کے متعلق ہے وہ [illegible] صفحات پر مشتمل ہے۔ [illegible] اکیس صفحات پر مشتمل غیر مطبوعہ مواد کی فوٹو کاپی ہے جو عربی زبان میں ٹائپ کے [illegible] صفحات پر مشتمل ہے۔ ۱۶ ربیع الثانی سنہ ۱۴۰۶ھ کو یہ کارروائی جدہ میں موتمر عالم اسلامی کی کانفرنس میں ہوئی۔

(682)

نام مودودی صاحب کا ایک غلط فتویٰ

Marfat.com

مصنف مولانا زاہد سرفراز خان صفدر

صفحات ۴۸

سن اشاعت ربیع الثانی ۱۳۹۰ (اردو)

جناب مودودی صاحب نے اپنے ایک مکتوب میں فرمایا کہ لاہوری مرزائی کفر و اسلام کے درمیان معلق ہیں۔ اس پر مولانا محمد سرفراز خان نے ان کی تردید میں یہ کتابچہ ترتیب دیا اور ان کے اس عقیدہ کی تردید کی اور ثابت کیا کہ لاہوری مرزائی بھی مرزا قادیانی کو ایک مجدد و مہدی اور مسیح مان کر کافر ہیں اس لئے کہ ایک مدعی نبوت کو مجدد و مہدی تو درکنار اسے مسلمان ماننے والا بھی حتیٰ کہ مدعی نبوت کو کافر نہ کہنے والا بھی کافر ہے۔

(683)

نام فتاویٰ اجتناب الحنفیہ عن اختلاط الرفضہ والمیرزائیہ

مصنف مولانا ظہور احمد بگوی

صفحات ۹۲

سن اشاعت [illegible] ۱۹۳۱ [illegible]

ماہنامہ شمس الاسلام بھیرہ کا فتویٰ [illegible] نے مرزائیوں سے اجتناب ضروری [illegible] سے اختلاط [illegible]

(684)

نام اسوء العقاب علی المسیح الکذاب

مصنف مولانا احمد رضا خان

صفحات ۲۸

سن اشاعت ۱۳۲۰ (اردو)

"[illegible] مسیح پر وبال" اور عذاب اس کے نام کا اردو ترجمہ ہے۔ امرتسر سے مولانا عبد الغنی نے سوال کیا تھا۔ کیا کسی خاوند کے مرزائی ہو جانے پر مسلمان عورت اس کے نکاح میں رہ سکتی ہے اس کا مولانا نے جواب تحریر کیا۔ جس میں مرزا قادیانی کے دس وجوہ کفر کو بیان کر کے متعدد فتاویٰ جات کے حوالے درج کئے اور ثابت کیا کہ ایسی صورت میں نکاح باطل ہو جائے گا۔

(685)

نام فتویٰ امام ربانی بر مرزا غلام احمد قادیانی

مصنف حافظ عبد الحق خان بشیر

Marfat.com

صفحات ۸۷

سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۷۴ (اردو)

بعض حضرات کی طرف سے یہ "وسوسہ" ڈالا گیا کہ مولانا رشید احمد گنگوہی نے مرزا قادیانی کے خلاف فتوی نہیں دیا۔ مصنف نے اپنے تمہیدی مقدمہ کے بعد حضرت گنگوہی کے فتوی کو درج کر کے اس غلط بیانی کا ازالہ کیا ہے۔

(686)

نام مرزا قادیانی اور مرزائی کافر ہیں

مصنف حافظ محمد لکھوی / صوفی محی الدین / عبد الرحمن لکھوی

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۸۹۰ (اردو)

لکھوی خاندان کے مرحوم بزرگوں کا فتوی کہ مرزا قادیانی اور مرزائی کافر ہیں حیات عیسی علیہ السلام کا انکار کفر ہے۔ یہ فتوی پہلے اشاعۃ السنہ صفحہ ۳۳۴ تا ۳۴۴ میں شائع ہوا۔ اب پمفلٹ کی شکل میں شائع کیا گیا۔

(687)

نام اسلام میں شاتم رسول کی سزا

مصنف مفتی انعام الحق

صفحات ۱

سن اشاعت شعبان سنہ ۱۴۰۹ (اردو)

مرزا قادیانی کے حقیقی بھائی سلمان رشدی کے فتنہ کے خلاف فتوی دیا گیا کہ شاتم [illegible] قتل ہے۔

(688)

نام اظہار حقانیت و ابطال قادیانیت

مصنف مولانا ابوبکر بمبئی

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۳۷۱ (اردو)

دارجیلنگ کا ایک قادیانی مرزا قادیانی کی طرح قلابازیاں کھانے اور پینترے بدلنے میں ماہر تھا۔ کبھی وہ اپنے آپ کو مسلمان کہہ کر مسلمانوں سے اپنے روابط قائم کرتا اور پھر ضرورت [illegible]

Marfat.com

مرزائیت کا اعلان کر دیتا بمبئی کے علماء نے اس کے خلاف علماء کرام سے فتوی حاصل کیا کہ ایسے بے دین و مرتد شخص کا بائیکاٹ کرنا اور اس کو اپنی صفوں میں گھسنے نہ دینا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ اس فتوی کو پمفلٹ کی شکل میں شائع کیا گیا۔

(689)

نام مرتد کے احکام اسلامی قانون میں

مصنف جسٹس تنزیل الرحمن

صفحات ۲۰

سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

مسٹر جسٹس تنزیل الرحمن ہائیکورٹ و سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس رہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کے سربراہ بھی مقرر ہوئے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کی سربراہی کے وقت تمام مکاتب فکر کی طرف سے مشترکہ و متفقہ طور پر سفارشات مرتب کر کے یہ کہہ کر جنرل ضیاء الحق مرحوم کو پیش کیں کہ اب آپ یا آئندہ کوئی حکومت یہ بہانہ اور عذر لنگ نہ کر سکے گی کہ کس فرقہ کا قانون نافذ کریں۔ یہ تمام متفقہ فکری مشترکہ سفارشات ہیں ان کو نافذ کر دیں آپ نے یہ مضمون تحریر کیا۔ مسئلہ کی [illegible] یہ مختصر مگر جامع انتخاب قدرت کا فضل ہے۔ خوب سے خوب تر مضمون ہے۔

(690)

نام فتوی شریعت ۱۰

مصنف مختلف علماء کرام

صفحات ۲۰

سن اشاعت مکتبہ سنہ ۱۹۰۶ (اردو)

مرزائیت کے عقائد بیان کر کے تمام مکاتب فکر کے جلیل القدر علماء کرام نے مرزائیوں کے کفریہ فتوی دیا اور ان سے مسلمانوں کو بچنے کی تلقین کی۔

(691)

نام اصطکاف المسلمین عن مخالط المرزائیین

مصنف انجمن حفظ المسلمین امرتسر

صفحات ۳۴

سن اشاعت ۱۳۳۸ (اردو)

"مرزائیوں سے ترک موالات" اس رسالہ کا اردو نام ہے اس میں تمام علماء کرام کے فتوی جات

Marfat.com

شامل کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ۔

۱۔ مرزائیوں سے شادی، غمی اور میل جول منع ہے۔

۲۔ مرزائیوں کے عقائد اہل اسلام کے خلاف ہیں۔

۳۔ مرزائی اور بہائی ایک درخت کی دو شاخیں ہیں۔

۴۔ مرزائیوں کے کفر میں تامل کرنے والا شخص بھی دائرہ اسلام میں شامل نہیں ہے۔ اس لئے اس کی امامت ناجائز ہے اگر ایسا شخص مرجائے تو جنازہ میں شرکت ناجائز ہے۔

ایسے مسائل پر جلیل القدر تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کی تصدیقات شائع کر کے انجمن حفظ المسلمین امرتسر نے مسلمانوں کو مرزائیوں کے بائیکاٹ کی تحریک پیدا کی۔ اللہ رب العزت ان کو جزائے خیر دیں کہ پوری امت کی طرف سے فرض کفایہ ادا کیا۔

(692)

نام: متفقہ فتویٰ

مصنف: عرب و عجم کے جلیل القدر علماء کی تصدیقات

صفحات: ۱۶

سن اشاعت: یکم جنوری سنہ ۱۹۸۳ (اردو)

[illegible] میں مسلمان نما قادیانی قادیانیت نوازی میں منہمک تھے۔ ان [illegible] کے خلاف علاقہ کے مسلمانوں نے عرب و عجم کے تمام مکاتب فکر کے [illegible] حاصل کیا جس سے ان کے علاوہ چہرے عوام کے سامنے بے نقاب ہو گئے۔

(693)

نام: قومیزدانی بر جان دجال قادیانی

مصنف: پیر منظور احمد قادری

صفحات: ۴۰

سن اشاعت: ۔۔۔ (اردو)

یہ کتاب تین رسائل کا مجموعہ ہے۔

فتاویٰ عظیمہ من علماء الحنفیہ

عدم جواز نکاح مرزائی با مسلمہ سنیہ

عدم جواز صلواۃ جنازہ قادیانیہ

پنجاب کے علاقہ گجرات جلال پور جٹاں کے معروف واعظ اسلام پیر ظہور احمد صاحب نے شائع

Marfat.com

کیا۔

(694)

نام علماء کرام کا متفقہ فیصلہ ' مرزائیوں سے بائیکاٹ
مصنف مولانا محمد داؤد پسروری
صفحات ۴۰
سن اشاعت ۱۹۲۵ (اردو)

مرزائی اپنے آپ کو مسلمانوں کی صفوں میں شامل رکھ کر ان میں مرزائیت کے زہریلے کفر کے زہر کو گھولتے رہتے ہیں اس لئے ان کی زہر افشانی سے بچنا مسلمانوں کے لئے ضروری ہے۔ شرعی دلائل سے مرزائیوں کے بائیکاٹ کا حکم قلمبند کیا گیا ہے۔

(695)

نام دفع الافساد عن حکم الارتداد
مصنف مولانا نور محمد خان
صفحات ۲۸
سن اشاعت جمادی الاولیٰ سنہ ۱۳۴۳ (اردو)

امیر افغانستان نے تعزیراً دو قادیانی افراد کو سنگسار کرادیا اس پر مرزائی بہت سیخ پا ہوئے۔ مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور کے صدر امدرسین مولانا عبد اللطیف صاحب کے حکم پر مصنف نے یہ رسالہ تحریر کرکے ثابت کیا کہ مرزائی اپنے عقائد کے باعث مرتد ہیں اور یہ کہ مرتد کی شرعی سزا قتل ہے۔

(696)

نام ارتداد
مصنف محمد کاظم حبیب
صفحات ۲۸۰
سن اشاعت ۳۰ رمضان ۱۳۹۷ھ (اردو)

ارتداد کا ماضی اور حال کے آئینہ میں تاریخی جائزہ لے کر ارتدادی سرگرمیوں مرتد فرقوں و افراد کا تذکرہ کرکے مرتد کی شرعی سزا کو بیان کیا گیا ہے۔ اصل کتاب عربی میں تھی اس کا یہ اردو ترجمہ ہے۔ ارتداد کا مالہ و ماعلیہ سمجھنے کے لئے بہت مفید اور کار آمد مواد جمع کر دیا گیا ہے۔

(697)

نام تنقیح امامت قادیانی (حصہ اول) ' ابطال امامت قادیانی (حصہ دوم)

Marfat.com

مصنف عبد الرحیم زبیدی ہاشمی صادق پوری

صفحات ۲۸

سن اشاعت ۱۳۳۰ (اردو)

مرزائیت کے عقائد بیان کر کے ثابت کیا گیا ہے کہ مرزائی بوجہ ان کفریہ عقائد کے مسلمانوں کا امام نہیں ہو سکتا۔ متعدد نامی گرامی مفتیان کرام کے دستخط ہیں۔

(698)

نام فتاوی قادریہ

مصنف مفتیان لدھیانہ

صفحات ۱۶۰

سن اشاعت ربیع الاول سنہ ۱۳۱۹ (اردو)

مولانا عبد القادر لدھیانوی، مولانا محمد، مولانا محمد عبد اللہ و مولانا عبد العزیز لدھیانوی ان حضرات کا مرتب کردہ یہ رسالہ ہے۔ ان حضرات کو یہ شرف حاصل ہے کہ سب سے پہلے مرزا قادیانی پر کفر کا فتوی ان حضرات نے لگایا، جبکہ بعض اہل علم ابھی تک مرزا کی تکفیر کے سلسلہ میں مزید تفتیش کے حق میں تھے۔ مگر ان حضرات کی نگاہ دوربین نے ابتداء کی جس کی بعد میں سارے دنیا نے اقتداء کی۔ کتاب کے ابتدائی ۴۰ صفحات پر اسکی پوری تفصیل ہے۔

(699)

نام فتوی در تکفیر منکر عروج جسمی و نزول عیسی علیہ السلام

مصنف قاضی عبید اللہ

صفحات ۷۰

سن اشاعت ۱۲۹۲ (اردو)

مصنف نے فتوی لکھ کر وقت کے مختلف مفتیان سے دستخط [illegible] میں ثابت [illegible] رفع و نزول عیسی علیہ السلام قرآن مجید کی نص قطعی سے ثابت ہے اس لئے [illegible]

(700)

نام اسلام میں مرتد کی شرعی حیثیت

مصنف مولانا محمد مراد

صفحات ۱۶

سن اشاعت --- (اردو)

Marfat.com

جامعہ حمادیہ مظہر العلوم منزل گلہ سکھر کے شیخ الحدیث اور سندھ کے معروف عالم دین حضرت مولانا محمد مراد صاحب نے اس رسالہ میں جسے عالمی مجلس ٹنڈو آدم نے شائع کیا ثابت کیا ہے کہ مرتد کی سزا شرع اسلام میں قتل ہے کیونکہ ارتداد کا دوسرا معنی بغاوت ہے جس طرح کوئی حکومت اپنا باغی تسلیم نہیں کرتی اسلام بھی خداوند کریم اور حضرت محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم یا ان کے لائے ہوئے دین کے باغی کو برداشت نہیں کرتا قرآن وحدیث ' اجماع امت غرضیکہ عقلی و نقلی دلائل کو بڑی خوبصورتی سے اس گلدستہ میں سجادیا ہے۔

(701)

نام القادیانیۃ فی نظر علماء الاسلامیہ
مصنف علماء حرمین مصر' شام
صفحات ۱۸
سن اشاعت --- (عربی)

اس رسالہ میں علماء حرمین شریفین ' علماء مصر و شام کا ایک فتوی مرزائیوں کے کفر کے بارہ میں شائع کیا گیا ہے۔

(702)

نام قادیانی جنازہ
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۱۶
سن اشاعت --- (اردو انگلش ر عربی)

موضع دانہ ضلع مانسہرہ سرحد میں کسی مرزائی کے مرنے پر بعض مسلمانوں نے اس کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ عالمی مجلس کے شعبہ نشریات کے سربراہ مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے اس استفتاء کا جواب لکھا جس میں شامی ' موطا ' در مختار ' البحر الرائق ' فقہ اکبر وغیرہ کے حوالہ جات سے ثابت کیا کہ جنہوں نے لاعلمی میں پڑھا وہ استغفار کریں جنہوں نے جان بوجھ کر مرزائی کو مسلمان جانتے ہوئے جنازہ پڑھا تو ایک مرتد و زندیق کو اسلام سمجھنا کفر ہے۔ اس لئے ان کا ایمان بھی جاتا رہا۔ اور نکاح بھی باطل ہو گیا اگر پہلے کسی نے حج کیا تھا تو اس پر دوبارہ حج کرنا بھی لازم ہے۔ حضرت مولانا مفتی ولی حسن کے اس پر تائیدی دستخط ہیں۔ عالمی مجلس نے بارہا اس کو شائع کر کے مفت تقسیم کیا۔ انگریزی و عربی میں ترجمہ بھی ہو چکا ہے۔

Marfat.com

(703)

نام قادیانی مردہ
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۲۰
سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

مرزائی آئے دنوں اپنے مردے پاکستان میں مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرتے تھے۔ عالمی مجلس نے اس کے لئے تحریک چلائی اور حکومت پاکستان نے ان کے مردوں کو قادیانی مرکزوں میں دفن کرنے کا حکم دے دیا ورنہ اس سے پہلے کئی بار ملک عزیز کے کئی حصوں میں مرزائی مردے مسلمانوں کے قبرستانوں میں دفن ہوئے اور نکالے گئے۔

مرزائیوں کے مردے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن ہو سکتے ہیں یا نہیں اگر دفن ہو جائیں تو پھر کیا ان کو نکالنا ضروری ہے۔

اس پر مصنف نے یہ رسالہ ترتیب دیا۔ قرآن وسنت اور مذاہب اربعہ کی فقہ کی کتب سے ثابت کیا کہ مرزائیوں کے مردے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہیں ہو سکتے۔ دفن ہو جائیں تو ان کا نکالنا ضروری ہے۔

(704)

نام قادیانی ذبیحہ
مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی
صفحات ۲۶
سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

مصنف نے مولانا پروفیسر محمد ادریس ٹنمارک کے ایک مکتوب کے جواب میں ۲۶ صفحات کا یہ رسالہ تحریر فرمایا اس میں شرعی مسئلہ کی وضاحت کی گئی ہے کہ قادیانیوں کا ذبیحہ نجس ہے اس لئے مسلمانوں کو استعمال میں لانا حرام ہے۔

(705)

نام قادیانیوں کا مکمل بائیکاٹ
مصنف مفتی ولی حسن
صفحات ۲۴
سن اشاعت ۱۹۸۷ (اردو)

Marfat.com

سنہ ۱۹۷۴ کی تحریک ختم نبوت میں قائدین تحریک نے قادیانیوں کے سوشل بائیکاٹ کا اعلان کیا۔ ایک سوال کے جواب میں مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی ولی حسن نے فتوی ترتیب دیا۔ قادیانیوں کا مکمل بائیکاٹ اسلامی عدل و انصاف کے عین مطابق ہے اس وقت یہ ماہنامہ بینات کراچی میں شائع ہوا۔ سنہ ۱۹۸۷ میں عالمی مجلس نے اسے کتابچہ کی شکل میں شائع کیا ہے۔

(706)

نام گستاخ رسول کی سزا سزائے موت

مصنف سید محمد ارشد بخاری ایڈووکیٹ

صفحات ۱۶

سن اشاعت دسمبر سنہ ۱۹۸۶ (اردو)

وفاقی شرعی عدالت میں کیس دائر ہوا کہ گستاخ رسول کی سزا' سزائے موت مقرر کی جائے۔ اخبارات میں اس پر بحث شروع ہوئی کسی کا حق میں مضمون آیا تو مولانا سعید الرحمن صاحب علوی نے اس کے خلاف مضمون لکھ مارا۔ جس کے جواب میں مصنف نے یہ مضمون لکھا جو ہفتہ وار ختم نبوت کراچی میں شائع ہوا جسے عالمی مجلس ٹنڈو آدم نے پمفلٹ کی شکل میں شائع کر دیا۔

(707)

نام مرزائی اور تعمیر مسجد

مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۸۸' ۸۷' ۱۹۷۶ (اردو)

۷ ستمبر سنہ ۷۴ کو مرزائی پاکستان میں غیر مسلم اقلیت قرار پائے تو یہ سوال پیدا ہوا کہ جب مرزائی غیر مسلم ہیں تو کیا ان کو "مسجد بنانے کا حق حاصل ہے"۔

عدالتوں میں اس قسم کے سوالات و مقدمات قائم ہوئے' حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے مرزائی اور تعمیر مسجد کے نام سے رسالہ مرتب کیا کہ مرزائیوں کا اپنی عبادت گاہ کو مسجد کی طرز پر بنانا یا اسے مسجد کہنا اسلام کے ساتھ بدترین اور بھونڈا مذاق ہے۔ سنہ ۱۹۷۶ میں یہ رسالہ شائع ہوا۔ سنہ ۱۹۷۸ کی اشاعت میں مفکر اسلام مولانا مفتی محمود شیخ الحدیث مولانا محمد شریف کشمیری' مولانا مفتی محمد انور' مرزا یوسف حسین شیعہ کی اس پر تقاریظ اور دستخط ہیں۔ عالمی مجلس نے اسے کئی بار شائع کر کے تقسیم کیا۔ مجلس کی انہی کوششوں کے باعث ۲۶ اپریل سنہ ۸۴ کو قادیانیوں کو اپنی عبادت گاہ کو مسجد کہنے سے روک دیا گیا۔ اب اس ضمن میں یہ کوشش باقی ہے کہ آیا مرزائی اپنی عبادت گاہ کو مسجد کی طرز پر بنا

Marfat.com

سکتے ہیں ۔ کوشش جاری ہے ۔ دیکھیں کب اللہ رب العزت کامیابی ارزاں فرماتے ہیں ۔ بہرحال ضرور وقت آئے گا کہ نہ صرف مرزائیت کے متعلق یہ مسئلہ حل ہو گا بلکہ مرزائیت کا فتنہ اس دنیا سے ضرور رخصت ہو گا۔

(708)

نام وائس چانسلر مدینہ یونیورسٹی کا اہم ترین فتویٰ

مصنف الشیخ عبد العزیز بن باز

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۹۶۴ (عربی ر اردو)

شیخ العرب جناب فضیلتہ الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز نے فتویٰ دیا کہ حیات عیسیٰ علیہ اسلام کا منکر کافر ہے ۔ یہ تفصیلی فتویٰ جو مرزائیوں کے کفر کی بڑی تفصیلات اپنے اندر رکھتا ہے اس علماء مدینہ منورہ و مکہ مکرمہ کے دستخط موجود ہیں ۔ یہ فتویٰ سنہ ۱۹۶۴ میں حاصل کیا گیا ۔ اس میں مفتی اعظم مصر کا بھی فتویٰ ہے کہ جو شخص بھی حضور علیہ اسلام کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے وہ کتاب اللہ سنت رسول اللہ کا منکر پرلے درجے کا جھوٹا' بہتان تراش ہے ۔ اسی لئے ہم نے مرزا غلام احمد قادیانی مرتد کی قطع تمام جماعت کے کافر ہونے کا فتویٰ صادر کیا ہے ۔ مرزا قادیانی نے اپنے متعلق دعوے کرتا ہے کہ وہ ایک نبی ہے جس کی طرف وحی بھی ہوتی ہے ۔ چونکہ وہ اس سلسلے کافر ہیں اس لئے ان سے رشتہ ناطہ ناجائز ہے اور نہ ہی ان کا جنازوں سے قطعاً تعلق ہے ۔ مجلس تحفظ ختم نبوت پنجیوت ضلع جھنگ نے شائع کیا تھا

(709)

نام مفتی اعظم کا فتویٰ

مصنف محمد حسین مخلوف

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۶۳ (اردو عربی)

مصر کے کسی اوباش کا مرزائیوں سے ایک بیان شائع کیا گیا تھا جس میں مرزائیوں نے اس شخص کے بیان کا شیخ الاسلام کا فتویٰ قرار دیا تھا۔ عالمی مجلس ختم نبوت نے استاذ العلماء شیخ محمد حسین محمد مخلوف مفتی دیار مصر علوم سے فتویٰ ان کی کتاب صفوۃ البیان لمعانی القرآن صفحہ ۱۸۶ سے لے کر شائع کیا ہے جس سے رفع دعویٰ مرزا قادیانی کا بطلان ثابت ہوتا ہے ۔ مرزا قادیانی اور اس کے ماننے والے کافر ہیں ۔ یوں اس فتویٰ کی وقت اشاعت سے

Marfat.com

مرزائی سازش ناکام و نامراد ہو گئی۔

(710)

نام کیا مرزائی مسلمانوں کا نمائندہ ہو سکتا ہے

مصنف چاروں مکاتب فکر کے علماء

صفحات ۴

سن اشاعت ۱۹۷۰ (اردو)

اسلامیان پاکستان کو سنہ ۱۹۷۰ کے انتخابات کا زمانہ یاد ہوگا۔ جب پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر مرزائی الیکشن میں کھڑے ہوئے۔ ان میں ایک مرزائی مانانوالہ بار ضلع شیخوپورہ کا بھی تھا۔ مولانا محمد عبد اللہ درخواستی، مولانا مفتی محمود، خواجہ قمرالدین سیالوی، صاحبزادہ فیض الحسن، صاحبزادہ افتخار الحسن، میاں فضل حق، مولانا عبد القادر روپڑی، مولانا صدیق احمد لائل پوری، مولانا محمد اسماعیل، مولانا مظہر علی اظہر، سید مظفر علی شمسی کے دستخطوں سے فتوی شائع کیا کہ مرزائیوں کو ووٹ دینا شرعاً حرام ہے۔

Marfat.com

باب پنجم

قادیانیوں کے خلاف مناظرہ و مباہلہ

نوٹ:

۔ اس باب میں نمبر ۱۱ سے ۷۶۸ تک کل ۵۸ کتابوں کا تعارف شامل ہے۔ اس باب میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعات کی تعداد ۱۷ ہے جو نمبر ۷۵۲ سے ۷۶۸ تک درج ہیں۔

Marfat.com

(711)

نام الظفر الرحمانی فی کسف القادیانی

مصنف مفتی غلام مرتضٰی

صفحات ۲۲۲

سن اشاعت ۱۹۲۴ (اردو)

مصنف میانی ضلع سرگودھا کے معروف بزرگ عالم دین تھے ۔ ہریا ضلع گجرات میں ۱۸ ر ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۴ کو معروف مرزائی مناظر جلال الدین شمس کے ساتھ ان کا حیات عیسٰی علیہ السلام پر مناظرہ ہوا ۔ اہل اسلام کی طرف سے صدر مناظرہ مولانا غلام محمد گھوٹوی مرحوم رئیس الجامعہ العباسیہ بہاولپور تھے ۔ مناظرہ کے اختتام پر مولانا غلام محمد گھوٹوی مرحوم گولڑہ شریف تشریف لے گئے اور مناظرہ کی رپورٹ مولانا سیدنا پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی کو سنائی تو آپ نے مولانا غلام مرتضٰی اسلامی مناظر کو مبارک بادی کا خط لکھا جس میں یہ جملہ تحریر فرمایا "اہل کے اہل نے سب اہل مطلبین کے نکال دئے" یہ کتاب جو مناظرہ کی کامیابی کی دلیل ہے اس میدان کے تمام مناظرین کے پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے ۔ اس مناظرہ میں مولانا نجم الدین پروفیسر اورینٹیل کالج لاہور مولانا محمد حسین کولوتارڑوی بھی شامل تھے ان کی شہادتیں بھی اس میں درج ہیں بعض حضرات نے اس کامیابی پر منظوم خراج تحسین پیش کیا وہ بھی شامل اشاعت ہے ۔ آخر میں مرزا محمود کو مولانا مفتی غلام مرتضٰی کی طرف سے دعوت مناظرہ ہے جس کے لئے مرزا محمود مرنے تک تیار نہ ہوا یعنی موت قبول کرلی مگر مفتی صاحب سے مناظرہ قبول نہ کیا۔

(712)

نام اہل میسور کے ساتھ ۳ ر جون سنہ ۱۹۳۵ کو فرقہ ضالہ مضلہ قادیانیہ کا مباہلہ

مصنف مولانا عبد السلام ہزاروی

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۳۵(اردو)

اس رسالہ میں مرزائیوں سے مباہلہ اور ان کے عقائد کی بابت جو ابتدائی گفتگو تحریری ہوئی تھی اسے شائع کردیا گیا ہے ۔

(713)

نام اثر مباہلہ مولوی عبد الحق غزنوی بر مرزا غلام احمد قادیانی

مصنف مولانا محمد اسحاق مونگیروی

Marfat.com

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۳۴۱ (اردو)

مرزا قادیانی نے مولانا عبد الحق غزنوی کو مباہلہ کا چیلنج دیا۔ مرزا قادیانی خود ہی ہمیشہ کے لئے اس طرح غائب ہوا جس طرح گدھے کے سر سے سینگ۔ اس رسالہ میں اس کہانی کی تفصیل ہے۔

(714)

نام اعجاز الحق بجواب اظہار الحق

مصنف محمد اسحاق قریشی

صفحات ۸۰

سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۶۸ (اردو)

جناب محمد اسحاق قریشی نے ایک رسالہ کشف التلبیس تحریر کیا جس میں جہلم کے قادیانیوں کے رسالہ ختم نبوت کا جواب تھا۔ اس کشف التلبیس کے جواب میں مرزائیوں نے اظہار الحق نامی رسالہ تحریر کیا جس کے جواب میں جناب قریشی نے یہ رسالہ اعجاز الحق تحریر کیا۔ اس میں انہوں نے ایک عبارت پر مرزائیوں کو پچیس ہزار روپیہ کا انعامی چیلنج دیا مگر مرزائی اس چیلنج کو قبول نہ کر سکے۔

(715)

نام عشرہ کاملہ

مصنف محمد یعقوب پٹیالوی

صفحات ۱۷۵

سن اشاعت ۱۳۴۲ھ (اردو)

جناب محمد یعقوب پٹیالوی نے عشرہ کاملہ تحریر کر کے پوری قادیانی امت کو اس کا جواب لکھنے کا چیلنج دیا مگر امت مرزائیہ کو سانپ سونگھ گیا۔ اس میں دس فصلیں ہیں اور ہر فصل میں دس دلائل ہیں گویا پورے سو دلائل پر مشتمل یہ گراں قدر سرمایہ امت کے ہاتھوں میں ہے۔ پہلا ایڈیشن سنہ ۱۳۴۲ھ میں اور دوسرا سنہ ۱۳۴۵ میں شائع ہوا۔ مصنف نے ایک انعامی چیلنج دیا تھا کہ اس کتاب کے [illegible] ہیں جو قادیانی جتنی دلائل کو توڑے گا اتنے سو روپیہ اسے انعام ملیں گے۔ دس ہزار روپیہ کی یہ [illegible] تاریخی دستاویز نے قادیانی امت کے لئے سوہان روح کا سامان پیدا کر دیا۔

پہلی فصل میں دس مدعیان نبوت باطلہ کے حالات، دوسری فصل میں مرزا قادیانی کی ترقی کی دس منازل، تیسری فصل میں مرزا کے دس غلط الہام، چوتھی فصل میں دس خلاف شرع الہام اور شوق قادیانی، پانچویں فصل میں دس اختلافات مرزا، چھٹی فصل میں دس جھوٹ مرزا، ساتویں فصل میں دس

Marfat.com

مرزا کے دھوکے ' آٹھویں فصل میں مرزا کی دس مردود دعائیں ' نویں فصل میں دس مرزا کے اخلاقیات کے نمونے ' دسویں فصل میں دس اقبالی ڈگریاں اور آخر میں چالیس علماء کرام کی تقاریظ و تصدیقات تھیں ۔ دوسرے ایڈیشن میں ضخامت کے باعث صرف مولانا خلیل احمد محدث سہارنپوری کے تقریظ رہنے دی گئی ہے ۔

(716)

نام تحریف مرزائیت اہل رہوہ سے تحریری علمی مناظرہ

مصنف ہلال احمد

صفحات ۶۴

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

مصنف کراچی میں درس قرآن دیتے تھے جس میں کوئی قادیانی بھی شریک ہوتا تھا ۔ مولانا نے کل ۔ مرزائیوں کے عقیدہ کے مطابق کفار و مشرکین کے لئے عذاب جہنم دائمی نہیں ہے ۔ اس پر قادیانی نے اپنے عقیدہ کو ثابت کرنے کے لئے ان کو خط لکھا ۔ انہوں نے اس کا ان کو جواب لکھا ۔ اس پر رہوہ کے عبد الحمید مرزائی نے ان کو ۹۰ صفحات کا خط لکھا جس کا مولانا نے ان کو جواب لکھا ۔ اس پر مرزائی خاموش ہو گئے ۔ اس تمام بحث کو اس رسالہ میں شائع کر دیا گیا ہے ۔

(717)

نام شاہی پاکٹ بک

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۹۶

سن اشاعت ۱۹۳۴ (اردو)

اس پاکٹ بک کے صفحہ ۵۵ سے صفحہ ۸۱ تک مرزائیت سے متعلق مختلف مباحث شامل ہیں ۔

(718)

نام جانباز پاکٹ بک

مصنف مرزا غلام نبی جانباز

صفحات ۲۰۰

سن اشاعت ۱۹۵۲ (اردو)

قادیانیت کے سیاسی حالات و واقعات ' عزائم اور سازشوں سے باخبر ہونے کے لئے اس کتاب سے بڑی حد تک فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے ۔ مرزائیت کی ابتداء مرزائیت متحدہ ہندوستان میں ۔ پاکستان

Marfat.com

میں مرزائیت ' قادیانی اخلاق ' سازش ' ایسے متعدد عنوانات قائم کر کے دلائل و براہین سے ان کو آراستہ و پیراستہ کیا گیا ہے۔

(719)

نام — خطاب بہ اہل ربوہ

مصنف — غلام محمد مرزائی

صفحات — ۱۹

سن اشاعت — یکم مئی سنہ ۱۹۵۷ (اردو)

لاہوری اور قادیانی دونوں گروپ امت محمدیہ کے نزدیک دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ حضرت امیر شریعت سے کسی نے پوچھا کہ لاہوری اور قادیانی مرزائیوں میں کیا فرق ہے۔ آپ نے فرمایا کہ خنزیر خنزیر ہوتا ہے چاہے کالا ہو یا سفید۔

قادیانی و لاہوری گروپ ہر دو کے اختلافات سے ایک زمانہ واقف ہے۔ اس رسالہ میں لاہوری گروپ کے [illegible] غلام محمد مرزائی نے ربوہ کے مرزائیوں کو خطاب کیا ہے کہ تمہارے عقائد غلط ہیں [illegible] قادیانی کہتے ہیں کہ لاہوری غلط ہیں۔ ہمارے نزدیک دونوں اپنے اپنے اس قول میں سچے ہیں [illegible] واقعی دونوں جھوٹے ہیں۔ اور دونوں غلط ہیں۔

(720)

نام — [illegible] قادیانی

مصنف — امام الدین گجراتی

صفحات — [illegible]

سن اشاعت — ۱۹۰۱ (اردو)

۲۵ [illegible] سنہ ۱۹۰۰ کو مرزا قادیانی نے حضرت مولانا سید پیر مہر علی شاہ گولڑوی کو مناظرہ کا چیلنج [illegible] پیر صاحب لاہور پہنچ گئے۔ مرزا قادیانی غائب ہو گیا۔ اس [illegible] شکست سے مرزائیوں [illegible] [illegible] کی سیاہی پھیل گئی۔ مرزائیوں نے اسے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] جواب میں حضرت قبلہ پیر صاحب [illegible] امام الدین گجراتی نے ان کا رد کیا۔ یہ خط [illegible] [illegible] [illegible] ۱۹۰۱ میں [illegible] شائع [illegible] خوب [illegible]

(721)

نام — صورت محمدیہ [illegible]

Marfat.com

مصنف محمد عبد السلام
صفحات ۶۸
سن اشاعت -- (اردو)

معروف مقدمہ بہاول پور کے سلسلہ میں جہاں اور اکابر اسلام کو بہلول پور آنے کی شیخ الجامعہ مولانا غلام محمد صاحب نے دعوت دی ۔ وہاں مولانا عبد الشکور لکھنوی کو بھی تکلیف دی ۔ مولانا کا بیان نہیں ہوا ۔ بلکہ قادیانی گواہوں پر جرح کے لئے ان کو بلوایا گیا تھا ۔ اس موقعہ پر آپ کے صاحبزادے مولانا عبد السلام ساتھ تھے ۔ اس زمانہ میں انہوں نے مقدمہ کی ابتدائی کاروائی کی رپورٹ لکھی جس کا نام " صولت محمدیہ " ہے ۔

مرزائیت کی تاریخ ' مرزا قادیانی کے عقائد پر علماء کرام کی گرفت اور مناظرانہ طرز استدلال سے مسلمانوں کو مسلح کرنے کی کامیاب کوشش و کاوش ہے ۔ ہر مناظر کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے ۔ چونکہ یہ مقدمہ نواب صادق عباس آف بہاول پور کے عہد میں چل رہا تھا اس لئے اس کتاب کا دوسرا نام بطش الصادقین بطاغوت المارقین بھی رکھا گیا ۔

(722)

نام صحیفہ رنگون بر دجال زبون
مصنف محمد عبد الشکور لکھنوی
صفحات ۱۵۰
سن اشاعت ۱۹۳۰ (اردو)

سنہ ۱۹۳۰ میں خواجہ کمال الدین لاہوری مرزائی مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کا علم لے کر رنگون ' برما ' گیا ۔ وہاں کے حضرات علماء کرام جمعیت علماء برما نے اس کو ناک چنے چبوائے ۔ مناظرہ کا چیلنج دیا ۔ برصغیر کے نامور مناظر و مبلغ اسلام مولانا عبد الشکور لکھنوی کو رنگون آنے کی دعوت دی گئی ۔ اس زمانہ میں رنگون میں مرزائیت اور اسلام کا جو معرکہ برپا ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ اس کتاب میں موجود ہے ۔ مولانا احمد بزرگ سوانی جو جامع مسجد رنگون کے خطیب و مفتی تھے ان کی کوششوں و کاوشوں و مدبر انجم لکھنو کی مساعی جمیلہ سے یہ کتاب تیار ہوئی ' جو معرکہ حق و باطل کی آئینہ دار ہے ۔

مقدمہ میں مرزا قادیانی کے دعوی نبوت کی مختصر اور دلچسپ تاریخ بیان کی گئی ہے ۔ پہلے باب میں خواجہ کمال الدین کے رنگون آنے ۔ مولانا عبد الشکور لکھنوی کے قدم رنجا فرمانے اور اتمام حق کے لئے تمام کاروائیوں کی تفصیل ہے ۔ دوسرے باب میں مرزائی عقائد کا بطلان ظاہر کیا گیا ہے ۔ خاتمہ میں علماء کرام کے مرزائیت سے متعلق فتوی جات کی تفصیل ہے ۔

Marfat.com

یہ بہت ہی عمدہ کتاب ہے۔ آج مئی سنہ ۸۸ کو تحریر ہذا کے وقت رنگون برما سے مرزائیت کا جنازہ نکل چکا ہے۔ یہ سب کچھ انہی حضرات اکابر کی توجہات و محنت کا صدقہ ہے۔

(723)

نام کیفیت مباحثہ سیالکوٹ

مصنف سلطان محمد خان مسیحی

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۹۲۵ (اردو)

سلطان محمد خان مسیحی و پادری عبد الحق مسیحی اور مفتی محمد صادق قادیانی کے درمیان مناظرہ ہوا تھا۔ پرانے مسیحی اور نئے جعلی مسیحی یعنی عیسائی مناظرین کے سامنے مرزائیوں کو آنے کی جرات نہ ہو سکی۔ اس سلسلہ کی تمام خط و کتابت کو موسیٰ خان مسیحی نے اس رسالہ میں شائع کر کے مرزائیوں کے منہ پر شکست کا جوتا مارا ہے۔

(724)

نام مناظرہ ڈاور

مصنف مولانا لال حسین اختر

صفحات ۹

سن اشاعت ۱۹۶۵ (اردو)

ربوہ ضلع جھنگ کے قریب ایک معروف قصبہ کا نام ڈاور ہے۔ وہاں حیات عیسیٰ علیہ السلام کے عنوان پر مناظرہ اسلام مولانا لال حسین اختر رحمہ اللہ علیہ اور قاضی مرزائی کے درمیان مقرر ہوا۔ مناظرہ ہوا۔ ۲۰ اپریل سنہ ۶۵ کو اسی مقام پر دوبارہ مولانا لال حسین اختر سے قاضی نذیر کا مناظرہ کذب پر مناظرہ ہونا تھا لیکن ۱۰ اپریل کے مناظرہ میں مرزائیوں کو مولانا لال حسین اختر کے ہاتھوں ذلت آمیز شکست ہوئی کہ ۲۰ اپریل کو ان کو آنے کی جرات نہ ہو سکی اور یوں مولانا لال حسین اختر مرحوم کے اس دعویٰ کی "مرزائی زہر کا پیالہ پی لیں گے لیکن مرزا قادیانی کو میرے منہ سے ثابت نہیں کر سکتے۔" ایک بار پھر مرزائیوں نے اپنے عمل سے تصدیق کر دی۔ اس مناظرہ میں اور مرزائیوں کے شرمناک گریز و فرار کی دلچسپ داستان اس رسالہ میں قلمبند کی ہے۔

(725)

نام مقیاس المناظرہ

مصنف محمد صادق قادری

Marfat.com

صفحات ۱۴۲

سن اشاعت -- (اردو)

مرزائیت سے متعلق تمام مباحث پر اپنی ہمت کے مطابق قلم اٹھایا ہے ۔ مرزا کی پیشینگوئیاں ' جھوٹ ' اوٹ پٹانگ سب کچھ درج کرکے ثابت کیا ہے کہ مرزا قادیانی ایک مخبوط الحواس شخص تھا

(726)

نام محمدیہ پاکٹ بک

مصنف محمد عبد اللہ معمار

صفحات ۶۷۵

سن اشاعت ۱۹۳۵ (اردو)

ایک قادیانی نے احمدیہ پاکٹ بک لکھ کر مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کو استدلال مہیا کیا۔ جناب محمد عبد اللہ معمار نے محمدیہ پاکٹ بک لکھ کر قادیانی شاطر کی تمام چالوں کو ناکام کردیا ۔ شیطان جس طرح حضرت عمرؓ کے نام سے بھاگتا ہے ۔ مرزائیت اس کتاب سے اسی طرح بھاگتی ہے ۔ بہت ہی مشہور زمانہ کتاب ہے ۔ مرزائیت کے تمام اعتراضات کے عقلی و نقلی جوابات دیئے گئے ہیں ۔ صحیح مناظرانہ اصول ' طریق استدلال پر زور ' طرز ادا دلچسپ اور لب و لہجہ متین و سنجیدہ ہے ۔ پہلا ایڈیشن سنہ ۱۹۳۵ میں شائع ہوا ۔

(727)

نام مباہلہ پاکٹ بلک

مصنف عبد الکریم مباہلہ

صفحات ۲۴۰

سن اشاعت -- (اردو)

مولانا عبد الکریم مباہلہ مولوی فاضل مرزائی تھے ۔ مرزا بشیر الدین کو اپنی ہمشیرہ کے ساتھ انتہائی قابل اعتراض حالت میں دیکھ کر مرزا بشیر الدین کو مباہلہ کا چیلنج دیا اور پھر آگے چل کر "مباہلہ" کے نام سے مشہور ہو گئے ۔ پھر آخر میں اللہ رب العزت نے توفیق دی کہ مسلمان ہو گئے ۔ مرزائیت کے گھر کے بھیدی ہونے کے ناطے ۔ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے کے بمصداق خوب سے خوب تر مرزا قادیانی کی جعلی نبوت کا پوسٹ مارٹم اس پاکٹ بک میں کیا ہے ۔

Marfat.com

(728)

نام کیا قادیان میں مناظرہ قبول کیا جائے گا
مصنف مجلس احرار امرتسر
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

ماسٹر تاج الدین انصاری فاتح قادیان مولانا محمد حیات ' مناظر اسلام مولانا لال حسین اختر مولانا عنایت اللہ چشتی وغیرہم حضرات نے قادیان میں جاکر رد قادیانیت کے سلسلہ میں جو خدمات انجام دین اس سے ایک زمانہ واقف ہے ۔ ان دنوں مرزائی بستیوں میں جاکر مناظرہ کے لئے مسلمانوں کو دعوت مبارزت دیا کرتے تھے ۔۔ جگہ جگہ علماء پہنچ کر ان کا منہ کالا کرتے اور مرزائیت کو شکست سے دوچار کرتے ۔ اس رسالہ میں مرزائیوں کو دعوت دی گئی کہ وہ جگہ جگہ مناظرہ کی بجائے قادیان میں مناظرہ کریں ' مگر مرزائیوں کو جواب دینے کی جرات نہ ہو سکی ۔

(729)

نام مناظرہ مندران والا میں مرزائی شکست
مصنف زیدی حسن زیدی
صفحات ۵۶
سن اشاعت -- (اردو)

شیعہ مناظر مولانا محمد اسماعیل کے ساتھ احمد علی مرزائی کا مناظرہ مندران والی میں ہوا ۔ بنات النبی کے مسئلہ سے بحث شروع ہو کر ختم نبوت تک جا پہنچی ۔ مولانا محمد اسماعیل کے دلائل کو زیدی حسن زیدی نے مرتب کر کے اس پمفلٹ میں شائع کرائے ۔

لیکن برا ہو جہالت کا یہ نہ لکھا کہ کب مناظرہ ہوا ۔ صدر کون تھے ۔ فیصل کون تھے ۔ ثالث کون تھے ۔ مندران والی کہاں واقع ہے ۔ جب یہ تفصیلات درج نہیں تو تاریخ اشاعت سے اندراج کی توقع ہی فضول ہے اور یہی حال اس کتابچہ کا ہے ۔

(730)

نام مقیاس النبوۃ
مصنف محمد عمر اچھروی
صفحات ۷۰۴
سن اشاعت -- (اردو)

Marfat.com

ملک عزیز کے بریلوی مکتب فکر کے ممتاز عالم دین جناب مولانا محمد عمر اچھروی ایک نامور خطیب اور مناظر تھے ۔ وہ فریق مخالف پر گرفت مضبوط رکھنے میں بڑی مہارت رکھتے تھے ۔ مختلف موضوعات پر ان کی متعدد تصانیف ہیں ۔ مقیاس النبوۃ جس کے دو حصے ہیں ۔ پہلا حصہ ۴۲۴ صفحات اور دوسرا حصہ ۲۸۰ صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس میں سوال و جواب کے طرز پر مرزائیوں کے سینکڑوں سوالات کے جوابات کافی و شافی دندان شکن دیے گئے ہیں ۔ ختم نبوت حیات مسیح علیہ السلام کذب مرزا تینوں موضوعات پر ایک کامیاب کوشش ہے ۔ اس عنوان پر مناظرہ کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ہر مناظر کے لئے فائدہ کا باعث ہو سکتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائیں ۔

(731)

نام — مرزا طاہر کو مباہلہ کا چیلنج

مصنف — مولانا منظور احمد چنیوٹی

صفحات — ۶

سن اشاعت — ۱۹۸۲ (اردو)

مصنف نے مرزا محمود کو مباہلہ کا چیلنج دیا ۔ وہ آنجہانی ہو گئے ۔ مرزا ناصر کو مباہلہ کا چیلنج دیا وہ بھی آنجہانی ہو گئے ۔ مگر مولانا کے مباہلہ کے چیلنج کو قبول نہ کیا ۔

مرزا ناصر کے مرنے کے بعد نام نہاد خلافت پر مرزا طاہر براجمان ہوا ۔ یہ سنہ ۱۹۸۲ کی بات ہے ۔ مولانا موصوف نے اسے بھی مباہلہ کے لئے خط لکھا جسے عربی ' انگریزی ' اردو میں شائع کیا جس کا مرزا طاہر نے اپنے آباء و اجداد کی سنت پر عمل کرتے ہوئے کوئی جواب نہ دیا

(732)

نام — نصرت الاسلام

مصنف — علامہ خالد محمود

صفحات — ۸۰

سن اشاعت — ۱۹۶۲ (اردو)

علامہ ڈاکٹر خالد محمود صاحب کا ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۶۲ کو مال روڈ لاہور پر قاضی نذیر و جلال الدین شمس مرزائیوں سے مناظرہ ہوا ۔

یہ کتاب اس مناظرہ کی مفصل روئیداد ہے ۔ رب العزت نے اسلام کو نہایت واضح فتح اور قادیانیوں کو بری شکست نصیب کی ۔ مولانا محمد الیاس خطیب مسجد پنولیاں لاہور نے اسے مرتب کیا ۔

Marfat.com

(733)

نام مناظرہ نائیجیریا

مصنف علامہ خالد محمود

صفحات ۴۸

سن اشاعت ۱۹۸۱ء (اردو)

مغربی افریقہ کے مشہور شہر اجی بوڈی میں مولانا خالد محمود نے مرزا قادیانی کی زندگی پر مرزائیوں سے مناظرہ کیا

(734)

نام لیکھ رام اور مرزا

مصنف مولانا ثناء اللہ امرتسری

صفحات ۱۶

سن اشاعت ستمبر سنہ ۱۹۴۲ (اردو)

مرزا قادیانی کی ایک پیشینگوئی لیکھ رام کے متعلق ہے جسے مرزائی سچا ثابت کرنے کے لئے نہ معلوم کیا کیا جتن کرتے ہیں۔ اس پیشینگوئی کا بطلان ثابت کرنے کے لئے مصنف نے قلم اٹھایا اور یہ رسالہ تیار کر کے مرزا قادیانی کی کذب بیانی کا بھانڈا چوراہے میں پھوڑ دیا۔

(735)

نام مناظرہ انارکلی لاہور

مصنف مولانا محمد الیاس

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۲۵ر جنوری ۱۹۸۳ (اردو)

لاہور شہر کے وسط انارکلی میں ۲۵ر جنوری سنہ ۱۹۸۳ کو مناظرہ ہوا۔ مسلمانوں کی طرف سے مولانا محمد الیاس، مولانا عبد الرشید اور قادیانیوں کی طرف سے حامد خان اور ان کے ساتھ قادیانی مبلغ حصہ لیا۔ قادیانیوں کی خود ساختہ مصروفیات کے بہانہ کے باعث صرف پونے گھنٹہ گفتگو ہوئی اس کی تفصیل اس رسالہ میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔ قادیانی مبلغ نے تسلیم کیا کہ مرزا قادیانی کا یہ دعویٰ کہ عیسیٰ علیہ السلام چودھویں صدی میں آئیں گے۔ یہ چودھویں صدی کا لفظ قرآن و حدیث میں کہیں نہیں ہے۔

Marfat.com

(736)

نام مرزا طاہر کے نام کھلا خط
مصنف طاہر القادری
صفحات ۸
سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

اس میں مرزا طاہر کو ۱۲ ربیع الاول سنہ ۱۴۰۸ کی شب مینار پاکستان لاہور میں آکر مناظرہ و مباہلہ کی دعوت دی گئی جسے مرزا طاہر قبول کرنے کی جرات نہ کرسکا۔

(737)

نام عذاب قاہر علی مرزا طاہر
مصنف عبد الجلیل
صفحات ۲۰
سن اشاعت ۱۴ر اگست سنہ ۸۸ (اردو)

عذاب قاہر علی مرزا طاہر یعنی قادیانیت کا کھلا کھلا اپریشن جس میں بین الاقوامی کذاب امام المرتدین مرزا طاہر کی طرف سے جاری کردہ ایک شر انگیز پمفلٹ بعنوان مباہلہ کا کھلا کھلا چیلنج کا منہ توڑ دندان شکن مدلل اور ٹھوس جواب دیا گیا ہے۔

(738)

نام مباہلہ کا کھلا جوابی چیلنج
مصنف سید عبد الحفیظ شاہ
صفحات ۸
سن اشاعت جولائی سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

تمام عالم کے مسلمانوں کی طرف سے دنیا بھر کے کفار و مرتدین خبیثوں اور خبیثات قادیانیوں کے مباہلہ کا کھلا جوابی چیلنج اس کتابچہ کا مکمل نام ہے۔

(739)

نام قادیانیوں کی دعوت مباہلہ
مصنف محمد شریف خالد ایڈووکیٹ
صفحات ۸
سن اشاعت جولائی سنہ ۸۸ (اردو)

Marfat.com

قادیانیوں کی خوب درگت بنائی ہے۔

(740)

نام فتح ربانی در مباحثہ قادیانی
مصنف ثناء اللہ امرتسری
صفحات ۸۸
سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۲۶ (اردو)

۲۹ر ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ کو مصنف اور قادیانی مبلغ مولوی غلام رسول راجیکی کا امرتسر میں مناظرہ ہوا۔ غلام رسول راجیکی قادیانی کو شیر اسلام فاتح قادیان کے سامنے جس طرح ذلت و رسوائی کا سامنا کرنا پڑا اس کی تمام تر تفصیل اس رسالہ میں شامل کردی گئی ہے۔ مولانا ثناء اللہ امرتسری پوری امت کی طرف سے زندگی بھر فرض کفایہ ادا کرتے رہے یہ رسالہ بھی ان کے رشحات قلم کا شاہکار ہے۔ فریقین کے دونوں تحریری پرچے آمنے سامنے نقل کرکے فیصلہ قارئین پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

(741)

نام برطانیہ میں مراسلت مباہلہ
مصنف محمد اقبال رنگونی
صفحات ۴۰
سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

پورا نام "لندن انٹرنیشنل ختم نبوت کانفرنس سنہ ۱۹۸۵ کے موقعہ پر قادیانیوں اور مسلمانوں کے برطانیہ میں مراسلت مباہلہ۔"

(742)

نام مخلصانہ درخواست
مصنف حافظ عبد الرحمن
صفحات ۴
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے قادیانی جماعت اوکاڑہ کے نام یہ مکتوب تحریر کیا کہ مرزا قادیانی نے صدق و کذب جب چاہو میں آپ سے مناظرہ کرنے کے لئے تیار ہوں مگر مرزائیوں کو سانپ سونگھ گیا اور میدان میں آنے سے گریز اختیار کیا۔

Marfat.com

(743)

نام حق المبین

مصنف حکیم محمد عبد الغنی

صفحات ۸۸

سن اشاعت ۱۳۵۴ (اردو)

مرزائیوں کے سات سوالات کا جواب ہے۔ مرزائیوں سے متعلق تمام اختلافی امور پر جامع مانع تبصرہ ہے۔

(744)

نام مسلم پاکٹ بک

مصنف مولانا محمد مسلم دیوبندی

صفحات ۳۶۷

سن اشاعت ۶ر فروری سنہ ۱۹۰۳ (اردو)

مرزائیوں کے رد میں سوال و جواب کی طرز پر پاکٹ سائز کی یہ کتاب میں نے حزب الانصار بھیرہ کی لائبریری میں ۱۶ر ۵ر ۸۹ کو دیکھی۔ قلب و جگر پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی۔ خوب سے خوب موصوف نے مباحث اٹھائے ہیں اور خوب تر مرزائیوں کو دندان شکن جوابات دے کر لاجواب کیا ہے۔ اللہ رب العزت کی ان پر کروڑ رحمتیں ہوں۔ دیوبند کے فاضل تھے۔ مرزا قادیانی کی زندگی میں یہ کتاب لکھی۔ مرزائیوں کو اس کا صحیح جواب دینے کی جرات نہ ہو سکی۔ مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حبیب اللہ کلرک کی اس پر تقاریظ ہیں۔

(745)

نام مرزا طاہر کے جواب میں

مصنف مفتی عزیز الرحمٰن بمبئی

صفحات ۴

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

مرزا طاہر نے آپ کو مباہلہ کا چیلنج پمفلٹ بھجوایا جس کے جواب میں آپ نے یہ خط تحریر کر کے مرزا طاہر کو مقام و تاریخ مباہلہ مقرر کرنے کی دعوت دی۔ مرزا طاہر چپ ہو گیا۔

(746)

نام بوم نامہ

Marfat.com

مصنف کے ایم سلیم
صفحات ۴۰
سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۸۹ (اردو)

مرزائی لیڈروں کے بیانات بمع حوالہ اور مرزا طاہر کا مباہلہ میں ان سے انکار کو کالم وار درج کر کے سوال اٹھایا گیا کہ ان میں سے کون سچا تھا۔ اس کے ٹائیٹل پر فارسی عبارت کا مفہوم یہ ہے کہ قارئین غور کریں کہ الو کیا کہتا تھا اور آج الو کا پٹھا کیا کہہ رہا ہے۔

(747)

نام مرزا غلام احمد قادیانی کے بارے میں خدائی فیصلہ
مصنف صہیب حسن
صفحات ۲۸
سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

مرزا طاہر کے مباہلہ کے جواب میں رابطہ عالم اسلامی لندن شاخ کے مبعوث مصنف نے اس کا جواب تحریر کیا۔ ۲۵ صفحات اردو میں ہیں۔ آخری تین صفحات انگلش میں ہیں۔

(748)

نام برق آسمانی بر خرمن قادیانی
مصنف مولانا ظہور احمد بگوی
صفحات ۲۱۶
سن اشاعت ۱۹۳۲ (اردو)

اعمال نامہ مرزا' سوانح مرزا و خلفائے مرزا' ستمبر سنہ ۱۹۳۲ میں مرزائیوں کے ساتھ بھیرہ' ملانوالی' چک نمبر ۳۷ جنوبی وغیرہ میں مناظروں کی روئیداد' خوشاب و شاہ پور سرگودھا میں مرزائیوں کے تعاقب کی مفصل کیفیت بیان کی گئی ہے۔

(749)

نام دلیل العرفان فی جواب تشہیذ الاذہان
مصنف مرزا احمد علی الحائری
صفحات ۱۹۲
سن اشاعت ۱۳۳۳ھ (اردو)

رسالہ تشہیذ الاذہان سنہ ۱۹۱۵ میں بھیرہ کے ایک قادیانی نے قادیان کے موسیو محمود کے حکم

Marfat.com

شیعوں کے خلاف ایک مضمون لکھا جس کا جواب یہ رسالہ ہے ۔ فاضل مصنف نے بڑی عمدگی سے مرزائیت کے دانت کھٹے کئے ہیں ۔

(750)

نام قادیانی سربراہ مرزا طاہر احمد کے پمفلٹ مباہلہ کا جواب

مصنف مولانا منظور احمد چنیوٹی

صفحات ۸

سن اشاعت ۲۷ر اگست سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

نام سے ہی مضمون واضح ہے ۔

(751)

نام صحیفہ الحق الملقب بمباہلہ الحق

مصنف سید مرتضیٰ حسن چاند پوری

صفحات ۱۰

سن اشاعت -- (اردو)

عالمی مجلس کے مرکزی دفتر کے کتب خانہ میں قلمی نسخہ ہے جس کے ٹائیٹل پر یہ تعارف درج ہے قادیانی گروہ کی یہ عادت ہو گئی ہے کہ مختلف مقامات پر مشن قائم کر کے مقامی طور پر کبھی دعوت مناظرہ، کبھی چیلنج مباہلہ وغیرہ کے اشتہارات شائع کرتے رہتے ہیں، مگر جب اہل حق علماء کرام جواب میں قلم اٹھاتے ہیں تو پھر سانپ سونگھے ہو جاتے ہیں ۔ علماء دیوبند کو دعوت مباہلہ دی ۔ جب ان حضرات نے کمال ہمت سے حق کا اظہار کیا تو تلملا گئے ۔ بیٹھے بیٹھے حیدر آباد کے قادیانی مشن کو جوش آیا تو مرزا صاحب کے ہر منکر کو چیلنج دے دیا ۔ اس پر انجمن تائید اسلام مراد آباد کے سرپرست حضرت مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن چاند پوری ابن شیر خدا مدظلہ نے توجہ فرمائی اور رسالہ صحیفہ الحق اس کے جواب میں تالیف فرمایا ۔ اس رسالہ کو دیکھ کر ناظرین کو معلوم ہو گا کہ یہ انجمن ہر وقت بلا کسی شرط کے اس مضمون پر مباحثہ کے لئے تیار ہے ۔

(752)

نام جس کی ذات نہیں اس کی بات نہیں

مصنف مولانا اکرام الحق الخیری

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۶۵ (اردو)

Marfat.com

مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھری" بانی رکن عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے کنری ضلع تھرپارکر سندھ میں مرزائیت کے خلاف تقریر کی ۔ آپ کی تقریر کے بعد مرزائیوں نے رسالہ شائع کیا کہ مولانا نے تقریر کے دوران حوالہ جات غلط دیے ۔ حوالہ صحیح ہونے پر تین سو روپے کا انعامی اعلان کیا۔ اس کے جواب میں یہ رسالہ شائع کیا گیا کہ اصل حوالے پیش ہیں ۔ فضل الدین مرزائی کنری میں اگر ہمت ہے تو تین سو روپے ادا کرے مگر اسے سانپ سونگھ گیا۔

(753)

نام شرمناک فرار

مصنف مولانا منظور احمد الحسینی

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۸۱ (اردو)

مولانا جمال اللہ الحسینی مبلغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت سندھ اور مختار احمد قادیانی کے درمیان طے پایا کہ حیات مسیح علیہ اسلام پر ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۸۱ کو کنری ضلع تھرپارکر سندھ میں چوہدری جلیل الرحمن کے مکان پر مناظرہ کریں گے ۔ اس دن جماعت ختم نبوت کے علماء کی ٹیم وہاں پہنچ گئی اور مرزائی آئیں بائیں شائیں کر کے مناظرہ کے لئے میدان میں نہ آئے ۔ اس مناظرہ اور قادیانی شکست کی تمام تر تفصیل مصنف نے اس پمفلٹ میں قلمبند کرائی ہے ۔

(754)

نام عبرت ناک فرار

مصنف روایت اللہ وسایا ترتیب حافظ محمد حنیف ندیم

صفحات ۱۶

سن اشاعت مارچ سنہ ۱۹۸۱ (اردو)

بہلول نگر کے دیہات چک عبداللہ میں ایک قادیانی اسٹیشن ماسٹر بشارت رانا تھا جس نے مرزائیت کی تبلیغ کا بازار گرم کر رکھا تھا ۔ عالمی مجلس کے مرکزی دفتر میں اطلاع ہوئی مبلغین گئے ۔ ان سے معززین کی موجودگی میں گفتگو ہوئی ۔ اور طے پایا کہ

۱۔ محمد دیکھنے ہوں جس نے اکمل ـــــ غلام احمد کو دیکھے قادیان میں

۲۔ مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ حضور علیہ السلام سور کی چربی استعمال کیا کرتے تھے (نعوذ باللہ)

۳۔ مرزا قادیانی نے کہا کہ بخاری شریف میں یہ روایت ہے کہ جب حضرت مہدی آئیں گے تو آسمان سے آواز آئے گی ہذا خلیفۃ اللہ المہدی ' حالانکہ بخاری شریف میں یہ روایت نہیں ہے ۔ مرزا

Marfat.com

نے جھوٹ بولا ہے۔

۴۔ مرزا قادیانی کبھی کبھی زنا کر لیا کرتا تھا۔ مرزائی لٹریچر میں یہ حوالہ موجود ہے۔

یہ حوالہ جات دکھانے کے مجلس کے مبلغین کے ذمہ اور ان حوالہ جات کو دیکھ کر مسلمان ہو جانا یہ بشارت احمد قادیانی کے ذمہ۔ اس کے لئے ۹ر مارچ سنہ ۸۸ کی تاریخ مقرر ہوئی اس پر معززین اور فریقین نے دستخط کئے۔

۹ر مارچ سنہ ۸۸ کو مجلس ختم نبوت کے مبلغین پہنچ گئے 'جلسہ عام ہوا۔ پورا دن انتظار کیا گیا مگر قادیانی فریق نہ آیا۔ اس تمام گفتگو اور مرزائیوں کے عبرت ناک فرار کی کہانی اس پمفلٹ میں لکھ دی گئی ہے۔

(755)

نام قبولیت چیلنج مباہلہ

مصنف حافظ بشیر احمد مصری

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو انگریزی)

مرزا طاہر نے مباہلہ کا چیلنج جن حضرات کو دیا۔ ان میں جناب عبد الرحمٰن مصری قادیانی کے مسلمان صاحبزادے حافظ بشیر احمد مصری مقیم لندن بھی ہیں۔ حافظ بشیر احمد صاحب نے مرزا طاہر کو جواب لکھا کہ مرزا طاہر کا دادا مرزا قادیانی شرابی تھا۔ اس کا باپ مرزا محمود زانی تھا۔ مرزا طاہر کا چچا بشیر احمد لوطی تھا۔ مرزا طاہر کا بھائی مرزا ناصر زانی و لوطی تھا۔ مرزا طاہر کی دادی کا بھائی میر اسحاق لونڈے باز تھا۔ ان عنوانات پر میں حلف دیکر مباہلہ کے لئے تیار ہوں۔ مرزا طاہر کے لئے یہ کھلا خط سوہان روح بن گیا۔

(756)

نام مباہلہ کا چیلنج قبول ہے

مصنف اللہ وسایا

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

مرزا طاہر نے ۱۰ر جون سنہ ۸۸ کو مباہلہ کا چیلنج دیا۔ مسلمان علماء نے اس کا چیلنج قبول کیا مقام مقرر کئے وہاں آجاؤ۔ مرزا طاہر نہ آیا تو عالمی مجلس کا چار رکنی وفد لندن گیا۔ اس کے "مباہلہ" نامی پمفلٹ کا خوب علمی انداز میں جواب لکھا جس کا مکمل نام ہے مباہلہ کا چیلنج قبول ہے۔ قادیانی سربراہ مرزا طاہر کے نام کھلا خط۔

Marfat.com

مرزا طاہر کے حواس گم ہو گئے۔ لندن میں بھی ان حضرات کے سامنے مباہلہ کے لئے نہ آیا تو ۲۱ر اگست سنہ ۱۹۸۸ کو چوتھی سالانہ انٹرنیشنل ختم نبوت کانفرنس ویمبلے ہال لندن میں اس کی شکست کا اعلان کردیا گیا۔ جناب عبد الرحمٰن یعقوب بلوا، مولانا نذیر احمد خان بلوچ، مولانا منظور احمد الحسینی اور اللہ وسایا نے ۲۷ر جولائی سنہ ۱۹۸۸ کو اپنے دستخطوں سے رجسٹرڈ ڈاک سے ان کو خط بھجوایا تھا۔

(757)

نام — مرزا طاہر کے جواب میں

مصنف — مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات — ۱۶

سن اشاعت — ۱۹۸۸ (اردو انگلش)

مرزا طاہر نے ۱۰ر جون کو مباہلہ کا چیلنج دیا۔ عالمی مجلس کے بزرگ رہنما حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی نے اس کا جواب تحریر کیا۔ عالمی مجلس نے اسے ہزاروں کی تعداد میں شائع کیا اس میں مباہلہ کے چیلنج کو قبول کرکے مرزا طاہر کو ۲۳ر مارچ سنہ ۱۹۸۹ کو مینار پاکستان لاہور میں آنے کی دعوت دی گئی ہے مگر اسے آنے کی توفیق و جرات نہ ہو سکی۔

(758)

نام — مرزائیوں کے گلے میں لعنت کا طوق

مصنف — مولانا سید مرتضیٰ حسن چاند پوری

صفحات — ۱۲

سن اشاعت — طبع دوم ۱۹۷۴ (اردو)

مصنف نے ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۵ میں یہ رسالہ شائع کیا۔ عالمی مجلس نے دوبارہ سنہ ۱۹۷۴ میں شائع کیا۔ یہ رسالہ مرزائیوں کے ایک رسالہ "مباہلہ" کے رد میں ہے۔ اس میں مرزائیوں کا مباہلہ کا چیلنج کرکے مباہلہ کے لئے میدان میں نہ آنے کی وجوہات اور مرزائیت کی ذلت و رسوائی کے [illegible] بیان کئے گئے ہیں۔

(759)

نام — امین الملک، جے سنگھ بہادر، کرشن رودر گوپال، مرزا غلام احمد قادیانی کے حجر اسود کے ادنیٰ آئین خادم فضل دین مرزائی کے تین پمفلٹوں کا جواب مع چیلنج مناظرہ

مصنف — مولانا اکرام الحق الخیری

صفحات — ۲۴

Marfat.com

سن اشاعت ۱۹۶۵ (اردو)

مجاہد ملت حضرت مولانا محمد علی جالندھری رحمہ اللہ علیہ کنری تشریف لے گئے۔ آپ کا ایمان پرور، جہاد آفرین، حقائق افروز خطاب ہوا۔ مسلمانوں کے قلب و جگر منور ہو گئے۔ مرزائیت کا منہ سیاہ ہو گیا۔ انہیں ہوش تک نہ آیا۔ آٹھ نو ماہ بعد انہوں نے ایک پمفلٹ شائع کیا جس میں ان حوالہ جات کو جو آپ نے تقریر کے دوران دیئے تھے چیلنج کیا۔ کنری کی جماعت "جسکی بات نہیں اس کی ذات نہیں" کے عنوان سے پمفلٹ شائع کرکے اس کا جواب دیا۔ اور چیلنج کیا کہ جہاں چاہو تمام تر حوالہ جات مرزا قادیانی کی پٹاری سے دکھانے کے لئے تیار ہیں۔ اس کے جواب میں فضل الدین مرزائی نے تین مختلف سائیکلو سٹائل ایک ایک دو دو ورقی اشتہار تقسیم کئے۔ ان تینوں پمفلٹوں کا جواب یہ رسالہ ہے جو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کنری نے شائع کر کے ہزاروں کی تعداد میں سندھ کے علاقہ میں تقسیم کیا۔ مجلس کی انہیں کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج مسجد مدرسہ دفتر دکانیں مجلس کی ملکیتی کنری میں موجود ہیں۔ مسلمان کھلم کھلا تبلیغ ختم نبوت کا فریضہ سر انجام دے رہے ہیں اور مرزائیت کے گھر مکان اور عبادت گاہیں اسی طرح سیاہ رات کا منظر پیش کر رہے ہیں جس طرح کہ مرزائیت کے دل سیاہ ہیں۔

(760)

نام قادیانیوں کا کھلا فرار

مصنف چوہدری محمد خلیل

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۸۳ (اردو)

بمقام جنگشن گوجرانوالہ میں مجلس تحفظ ختم نبوت اور قادیانیوں کے درمیان گفتگو طے پائی۔ ۲۹ نومبر سنہ ۸۲ء کو مجلس ختم نبوت کی طرف سے چوہدری محمد خلیل اور مرزائیوں کی طرف سے مرزا محمد رفیق سے گفتگو ہوئی۔ مرزائی مرزا قادیانی کو شریف انسان بھی ثابت نہ کر سکے۔ یہ تمام گفتگو رسالہ کی شکل میں مجلس گوجرانوالہ نے شائع کردی۔

(761)

نام لطائف

مصنف مولانا زاہد الراشدی

صفحات ۱

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

Marfat.com

انگریز کے خود کاشتہ پودے فتنہ قادیانیت کے گرو مرزا طاہر احمد کی دعوت مباہلہ کے جواب میں مولانا ابو عمار زاہد الراشدی نے لکھا جو پاکستان و برطانیہ کے متعدد قومی اخبارات نے شائع کیا۔ آج تک مرزا طاہر اس کا جواب نہ دے پایا۔

(762)

نام — مرزائیوں کو دعوت مباہلہ

مصنف — مولانا محمد اکرم طوفانی

صفحات — ۴

سن اشاعت — ۱۹۸۸ (اردو)

عالمی مجلس سرگودھا کے شاہین ختم نبوت مولانا محمد اکرم طوفانی نے اس پمفلٹ میں مرزائیوں کو دعوت دی کہ وہ مرزا قادیانی کے عقائد و کریکٹر پر جب چاہیں مباہلہ کریں

(763)

نام — مباہلہ کا منہ توڑ جواب

مصنف — چوہدری محمد خلیل احمد گجرات

صفحات — ۲۰

سن اشاعت — ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

پورا نام عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی طرف سے مباہلے قادیانی مکفرین اور کافرین کا مباہلہ کا منہ توڑ جواب اور چیلنج قبول ہے۔

(764)

نام — قادیانی جماعت سے بھگوڑے سربراہ مرزا طاہر کا مباہلہ کا چیلنج قبول

مصنف — چوہدری عبد الحمید رحمانی محمد متین خالد

صفحات — ۴

سن اشاعت — جولائی سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

اہل حق کی طرف سے مرزائیوں کو للکار اور ان کے شرمناک فرار کی تصویر پیش کرنا ہے۔

(765)

نام — رحیم یار خان میں مرزائیوں کا گفتگو اور مناظرہ سے فرار

مصنف — مجلس رحیم یار خان

صفحات — ۸

Marfat.com

سن اشاعت ۱۹۶۴ (اردو)

مارچ سنہ ۱۹۶۴ میں مرزائیوں نے رحیم یار خان میں مسلمانوں کو مناظرہ کا چیلنج دیا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی طرف سے مولانا لال حسین اختر مناظرہ کے لئے تشریف لے گئے۔ مولانا کا نام سنتے ہی مرزائیوں نے مناظرہ سے انکار کردیا۔ اس کہانی کی تمام تفصیل مجلس رحیم یار خان نے ایک پمفلٹ کی شکل میں شائع کردی ہے۔

(766)

نام مرزا طاہر قادیانی کے چیلنج کو چیلنج

مصنف محمد سلیم ساقی

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

مرزا طاہر قادیانی (خلیفہ ربوہ) اور دیگر منافقین و مرتدین وزندیقین عالم (مرزائی) کے چیلنج کو چیلنج" پورا نام ہے۔

(767)

نام مباہلہ کے چیلنج کا انجام

مصنف عبد الکریم عابد

صفحات ۱۱

سن اشاعت اکتوبر سنہ ۱۹۸۹ (اردو)

مرزا طاہر نے ۱۰ر جون سنہ ۸۸ کو مباہلہ کا چیلنج دیا تھا۔ سال سے کچھ عرصہ گزر جانے کے بعد یکم اکتوبر سنہ ۸۹ کو لندن میں سالانہ عالمی ختم نبوت کانفرنس تھی اس موقعہ پر یہ پمفلٹ تقسیم کیا گیا۔ اس کا مکمل نام ہے

۱۰ر جون سنہ ۸۸ کے مباہلہ کے چیلنج کا انجام' قایانی پیشوا مرزا طاہر کی ذلت و رزالت"

ان کے آخر میں قادیانیوں کے کلمہ کی حقیقت نامی چار ورقہ پمفلٹ مصنفہ مولانا محمد یوسف لدھیانوی بھی شامل اشاعت ہے۔

(768)

نام مرزا طاہر پر آخری اتمام حجت

مصنف مولانا محمد یوسف لدھیانوی

صفحات ۳۲

Marfat.com

سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

مرزا طاہر کے مباہلہ کے جواب میں مصنف نے "مرزا طاہر کے جواب میں" نامی پمفلٹ تحریر کیا ۔ جسے رجسٹرڈ ڈاک سے لندن قادیانی گرو طاہر کو ایک کاپی بھجوائی گئی ۔ جس کے جواب میں اس کے پریس سکریٹری نے دو صفحات کا خط لکھا جس کا مصنف نے اس رسالہ کی شکل میں جواب دیا ۔ اس کے بعد مرزائیوں کو سانپ سونگھ گیا۔

Marfat.com

Marfat.com

باب ششم

مرزائیوں کا قانونی احتساب

نوٹ :

- اس باب میں نمبر ۷۶۹ سے ۸۶۱ تک کل ۳۳ کتابوں کا تعارف شامل ہے ۔ جس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعات کی تعداد ۱۰ ہے جو نمبر ۷۹۳ سے ۸۶۱ تک درج ہیں۔

Marfat.com

(769)

نام امیر شریعت کیس میں گواہ استغاثہ مسٹر لدھا رام کا بیان
مصنف مسٹر لدھا رام
صفحات ۱۶
سن اشاعت ــــ (اردو)

۲۸ر جون سنہ ۱۹۳۹ کو وزیر آباد میں حضرت امیر شریعتؒ کی تقریر کو بگاڑ کر سر سکندر حکومت نے شاہ صاحب پر بغاوت کا مقدمہ قائم کیا۔ یہ سب کچھ ایک سوچے سمجھے منصوبہ کے تحت تھا تاکہ شاہ صاحب کو پھانسی کی سزا دلوائی جا سکے، لیکن "من درچہ خیالیم و فلک درچہ خیال" قدرت نے ایسا فضل فرمایا کہ اس کیس کا سرکاری بنیادی گواہ مسٹر لدھا رام نے عدالت میں تمام رازوں سے پردہ اٹھا دیا اور یوں سکندری حکومت اور مرزائیت کا سازشی منصوبہ ناکام ہو گیا مسٹر لدھا رام کا عدالتی بیان ایک تاریخی دستاویز ہے جسے مولانا عبد القیوم پوپلزئی نے شائع کر دیا تھا۔

(770)

نام ارشاد فرید الزمان متعلق مرزائے قادیان
مصنف مولانا غلام جہانیاں
صفحات ۴۰
سن اشاعت ــــ (اردو)

مشہور زمانہ مقدمہ بہاولپور کے ایام میں مرزائیوں نے مشہور کر دیا کہ خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ مشہور صوفی بزرگ ریاست بہاول پور بھی مرزا قادیانی کے معتقد تھے ۔ مرزائیوں کے سفید جھوٹ کی قلعی کھولتے اور پردہ چاک کرنے کے لئے حضرت خواجہ صاحب مرحوم کے تمام خلفاء جمع ہوئے ۔ اور مولانا غلام جہانیاں صاحب کی ڈیوٹی لگائی کہ وہ اس کا جواب لکھیں انہوں نے یہ رسالہ تحریر کر کے مرزائیت کے فریب کو تار تار کر دیا۔

(771)

نام حکومت مغربی پاکستان کے پانچ سوال اور ان کا جواب
مصنف فرزند توحید
صفحات ۵۰
سن اشاعت ۳ر نومبر سنہ ۱۹۶۷ (اردو)

راولپنڈی کے جسٹس جناب محمد اکبر صاحب کا فیصلہ جو قادیانیوں کے خلاف ہے سنہ ۱۹۶۳ میں

Marfat.com

جناب فرزند توحید نے شائع کیا۔ جس کے مقدمہ میں سابق وزیر خارجہ سر ظفر اللہ کذاب اعظم مرتد کی ستم ظریفیوں کی داستان بھی لکھدی ' جس سے حکومت پاکستان کے چہرہ پر ناگواری کا پسینہ آگیا۔ حکومت غصہ سے لال پیلی ہوگئی ۔ اور جناب فرزند توحید کو نوٹس بھجوایا کہ کیوں نہ یہ رسالہ ضبط کیا جائے جناب فرزند توحید نے مغربی پاکستان حکومت کے ان پانچ سوالوں کا تفصیلی جواب دیا۔ جس میں پہلے سے بڑھ کر کلمہ خیر کہا گیا۔

(772)

نام بیان مجلس احرار اسلام بحضور مسٹر جسٹس صمدانی

مصنف مولانا عبید اللہ احرار

صفحات ۱۱۰

سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

۲۹ مئی سنہ ۱۹۷۴ کو سانحہ ربوہ اسٹیشن کی انکوائری کے لئے حکومت پاکستان نے مسٹر جسٹس ایم صمدانی پر مشتمل ایک تحقیقاتی ٹریبونل مقرر کیا۔ مجلس تحفظ ختم نبوت کی طرف سے آغا شورش کاشمیری نے جناب رفیق باجوہ کو وکیل کے طور پر پیش کیا۔ مجلس احرار اسلام پاکستان کے جناب مولانا عبید اللہ احرار صدر مرکزی کی طرف سے جناب مولانا مظہر علی اظہر کے صاحبزادے جناب خاقان بابر ایڈووکیٹ پیش ہوئے اور یہ بیان تحریری طور پر عدالت میں جمع کرایا۔ قادیانیت کا مذہبی و سیاسی تجزیہ کرنے کے لئے یہ اہم دستاویز ہے۔

(773)

نام تازیانہ عبرت

مصنف مولانا کرم الدین بھیں

صفحات ۱۷۵

سن اشاعت -- (اردو)

مصنف کے متعلق مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی کتابوں میں بد زبانی کی ۔ مولانا کرم الدین نے گورداسپور جہلم میں مرزا قادیانی پر فوجداری مقدمات دائر کر دئے ۔ جس میں مرزا قادیانی ۱۰ سال تک سرگرداں رہا۔ سات سو روپیہ جرمانہ یا چھ ماہ قید بامشقت کی سزا ہوئی ۔ پھر اپیل میں انگریز کی عدالت سے بمشکل رہائی حاصل کی ۔ ان دو سال نے مقدمات کی پوری تفصیل اس کتاب میں موجود ہے ۔ اس کا دوسرا نام " منتبی قادیان قانونی شکنجہ میں " بھی ہے ۔ یہ کتاب ایک عجیب دستاویز ہے مولانا کرم الدین حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب چکوال کے والد گرامی تھے ۔ حضرت مولانا پیر مہر علی شاہ سے

Marfat.com

مرد تھے

(774)

نام ختم نبوت پر قومی اسمبلی کا متفقہ فیصلہ
مصنف ذوالفقار علی بھٹو
صفحات ۱۶
سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو عربی ر انگریزی ر سندھی ر بلوچی)

۲۹ ر مئی سنہ ۱۹۷۴ کو ربوہ ریلوے اسٹیشن پر مرزائی اوباشوں نے مرزا طاہر کی قیادت میں نشتر میڈیکل ملتان کے طلبہ پر حملہ کر کے انہیں شدید زخمی کیا۔ جس کے نتیجہ میں تحریک ختم نبوت چلی ۔ ۷ ر ستمبر سنہ ۷۴ کو پاکستان کی قومی اسمبلی نے ایک ترمیمی بل کے ذریعہ مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ ۷ ر ستمبر سنہ ۱۹۷۴ کو قومی اسمبلی میں اسمبلی کی خصوصی کمیٹی کا متفقہ بل جناب عبد الحفیظ پیرزادہ نے پیش کیا اور جناب ذوالفقار علی بھٹو نے قومی اسمبلی سے خطاب کیا۔ یہ بل اور بھٹو کا خطاب وزارت اطلاعات نے اردو ' عربی ' انگریزی ' بلوچی ' سندھی میں شائع کیا۔ یہ ایڈیشن اس وقت میرے سامنے ہیں ۔ شاید پشتو میں بھی شائع کیا ہو مگر وہ اس وقت سامنے نہیں ہے۔ حکومتی اخراجات پر دیدہ زیب طباعت کی گئی ہے۔

(775)

نام خلاصہ منیر انکوائری رپورٹ
مصنف تلخیص محمد طفیل رشیدی
صفحات ۲۱۰
سن اشاعت ۱۹۸۳ (اردو)

تحریک ختم نبوت سنہ ۱۹۵۳ کی تحقیقات کے لئے رسوائے زمانہ مسٹر جسٹس منیر کو مقرر کیا گیا جس نے رسوائے عالم ایک رپورٹ مرتب کی اس کی تلخیص کر کے جناب محمد طفیل رشیدی نے اہم اجزاء کو ترتیب دیا۔

(776)

نام تحقیقاتی رپورٹ فسادات سنہ ۱۹۵۳
مصنف مسٹر جسٹس ایم آر کیانی و مسٹر جسٹس منیر
صفحات ۳۲۵
سن اشاعت ۱۰ ر اپریل سنہ ۱۹۵۴ (اردو ر انگلش)

Marfat.com

سنہ ۱۹۵۳ کی تحریک مقدس ختم نبوت جس میں دس ہزار عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو مرزائی اور مرزائی نواز لوباشوں نے خاک و خون میں تڑپا دیا۔ ایک لاکھ مسلمان جس میں گرفتار ہوا۔ دس لاکھ مسلمان جس تحریک میں متاثر ہوا۔ مرزائی بدمعاشوں نے فوجی گاڑیوں اور فوجی وردی میں مسلمانوں کے خون ناحق سے لاہور میں جو ہولی کھیلی اس سے کائنات کا ذرہ ذرہ کانپ اٹھا۔ تحریک ختم نبوت کے تمام دشمن روح کے سرطان میں مبتلا ہو گئے۔ ایک ایک کر کے اپنے انجام بد کو پہنچ چکے ہیں ایک قاتل جنرل اعظم خان بد فطرت لاہور میں زندہ ہے جو در بدر کی خاک پھانکتا پھر رہا ہے۔ تحریک کے نتائج و عواقب محرکات و عوامل پر غور کرنے کے لئے حکومت نے ہائیکورٹ کے دو ججوں پر مشتمل ایک تحقیقاتی عدالت قائم کی۔ اس کے رکن مسٹر جسٹس محمد منیر اور مسٹر جسٹس ایم آر کیانی تھے۔ رسوائے زمانہ منیر ایک بد فطرت و بد عمل کمینہ اور بزدل انسان تھا۔ واضح شواہدات کی روشنی میں مبینہ طور کہا جاتا ہے کہ مرزائی رات کو نوجوان عورتوں سے اس کے بستر اور سینہ کو گرم کرنے کا سامان مہیا کرتے۔ اس کے سینہ کے پسینہ کے ہر قطرہ سے بنت عنب رواں ہوتی ہے۔ زنا و شراب کا رسیا شخص رات کو معصیت میں دھت رہتا مرزائیوں کی طرف سے تیار کردہ جرح اسے مہیا کی جاتی اور وہ سنج علماء سے بیہودہ اور بھونڈے طریقے سے مخاطب ہوتا۔ اس شخص نے رپورٹ مرتب کی جس کے ۴۲۵ صفحات ہیں۔ رپورٹ تضادات کا مجموعہ ہے۔ اسے مرزائیوں کے خلاف بھی استعمال لیا جا سکتا ہے۔ مرزائی اسے اپنے حق میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس رپورٹ نے مغربی دنیا کو اسلام کے خلاف ایک ایسا ہتھیار مہیا کیا ہے جس سے وہ اسلام کی تصویر مسخ کر سکتے ہیں کیونکہ اس میں اس بدبخت نے لکھا ہے کہ علماء مسلمان کی تعریف نہیں کر سکتے لیکن آج اس بدفطرت کی روح سے کوئی پوچھے کہ سنہ ۷۴ کے آئین میں مسلمان کی تعریف شامل ہے۔ ریٹائرڈ ہونے کے بعد جب اسے شراب و کباب سے فرصت ملی اس نے مرزائیوں کی خلاف تقسیم سے متعلق چند بیانات دیئے۔

ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

۱۰ر اپریل سنہ ۵۴ کو یہ رپورٹ حکومت پنجاب کے ہوم سیکرٹری کو پیش کی گئی

(777)

نام — شام میں مرزائیت کا انجام

مصنف — جمہوریہ شام کی حکومت کا فیصلہ

صفحات — ۸

سن اشاعت — ۱۹۵۷ (اردو)

سنہ ۱۹۵۷ میں جمہوریہ شام نے مرزائیوں کو خلاف قانون قرار دے دیا گیا۔ ان کی جملہ املاک بحق

Marfat.com

سرکار ضبط کرلی گئیں تمام دفاتر سربمہر کردئے گئے ۔ ان تمام دستاویزات کا اردو ترجمہ ۸ صفحات پر مشتمل ہے ۔

(778)

نام فیصلہ ہائیکورٹ لاہور

مصنف مسٹر جسٹس ایف ڈبلیو سکیمپ

صفحات ۴ر۴

سن اشاعت ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۳۸ (اردو)

عبد الرحمٰن مصری مرزائی نے مرزا بشیر الدین پر اغلام بازی و زنا کے سنگین الزامات لگائے عبد الرحمٰن مصری مرزا بشیر الدین کا فدا کار تھا۔ لیکن بشیر الدین ایسا بدکار تھا کہ اس نے مصری کی اولاد پر اپنا " کامیاب وار " کیا مصری کو پتہ چلا تو آگ بگولا ہو گیا۔ اس نے بشیر الدین کو خط لکھے مگر وہ ٹال گیا۔ اس نے اشتہار کردیا۔ مرزا بشیر نے اسے منافق قرار دے کر قادیان سے نکال دیا۔ مصری نے مباہلہ کا چیلنج کردیا۔ بشیر نے ان اشتہارات کو بہانہ بنا کر عدالت میں کیس دائر کردیا۔ بات سول عدالت سے بڑھ کر ہائیکورٹ تک پہنچی جس میں مصری نے بیان دیا ۔

" موجودہ خلیفہ سخت بد چلن ہے ۔ یہ تقدس کے پردے میں عورتوں کا شکار کھیلتا ہے ۔ اس کام کے لئے اس نے بعض مردوں اور بعض عورتوں کو بطور ایجنٹ رکھا ہوا ہے ۔ اس کے ذریعہ یہ معصوم لڑکیوں اور لڑکوں کو قابو کرتا ہے ۔ اس نے ایک سوسائٹی بنائی ہوئی ہے جس میں مرد اور عورتیں شامل ہیں اور اس سوسائٹی میں زنا ہوتا ہے "

اس بیان نے مرزائیت کے منہ پر کالک کی پالش پھیر دی ۔ ہائیکورٹ کے مسٹر جسٹس ایف ڈبلیو سکیمپ جج ہائیکورٹ لاہور نے مورخہ ۲۳ر ستمبر سنہ ۱۹۳۸ کو فیصلہ لکھا اور صرف ملزم سے ایک ہزار کی ضمانت لے کر ان کو فارغ کردیا ۔ ۴ر صفحات پر فیصلہ ۴ر پر مزید تبصرہ ہے ۔

(779)

نام فیصلہ سول جج رحیم یار خاں

مصنف چوہدری محمد نسیم

صفحات ۲۱

سن اشاعت ۸ر فروری سنہ ۱۹۷۲ (اردو)

جناب چوہدری محمد نسیم ایڈمنسٹریٹر سول جج رحیم یار خان کی عدالت میں مولانا عبد الرشید نے کیس دائر کیا کہ سیف اللہ وغیرہ قادیانی مسلمانوں کے علاقہ میں ایک مکان بطور عبادت گاہ استعمال کرتے ہیں

Marfat.com

اور یہ ان کی تبلیغی سرگرمیوں کا مرکز ہے جس پر موصوف نے ۸ ر فروری سنہ ۱۹۷۲ کو فیصلہ دیا کہ مسلمان آبادیوں میں قادیانیوں کو تبلیغ کرنے اور عبادت گاہ بنانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ یہ کیس ۲۸ ر ستمبر سنہ ۷۱ کو دائر ہوا۔ فیصلہ ۸ ر فروری سنہ ۷۲ کو سنایا گیا۔

(780)

نام	فیصلہ مقدمہ بہاول پور
مصنف	مسٹر جسٹس محمد اکبر خان
صفحات	۲۰۰
سن اشاعت	۷ ر فروری سنہ ۱۹۳۵ (اردو)

اللہ رب العزت نے قادیانیت کے احتساب کے لئے پردہ غیب سے جو اہتمام فرمائے ان میں ایک فیصلہ مقدمہ بہاول پور بھی ہے۔ بہاولپور کی اسلامی ریاست میں ایک شخص عبد الرزاق قادیانی ہو کر مرتد ہوا۔ اس کی منکوحہ نے سن بلوغ کو پہنچ کر احمد پور شرقیہ کی مقامی عدالت میں سنہ ۱۹۳۶ میں اس کے خلاف تنسیخ نکاح کا مقدمہ دائر کیا جو سنہ ۱۹۳۲ میں بہاول پور کی "عدالت معلی" میں دائر ہوا۔

اس کیس کی پیروی کے لئے اہل اسلام کی طرف سے مولانا انور شاہ کشمیری"، مولانا مفتی محمد شفیع"، مولانا مرتضیٰ حسن چاند پوری، مولانا محمد حسین کولو تارڑوی، مولانا نجم الدین، مولانا غلام محمد گھوٹوی، مولانا ابو الوفاء شاہجہانپوری نے بیانات داخل کر دئے۔ ۷ ر فروری سنہ ۱۹۳۵ کو جا کر مدعیہ کے حق میں فیصلہ ہوا کہ عبد الرزاق قادیانی ہونے کے باعث مرتد ہے اس لئے مسلمان عورت کا اس کے ساتھ نکاح فسخ ہے۔ بارہا شائع ہوا۔ دو سو صفحات کا یہ عظیم فیصلہ جب تک دنیا رہتی قادیانی امت چیلنج نہیں کر سکتی فیصلہ جسٹس محمد اکبر خان مرحوم نے لکھا اس کا ایک ایک حرف قادیانیت کے خاتمہ کے لئے قدرت کا تیر ہے۔

(781)

نام	فیصلہ جی ڈی کھوسلہ
مصنف	جی ڈی کھوسلہ
صفحات	۱۱
سن اشاعت	۶ ر جون سنہ ۱۹۳۵ (اردو)

حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ نے احرار تبلیغ کانفرنس قادیان ۲۱، ۲۲ اکتوبر سنہ ۱۹۳۴ء میں وہ تاریخ ساز خطاب کیا جس سے مرزا بشیر الدین کے ایوان باطل و محل سازش میں شگاف پڑ گئے۔ قادیانیت پر زلزلہ طاری ہو گیا۔ حضرت امیر شریعت پر مقدمہ قائم ہوا مقامی عدالت

Marfat.com

نے آپ کو سزا دی - آپ نے اس کے خلاف سیشن کورٹ میں اپیل دائر کردی یہ وہ مشہور فیصلہ ہے جس میں تسلیم کیا گیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی شراب پیا کرتا تھا۔ مرزائیت کے تابوت میں جو کیل وقتاً فوقتاً پیوست ہوتے رہے ان میں ایک یہ بھی ہے ۔۲۶ر جون سنہ ۱۹۳۵ کو فیصلہ ہوا۔

(782)

نام قادیانیوں کی قانونی حیثیت

مصنف علامہ خالد محمود

صفحات ۶۳

سن اشاعت ۱۹۸۴ (اردو)

۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۸۴ آرڈیننس امتناع قادیانیت کے خلاف مرزائیوں نے وفاقی شرعی عدالت میں کیس دائر کردیا۔ مختلف حضرات علماء کرام کے عدالت میں بیانات ہوئے۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے کتب خانہ سے قادیانیت و رد قادیانیت کا تمام ضروری مواد لاہور منتقل کیا گیا۔ کراچی سے مولانا محمد یوسف لدھیانوی ملتان سے مولانا محمد شریف جالندھری ' مولانا عبد الرحیم اشعر' فقیر اللہ وسلیا لاہور پہنچ گئے ۔ حضرت الامیر مولانا خواجہ خان محمد صاحب نے مقدمہ کی تاریخوں پر خود تشریف لا کر کارکنوں کے حوصلے بلند کئے ۔ مولانا صدر الدین رفاعی ' مولانا غازی محمود احمد پروفیسر' مولانا ڈاکٹر طاہر القادری پروفیسر' شیعہ رہنما مولانا حیدری گوجرانوالہ ' مولانا محمد اشرف خان پشاور ' جناب ریاض الحسن گیلانی ' جناب شیخ غیاث محمد ' کے بیانات ہوئے ۔

مولانا علامہ خالد محمود صاحب نے بیان تیار کیا جو عدالت میں پیش تو نہ ہوا مگر جج صاحبان کو دے دیا گیا تاکہ ان کی رہنمائی ہو سکے ۔ بعد میں " قادیانیوں کی قانونی حیثیت " کے عنوان سے ایک کتابچہ کی شکل میں جامعہ رشیدیہ ساہیوال کے ترجمان الرشید کے ایک شمارہ میں شائع ہو گیا۔ اس کے ۶۳ صفحات ہیں ۔ علامہ خالد محمود صاحب کا علم و فضل دشمن پر گرفت کا ڈھب اور حاضر جوابی کا آئینہ دار یہ کتابچہ و مقالہ ہے ۔

(783)

نام قادیانی بدستور غیر مسلم ہیں ' حکومت پاکستان کی توثیق

مصنف وزارت قانون

صفحات ۹

سن اشاعت ۱۹۸۲ (اردو)

صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم برسر اقتدار آئے تو سنہ ۸۲ میں ایک حکم کے ذریعہ غیر

Marfat.com

ضروری دفعات کو آئین سے خارج کرنے کا حکم جاری کیا۔ ہر دو چار سال بعد غیر ضروری عبارتیں قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے وزارت قانون ایک مسودہ کے ذریعہ خارج کرتی رہتی ہے۔ اس میں وہ ترمیمی عبارت بھی شامل تھی جو ۷ ستمبر سنہ ۱۹۷۴ کو قومی اسمبلی نے پاس کی۔ اس سے بعض حلقوں میں اشتباہ پیدا ہوا کہ اب مرزائی غیر مسلم نہیں رہے۔ حکومت نے کہا کہ ہم نے ترمیمی بل کو قانون سے حذف کیا ہے۔ ترمیم کو حذف نہیں کیا۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے لئے مشکل یہ تھی کہ کسی بھی قانونی موشگافی سے کل کو کوئی قادیانی فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ چنانچہ عالمی مجلس نے ایک سو بیس وکلاء کے دستخطوں سے اپیل روزنامہ جنگ میں شائع کی۔ مولانا تاج محمود مرحوم جنرل ضیاء الحق مرحوم سے ملے۔ راجہ ظفر الحق نے ہمت مردانہ سے کام لیا اور شب و روز کی کوشش و کاوش سے ۵ جولائی سنہ ۱۹۷۷ء کے اختیارات کو بروئے کار لاکر صدر مملکت نے سنہ ۱۹۸۲ میں ایک ترمیم دستور کا فرمان جاری کیا کہ قادیانی بدستور غیر مسلم ہیں اور ان کے متعلق ترمیم سنہ ۱۹۷۴ متاثر نہیں ہوئی۔ وزارت اطلاعات نے ایک دیباچہ کے ساتھ اس فرمان کا متن نو صفحات کے پمفلٹ میں شائع کیا۔

(784)

نام قادیانیت اسلام کے لئے سنگین خطرہ

مصنف وفاقی وزارت نشریات پاکستان

صفحات ۴۲

سن اشاعت ۱۹۸۴ (اردو، انگلش)

۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۸۴ کے فیصلہ وفاقی شرعی عدالت کے خلاف مرزائیوں نے جو طوفان بدتمیزی برپا کیا اس کے جواب میں حکومت کی طرف سے ۴۲ صفحات کا یہ رسالہ شائع کر کے اردو، انگریزی میں تقسیم کیا گیا۔ قادیانیت کے خلاف یہ رسالہ ایک عظیم شاہکار ہے

(785)

نام قومی اسمبلی پاکستان میں تقریر

مصنف سید عابد حسین گردیزی

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

مصنف قومی اسمبلی کے رکن تھے۔ سنہ ۱۹۷۴ میں مرزائیت ناپاک پیش ہوا۔ مرزائیوں کی طرف سے مرزا ناصر پیش ہوا۔ اس نے دھوکہ دہی سے شیعہ کتابوں کے حوالہ جات پیش کئے اور یوں امت کو شیعہ سنی لڑائی میں الجھانے کی کوشش کی۔ اس پر گردیزی صاحب کی رگ حسینی پھڑک

Marfat.com

اٹھی ۔ انہوں نے قومی اسمبلی میں تقریر کی ۔ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کی مکمل حمایت کی ۔ شیعہ کتب کے حوالوں سے مسئلہ ختم نبوت واضح کیا۔ مرزائیت کے کذب وافترا کا پردہ چاک کیا۔ اور ثابت کیا کہ شیعہ بھی مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے میں امت محمدیہ کے ساتھ شانہ بشانہ ہیں ۔ ۳ر ستمبر سنہ ۱۹۷۴ کو یہ تقریر قومی اسمبلی میں ہوئی جو ۳۲ صفحات کے پمفلٹ کی شکل میں ہمارے سامنے ہے ۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر دیں ۔

(786)

نام مرزائیت عدالت کے کٹہرے میں
مصنف جانباز مرزا
صفحات ۲۵۰
سن اشاعت ستمبر سنہ ۱۹۶۸ (اردو)

جناب جانباز مرزا صاحب نے (۱) فیصلہ ماریشس (۲) فیصلہ بہاولپور (۳) فیصلہ جی ڈی کھوسلہ (۴) فیصلہ راولپنڈی (۵) فتاوی مفتی اعظم مصر (۶) وائس چانسلر مدینہ یونیورسٹی کا فتوی (۷) فتاوی علماء مکہ و مدینہ (۸) مفتی اعظم شام کا فتوی (۹) نور اللہ آفندی کا بیان (۱۰) والی افغانستان کے نام مرزا غلام قادیانی کا خط اور اس کا جواب ایسی قیمتی دستاویزات کو کتابی شکل میں جمع کردیا ہے ۔

(787)

نام مونگیر اور بھاگل پور کے دو مقدمات میں سب جول جج کی تنقیح نمبر ۵
مصنف سول جج کی تنقیح نمبر ۵
صفحات ۲۷
سن اشاعت ۱۹۲۰ (اردو)

ماہنامہ ۔ الرشید دیوبند کی اشاعت رجب سنہ ۱۳۳۸ھ میں مسٹر جسٹس ابراہیم کا فیصلہ ان دو مقدمات میں سے تنقیح نمبر ۵ کے عنوان سے شائع کیا گیا ہے ۔ اس کا ابتدائیہ مسیلمۃ الہند کے عنوان سے مولانا اعزاز علی دیوبندی نے تحریر کیا۔ فیصلہ میں جج نے لکھا ہے کہ مرزائیوں کے مسلمانوں سے عقائد مختلف ہیں لہٰذا ان کو مسلمانوں کی مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں ہے ۔ یہ فیصلہ ۳۰ر جون سنہ ۱۹۲۰ کو سنایا گیا۔ مرزائیوں نے اس کے خلاف اپیل دائر کردی مسٹر جسٹس رو صاحب بہادر نے ۲۱ر دسمبر سنہ ۱۹۱۶ کو فیصلہ دیا کہ اپیل خارج اور مرزائیوں کو مسلمانوں کی مسجد میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں ہے ۔ یہ فیصلہ الرشید دیوبند ماہ شعبان سنہ ۱۳۳۸ھ میں شائع ہوا۔

Marfat.com

(788)

نام مرزائیت عدالت کے کٹہرے میں
مصنف مولانا گلزار احمد مظاہری
صفحات ۱۶
سن اشاعت جولائی سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

جس میں مقدمہ بہاول پور ' مقدمہ جیمس آباد ' مقدمہ راولپنڈی کے اقتباسات شائع کئے۔

(789)

نام نئے آرڈیننس کا اجرا ' قادیانیوں کی اسلام دشمن سرگرمیاں
مصنف جنرل محمد ضیاء الحق صدر مملکت پاکستان
صفحات ۱۲
سن اشاعت ۱۹۸۴ (اردو)

سنہ ۱۹۸۴ میں تحریک ختم نبوت چلی ' حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم کی قیادت و سیادت میں امت مسلمہ کے تمام طبقات نے اس تحریک میں بھرپور حصہ لیا۔ بالآخر صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق نے ۲۶ر اپریل کو ایک آرڈیننس کے ذریعہ قادیانیوں کے متعلق قانون میں تبدیلی کر دی جس کے نتیجے میں مرزائیوں کو اسلامی اصطلاحات و شعار سے روک دیا گیا۔ حکومت نے اس فرمان پر مشتمل کتابچہ پیش لفظ کے ساتھ شائع کیا جس کے بارہ صفحات ہیں۔ تاریخی قانونی اہم دستاویز ہے۔

(790)

نام مکمل روئیداد مقدمہ بہاول پور
مصنف عدالتی کاروائی
صفحات ۱۸۵۶
سن اشاعت ۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

بہاول پور کا مقدمہ جس پر تبصرہ پہلے گذر چکا ہے۔ یہ کیس ۱۹۳۶ میں دائر ہوا اور فروری سنہ ۱۹۳۵ میں جا کر اس کا فیصلہ ہوا۔ فیصلہ اور علماء کے بیانات گاہے بگاہے شائع ہوتے رہے۔ اب ۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۸۸ کو حال ہی میں اسلامک فاؤنڈیشن لاہور نے اس مقدمہ کی تمام روئیداد شائع کر دی ہے۔ جس کی تین جلدیں ہیں

جلد اول میں فیصلہ ' عرضی دعوی ' جواب دعوی ' تنقیحات عدالت ' بیانات ' مدعیہ و مدعا علیہ '

Marfat.com

ابتدائی فیصلہ جات ' اپیلیں ' بیانات علماء ' بیانات مرزائیاں ' جرح ۲ جواب ' جواب الجواب ' دوسری جلد میں بحث اور بیان تحریری جلال الدین شمس مرزائی اور تیسری جلد میں جواب الجواب و تحریری بیان مولانا ابو الوفا شاہجہان پوری ۔ یوں یہ ۱۸۵۶ صفحات پر مشتمل یہ تمام روئیداد پہلی بار یکجا شائع ہوئی ۔ اتفاق کی بات ہے کہ ۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۸۸ کو ربوہ میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوہ کے امیر مرکزیہ کا انتخاب اور کانفرنس تھی اور اس روز ہی یہ کتاب شائع ہو کر آئی جس کا آپ نے کانفرنس کے موقعہ پر افتتاح فرمایا۔ حضرۃ الامیر کا دس صفحہ کا مقدمہ بھی اس میں شامل ہے ۔ دیگر علماء کے قیمتی ریویو بھی شامل اشاعت ہیں

(791)

نام ڈپٹی کمشنر میانوالی کو مدلل جواب

مصنف مولانا محمد عبد اللہ

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۶۸ (اردو)

مولانا محمد عبد اللہ بھکر کو ڈپٹی کمشنر میانوالی نے نوٹس دیا کہ مرزائیوں کے خلاف آپ نے تقریر کیوں کی جس کا مولانا نے جواب تحریر کیا۔

(792)

نام حجیت شرعیہ ' بیانات علمائے ربانی

مصنف مختلف حضرات

صفحات ۲۳۲

سن اشاعت ۱۹۳۵ (اردو)

مقدمہ بہاولپور رد قادیانیت کی تاریخ میں ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے ۔ اس مقدمہ میں مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ مولانا غلام محمد گھوٹوی ' مولانا مفتی محمد شفیع ' مولانا سید محمد مرتضیٰ حسن ' مولانا نجم الدین ' مولانا محمد حسین کولو تارڑی ' مولانا ابو الوفاء شاہجہانپوری کے بیانات ہوئے ۔ ان بیانات کو حجت شرعیہ کے نام سے مجلس تحفظ ختم نبوت نے شائع کیا۔ بہاولپور کے مولانا محمد صادق مرحوم نے ان کو شائع کیا۔ اب بیانات علماء ربانی برارتداد فرقہ قادیانی کے نام سے اسے نئے انداز میں شائع کیا گیا ہے ۔ کل صفحات ۲۳۲ ہیں ۔ ۱۹۳۵ میں پہلا اور اب بیانات علماء ربانی کے نام سے چوتھا ایڈیشن سنہ ۱۹۸۴ میں شائع ہوا ہے ۔

Marfat.com

(793)

نام فیصلہ مقدمہ راولپنڈی

مصنف شیخ محمد اکبر جج

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۳ر جون سنہ ۱۹۵۵ (اردو ر انگلش)

سنہ ۱۹۵۵ میں شیخ محمد اکبر ڈسٹرکٹ جج راولپنڈی کی عدالت میں امۃ الکریم بنت کرم الٰہی نے مقدمہ دائر کیا کہ لیفٹیننٹ نذیر الدین چونکہ قادیانی ہے ۔ میں مسلمان ہوں لہٰذا میرا اس سے نکاح فسخ کیا جائے کیونکہ مسلم کا غیر مسلم سے نکاح جائز نہیں ۔ اس پر مرزائی مسلم بحث چل نکلی ۔ اہل اسلام کی طرف سے مناظر اسلام مولانا لال حسین اختر مقدمہ کی پیروی میں پیش ہوئے اور دلائل کی دنیا میں ثابت کیا کہ مرزائیت جیسے ناپاک فتنہ کا اسلام یا اہل اسلام سے کوئی تعلق نہیں اس موقف کو عدالت نے نہ صرف تسلیم کیا بلکہ فیصلہ دیا کہ عورت و مرد میں سے کوئی اگر مرزائی ہو گا تو نکاح باطل ہو جائے گا ۔ ۳ر جون سنہ ۱۹۵۵ کو فیصلہ صادر ہوا ۔ جماعت نے بارہا تقسیم کیا ۔ انگریزی ایڈیشن بھی شائع ہوا ۔ فرزند توحید اور دوسرے اداروں نے بھی اسے شائع کیا ۔

(794)

نام فیصلہ مقدمہ جیمس آباد

مصنف محمد رفیق گورجہ

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۳ر جولائی سنہ ۱۹۷۰ (اردو)

جیمس آباد ضلع میرپور صوبہ سندھ میں مسلمہ امۃ الہادی دختر سردار خان نے اپنے شوہر حکیم نذیر احمد برق قادیانی کے خلاف تنسیخ نکاح کا کیس کیا کہ میں مسلمان ہوں ۔ شوہر سے بوجہ اس کے قادیانی ہونے کے نکاح فسخ کیا جائے ۔ یہ سنہ ۱۹۷۰ کی بات ہے جب پاکستان میں انتخابات کی گہما گہمی تھی اور چاروں طرف سے مرزائیوں نے اپنا زور پیپلز پارٹی کے پلڑے میں ڈال دیا تھا سندھ کے ایک شخص ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی پارٹی کے دروازے مرزائیوں پر کھول دئے اس وقت اللہ رب العزت کی قدرت نے جوش مارا کہ سندھ ہی کی عدالت نے مرزائیوں کے کفر مرزا قادیانی کے کذب و افترا' انگریز کی دلالی اور غلامی سے متعلق ایسا فیصلہ دیا کہ دنیا عش عش کر اٹھی ۔ یہ فیصلہ جناب محمد رفیق گورجہ نے لکھا جو آج کل ملتان میں ہائیکورٹ کے رجسٹرار ہیں ۔ فیصلہ کو تمام قومی اخبارات نے قسطوں میں شائع کیا ۔ عالمی مجلس نے انگریزی ' اردو میں اس فیصلہ کے متن کو شائع کر کے پوری دنیا میں تقسیم کیا ۔

Marfat.com

صفحات ۳۲ ہیں ۔ بہت ہی قیمتی معلوماتی عدالتی دستاویز ہے ۔ فیصلہ ۱۳ر جولائی سنہ ۱۹۷۰ کو سنایا گیا۔ اہل اسلام کی طرف سے کیس کی پیروی جناب محمد عثمان ایڈووکیٹ نے کی ۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے سربراہ مجاہد ملت مولانا محمد علی جالندھری نے ان کو ملتان کی ایک عظیم ختم نبوت کانفرنس میں مہمان خصوصی بنایا اور ان کو خراج تحسین پیش کیا

(795)

نام فیصلہ وفاقی شرعی عدالت

مصنف جسٹس فخر عالم

صفحات انگلش ۱۴۲ر عربی ۱۸۸ ر اردو ۲۷۴

سن اشاعت ۱۹۸۶ر ۱۹۸۷ (انگلش ر عربی ر اردو)

جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے امتناع قادیانیت آرڈیننس نافذ کیا جس کے خلاف وفاقی شرعی عدالت میں مرزائیوں نے رٹ دائر کردی ۔ جس کی ۱۵ر جولائی سنہ ۱۹۸۴ سے ۱۲ر اگست سنہ ۱۹۸۴ تک مختلف وقفوں سے کل اکیس دن سماعت ہوئی ۔

چیف جسٹس مسٹر آفتاب حسین نے ۱۲ر اگست سنہ ۱۹۸۴ کو اس کا اجمالی فیصلہ لکھا ۔ بعد میں یہ ریٹائرڈ ہو گئے جبکہ تفصیلی فیصلہ لکھنا باقی تھا جسے ان کے جانشین چیف جسٹس فخر عالم نے ۲۹ر اکتوبر سنہ ۱۹۸۴ کو تحریر کیا ۔ زیر نظر اردو ایڈیشن ۲۷۴ صفحات پر مشتمل ہے ۔ دنیائے عدل و انصاف میں اس فیصلہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ۔ مرزائیوں نے شریعت اپیل بنچ سپریم کورٹ میں اپیل کی مگر خود ہی اس سے بعد میں دستبردار ہو گئے ۔ مرزائیت کے صحیح خدوخال سمجھنے کے لئے یہ فیصلہ آیۃ من آیات اللہ ہے ۔ انگریزی ایڈیشن ۱۴۲ صفحات اور عربی ایڈیشن کے ۱۸۸ صفحات ہیں ۔ عربی انگریزی مجلس ختم نبوت لندن نے بھی شائع کیا ہے ۔

(796)

نام مرزائیوں کے خلاف جنوبی افریقہ کی سپریم کورٹ کا فیصلہ

مصنف جج سپریم کورٹ جنوبی افریقہ

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۔۔ (اردو)

جس کی رو سے مرزائی جماعت کی درخواست برائے حکم امتناعی خارج کی گئی ۔ اس کی اخباری رپورٹ مجلس ختم نبوت گوجرانوالہ نے شائع کی ۔

Marfat.com

(797)

نام مرزائی فریب کا جواب

مصنف مجلس پشاور

صفحات ۱۶

سن اشاعت -- (اردو)

یہ ایم ایم احمد قادیانی کو اسلم قریشی نے زخمی کیا۔ اس کیس میں ایم ایم احمد قادیانی نے مندرجہ ذیل دیا
دیا جس کا جواب مجلس پشاور نے شائع کیا۔ مولانا نور الحق نے ترتیب دیا۔

(798)

نام فیصلہ کمشنر بہاول پور

مصنف ملک احمد خان کمشنر

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۸ر نومبر سنہ ۱۹۷۲ (اردو)

رحیم یار خان پیک نمبر ۵۲ ر لی میں دو پتیاں تھیں ایک پتی کا نمبردار فضل احمد مرزائی تھا
پتی کا نمبردار بھی اس کا رشتہ دار تھا۔ ایک مسلمان زمیندار فضل محمد [illegible]
دعویٰ دائر کیا کہ فضل احمد چونکہ مرزائی ہو گیا ہے اس لئے [illegible]
اور کلکٹر سب ڈویژن رحیم یار خان نے ۲۶.۱.۷۲ء فیصلہ [illegible]
فضل احمد مرزائی کی نمبرداری کالعدم ہو گئی۔ مرزائی نے [illegible]
میں اپیل دائر کر دی۔ جس کا فیصلہ ۱۸.۸.۷۲ء کو [illegible]
منظور۔ قادیانی نمبردار جو قادیانی ہونے سے مسلمانوں کا [illegible]

(799)

نام آرڈیننس مجریہ سنہ ۱۹۸۴ء

مصنف جنرل محمد ضیاء الحق

صفحات ۲۴

سن اشاعت ۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۸۴ (اردو)

جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے ۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۸۴ء کو اقلیتی آرڈیننس جاری کیا تھا جس کو
مرکزیہ نے ابتدائیہ و ہدایات کے ساتھ شائع کیا۔

Marfat.com

(800)

نام سنہ ۱۹۷۳ کے آئین کی روشنی میں جناب جسٹس گل محمد خان جج لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ
مصنف جسٹس گل محمد
صفحات ۴
سن اشاعت ۱۹۸۱ (اردو)

فیصلہ میں قرار دیا گیا کہ مرزائی اسلام کو اپنا مذہب ظاہر نہیں کر سکتے۔

(801)

نام مرزائی پمفلٹ "احمدی مسلمان ہیں" کا مکمل و مدلل جواب
مصنف فقیر اللہ وسلیا
صفحات ۱۲
سن اشاعت ۲ر رمضان سنہ ۱۳۹۰ھ (اردو)

سنہ ۱۹۷۰ء میں جناب محمد رفیق گورکھ سول جج جیمس آباد سندھ (حال ۲ر جولائی سنہ ۱۹۹۰ سیشن جج ہاڑی) نے ایک مقدمہ میں مرزائیوں کے کفر کا مدلل فیصلہ لکھا۔ اس کی اہمیت کو کم کرنے کے لئے مرزائیوں نے "کیا احمدی مسلمان ہیں؟" نامی پمفلٹ تحریر کیا جس کے جواب میں فقیر راقم الحروف نے یہ رسالہ تحریر کیا جس میں مرزائی وسلوس کا دلائل سے رد کیا گیا۔

Marfat.com

باب ہفتم

مرزائیت کا سیاسی احتساب

نوٹ:

اس باب میں نمبر ۸۰۲ سے ۹۶۴ تک کل ۱۴۳ کتابوں کا تعارف شامل ہے۔ جس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی مطبوعات کی تعداد ۶۸ ہے جو نمبر ۸۹۷ سے ۹۶۴ تک درج ہیں۔

Marfat.com

(802)

نام Islam and Ahmadism

مصنف علامہ محمد اقبال

صفحات ۵۰

سن اشاعت -- (انگلش)

جناب علامہ اقبال نے رد قادیانیت پر قلم اٹھایا۔ دنیائے اسلام کے سر فخر سے بلند ہو گئے۔ قادیانیت پر اوس پڑ گئی۔ اس کتاب سے مرزائیوں کے دماغوں پر بجلی گری اور ملوّف ہو گئے۔ یہ اس کا انگریزی ایڈیشن ہے۔ پہلے ادارہ خدام الدین لاہور کے زیر اہتمام حضرت امام لاہوری مولانا احمد علی رحمہ اللہ نے اسے شائع کیا اب صدیقی ٹرسٹ کراچی نے شائع کیا ہے۔ کروڑوں رحمتیں علامہ اقبالؒ تیری روح پر فتوح پر آپ نے رد قادیانیت پر قلم اٹھایا اور پوری امت کی طرف سے فرض کفایہ ادا کر دیا۔ اللہ کا فضل ہے کہ قادیانیت کو رسوا کرنے میں علامہ اقبال کا بھی بہت بڑا حصہ ہے۔

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کے خلیفہ مجاز ڈاکٹر جلال الدین کی روایت مولانا خواجہ خان محمد صاحب نے اپنے شیخ مولانا محمد عبد اللہ کے حوالہ سے بیان کی کہ ایک دن نحیف و ناتواں جسم ہڈیوں کا مجموعہ لیکن چہرہ پہ ایمان کی روشن قندیلوں کی جھلکار حسین و جمیل انسان میری دکان پر تانگہ سے اترا میں نے بڑھ کر دیکھا تو وہ مولانا سید محمد انور شاہ کشمیریؒ تھے۔ مولانا کشمیریؒ نے ڈاکٹر جلال الدینؒ سے فرمایا کہ مجھے علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال سے ملنا ہے۔ ڈاکٹر جلال صاحب نے ڈاکٹر علامہ محمد اقبال سے وقت لیا۔ شاہ صاحب نے علامہ صاحب سے تین گھنٹے علیحدگی میں بات کی۔ واپس ہوئے تو ڈاکٹر جلال الدین نے شاہ صاحب سے پوچھا کہ حضرت اتنی نقاہت و کمزوری کے باوجود یہ سفر کیا فرمایا "کہ علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کا پڑھے لکھے لوگوں پر اچھا اثر ہے ان کو تیار کرنے آیا تھا کہ یہ قادیانیوں کے خلاف کچھ لکھیں تاکہ امت کا ایمان محفوظ ہو" آپ کی اس کوشش کا یہ صلہ ہے کہ علامہ محمد اقبال نے وہ تاریخ ساز معرکہ آلارا کتاب پنڈت جواہر لال نہرو سے کی کہ جس سے قادیانیت کے خط و خال واضح ہو گئے۔

(803)

نام احمدیت اور اسلام و ختم نبوت

مصنف غلام احمد پرویز

صفحات ۹۸

سن اشاعت ۱۹۵۲ (اردو)

مصنف معروف منکر حدیث تھے۔ اپنے نقطہ نظر سے مرزائیت کی رسوائی کا سامان بہم پہنچایا۔

Marfat.com

(804)

نام — احمدیہ تحریک

مصنف — ملک محمد جعفر خان

صفحات — ۳۸۸

سن اشاعت — ۱۹۵۷ (اردو)

یہ ایسے شخص کی کتاب ہے جس کے اکثر و بیشتر خاندان کے افراد قادیانی ہیں۔ ان افراد کی راہنمائی کے لئے انہوں نے یہ کتاب مرتب کی جس میں مرزا قادیانی پر خالص علمی نقطہ نظر سے بحث کی گئی ہے اور اس کا محققانہ تجزیہ کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں مصنف نے بتایا ہے کہ مرزا قادیانی کا سرچشمہ کن سوتوں سے پھوٹا۔ وہ کون سے حالات تھے جو مرزا قادیانی کی قیادت اور مرزائیت کی نشوونما میں معاون ہوئے۔ آج ان سب مسائل کو کس نقطہ نظر سے دیکھنا چاہئے اور اس سلسلے میں آج قادیانیوں و لاہوری مرزائیوں کے ذمے کیا فرض عائد ہوتا ہے؟ کتاب کی زبان و علمی انداز تحریر اور بے لاگ استدلال قابل داد ہے انہوں نے اس تمام بحث میں ٹھوس حقائق سے کام لیا ہے ملک محمد جعفر ایک کامیاب وکیل ہیں۔ انہوں نے مرزائیت پر خوب جرح کی ہے۔ بعض مقامات سے اختلاف تو کیا جاسکتا ہے لیکن ایک مرزائی کو مرزائیت سمجھانے کے لئے یہ کتاب بہت ہی مفید ہے۔ اس کے اول میں ۴۶ صفحات کا ایک خط ہے جو مصنف نے اپنے ایک عزیز قادیانی کو لکھا اور پیش لفظ کے طور پر کتاب کے اول میں درج کر دیا۔ جس سے مصنف کی ایک قلبی اضطراب و جدوجہد کا اظہار ہوتا ہے جس سے وہ اپنے عزیز قادیانی کو اسلام پر لانا چاہتے ہیں۔

(805)

نام — اقبال اور قادیانی

مصنف — نعیم آسی

صفحات — ۲۰۰

سن اشاعت — جون سنہ ۱۹۷۴ (اردو)

مصنف ہمارے ملک عزیز کے نامور صاحب قلم ہیں۔ انہوں نے اپنی [illegible] میں علامہ اقبال کے حوالہ سے آج تک جو کچھ جہاں کہیں کسی بھی موقع پر قادیانیت [illegible] چھپا ہوا موجود تھا سب کو یکجا کر دیا ہے۔ سنہ ۱۹۷۴ میں جب پوری ملت اسلامیہ [illegible] آئینی جدوجہد میں مصروف تھی۔ اس وقت ورطہ غیب سے امت کو جناب آسی صاحب کے قلم سے یہ تحفہ نصیب ہوا۔

Marfat.com

(806)

نام مرزائی احمدیوں کی شرمناک رسوائی
مصنف محمد عبد القدیر
صفحات ۸
سن اشاعت رجب سنہ ۱۳۳۹ھ (اردو)

اس میں مرزا قادیانی کی عبارتوں کو لے کر مرزائیوں کے کذب کا مختصر مگر جامع بیان کر کے مرزائیوں کو ملزم ٹھہرایا گیا ہے اور یوں ان کی رسوائی کا سامان مہیا کیا گیا ہے۔

(807)

نام اسلامیہ جمہوریہ پاکستان میں قادیانیت ۱۹۴۷ سے ۱۹۸۳ تک
مصنف محمد طفیل رشیدی
صفحات ۱۵۰
سن اشاعت ۱۹۸۳ (اردو)

منیر انکوائری رپورٹ اور قومی پریس کے تراشوں سے مرزائیوں کی پاکستان میں سازشوں کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔ مرزائی سیاست کو سمجھنے کے لئے بہت مفید کوشش ہے

(808)

نام عجمی اسرائیل
مصنف آغا شورش کاشمیری
صفحات ۴۰
سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

اللہ رب العزت کی کروڑوں رحمتیں ہوں مصنف کی روح پر فتوح پر جن کے قلم شعلہ بار نے اس رسالہ میں قادیانیت کے قلعے پر ایسی بم باری کی کہ مرزا قادیانی کی ذریت چیخ اٹھی۔ قادیانیوں کی سازشوں مکروہ عزائم، سیاسی بھیانک کردار کو جاننے پہچاننے کے لئے اس کتاب سے بڑھ کر عمدہ اور خوبصورت ادبی کتاب آپ کو میسر نہ آئے گی

اس میں آغا مرحوم کے قلم نے ایسے دلائل جمع کر دئے ہیں کہ قادیانیت کا سیاسی چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے۔ فوج سے لے کر سول تک۔ حالت امن سے لے کر زمانہ جنگ تک، پاکستان سے اسرائیل تک، برطانیہ سے سقوط بغداد تک، لیاقت علی خان کے قتل سے ہوائی جہاز کی آگ تک کی تمام قادیانی سازشوں کو جاننے کے لئے اس کتاب کے بغیر آپ کی بن نہ آئے گی۔ آغا شورش کاشمیری تیری قبر پر

Marfat.com

کروڑ رحمتیں۔

(809)

نام حرف اقبال

مصنف لطیف احمد شیروانی

صفحات ۲۶۴

سن اشاعت ۱۹ر جنوری سنہ ۱۹۴۵ (اردو)

علامہ اقبال رحمہ اللہ کے خطبات و تقاریر' بیانات کو جناب لطیف احمد شیروانی ایم اے نے مرتب کیا اور المنار اکادمی لاہور نے اسے شائع کیا۔

اس کتاب کا حصہ دوم رد قادیانیت پر مشتمل ہے۔ علامہ اقبال نے آخر تک مرزائیت کے متعلق جو کچھ ارشاد فرمایا اس کا معتد بہ حصہ اس میں آگیا ہے۔ خلل پرداز' حلول کی بحث' کشمیر کمیٹی اور قادیانی سازشیں' جواہر لعل نہرو کے نام علامہ مرحوم کا خط غرضیکہ اس کتاب کو پڑھیں گے تو آپ بھی علامہ صاحب کو داد دیے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

۱- قادیانیت پیوند کا تخم ہے۔

۲- خلل پرداز' صوں ملحدانہ تحریکوں کی ایجاد ہے۔

۳- مرزائی اپنے سربراہ کے حکم کے پابند ہیں۔

۴- مسیح موعود کی اصطلاح اسلامی نہیں۔

۵- قادیانیت وحدت اسلامی کے لئے خطرہ ہے۔

۶- بہائیت قادیانیت سے زیادہ مخلص ہے۔

۷- قادیانی مکہ مکرمہ کی نسبت قادیان کے زیادہ وفادار ہیں۔ یہ اس کے عنوانات ہیں۔

(810)

نام تاریخ محاسبہ قادیانیت

مصنف پروفیسر خالد شبیر

صفحات ۵۲۰

سن اشاعت ۱۹۷۹ (اردو)

اس کے نو باب ہیں۔

۱- مرزا قادیانی کے احوال و آثار

۲- مجددیت سے نبوت تک۔

Marfat.com

۳- محاسبے کی ابتدا۔
۴- پیر مہر علی شاہ گولڑوی
۵- مرزا کا شوق مقدمہ بازی۔
۶- مولانا امرتسری میدان عمل میں۔
۷- تاریخی مناظرہ۔
۸- جہاد اور قادیانیت۔
۹- تاریخی دستاویزات۔

عدالتی بیان، تاریخی فیصلہ، مولانا احمد رضا خان وغیرہ کا فتوی۔

(811)

نام — پاکستان میں مرزائیت
مصنف — مرتضیٰ احمد خان میکش
صفحات — ۸۰
سن اشاعت — ۱۹۵۰ (اردو)

مصنف صاحب طرز ادیب و خطیب تھے۔ سنہ ۱۹۵۳ کی تحریک مقدس ختم نبوت میں حضرات علماء کرام کے بیانات کی ترتیب و تحریر ان کے ذمہ تھی۔ فقیر نے ان کی ایک قلمی دستاویز عرصہ ہوا دیکھی تھی۔ ایسے محسوس ہوتا تھا جیسے کسی ماہر فن نے موتیوں کو ایک لڑی میں پرو دیا ہو۔

اس کتابچہ میں پاکستان میں مرزائیت کے پنپنے کے نقصانات، مرزائیوں کے اقتدار پر قبضہ کے خصوصاً مرزائیوں کی ہوس اقتدار کی ذہنی تربیت، ایک مملکت کی طرح مرزائیوں کے محکمے، غرضیکہ قادیانیت کو مذہبی لبادہ سے باہر لا کر اس کی سیاسی حقیقت کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ قادیانیت کے سیاسی خدوخال اس وقت تک سامنے نہیں آسکتے جب تک اس کتاب کا مطالعہ نہ کر لیا جائے۔

خوش نصیبی سے کتاب کا دیباچہ خطیب پاکستان مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی" نے لکھا ہے۔ مولانا مرتضیٰ احمد خان میکش کی مسلسل اقساط جو روزنامہ "مغربی پاکستان" میں شائع ہوتی رہیں نے نسلی شکل دے کر جانباز مرزا نے انقلابی قدم اٹھایا ہے۔

(812)

نام — تحریک قادیان
مصنف — سید حبیب
صفحات — ۲۲۵

Marfat.com

سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۳۴ (اردو)

روزنامہ سیاست لاہور کے ایڈیٹر مولانا سید حبیب صاحب نے خیر خواہی اقدام و تفہیم ' محبت و اخلاص کے جذبہ سے قادیانیوں کو راہ راست پر لانے کے لئے روزنامہ سیاست میں عمدہ مضامین مختلف عنوانات پر تحریر کئے جو بعد میں عنوان ہذا کے تحت کتاب کی شکل میں شائع کر کے امت محمدیہ کو زیر بار کیا اور قادیانیوں پر اتمام حجت قائم کردی ۔ مولانا کرم الدین ۔ مفتی شاہ نظام رسول ' قاضی حبیب اللہ راولپنڈی ' مرزا محمد قطب الدین ' سید جعفر احمد ' مولانا محمد عمر نعمانی ' مولانا احمد [illegible] محمد ' مرزا سر ظفر علی سابق جج ہائیکورٹ ' خواجہ عبد الرحمن کابلی ' حکیم سید محمد احمد لاہور ' مولانا غلام ۔ جیسے بیسیوں اکابر امت کے اس پر تقریظی دستخط ہیں ۔

(813)

نام تحریک ختم نبوت کا آخری باب

مصنف جانباز مرزا

صفحات ۲۳۶

سن اشاعت ۱۹۸۴ (اردو)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(814)

نام [illegible]

مصنف مولانا عبد الستار خان نیازی

صفحات ۵۶

سن اشاعت سنہ ۱۹۵۳ (اردو)

مصنف [illegible]

[illegible]

[illegible]

Marfat.com

گیا ہے۔

(815)

نام تحریک ختم نبوت
مصنف آغا شوری کاشمیری
صفحات ۲۵۶
سن اشاعت ۱۹۷۶ (اردو)

۱۸۹۱ سے ۱۹۷۴ تک مرزائیت اور اس کی تردید کا کام جن جن مراحل سے گذرا اس کی ایک اچھوتی تصویر تیار کردی گئی ہے۔ بیان میں مٹھاس اتنا کہ پڑھیں تو ختم کئے بغیر چین نہ آئے۔ آغا شورش کاشمیری کی یہ کتاب امت محمدیہ اور تحریک ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والوں کے لئے ایک مشعل راہ ہے۔ پیر مہر علی شاہ، علامہ اقبال، ظفر علی خان، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی گراں قدر خدمات کا تعارف اس میں آپ کو ملے گا۔ پڑھیں گے تو محسوس کریں گے کہ اس محاذ پر ہماری کیا ذمہ داری ہے اور ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ یہ کتاب آپ کو گائیڈ لائن بھی دے گی۔ سنہ ۱۹۷۴ کے آخر میں لکھی۔ سنہ ۱۹۷۶ میں جاکر چھپی۔

(816)

نام وزیر خارجہ
مصنف جانباز مرزا
صفحات ۵۰
سن اشاعت ۱۹۵۴ (اردو)

پاکستان بنتے ہی غیر ملکی آقاؤں کے چشم وابرو کا اشارہ پاکر اس وقت کے حکمرانوں نے ظفر اللہ قادیانی کو پاکستان کا وزیر خارجہ مقرر کردیا۔ ظفر اللہ قادیانی پاکستان کے خزانہ سے تنخواہ کھا کر مرزائی مفادات کا تحفظ کرتا تھا۔ اس کی تمام تر توانائیاں مرزائیت کو پروان چڑھانے پر صرف ہوئیں

اس کی ذہنی تربیت قادیان و ربوہ میں ہوتی تھی۔ روحانی غذا اس کو برٹش گورنمنٹ مہیا کرتی تھی۔ اور دانہ پانی پاکستانی خزانہ کے ذمہ تھا۔ ظفر اللہ قادیانی نے پاکستان کو کس خطرناک موڑ پر لاکر کھڑا کردیا اور پاکستان کے مفادات کو کس طرح ذبح کیا اس کی ایک مختصر مگر جامع رپورٹ اس کتابچہ میں ملے گی۔

یہ کتاب اس وقت شائع ہوئی جب ظفر اللہ کو وزیر خارجہ بنے پانچ سات سال ہوئے تھے۔ لطف یہ کہ جن خدشات کا اس وقت اس کتابچہ میں تذکرہ کیا گیا ہے آج سالہا سال بیت جانے کے بعد وہ کس طرح صحیح ثابت ہوئے یہ مصنف کے سیاسی ذہن کی پختگی اور اصابت رائے کی دلیل ہے۔

Marfat.com

(817)

نام Traitors to Islam

مصنف آغا شورش کاشمیری

صفحات ۲۰

سن اشاعت ۱۹۷۲ (انگلش)

قادیانی اسلام کے غدار ہیں ان کا وجود اسلام کو مسخ کرنے کی ناپاک استعماری سازش کا نتیجہ ہے

(818)

نام چوہدری سر ظفر اللہ اور دوسرے مرزائیوں کے خطوط۔

مصنف جانباز مرزا

صفحات ۲۴

سن اشاعت اگست ۱۹۵۲ (اردو)

اس کے دیباچہ میں ممتاز دولتانہ، مسٹر جسٹس منیر، مسٹر جسٹس عطا محمد جان، خلیق قریشی، مہر محمد صادق، میاں منظور حسین کے مرزائیت سے متعلق بیانات کی روشنی میں اس امر کو واضح کیا گیا ہے کہ مرزائیت ایک خطرناک ناسور ہے۔ اس کے آخر میں چوہدری ظفر اللہ خان کے چار خطوط، ایک خط مرزا بشیر الدین کا، ایک خط ناظم امور عامہ ربوہ کا، ایک خط لاہوری جماعت کے امیر کے نام، ایک خط مرزائی عبد العزیز کا اور آخر میں ایک خط ایک مرزائی فوجی آفیسر کا بشیر الدین کے نام ہے۔ کل آٹھ خطوط ہیں جن کے ایک ایک حرف سے مرزائیت کا سیاسی تجزیہ کرنے والے کو معلومات حاصل ہو سکتی ہیں۔

(819)

نام دورہ یورپ و افریقہ

مصنف علامہ خالد محمود

صفحات ۴۰

سن اشاعت ۱۹۷۶ (اردو)

منصف نے اپنے تبلیغی دورہ کے تاثرات اس میں قلمبند کر دیے ہیں۔

(820)

نام the Disciple of Dajjal.

مصنف اے کاس افریقی

Marfat.com

صفحات ۱۵۵

سن اشاعت ۱۹۶۵ (انگلش)

ڈربن سلوتھ افریقہ سے شائع ہوئی ۔ اس کا اردو نام دجال کا چیلا ہے ۔ ٹائیٹل پر مرزا قادیانی بانسری بجا رہا ہے اور اس کے مرید شیطانی رقص کر رہے ہیں ۔ خوب عمدہ کتاب ہے ۔

(821)

نام the Mirror

مصنف عبد الحلیم صدیقی

صفحات ۲۴

سن اشاعت -- (انگلش)

ٹائیٹل پر مرزا قادیانی کی تصویر دیکھ کر بے ساختہ اس پر لعنت بھیجنے پر مجبور ہوں گے ۔ اندر کے صفحات پر مصنف کی دلاویز تصویر دیکھ کر دل سے دعا نکلے گی ۔ (ہر چند کہ تصویر شرعاً جائز نہیں) اس رسالہ میں مرزا قادیانی کی خوب درگت بنائی گئی ہے ۔

(822)

نام The Ahmadiya Movement

مصنف ایچ ' اے ' والٹر

صفحات ۱۸۰

سن اشاعت -- (انگلش)

ایچ ' اے ' والٹر انگریز نے ہندوستان کی مذہبی تحریک احمدیہ موومنٹ کے عنوان سے قادیانیت کا انگریزی زبان میں تجزیہ کیا جو پڑھنے کے لائق ہے ۔

(823)

نام رشد و ہدایت

مصنف مولانا سید محمد علی مونگیری

صفحات ۲۴

سن اشاعت -- (اردو)

حضرت مولانا محمد علی مونگیری رحمہ اللہ کی عیسائیت ' آریہ ' اور مرزائیت کے خلاف تصنیفی خدمات کا اجمالی تذکرہ ہے ' کل چوبیس صفحات ہیں ۔

Marfat.com

(824)

نام دورہ افریقہ

مصنف علامہ خالد محمود

صفحات ۲۳۲

سن اشاعت ۱۹۷۶ (اردو)

مصنف کے دورہ افریقہ و یورپ کی رپورٹ کے تین ایڈیشن شائع ہوئے۔ تیسرے ایڈیشن کے ۲۳۲ صفحات ہیں اس میں مرزائیوں سے سوالات و جوابات پر مشتمل حصہ قابل مطالعہ ہے۔

(825)

نام سر ظفر اللہ خان جواب دیں

مصنف ممتاز احمد خان

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۵۳ (اردو)

آل انڈیا کشمیر کمیٹی میں قادیانیوں کا رول کیا تھا ان کی اغراض پسندانہ شورشوں و سازشوں کا پول کھول کر مصنف نے مسٹر ظفر اللہ خان کو کہا کہ اس کا آپ جواب دیں۔ یہ پمفلٹ مسٹر ظفر اللہ خان کی تقریر کے بعد وقت گارڈن کالج جو ملی ہال کراچی میں تقسیم کیا گیا جس سے ظفر اللہ خان مبہوت ہو گیا اور جواب نہ دے پایا۔ مرزائیت کے سیاسی عزائم کے بارہ میں عمدہ معلومات ہیں۔

(826)

نام سنڈیمن میں کیا ہوا

مصنف مختار حسن

صفحات ۲۰

سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

ژوب فورٹ سنڈیمن بلوچستان میں مرزائیوں نے [illegible] نسخے تقسیم کئے۔ اس عمل کا رد عمل اہل فورٹ سنڈیمن پر ہوا۔ اس کی مستند [illegible] انگیز تفصیل پر مشتمل بیس صفحاتی رسالہ ہے جسے ادارہ ضیاء الحدیث لاہور نے شائع کیا۔ ہفت روزہ زندگی لاہور کے جناب مختار حسن کی رپورٹ ہے جسے ان کے شکریہ سے اس پمفلٹ میں شائع کیا گیا ہے۔ یہ رپورٹ ہفتہ وار زندگی لاہور میں ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۷۳ کو شائع ہوئی تھی۔

Marfat.com

(827)

نام شاہ انگلستان اور مرزائے قادیان
مصنف ثناء اللہ امرتسری
صفحات ۳۲
سن اشاعت اگست سنہ ۱۹۲۱ (اردو)

شاہ انگلستان نے ہندوستان کے دورہ پر آنا تھا۔ مرزا قادیانی نے ایک الہام جاری کردیا کہ وہ یہ رعایت رین گے۔ اللہ کی شان کہ معاملہ اس کے الٹ ہو گیا۔ اس کی تفصیل پر یہ کتابچہ مشتمل ہے۔

(828)

نام فرقہ احمدیہ کا ماضی و مستقبل
مصنف خواجہ عبد الحمید بٹ
صفحات ۸۰
سن اشاعت یکم جنوری سنہ ۱۹۵۲ (اردو)

مصنف عرصہ دراز تک قادیان میں رہے۔ انہوں نے قادیان کے ماحول کی رنگینی اور سنگینی کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ آنکھوں دیکھی روئیداد جو مالی بد دیانتیوں سے فرانسیسی عورتوں کے قادیان میں جلوہ فروز ہونے تک پھیلی ہوئی ہے۔ غیر احمدیوں سے قادیان میں بائیکاٹ۔ ان پر ظلم و ستم کی تفصیل اس میں انہوں نے لکھ دی ہے۔ مرزا قادیانی اور اس کے خاندان کے اللے تللے، شراب و شباب، جوانی کی بے اعتدالیوں، بڑھاپے کا ذوق جرم، پوپ بننے کی خواہش، اقتدار کے خواب اس کے لئے قانونی و غیر قانونی ہتھکنڈے، خوشامد و دھونس و دھاندلی غرضیکہ جو دیکھا پڑھا اس میں لکھ دیا۔ گھر کے بھیدی نے اس کتابی گواہی میں خوب سے خوب تر اپنے کیس کو نبھایا ہے۔ اب ہر پڑھا لکھا آدمی فیصلہ کر سکتا ہے کہ مرزائیت کیا ہے۔ دیکھنے میں کیا ہے اور حقیقت میں کیا ہے۔ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور۔

(829)

نام فیضان اقبال
مصنف آغا شورش کاشمیری
صفحات ۴۵۶
سن اشاعت یکم مارچ سنہ ۱۹۶۸ (اردو)

علامہ اقبال رحمہ اللہ کے خطبات، مقالات، ارشادات اور خطوط کا نچوڑ، حضرت علامہ نے

Marfat.com

مرزائیت کو جو سمجھا، جو کچھ کہا جو وہ چاہتے تھے اس کی تمام تر تفصیل اس کتاب کے ایک باب میں آ گئی شورش کاشمیری مجاہد ختم نبوت کے قلم سے آگئی ہے۔

(830)

نام — فاتح ربوہ

مصنف — گل محمد توحیدی

صفحات — ۳۲

سن اشاعت — -- (اردو)

مولانا منظور احمد چنیوٹی نے مرزائی جماعت کے دوسرے نام نہاد خلیفہ مرزا بشیر الدین اور اس کے بعد مرزا ناصر کو مباہلہ کا چیلنج دیا جس سے انہوں نے فرار اختیار کیا مولانا مسلسل اس مباہلہ کے چیلنج کو دہراتے رہے۔ اس کی تمام کہانی اس رسالہ میں موجود ہے۔

(831)

نام — قادیانیت ستمبر سنہ ۱۹۷۴ء کے بعد

مصنف — سبطین لکھنوی

صفحات — --

سن اشاعت — ۱۹۷۶ (اردو)

قہر پور سندھ کے معروف سماجی رہنما کہنہ مشق صحافی جناب سبطین لکھنوی نے [illegible] ہفتہ وار المنبر فیصل آباد کی مسلسل چھ قسطوں میں قلم اٹھایا۔ اور اپنے موضوع [illegible] ۷۶ سے جولائی سنہ ۷۶ تک یہ قسطیں مکمل ہیں۔ قادیانیت سے متعلق کئی ضروری موضوعات اس میں زیر بحث آگئے ہیں۔

(832)

نام — قادیانی عزائم اور پاکستانی مسلمان

مصنف — محمد نواز ایم اے

صفحات — ۵۲

سن اشاعت — -- (اردو)

قادیانیت ایک سیاسی تحریک، انگریز اور قادیانی، برطانوی سامراج کی خدمت، قادیانی گروہ کے عزائم، سیاسی اثر و نفوذ، قادیانی وزیر خارجہ کے کارنامے، ریاست اندر ریاست، نوکر شاہی میں قادیانی اثرات، سوشلسٹوں سے گٹھ جوڑ وغیرہ جیسے عنوانات پر مدلل بحث کی ہے۔ جمعیت اتحاد العلماء نے

Marfat.com

شائع کیا۔

(833)

نام قادیان دار الامان میں انقلاب

مصنف حبیب الرحمٰن خان کابلی

صفحات ۱۴

سن اشاعت ۱۳ر جولائی سنہ ۱۹۴۷ (اردو)

قادیان کے جدید انقلاب کے متعلق فخر الدین ملتانی، شیخ عبد الرحمٰن مصری سے حیرت انگیز بیانات کو مرتب کر کے یہ رسالہ مرتب کر دیا۔

(834)

نام قادیانیت پر آخری ضرب کاری

مصنف شاہ فرید الحق

صفحات ۳۲

سن اشاعت ۱۹۷۱ء (اردو)

مصنف سنہ ۵۲ء میں صدر ضلعی مسلم لیگ سیالکوٹ تھے۔ انہوں نے اس رسالہ میں مرزائی [illegible] کتابوں سے لکھ کر ان کا غیر مسلم ہونا ثابت کیا تاکہ مسلم لیگ کا نقطہ نظر واضح ہو کہ وہ بھی مرزائیوں کو غیر مسلم سمجھتی ہے۔ اس میں علامہ اقبال کے اقتباس درباره مرزائی جماعت نقل کر کے ثابت کیا کہ موصوف مرزائیت کو یہودی سازش قرار دیتے تھے۔

(835)

نام قادیانی مذہب اور علامہ اقبال کا قول فیصل

مصنف صوفی نذیر احمد

صفحات ۲۰

سن اشاعت ۱۹۷۳ء (اردو)

مصنف سنہ ۵۲ء میں صدر ضلعی مسلم لیگ سیالکوٹ تھے۔ انہوں نے اس رسالہ میں مرزائی [illegible] کتابوں سے لکھ کر ان کا غیر مسلم ہونا ثابت کیا تاکہ مسلم لیگ کا نقطہ نظر واضح ہو کہ وہ بھی مرزائیوں کو غیر مسلم سمجھتی ہے۔ اس میں علامہ اقبال کے اقتباس درباره مرزائی جماعت نقل کر کے ثابت کیا کہ موصوف مرزائیت کو یہودی سازش قرار دیتے تھے۔

(836)

نام قادیانی غیر مسلم کیوں

مصنف حکیم عبد الرحیم اشرف

Marfat.com

صفحات ۱۷۰

سن اشاعت ۱۹۷۷ (اردو)

مصنف ایک قابل و فاضل ادیب و خطیب ہیں۔ سنہ ۱۹۷۴ میں تحریک ختم نبوت چلی جس کے نتیجہ میں مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا۔ جس کے جواب میں مرزائیوں نے اندرون و بیرون ملک اپنی مظلومیت کا راگ الاپنا شروع کیا جس کے جواب میں حکیم صاحب نے یہ کتاب تحریر کی اور ثابت کیا کہ ان کو غیر مسلم قرار دینے کا فیصلہ صحیح ہے اور مرزائیوں کا پروپیگنڈہ بے بنیاد ہے۔

(837)

نام قادیانیوں سے درس رواداری اور ہماری قومی و ملی تقاضے

مصنف خاقان بابر

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۱۹۸۶ (اردو)

معروف احرار شیعہ رہنما مولانا مظہر علی اظہر جن کی خدمات جلیلہ دربارہ قادیانیت کا زمانہ معترف اور ممنون احسان ہے ان کے صاحبزادے جناب خاقان بابر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے یہ رسالہ مرتب کیا ہے۔ ۱۲ر مارچ سنہ ۱۹۸۶ کے روزنامہ نوائے وقت لاہور میں جناب زاہد ملک صاحب کا مضمون شائع ہوا "کچھ قادیانیوں کے دفاع میں" اس کا جواب یہ رسالہ ہے۔

(838)

نام قادیان سے اسرائیل تک

مصنف ابو مدثرہ

صفحات ۲۲۴

سن اشاعت ۱۳۹۸ھ (اردو)

ادارۃ المصنفین اکوڑہ خٹک پشاور سے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب نے اسے شائع کیا۔ برطانوی اور صیہونی سامراج اور قادیانیوں کے باہمی گہرے روابط و تعلقات اسلام دشمنی کی مشترکہ سرگرمیوں اور شرمناک سیاسی کردار کا اس صدی کا سب سے مستند اور واضح اور تحقیقی جائزہ اسے قرار دیا گیا ہے۔

(839)

نام قادیانی آزادی کشمیر کے دشمن

مصنف گلزار احمد مظاہری

Marfat.com

صفحات ۴۱

سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

مصنف نے اس رسالہ میں آزاد کشمیر سے متعلق مرزائیت کے راز ہائے دروں خانہ کی خوب خبر لی ہے جب آزاد کشمیر اسمبلی میں میجر محمد ایوب نے قرارداد پیش کی کہ مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے تو اس پر مرزا ناصر نے ربوہ میں متعدد خطبے دئے۔ آزاد کشمیر اسمبلی کی قرارداد پر تبصرہ کے عنوان سے ان کو شائع کیا' جس کا جواب یہ رسالہ ہے۔

(840)

نام میٹھی چھری بد عقلی اور حماقت کی انتہاء

مصنف چوہدری افضل حق

صفحات

سن اشاعت -- (اردو)

کتابچہ کی شکل میں یہ مضمون شائع ہوا جو تلاش بسیار کے باوجود نہ مل سکا۔ البتہ ایم ایس خالد وزیر آبادی نے اپنی تصنیف تصویر مرزا کے صفحہ ۶۰ سے صفحہ ۶۶ پر پورا مضمون نقل کردیا ہے۔ چوہدری صاحب مرحوم کا یہ مضمون اپنی نوعیت کا واحد مضمون ہے جس کا ایک ایک لفظ آب زر سے لکھنے کے لائق ہے۔

(841)

نام محاسبہ

مصنف مرتضیٰ احمد خان میکش درانی

صفحات ۵۶

سن اشاعت ۲۱ر اگست سنہ ۱۹۵۴ (اردو)

مصنف نے رسوائے زمانہ منیر انکوائری پر جامع مانع تبصرہ کرکے اس کی حماقتوں و رذالتوں اور تضاد بیانوں کو واشگاف کیا ہے۔

(842)

نام مرزائیوں کے خطرناک ارادے

مصنف عبد الرحیم صدیقی

صفحات ۲۴

سن اشاعت -- (اردو)

Marfat.com

تقسیم سے قبل ، تقسیم کے بعد مرزائیوں کی سیاسی قلابازیاں ' سازشیں ' اقتدار پر قبضہ کے منصوبے ' امت محمدیہ سے انتقام لینے کی تیاری و دھمکیاں ان سب کی تفصیل اس میں موجود ہے ۔ سفارت خانوں ' فوج بنیادی محکمہ کے لئے حکومت میں مرزائیوں کی یلغار کی ناقابل تردید شہادتیں ہیں

(843)

نام مرزائیل
مصنف آغا شورش کاشمیری
صفحات ۱۴۴
سن اشاعت ۱۹۶۸ (اردو)

ستمبر ۱۹۶۷ میں ہفتہ وار چٹان لاہور میں آغا شورش کاشمیری نے رد قادیانیت پر جو معرکۃ الارا مضامین لکھے ان تمام مضامین کو اس کتاب میں جمع کردیا گیا ہے ۔ ابتداء میں آغا شورش کاشمیری کی وہ تقریر ہے جو انہوں نے چنیوٹ کے جلسہ عام میں اڑھائی گھنٹہ تک کی اس میں قادیانیت کے ایسے تار پود بکھیرے کہ مرزائیت کے پوپوں کی ہڈیاں چٹخا کر رکھ دیں ۔ یہ تقریر ۴۵ صفحات پر مشتمل ہے ۔ باقی مختلف مضامین ہیں جو ۱۴۴ صفحات تک چلے گئے ہیں ۔ قادیانیت کے سیاسی محاسبے کے لئے اس کتاب کا مطالعہ بہت ضروری ہے ۔

(844)

نام میں اور قادیان
مصنف سید عبد المجید شاہ امجد بخاری بٹالوی
صفحات ۵۰
سن اشاعت -- (اردو)

مصنف سنہ ۱۹۴۰ سے سنہ ۱۹۴۶ تک چھ سال بغرض ملازمت سرکاری قادیان میں رہے ۔ انہوں نے قادیان میں کیا کچھ دیکھا اس کی ایک تڑپتی پھڑکتی رپورٹ لکھ دی جو خوفناک بھی ہے اور قادیانیوں کے لئے شرمناک بھی ۔ اس میں حقائق بھی ہیں اور رنگین و سنگین داستانیں بھی ۔

(845)

نام مرزائیوں کی یہودیوں کے لئے عظیم خدمات
مصنف غلام مجتبیٰ
صفحات ۱۰

Marfat.com

سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

مصنف کا ایک مضمون شائع ہوا جس کا خلاصہ تھا کہ مرزائیت یہودیت کا چربہ ہے اور مرزا قادیانی یہودیوں کا ایجنٹ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ یہودیوں نے ہمیشہ مرزائیوں کی سعلونت کی ہے اس مضمون کو صدیقی ٹرسٹ نے پمفلٹ کی شکل میں شائع کردیا۔

(846)

نام مرزا غلام احمد قادیانی سرسید احمد خان کی نظر میں

مصنف مکتوبات سرسید احمد خان

صفحات ۸

سن اشاعت دسمبر ۱۸۹۱ر ۲۴ مارچ ۱۸۹۲ (اردو)

دسمبر سنہ ۱۸۹۱ میں ہندوستان کے نامور سپوت سرسید احمد خان نے سید میر حسن کو ایک خط لکھا کہ " مرزا قادیانی کے الہام اس کی کتابوں کی طرح نہ دین کے ہیں نہ دنیا کے " ایک اور خط منشی سراج الدین کے نام ہے جو ۲۴ر مارچ سنہ ۱۸۹۲ کو لکھا گیا۔ ان دونوں خطوط کو عنوان بالا سے پمفلٹ کی شکل میں شائع کیا گیا۔ تمہید وغیرہ کے ساتھ آٹھ صفحے بن گئے ہیں۔

(847)

نام مرزائیت سیاسی تحریک مذہبی روپ

مصنف ابو مدثرہ

صفحات ۲۸

سن اشاعت -- (اردو)

نام سے ہی مضمون واضح ہے۔

(948)

نام مرزائیت نئے زاویوں سے

مصنف محمد حنیف ندوی

صفحات ۲۷۵

سن اشاعت -- (اردو)

مصنف معروف عالم دین اور قلم و خطابت کے شہسوار تھے۔ انہوں نے مرزائیت کے متعلق صحیح رائے قائم کی کہ مسئلہ ختم نبوت 'حیات مسیح' اور مرزا قادیانی کے کذب کی بحث سے بالا طاق ہو کر نئے زاویوں سے مرزائیت کا تجزیہ کرنا چاہئے کیونکہ مرزائیت مذہب کے لبادہ میں برطانوی سامراج کا

Marfat.com

مہرہ ہے جس سے ملت اسلامیہ کو بیخ دبن سے اکھاڑنا مقصود ہے۔ مرزائیت مذہب کے نام پر سامراج کی گماشتہ و داشتہ کا کردار ادا کر رہی ہے۔ مولانا نے اس نئے زاویہ پہلے رسالہ الاعتصام میں اس پر مضمون لکھنے شروع کئے۔ ان تمام مضامین کو مکتبہ دین و ادب لاہور نے جمع کر کے شائع کر دیا

(849)

نام کیا جنرل محمد ضیاء الحق مرزائی ہیں؟
مصنف ۱۶
صفحات --
سن اشاعت -- (اردو)

سن اشاعت اور مصنف کا نام درج نہیں ہے۔ اس میں جنرل محمد ضیاء الحق پر دس الزامات لگائے گئے ہیں جن سے ان پر مرزائیت نوازی کا الزام عائد کیا جا سکتا ہے عنوان اور مضمون کا آپس میں کوئی جوڑ نہیں ہے کیونکہ ان الزامات سے ان کے متعلق زیادہ سے زیادہ یہی کہا جا سکتا ہے کہ وہ مرزائیت کے متعلق نرم گوشہ رکھتے ہیں۔ لیکن ان الزامات سے ان کو مرزائی ثابت کرنا بہت بڑی زیادتی ہے جبکہ ۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۸۴ کے آرڈیننس میں وہ مرزا قادیانی کے کفر پر دستخط کر چکے ہیں۔ ان حالات میں ان کو مرزائی کہنا بہت بڑی زیادتی ہے۔

(850)

نام خلافت صدیق اکبرؓ اور تحریک ختم نبوت
مصنف ارشاد احمد دیوبندی
صفحات ۶۴
سن اشاعت مئی سنہ ۱۹۸۵ (اردو)

حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ نے اپنے عہد خلافت میں سب سے پہلا جہاد مسیلمہ کذاب مدعی نبوت کے ساتھ کیا تھا۔ اس حوالہ سے اس میں خامہ فرسائی کی گئی ہے۔

(851)

نام قادیانیت
مصنف ماہر القادری
صفحات ۶۸
سن اشاعت ۱۹۸۳ (اردو)

ماہنامہ فاران کراچی میں ان کے جو مضمون شائع ہوئے انہیں کتابی شکل میں یکجا کر دیا گیا ہے۔

Marfat.com

(852)

نام مرزائے قادیان اور علماء اہل حدیث

مصنف محمد حنیف یزدانی

صفحات ۱۰۰

سن اشاعت ۱۹۶۷ (اردو)

امت کے تمام طبقات نے قادیانیت کے فتنہ کے خلاف جو گراں قدر خدمات سرانجام دیں وہ تاریخ کا سنہری باب ہے۔ علماء اہل حدیث کی خدمات پر یہ کتاب مشتمل ہے۔

(853)

نام مسلمانوں کے لئے لمحہ فکریہ

مصنف شاہد سرور ملتانی

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

نصیر اے شیخ ملتانی کے متعلق معلومات کہ وہ قادیانی ہے۔

(854)

نام خطاب

مصنف مفتی محمد نعیم لدھیانوی

صفحات ۹

سن اشاعت ۱۹۵۷ (اردو)

موصوف کا جامع مسجد جناح کالونی فیصل آباد میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب

○ آزادی ملک وملت کی تحریکات میں مرزا قادیانی کے خاندان کی غدارانہ سازشیں۔

○ مرزائیوں کو خلاف قانون جماعت قرار دینے کے مطالبہ کی حقانیت۔

○ مرزائی اسرائیل کے جاسوس ہیں۔ ان اہم عنوانات پر جامع خطاب جس میں صحیح معنی میں مرزائیوں کا سیاسی تجزیہ کیا گیا ہے۔

(855)

نام احمدی اسلام اور ہندوستان دونوں کے غدار ہیں

مصنف علامہ اقبال

صفحات ۱

Marfat.com

سن اشاعت ۲۱ر جون سنہ ۱۹۳۶ (اردو)

علامہ اقبال نے ایک صفحہ کا یہ خط ۲۱ر جون سنہ ۱۹۳۶ کو جناب پنڈت جواہرلال نہرو کو تحریر کیا جسے جامعہ لیمٹڈ نئی دہلی نے اپنی کتاب کچھ پرانے خطوط کے حصہ اول صفحہ ۲۹۳ پر شائع کیا ہے جس کے مرتب جواہرلال نہرو اور مترجم عبد المجید حریری ہیں۔ پاکستان میں علامہ اقبال کے خطوط شائع ہوئے تو قادیانی اثرات کی بوقلمونی دیکھئے کہ ان میں یہ شائع نہ کیا گیا۔ اسے جناب حمید اصغر نے لاہور سے ایک صفحہ پر اشتہار کی شکل میں شائع کردیا۔ اس میں علامہ اقبال صاحب نے پنڈت جواہرلال کو تحریر کیا کہ قادیانی اسلام اور ہندوستان دونوں کے غدار ہیں۔

(856)

نام واقعہ ربوہ کی تحقیقاتی عدالت کے سامنے جماعت اسلامی کا بیان

مصنف چوہدری رحمت الٰہی

صفحات ۲۴

سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۷۴ (اردو)

۲۹ر مئی سنہ ۱۹۷۴ کو ربوہ ریلوے اسٹیشن پر قادیانی اوباشوں نے پاکستان کے معروف غنڈے مرزا طاہر کی قیادت میں مسلمان طلباء پر قاتلانہ حملہ کیا۔ آہنی کلوں، ڈنڈوں اور ہاکیوں سے مشن میڈیکل کالج ملتان کے طلباء کو خاک و خون میں تڑپا دیا۔ جس کی انکوائری کے لئے جناب مسٹر جسٹس صمدانی ہائیکورٹ لاہور کے جج کو مقرر کیا گیا۔ اس کے سامنے یہ بیان چودھری رحمت الٰہی قیم جماعت اسلامی نے تحریری طور پر اپنے وکیل مسٹر ایم اے رحمٰن کے ذریعہ داخل کرایا۔

(857)

نام فتنہ عظیم

مصنف سید مودودی

صفحات ۱۱

سن اشاعت -- (اردو)

موصوف نے مرتد اعظم چوہدری ظفر اللہ خان کے خلاف یہ مضمون تحریر کیا۔

(858)

نام پاکستان کا غدار

مصنف عبد اللطیف جہلمی

صفحات ۸

Marfat.com

سن اشاعت ۱۹۵۸ (اردو)

ظفر اللہ قادیانی کی پاکستان سے غدارانہ و عیارانہ سازشوں کو بے نقاب کیا گیا ہے۔

(859)

نام قادیانیت سنہ ۱۹۷۴ سے سنہ ۱۹۸۴ء تک

مصنف سبطین لکھنوی

صفحات ۴۸

سن اشاعت ۱۹۸۵ (اردو)

مرزائیت کے سیاسی اتار چڑھاؤ' جوار بھاٹا کا صحیح تجزیہ کیا گیا ہے۔

(860)

نام قادیانی سیاست

مصنف مرتضیٰ احمد خان میکش

صفحات ۸

سن اشاعت ۵ر جنوری سنہ ۱۹۵۱ (اردو)

اس رسالہ میں قادیانی سیاست کی منافقانہ کشتی کو بھنور میں پھنسا ہوا دیکھا گیا ہے۔

(861)

نام قادیانی امت کا دجل

مصنف عتیق الرحمٰن چنیوٹی

صفحات ۸

سن اشاعت اپریل سنہ ۱۹۵۲ (اردو)

خطیب پاکستان مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمہ اللہ نے ۱۹ر اپریل سنہ ۱۹۵۲ کو چنیوٹ ختم نبوت کانفرنس میں قادیانیوں کے خلاف تقریر کی جس کے خلاف قادیانیوں نے اشتہار شائع کردیا جس کا جواب مصنف نے اس رسالہ میں تحریر کر کے مرزائیوں کی بولتی بند کردی۔

(862)

نام قادیانی عہد

مصنف

صفحات ۸

سن اشاعت -- (اردو)

Marfat.com

خون کا آخری قطرہ تک بہادینے کی تلقین مرزا کی حرمت کو بچانے کے لئے قادیانی عہد ہے اور مرزائیوں کو قتل و غارت کی تلقین کی گئی۔ اس میں تمام تر مرزائیوں کے حوالہ جات ہیں۔

(863)

نام — پنجاب کے نامور مشائخ کی حمایت
مصنف — سید مظفر علی شمسی
صفحات — ۸
سن اشاعت — ۱۹۵۳ (اردو)

پنجاب کے سجادہ نشین حضرات نے تحریک ختم نبوت سنہ ۵۳ کی حمایت کا اعلان کیا ان کے فیصلہ کو مصنف نے پمفلٹ کی شکل میں شائع کردیا۔

(864)

نام — جماعت احمدیہ اور حکومت برطانیہ
مصنف — فرزند توحید
صفحات — ۱۶
سن اشاعت — -- (اردو)

انگریز کے خود کاشتہ یا برائے خود داشتہ کا نام مرزائیت ہے۔

(865)

نام — مسئلہ ختم نبوت پر صدر مسلم لیگ پنجاب کے ارشادات پر تبصرہ۔
مصنف — --
صفحات — ۸
سن اشاعت — ۱۹۷۰ (اردو)

میاں ممتاز دولتانہ کے ایک بیان پر محاکمہ کرکے اس کی نیم بزدلانہ و منافقانہ پالیسی کو بیان کیا گیا ہے مگر اس میں دولتانہ کا کیا قصور ہے۔ تمام انگریز دوستوں کا یہی حال ہے۔ نعوذ باللہ من شرور انفسہم

(866)

نام — اسلام کے خلاف بھٹو کی تلوار کا پسلا وار
مصنف — --
صفحات — ۴
سن اشاعت — ۱۹۷۰ (اردو)

Marfat.com

پیپلز پارٹی نے سنہ ۱۹۷۰ کے الیکشن میں پانچ قادیانی امیدواروں کو پنجاب اسمبلی کے ٹکٹ دیئے اس کے مضمرات کو بیان کیا گیا ہے۔

(867)

نام اسلام کے غدار
مصنف شورش کاشمیری
صفحات ۳۲
سن اشاعت -- (اردو)

مرزا غلام احمد قادیانی سے مرزا ناصر تک قادیانی امت کے استعماری خدوخال سے مصنف نے نقاب اٹھایا ہے

(868)

نام آل مسلم پارٹیز کنونشن کے فیصلے
مصنف --
صفحات ۸
سن اشاعت ۱۹۵۳ (اردو)

جس میں تحریک ختم نبوت سنہ ۱۹۵۳ کے مطالبات ترتیب دیئے گئے اور تحریک کو مذہبی بنیادوں پر چلانے کا اعلان کیا گیا۔ قرار داد اول کے محرک مولانا غلام محمد ترنم اور موید علامہ کفایت حسین، قرار داد نمبر ۲ کے محرک مولانا محمد بخش مسلم اور موید مولانا داؤد غزنوی، نمبر ۳ کے محرک مولانا بہاء الحق قاسمی اور موید مولانا علاؤ الدین صدیقی، نمبر ۴ کے محرک مولانا مرتضیٰ احمد خاں اور موید قاضی مرید حسین نمبر ۵ کے محرک مولانا محمد یوسف سیالکوٹی اور موید مولانا عبد الستار خان نیازی، نمبر ۶ کے محرک مولانا محمد ذاکر اور موید مولانا علامہ محمد یعقوب تھے۔

(869)

نام مسئلہ کشمیر اور قادیانی امت
مصنف اختر کاشمیری
صفحات ۱۱۴
سن اشاعت ۱۹۷۳ (اردو)

قادیانی جماعت آزاد کشمیر کے سربراہ مسٹر منظور ایڈووکیٹ نے ایک پمفلٹ لکھا۔ جس میں

Marfat.com

قادیانیوں کو اسلام اور کشمیر کا سچا خیر خواہ دکھایا گیا۔ مولانا اختر کاشمیری جن کا اصل نام مولانا غلام اللہ اختر ہے نے اس کے جواب میں کتابچہ تحریر کیا جس میں ثابت کیا کہ مرزائی اسلام اور کشمیر دونوں کے غدار ہیں ۔ پہلے حصہ میں مرزائیوں کی اسلام سے غداری اور دوسرے حصہ میں کشمیر سے غداری کے عنوان پر فیصلہ کن بحث کی گئی ہے ۔ مصنف تنقیدی تحریر کے بادشاہ اور دشمن پر کامیاب گرفت کے لئے کامیاب مناظر ہیں ۔ یہ کتاب ان کی ان صلاحیتوں کی آئینہ دار ہے ۔

(870)

نام تحریک ختم نبوت سنہ ۵۳ اور مولانا عبد الستار خان نیازی
مصنف انٹرویو مولانا نیازی
صفحات ۲۰
سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

مولانا کے تحریک کے متعلق ایک انٹرویو کو کتابچہ کی شکل میں شائع کردیا گیا

(871)

نام Islam versis Ahmadiat in Nijerea
مصنف اسماعیل اے بی
صفحات ۱۲۲
سن اشاعت جنوری سنہ ۱۹۷۵ (اردو)

اسلام کے خلاف قادیانیت نائیجیریا میں کیا زہر پھیلا رہی ہے

(872)

نام تحفظ ختم نبوت اور جماعت اسلامی
مصنف محمد طفیل رشیدی
صفحات ۸۸
سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

جماعت اسلامی کی ختم نبوت تحریک سنہ ۵۳ کے لئے نیم بزدلانہ پالیسی کو اصل نوائے جماعت سے فوٹو شائع کر کے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے ۔

(873)

نام قادیانی غیر مسلم بن گئے ہیں یا اسلام قبول کرلیں
مصنف مولانا محمد مالک کاندھلوی

Marfat.com

صفحات ۱۱۶

سن اشاعت ۲ر اگست سنہ ۱۹۷۴ (اردو)

کیا دنیا میں کوئی ایسی حکومت ہے کہ اس کے فیصلہ سے بغاوت کرنے والے مجرموں کی باغیانہ روش برداشت کرے ۔ تو پھر حکومت پاکستان ہمیں بتائے کہ قادیانیوں کو کب تک وہ اپنے فیصلہ اور اسلام کا مقابلہ کرنے کی اجازت دیتی رہے گی اس لئے اب اس کے سوا امکان نہیں کہ قادیانی غیر مسلم بن کر رہیں یا اسلام قبول کرلیں

(874)

نام مقام ختم نبوت کی اہمیت اور منکرین ختم نبوت کا انجام

مصنف محمد طفیل رشیدی

صفحات ۴۰

سن اشاعت -- (اردو)

دور صدیق اکبرؓ محافظ ختم نبوت کی روشنی میں مقام ختم نبوت کی اہمیت اور منکرین ختم نبوت کا انجام بیان کیا گیا ہے

(875)

نام فتنہ قادیانیت

مصنف منشی عبد الرحمن

صفحات ۱۸

سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

قادیانیت کا اپنے طور پر سیاسی تجزیہ کیا ہے ۔

(876)

نام فتنہ قادیانیت اور مولانا ثناء اللہ امرتسری

مصنف صفی الرحمٰن الاعظمی

صفحات ۳۱۲

سن اشاعت ۱۹۷۹ (اردو)

فاتح قادیان مولانا ثناء اللہ امرتسری کی فتنہ قادیانیت کے خلاف گراں قدر خدمات کا تفصیلی تذکرہ اس میں موجود ہے ۔ ان کے مناظرے ، مباحثے ، مباہلے ، جلسے ، تحریر و تقریر کی تمام خدمات کا تعارف کرایا گیا ہے ۔ رد قادیانیت پر کام کرنے والوں کے لئے یہ کتاب معلومات میں مفید اضافہ کا باعث ہے ۔

Marfat.com

(877)

نام آفتاب گولڑہ اور فتنہ مرزائیت
مصنف حاجی نواب دین چشتی گولڑوی
صفحات ۲۲۴
سن اشاعت --(اردو)

حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی رحمہ اللہ کی فتنہ قادیانیت کے خلاف گراں قدر خدمات اور چند دوسرے مباحث آگئے ہیں۔ حصہ سوم میں مرزا قادیانی کے عقائد کریکٹر پر مفید بحث کی گئی ہے۔

(878)

نام تحریک کیوں چلی
مصنف عابد حسین صدیقی
صفحات ۸
سن اشاعت ۱۹۷۴ (اردو)

سنہ ۱۹۷۴ کی تحریک ختم نبوت میں اسلامیان اٹک کا کردار کے عنوان پر ہفت وار لولاک میں شائع ہونے والے ایک مضمون کو اس نام سے کتابچہ کی شکل میں شائع کردیا ہے۔

(879)

نام درد و الم شہید ذوالفقار علی بھٹو اور قادیانی
مصنف احمد طاہر
صفحات ۱۶
سن اشاعت ۱۹۸۹ (اردو)

قادیانیوں نے سنہ ۷۰ کے الیکشن میں پیپلز پارٹی کا ساتھ دیا۔ اللہ رب العزت کی شان بے نیازی مسٹر بھٹو کے ہاتھوں ۷ ستمبر سنہ ۱۹۷۴ کو قادیانی غیر مسلم قرار پائے تو قادیانی ان کی ذات سے دشمن ہو گئے۔ مسٹر بھٹو کے خلاف مسعود محمود قادیانی نے بیان دے کر ان کو پھانسی لگوایا جن دنوں مسٹر بھٹو مرحوم جیل میں تھے ان پر مقدمہ چل رہا تھا تو مرزائیت کے متعلق انہوں نے انکشافات کئے کہ وہ اس طرح میرے خلاف کیس میں سرگرم عمل ہیں۔ سازشوں کے ذریعہ وہ مجھے پھانسی لگوانا چاہتے ہیں۔ یہ تمام تفصیلات کتابوں کے حوالہ جات و عکس سمیت اس رسالہ میں مصنف نے جمع کردی ہیں۔

(880)

نام قادیانی امت اور پاکستان

Marfat.com

مصنف رائے محمد کمال
صفحات ۸۰
سن اشاعت فروری سنہ ۱۹۸۹ (اردو)

اس کتاب میں قادیانیت کا سیاسی تجزیہ کیا گیا ہے۔ بڑے عمدہ اور اچھوتے انداز میں قادیانیوں کی پاکستان سے غداری کی داستان قلمبند کردی گئی ہے۔

(881)

نام مرزا غلام احمد قادیانی اور مسئلہ جہاد
مصنف مولانا خلیل الرحمٰن پانی پتی
صفحات ۱۶
سن اشاعت -- (اردو)

مسئلہ جہاد کی اہمیت قرآن و حدیث سے بیان کر کے مرزا قادیانی کے "انکار جہاد" کی اصل وجوہات سے پردہ اٹھایا گیا ہے۔

(882)

نام ماہنامہ ضیائے حرم لاہور کا تحریک ختم نبوت نمبر
مصنف پیر کرم شاہ بھیروی
صفحات ۱۴۴
سن اشاعت دسمبر سنہ ۱۹۷۴ (اردو)

۲۹ر مئی سنہ ۱۹۷۴ کو ربوہ میں قادیانیوں نے نشتر کالج ملتان کے مسلمان طلبہ پر غنڈہ گردی کا مظاہرہ کیا جو ظلم و ستم، بربریت و طاغوتیت میں مرزائی روایات کا علمبردار تھا اس واقعہ کے خلاف تحریک چلی جس کے نتیجہ میں ۷ر ستمبر سنہ ۱۹۷۴ کو مرزائی آئینی طور پر غیر مسلم اقلیت قرار پائے۔ تحریک کے خدوخال واضح کرنے کے لئے ضیائے حرم کا یہ شاندار نمبر شائع کیا گیا جو گراں قدر اور قیمتی مضامین کا مجموعہ ہے۔

(883)

نام انسداد مرزائیت
مصنف عبد الباسط
صفحات ۸۰
سن اشاعت -- (اردو)

Marfat.com

مرزائیت کے خاتمہ و استیصال کے لئے مولف کو اپنے طور جو کچھ سمجھ میں آیا لکھ دیا۔ نو نکاتی پروگرام انہوں نے مرزائیت کے استیصال کے لئے پیش کیا ہے اور کہا گیا ہے کہ قومی اسمبلی سے قوانین منظور کرائے جائیں۔ تحریک نہ چلائی جائے۔ حالانکہ رائے عامہ کو بیدار کئے بغیر قومی اسمبلی کے ارکان کو کون سمجھائے کہ بابو صاحبان مرزائیت بھی ایک مسئلہ ہے۔ وہ تو اسے سرے سے مسئلہ ہی نہیں سمجھتے۔ مصنف کی تجاویز پر عمل کے لئے مشکل یہ پیش آئے گی کہ "نہ نو من تیل ہو گا نہ رادھا ناچے گی"

(884)

نام نقوش جاودان
مصنف زاہد منیر عامر
صفحات ۲۲۴
سن اشاعت ستمبر سنہ ۱۹۸۹ (اردو)

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے حوالہ سے تحریک ختم نبوت کا ایک اچھوتا جائزہ پیش کیا گیا۔ تحریک ختم نبوت کے نتائج و عواقب، مضمرات و مصالح کو سمجھنے کے لئے یہ کتاب بڑی حد تک مفید و معاون ثابت ہو سکتی ہے۔

(885)

نام دستوری فیصلہ
مصنف مکتبہ علوم اسلامیہ راولپنڈی
صفحات ۲۰
سن اشاعت -- (اردو)

۱- عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے بزرگ رہنما مولانا تاج محمود نے پنجاب کے گورنر جنرل محمد عارف صاحب کو ایک خط تحریر کیا جس میں مسلح تخریب کاری کے لئے قادیانیوں کی منصوبہ بندی کی طرف توجہ دلائی۔

۲- عالمی مجلس کے امیر مرکزیہ مولانا خان محمد صاحب نے ۲۹ ویں ختم نبوت کانفرس چنیوٹ میں خطبہ استقبالیہ پیش فرمایا جو سال بھر کے حالات و واقعات کا تجزیہ اور رپورٹ پر مشتمل تھا۔

۳- سانگلہ ہل کے ف م خالد نے ختم نبوت کے منطقی تقاضوں پر مشتمل مقالات ترتیب دئے۔

ان سب کو یکجا کر کے مولانا صدر الدین الرفاعی کے ابتدائیہ کے ساتھ مکتبہ علوم اسلامیہ چوک

Marfat.com

وارث خان راولپنڈی نے خوبصورت کتابچہ شائع کیا۔

(886)

نام مسئلہ کشمیر اور مرزائی

مصنف ڈاکٹر احمد حسین کمال

صفحات ۱۶

سن اشاعت ۸ر مارچ سنہ ۱۹۹۸ (اردو)

جناب ڈاکٹر صاحب سامراج دشمنی میں انتہاء پسند ہیں اور مرزائیت سامراجی رحم میں پرورش پا کر ظہور پذیر ہوئی۔ مرزائیوں نے مسئلہ کشمیر سے متعلق سازش کی تو مصنف بھڑک اٹھے۔ ان کا قلم شعلہ جوالہ ہو گیا۔ انہوں نے ہفت وار ترجمان اسلام لاہور میں اداریہ تحریر کیا جسے پمفلٹ کی شکل میں راولپنڈی سے شائع کیا گیا

(887)

نام اسرائیل سے ربوہ تک

مصنف مولانا گلزار احمد مظاہری

صفحات ۲۴

سن اشاعت -- (اردو)

مصنف نے مختصر کتابچہ میں دلائل و براہین سے ثابت کیا کہ مرزائیت کا خمیر یہودی سازش سے تیار ہوا۔ اس کے اب بھی اسرائیل سے گہرے مراسم ہیں جو اسلام اور مسلمانوں کے لئے سخت خطرہ کا باعث ہیں۔

(888)

نام حکومت کے چور

مصنف آفتاب احمد

صفحات ۱۳۰

سن اشاعت نومبر سنہ ۱۹۸۸ (اردو)

مرزائی اسلام کے چور تو ہیں ہی، نبوت کے ڈاکو تو ہیں ہی وہ اس پاک وطن کے بھی غدار ہیں، چور ہیں، وہ کس طرح ملک چرانا چاہتے ہیں ناول کے روپ میں یہ کتاب واضح انداز میں بتاتی ہے۔

(889)

نام قادیانی فتنہ کا علاج

Marfat.com

مصنف میجر رٹائرڈ امیر افضل
صفحات ۴
سن اشاعت -- (اردو)

مرزائیت کے خاتمہ کے لئے جوان کی سمجھ میں تجاویز آئیں تحریر فرمادیں۔

(890)

نام سازش
مصنف میجر (رٹائرڈ) امیر افضل خان
صفحات ۲۴
سن اشاعت -- (اردو)

مرزائیت کا خمیر مسلمانوں کے خلاف سازش و بغاوت سے اٹھایا گیا ہے۔ مصنف نے سنہ ۱۹۴۷ء سنہ ۱۹۶۵ء سنہ ۱۹۷۱ء کی جنگوں میں مرزائی سازش کا انکشاف کیا ہے۔ موصوف چونکہ خود فوجی ہیں اس لئے ان کی شہادت مرزائیت کے خلاف حرف آخر کا درجہ رکھتی ہے۔

(891)

نام آزاد کشمیر کی تاریخی قرارداد
مصنف بشیر احمد سالار
صفحات ۴
سن اشاعت ۲۲ر مئی سنہ ۷۳ (اردو)

آزاد کشمیر میں مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا تو اس کے خلاف مرزائیوں نے پمفلٹ شائع کیا جس کا یہ رسالہ جواب ہے۔

(892)

نام مخلص اصحاب ایمان کے لئے خوشخبری
مصنف حکیم عبد الرحیم اشرف
صفحات ۸
سن اشاعت ۱۲ر اپریل سنہ ۱۹۸۱ (اردو)

صدر مملکت جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے، دستور پاکستان کو معطل کرنے عارضی و مبہم آئین کا اعلان کیا اس میں قادیانیت سے متعلق بعض دفعات حذف تھیں۔ احتجاج پر دوبارہ اس کی بحالی کی گئی تو ضیاء الحق کے دست راس و مشیر خاص مصنف نے یہ رسالہ تحریر کیا جس کا مکمل نام ہے "مخلص

Marfat.com

اصحاب ایمان کے لئے خوشخبری ' عبوری دستور پاکستان سنہ ۱۹۸۱ میں قادیانی غیر مسلم ہیں کی دفعات شامل کردی گئیں۔

(893)

نام انگریز کشمیر اور مرزائی
مصنف رانا گل ناصر ندیم
صفحات ۱۶
سن اشاعت جون سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

مرزائیت اور ان کے آقایان ولی نعمت انگریز کی کشمیر کے متعلق کیا پالیسی تھی اور کشمیر کو ہڑپ کرنے اور اس کی تاریخی حیثیت کو ختم کرنے کے لئے انہوں نے کیا کیا سازشیں کیں اس کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

(894)

نام کشمیر اور مرزائیت
مصنف سید عطاء المحسن شاہ بخاری
صفحات ۱۶
سن اشاعت جون سنہ ۱۹۷۳ (اردو)

سنہ ۱۹۷۳ میں مرزائیوں کو آزاد کشمیر میں غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا اس زمانہ میں مصنف نے آزاد کشمیر کا دورہ کیا اور یہ پمفلٹ تحریر فرمایا

(895)

نام فرنگی سیاست کے برگ وبار
مصنف مولانا محمد عبد الحق چوہان
صفحات ۱۵
سن اشاعت سنہ ۱۹۷۰ (اردو)

فرنگی سیاست نے مرزائیت کو پیدا کیا اسے پروان چڑھایا کہ امت مسلمہ کی پیٹھ میں چھرا گھونپے۔ اس رسالہ میں اس کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔

(896)

نام مذہبی اجتماع یا پولیٹیکل کانفرنس
مصنف غلام نبی میرناسک

Marfat.com

صفحات ۸

سن اشاعت ۱۹۶۸ (اردو)

مرزائیوں کا سالانہ اجتماع ربوہ، خدام الاحمدیہ کی تربیتی کلاسیں دراصل مرزائیت کی سیاسی چال تھی وہ حکومت پر قبضہ کرنے کی تیاری کر رہے تھے۔ اس پر مولانا تاج محمود صاحب مرحوم نے ہفتہ وار لولاک فیصل آباد میں اداریہ تحریر کیا کہ مرزائیت کی اس سازش کو سمجھا جائے۔ اس اداریہ کو پمفلٹ کی شکل میں شائع کر دیا گیا۔

(897)

نام الانکلیز والقادیانیہ

مصنف شیخ محمد عمر

صفحات ۵۰

سن اشاعت -- (عربی)

مولانا شیخ محمد عمر صاحب ملتانی رکن رکین مجلس تحفظ ختم نبوت نے ثابت کیا ہے کہ مرزائیت انگریز کا پیدا کردہ ایک سازشی فتنہ ہے جو وحدت امت کو پارہ پارہ کرنے کی غرض سے انگریز نے [illegible] دمشق سے شائع ہو کر عرب دنیا میں مفت تقسیم ہوئی۔ اللہ رب العزت ان خدمات کو اپنی [illegible] شرف قبولیت سے سرفراز فرمائیں۔

(898)

نام آزاد کشمیر میں مرزائیوں کے ہتھکنڈے

مصنف مولانا عتیق اللہ شاہ

صفحات ۲۴

سن اشاعت -- (اردو)

آزاد کشمیر میں مرزائیت کا پودا لگانے کی کیا کیا سازشیں کی گئیں اور اس کا مسلمانوں نے [illegible] کیا۔ اس رسالہ میں مصنف نے اس کی نقاب کشائی کی ہے۔ مجلس ختم نبوت آزاد [illegible]

(899)

نام بیرونی ممالک میں قادیانی تبلیغ اسلام کی حقیقت

مصنف مولانا عبد الرحیم اشعر

صفحات ۳۶

سن اشاعت جون سنہ ۱۹۶۹ (اردو)

Marfat.com

ثابت کیا گیا ہے کہ بیرونی دنیا میں قادیانی اسلام کے مقدس نام پر قادیانیت جیسی مکروہ چیز کو پیش کرکے اسلام کی حقانیت کو داغدار کر رہے ہیں ۔ باہر جاکر قادیانی مبلغ شراب خوری اور سور کا گوشت کھاتے ہیں فرانس میں ننگی میموں کا ناچ دیکھتے ہیں سینما ہال آباد کرتے ہیں ۔ اس قسم کے بیسیوں حوالہ جات جمع کرکے موصوف نے قادیانی تبلیغ کو الم نشرح کیا ہے ۔

(900)

نام تعارف عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
مصنف مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری
صفحات ۸
سن اشاعت ۱۹۸۸ (اردو)

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی گراں قدر خدمات اور رد قادیانیت کے لئے عظیم کارہائے نمایاں کی اجمالی رپورٹ مرتب کی گئی ہے ۔

(901)

نام تقریر مولانا عبد الستار خاں نیازی
مصنف مولانا عبد الستار خاں نیازی
صفحات ۵۶
سن اشاعت ۱۰ر مارچ سنہ ۱۹۵۷ (اردو)

